

# اقبال کا تصورِ تاریخ

ڈاکٹر راشد حمید

# اقبال کا تصورِ تاریخ

ڈاکٹر راشد حمید

اقبال اکادمی پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

ناشر

محمد سہیل عمر

ناظم

اقبال اکادمی پاکستان

(حکومتِ پاکستان، وزارت ثقافت)

چھٹی منزل، ایوان اقبال، لاہور

84193

Tel: [+92-42] 6314-510
[+92-42] 9203-573
Fax: [+92-42] 631-4496
Email: director@iap.gov.pk
Website: www.allamaiqbal.com

ISBN 978-969-416-421-2

| | | |
|---|---|---|
| طبع اوّل | : | ۲۰۰۸ء |
| تعداد | : | ۱۰۰۰ |
| قیمت | : | ۳۰۰ روپے |
| مطبع | : | شرکت پریس، لاہور |

محل فروخت: ۱۱۶ میکلوڈ روڈ، لاہور، فون نمبر ۷۳۵۷۲۱۴

Marfat.com

افتخار عارف

کے نام

طبع تو داد سر خطِ مشقِ سخن بما
گوئی براتِ نور ز خاور گرفتہ ایم

غالبؔ

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست

پیش گفتار ۷

باب اوّل

فلسفۂ تاریخ، تصورِ تاریخ اور ارتقا ۱۷

باب دوم

مسلمان مفکرین کا تصورِ تاریخ اور علامہ اقبال: اتفاق و اختلاف ۶۷

باب سوم

غیر مسلمان مفکرین کا تصورِ تاریخ اور علامہ اقبال: اتفاق و اختلاف ۱۲۱

باب چہارم

علامہ اقبال کا تصورِ تاریخ ۱۸۱

باب پنجم

مابعد اقبال فلسفۂ تاریخ پر فکرِ اقبال کے اثرات: مسلمان اور
غیر مسلمان فلسفیوں کے افکار کی روشنی میں ۲۳۳

کتابیات ۲۹۵

Marfat.com

Marfat.com

# پیش گفتار

انسانی زندگی میں تاریخ، علم تاریخ، تصور تاریخ اور فلسفۂ تاریخ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ مستقبل کی جانب انسانی پیش رفت، حال اور ماضی کی یگانگت کے بغیر چوں کہ عمل پذیر نہیں ہو سکتی، اس لیے انسانی زندگی کے بنیادی تصورات میں تصور تاریخ کو بھی اساسی نوعیت عطا ہوئی ہے۔ عمومی طور پر دنیا کے ہر بڑے مفکر کے ہاں تاریخ کے فلسفے پر خیالات کا اظہار مل جاتا ہے۔ علامہ اقبال بھی انسانی تاریخ کے بہت بڑے فلسفی ہیں۔ انھوں نے جہاں زندگی کے دیگر تہذیبی رویوں پر اظہار خیال کیا، وہیں تاریخ کے تصور کو بھی بنیادی اہمیت دی۔ علامہ اقبال کے فلسفۂ خودی، فلسفۂ تقدیر اور زمان و مکاں کے تصورات کو سمجھنے کے لیے ان کے تصور تاریخ سے گہری واقفیت ضروری ہے۔ مقام حیرت ہے کہ ہمارے اقبال شناسوں نے اقبال کے دیگر فکری موضوعات پر تو بہت کچھ لکھا اور کہا، مگر اس بنیادی موضوع سے صرف نظر کر گئے، حالانکہ علامہ اقبال کے تصورات کی اجتماعی صورت گری میں تصور تاریخ اور فلسفۂ تاریخ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ یہ موضوع چوں کہ اہم بھی ہے اور تازہ بھی، اس لیے اسے پی ایچ ڈی کی سطح کی تحقیق و تنقید کے لیے بطور موضوع منتخب کیا گیا۔

یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے، جن کے مطالعاتی افادات کی صورت کچھ یوں ہے:

(۱)

پہلا باب ''فلسفۂ تاریخ، تصور تاریخ اور ارتقا'' ہے۔ اس میں تاریخ کا تصور اور مختلف زمانوں اور ادوار میں اس کی بنتی بگڑتی صورتیں اپنے ارتقائی رویوں کے ساتھ پیش نظر رہی ہیں۔ میں نے اس باب میں فلسفۂ تاریخ کے بنیادی تصور کی تلاش اور بازیافت میں مسلمان اور غیر مسلمان فلسفیوں کے ساتھ ساتھ مذہبی تعلیمات کے بنیادی پس منظر میں رہ کر اس تصور تاریخ کو جاننے کی

Marfat.com

کوشش کی، جو انسانی زندگی میں ایک تخلیقی قوت کی صورت میں مروج رہا ہے اور آئندہ بھی رہے گا۔ پہلے باب میں تاریخ اور تاریخ کے تصورات کے معانی و مفاہیم کی وضاحت ماقبل تاریخ، تاریخ کے زمانے میں مختلف تہذیبوں اور بطور خاص مسلمان اور مغربی فلسفیوں کے ہاں اس کی جو معنوی صورتیں مختلف ادوار میں معاشی، معاشرتی، مذہبی اور تہذیبی افکار میں مروج رہی ہیں، انھیں دریافت اور ان کی بازیافت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہاں مختلف معانی و مفاہیم کی وضاحت ضروری تھی تاکہ اس تصورِ تاریخ کا بنیادی فلسفہ معلوم کیا جا سکے، جس کے تناظر میں تاریخ کا تصور، انسانی زندگی کو ایک ایسے حرکی نظام سے منسلک اور مربوط رکھتا ہے، جو انسانی زندگی کو سکون اور جمود کے عوامل سے نکال کر اسے عمل اور حرکت کی طرف راغب کرتا ہے۔ اس طرح تاریخ کے ساتھ ساتھ انسانی زندگی کا شمول، انسلاک اور ارتباط اسے عملی زندگی میں جمالیاتی اور تہذیبی رویوں کے ساتھ مربوط رکھتا ہے اور یوں انسانی زندگی ایک بڑے تاریخی کینوس میں مسلسل حرکت پذیر رہتی ہے۔

(۲)

دوسرا باب ''مسلمان مفکرین کا تصورِ تاریخ اور علامہ اقبال: اتفاق و اختلاف'' ہے۔ اس باب میں کوشش رہی ہے کہ مسلمان مفکرین تاریخ کے تصور ہائے تاریخ کے بنیادی رویے دریافت کیے جائیں اور فکر اقبال کی روشنی میں ان کا مطالعہ اور تجزیہ کیا جائے کہ وہ کون کون سے ایسے عناصر ہیں، جو اقبال اور دیگر مسلمان مفکرین کے ہاں مشترک ہیں۔ اس باب میں دوسرے مسلمان مفکرین، خاص طور پر ابن خلدون، ابن مسکویہ اور البیرونی کے ساتھ ساتھ حضرت شاہ ولی اللہ سمیت بہت سے دوسرے فلاسفہ زیر بحث آئے ہیں۔ ان مفکرین کے افکار تاریخ، تصورات تاریخ اور علامہ اقبال کے ساتھ انسلاک و ارتباط یا بعض صورتوں میں ان کے فکری اختلاف یا اختلافات پر بحث کی گئی ہے اور ان رویوں کی، جو علامہ اقبال اور دیگر مسلمان مفکرین کی فکر میں اشتراک کی صورت میں نمود پذیر رہے ہیں، نشان دہی بھی کی ہے۔ جہاں جہاں علامہ اقبال نے دیگر مسلمان مفکرین سے اختلاف رائے کیا ہے، ان کی نشان دہی کرنے میں بھی کوتاہی نہیں کی گئی۔ میں نے کوشش کی ہے کہ فکر اقبال کے ان بنیادی عوامل کو سامنے لایا جائے، جو پہلی بار علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی معنویت کی ترتیب اور تدوین میں سامنے آئے ہیں اور مسلمان مفکرین کی ساڑھے تیرہ سو سالہ تاریخ ان سے محروم رہی ہے۔

Marfat.com

اس باب میں مسلمان مفکرین کے تصورات کے ساتھ ساتھ ان کے افکار کا اقبالیاتی فکر کے تناظر میں مطالعہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور تمام اتفاقات اور اختلافات، فکر اقبال کی روشنی میں واضح کیے گئے ہیں۔ اس ضمن میں تاریخ بطور علم، تاریخ بطور ذریعۂ علم اور تاریخ کا تصور، انسانی علوم کے اس بنیادی تناظر میں مدون کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جس کے بغیر تاریخ اور تاریخ کا تصور اپنی کلی صورت میں متشکل ہونے سے محروم رہتے ہیں۔

اس باب میں مسلمان مفکرین کے تاریخ اور تمدنی تاریخ سے متعلق تصورات کو انسانی علوم اور اس کے ساتھ ساتھ مذہبی اقدار کی روشنی میں پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاریخ انسانی کے تمام عمرانی رویوں کا تصور زمان و مکاں کی روشنی میں مطالعہ کرنے کی سعی کی گئی ہے اور اس مطالعے کے افادات کو مسلم تہذیب کے بنیادی نشانات کے تناظر میں دریافت کرنے اور اجالنے کی کوشش بھی کی گئی۔ وہ تمام بنیادی رویے، جو انسانی تہذیب، اسلامی تہذیب اور انسانی زندگی پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، ان سے بھی صرف نظر نہیں کیا گیا۔ خاص طور پر وہ تمام اقتصادی رویے بھی زیر بحث آئے جو انسانی تہذیب پر اس طرح اثر انداز ہوتے ہیں کہ اس کی معنویت ہی تبدیل ہو جاتی ہے۔ تاریخ کب، کس معاشرتی اور معاشی جبریت سے باہر نکل کر زمان و مکاں کی حدود اور قیود کو توڑتی ہوئی ایک ایسا منظر نامہ تخلیق کرتی ہے جو اسلامی تہذیب کا بنیادی رویہ ہے۔ اس پہلو کی نشان دہی بھی اس باب میں کی گئی ہے۔ اس ضمن میں تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ کے عنوان تلے سات خطبات کو بنیاد بنا کر مسلمان مفکرین کے فکری اور جمالیاتی رویوں کو سمجھنے کی سعی ان کے مجموعی فلسفے اور آئمہ متکلمین کے علم کلام سے متعلق افکار و نظریات کی روشنی میں کی گئی اور بنیادی تصور تاریخ کو دریافت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

انسانی تاریخ کے ارتقا میں ان مسلمان مفکرین کے فکری رویوں نے زمانے کے بدلتے ہوئے رویوں کا کہاں تک ساتھ دیا ہے اور تبدیل ہوتے ہوئے تناظر میں کون کون سے معاشرتی اور انسانی رویے اس تخلیقی عمل پر اثر انداز رہے ہیں، اس کی نشان دہی بھی اسی باب میں کی گئی ہے۔

(۳)

مقالے کا تیسرا باب ''غیر مسلمان مفکرین تاریخ اور علامہ اقبال: اتفاق و اختلاف'' ہے۔ اس باب میں یونانی، چینی، ہندی اور مغربی تہذیب کے تصور ہائے تاریخ اور نمائندہ تر فلاسفۂ

Marfat.com

تاریخ کے بنیادی تصورات کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ یہ مطالعہ ان مفکرین کے بنیادی افکار و نظریات کی روشنی میں نمود پذیر ہوا ہے کہ وہ تہذیبیں اور فلاسفہ اپنے مجموعی فکری تناظر میں تصور تاریخ کو کس قدر اہمیت دیتے ہیں یا ان کے فکر و فلسفہ کی ترتیب و تہذیب میں ان کے تصور تاریخ کی یک جائی کا کیا مقام ہے؟ اس موضوع پر مذکورہ باب میں مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس بحث کے ساتھ ساتھ یہ دیکھا گیا ہے کہ ان تہذیبوں اور مفکرین کے تصور ہائے تاریخ سے متعلق کون کون سے فکری عناصر علامہ اقبال کے ہاں اخذ و استفادے کی صورت میں آئے ہیں اور کہاں کہاں علامہ نے ان سے اختلاف رائے کیا ہے۔ اس باب کے مطالعے کے بعد ہم دیکھ سکیں گے کہ ہمارے ہاں فکر اقبال کی تفہیم کے ضمن میں ایک بنیادی مغالطہ در آیا ہے کہ علامہ اقبال کا تصور خودی فلاں فلسفی سے مستعار ہے یا علامہ اقبال کا تصور انسان کامل فلاں فلسفی سے ماخوذ ہے یا علامہ اقبال کے فلاں تصورات، فلاں فلاں مغربی فلسفی یا شاعر سے لیے گئے ہیں۔ ان فلسفیوں کے مطالعے کے بعد جو نتائج سامنے آئے ہیں وہ میں نے بلا کم و کاست اس باب میں سمونے کی کوشش کی ہے۔ اگر میری طالب علمانہ تحقیق کو کوئی بہت بڑا دعویٰ قرار نہ دیا جائے تو میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ علامہ اقبال نے مشرقی فلسفیوں کے ساتھ ساتھ مغربی فلاسفہ کا بھی مطالعہ کیا لیکن ان کے یہ افکار و نظریات کسی مغربی فلسفی سے ہرگز ہرگز مستعار نہیں ہیں۔ ان کے فکر کا بنیادی زاویۂ نظر قرآن اور حدیث سے مستنیر ہے اور ان کے افکار میں جو بنیادی روح یا قدر موجود ہے، وہ ان کا تصور تاریخ ہے۔ یہ تصور تاریخ جو ان کے تمام افکار و نظریات کو ایک ہی سلسلے میں جوڑے اور پروئے ہوئے ہے۔

تاریخ کی تفہیم اور اس کے معانی و مفہوم کی جمالیاتی اور تہذیبی تحلیل میں تاریخ کے فلسفے اور تصور کا مطالعہ بہت ضروری ہے اور جن فلسفیوں نے تاریخ کی مختلف جہتوں، یعنی علم، ذریعۂ علم اور تصور کا مطالعہ اس کے کلی عناصر ترکیبی کی روشنی میں کیا ہے، ان کے ہاں تاریخ کا تصور اپنی تہذیبی معنویت سے پھوٹتا ہے۔ علامہ اقبال ان مفکرین تاریخ میں سے ہیں کہ جنھوں نے تاریخ کی معنویت کو اس کے کلی تناظر میں اخذ کیا اور اس کے معانی و مفہوم کی وضاحت کی۔ انھوں نے اپنے دیگر فلسفے میں ایک کلی یک جائی کی صورت میں تاریخ اور اس کی معنویت کی اہمیت اور افادیت کو سمویا۔ غیر مسلمان مفکرین کی تفہیم و تعبیر اور ان عناصر کی وضاحت اس باب میں کی گئی ہے کہ جو فکر اقبال سے متعلق ہیں یا فکر اقبال کے بالکل برعکس ہیں۔

علامہ اقبال کے خطبات میں اور دیگر تحریروں میں جن فلاسفۂ تاریخ کا ذکر ہوا ہے، ان کے افکار

Marfat.com

کو اقبالیاتی فکر کے تناظر میں دیکھنے، سمجھنے اور ان کا تجزیہ کرنے کے بعد، ان فکری نتائج کے حوالوں سے ان مقامات کی نشان دہی کی گئی ہے، جو علامہ اقبال کے افکار سے متعلق یا اُن سے مختلف ہیں۔

(۴)

چوتھا باب علامہ اقبال کے تصور تاریخ سے متعلق ہے۔ اس باب میں فلسفۂ تاریخ میں انسانی اہمیت کے تناظر میں علامہ اقبال کے تصور تاریخ کو اجاگر کیا گیا ہے اور بہت سے بنیادی مغالطوں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ جو تاریخ کے مطالعے سے متعلق ہمارے ہاں رائج ہیں۔ مثلاً تاریخ کا ذکر آتے ہی ہم اسے زمانے کے بدلتے روز و شب اور واقعاتی رویوں کا ایک روزنامچہ سمجھتے ہیں یا بادشاہوں کے عروج و زوال کی داستان کو تاریخ قرار دیتے ہیں۔ علامہ اقبال کے فکر کی روشنی میں تاریخ نہ تو زمانے کا بدلتا ہوا منظر نامہ ہے اور نہ حالات و واقعات کی سرگزشت، نہ یہ بادشاہوں کے حالات و واقعات کا روزنامچہ ہے اور نہ ہی انسانی جبریت کی داستان، بلکہ علامہ اقبال کے ہاں انسان، کائنات کی ایک بنیادی اکائی ہے اور اس بنیادی اکائی کی تفہیم کے ذریعے علامہ اقبال نے تصور تاریخ کی معنویت دریافت کرنے اور اسے اجالنے کی کوشش کی۔

علامہ اقبال نے حالات و واقعات اور حالات و واقعات کے عروج اور زوال سے تاریخ کا علم کشید نہیں کیا بلکہ انھوں نے انسان اور انسانی علوم کے تناظر میں تصور تاریخ کی معنویت کو کشید کرنے کی کوشش کی۔ ان کا تصور تاریخ اس وقت تک سمجھ نہیں آتا کہ جب تک سلسلۂ روز و شب اور حادثات روز و شب میں انسان کی کلی جبریت یا اختیاریت کے منظر نامے کو نہ سمجھ لیا جائے۔ انسان کا جبر و اختیار زندگی کے تسلسل میں، ان دیگر فکری اور تہذیبی اور بعض معاملات میں مذہبی افکار و اعتقادات کے ساتھ وابستہ ہے کہ جن کا بنیادی اور براہ راست مطالعہ کیے بغیر انسانی زندگی اور اس کی معنویت کو سمجھنا مشکل ہے۔ مثلاً علامہ اقبال کے تصور تاریخ کو سمجھنے کے لیے علامہ اقبال کے ہاں مذہبی و علمی پس منظر کی تفہیم ہونا ضروری ہے۔ وہ اخلاقی اقدار اور فنون لطیفہ کے فکری امتزاج سے ایک ایسے رویے کو تخلیق کرتے ہیں جس میں تاریخ انسانی اپنے بنیادی تصور کی جمالیات کے ساتھ متشکل ہوتی ہے۔ وہ روحانی نظام سے اس فکر کی تعبیر کو اجالنے اور اس کی معنویت کو متعین کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

علامہ اقبال کے ہاں معاشی، معاشرتی، اقتصادی اور تہذیبی معاملات کے تناظر میں تاریخ

Marfat.com

کا مطالعہ اپنی بنیادی اور مذہبی اقدار کے ساتھ سامنے آتا ہے۔ علامہ اقبال حرکت اور عمل کے پیغامبر ہیں۔ ان کے ہاں تاریخ اور تاریخ کا فکری تناظر اسی حرکی اور عملی رویے سے ضیا بار ہے۔ وہ اس تناظر میں زمان و مکاں کا مطالعہ کرتے ہیں اور زمان و مکاں کی فکری اور تہذیبی معنویت سے اس تصور تاریخ کو اجالنے کی کوشش کرتے ہیں، جس سے فکر اپنے بنیادی معانی اور مفہوم تک رسائی کو آسان بناتا ہے۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس باب میں علامہ اقبال کے مجموعی علمی اور ادبی کام کی روشنی میں ان کے تصور تاریخ کو اجالا جائے۔ سو میں نے اس ضمن میں ان کے نظری تصور تاریخ کی تعبیر اور تشریح کرتے ہوئے ان کے تصور تاریخ کی عملی صداقت اور حقیقت یعنی پاکستان کی اہمیت کو بطور خاص اجاگر کیا ہے۔

اسی باب میں، میں نے فکر اقبال کا بنیادی اور مرکزی نکتہ تصور تاریخ کو قرار دیا ہے۔ علامہ اقبال کے بیشتر ماہرین تصور خودی، تصور حرکت یعنی حرکی ارتقا اور ان کے تصور مرگ کو بنیادی اہمیت دیتے چلے آئے ہیں۔ میں نے تصور تاریخ کے تناظر میں عرفان رسولؐ کو علامہ اقبال کے فکر کی بنیاد قرار دیا ہے کہ ان کا بنیادی فکری سلسلہ تصور عشق ہے اور تصور عشق کو بھی انھوں نے اپنے مجموعی فکری تناظر میں جمال رسولؐ کے ساتھ شناخت کیا ہے، یعنی ان کی تخلیقی سرگرمی دراصل عرفان رسولؐ سے شناخت پاتی ہے۔ علامہ اقبال کا تصور عشق یا تصور عرفان رسولؐ اس تصور تاریخ کے تناظر میں اپنی مجموعی اور کلی معنویت سے مملو ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس باب میں علامہ اقبال کے بنیادی کام کی روشنی میں ان کے مختلف نظریات اور افکار کے مابین موجود اس بنیادی روح کو دریافت کرنے کی کوشش کی گئی ہے جسے عرف عام میں تصور تاریخ کہا جاتا ہے۔

(۵)

پانچواں اور آخری باب ''مابعد اقبال فلسفۂ تاریخ پر فکر اقبال کے اثرات (مسلمان اور غیر مسلمان فلسفیوں کے افکار کی روشنی میں)'' ہے۔ اس باب میں اقبال کے بعد آنے والے مسلمان اور غیر مسلمان فلاسفۂ تاریخ کو اپنے بنیادی مطالعے کا موضوع بنایا گیا ہے۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ وہ فلاسفۂ تاریخ جن پر فکر اقبال کے اثرات واضح اور بنیادی صورتوں میں پڑے اور انھوں نے علامہ اقبال سے اخذ و استفادے کے بعد اپنے تصور تاریخ کو بنانے، سنوارنے اور مرتب کرنے کی کوشش کی ہے، ان کو زیر بحث لایا جائے۔ تین غیر مسلمان مفکرین تاریخ آرنلڈ

Marfat.com

ٹائن بی، پال کینیڈی اور ہنٹنگٹن کا ان کے مجموعی فکری تناظر میں مطالعہ کیا گیا ہے اور علامہ اقبال سے ان کے اخذ و استفادے کی مختلف صورتوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔ غیر مسلم فلاسفہ کے ساتھ ساتھ، پاکستانی، ایرانی، ہندوستانی اور دوسرے مسلم مفکرین کا ذکر بھی موجود ہے۔ ان مفکرین میں مولانا مودودی، غلام احمد پرویز، علی شریعتی، آصف بن علی اصغر فیضی اور متعدد دوسرے علما شامل ہیں۔ اقبالیاتی فکر سے انھوں نے کس تک اخذ و استفادہ کیا اور کن کن رویوں سے وہ صرف نظر کر گئے؟ مجموعی صورت اس باب میں سامنے آتی ہے۔

پاکستانی فلاسفہ میں مولانا مودودی اور غلام احمد پرویز کے تصورات بلکہ تصور ہائے تاریخ پر علامہ اقبال کے اثرات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ علامہ اقبال ایک ایسے فلسفی ہیں جن کے فکر اور کلام کی اپیل براہ راست انسان سے ہے۔ وہ عالم انسانیت کے شاعر ہیں اور عالم انسانیت کے فلسفی بھی۔ قرآن و حدیث کی تعلیمات ان کے افکار کا بنیادی ماخذ ہیں لہٰذا انھوں نے قرآنی اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ان افکار کی ترویج کی ہے جو اسلام کا منتہائے مقصود ہیں۔ اسلام براہ راست انسان سے مخاطب ہے اور اس میں زمان و مکاں کی کوئی قید نہیں۔ فکر اقبال نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انسان کو بنیادی اہمیت دی ہے۔ ان کی تعلیمات میں زمان اور مکان کی بھی کوئی قید نہیں لیکن ان سے اخذ و استفادہ کرنے والے فلاسفہ، چاہے وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلمان، ان کے ہاں وہ رویے پیدا نہ ہو سکے جو اس نظام سے براہ راست بحث کرتے ہیں۔ لہٰذا مولانا مودودی ہوں یا غلام احمد پرویز، دونوں کے ہاں فکر اقبال کے مطابق شایان شان منظرنامہ متشکل نہیں ہو پاتا۔ پاکستانی مفکرین کے ہاں علامہ اقبال کے ساتھ فکری تعلق اور رشتے کو اونچے سروں میں سراہا گیا۔ غلام احمد پرویز نے دعویٰ کیا کہ وہ اقبالیاتی فکر کا اظہار کر رہے ہیں۔ ان کے رسالے طلوع اسلام کی پیشانی پر علامہ اقبال کے فکر اور یادگار کا تذکرہ موجود ہوتا تھا اور اسی طرح انھوں نے اپنی کتابوں میں علامہ اقبال کے افکار کے ساتھ اپنے رشتے اور تعلق کو بڑے واضح اور واشگاف الفاظ میں بیان کیا، لیکن جب ہم ان کے فکر کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ جزواً علامہ اقبال سے متاثر ہیں اور ان کے افکار سے اخذ و استفادہ کرتے ہیں۔ ان کے کلی افکار و نظریات، علامہ اقبال کے بالکل برعکس ہیں۔ مثلاً غلام احمد پرویز کے ضمن میں حدیث کے انکار کا مسئلہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں، جب کہ علامہ اقبال قرآن و حدیث کے امتزاج سے اپنے عقیدے کو بناتے اور سنوارتے ہیں۔ غلام احمد پرویز کے ہاں صرف قرآن اور

Marfat.com

قرآن میں تفسیر بالرائے کا جو رویہ کارفرما رہا ہے، انھیں علامہ اقبال کے بنیادی افکار سے دور لے جاتا ہے۔ ان کے ہاں تاریخ کی جو معنویت سامنے آتی ہے وہ فکر اقبال کی کلیت کے تناظر میں اپنے معانی و مفہوم متعین نہیں کرتی بلکہ جزواً فکر اقبال سے مستنیر ہے۔

ایسے ہی مولانا مودودی، علامہ اقبال کے پسندیدہ ترجمانوں میں سے تھے۔ علامہ اقبال ان سے فقہ اسلامی کی تدوین نو کے ضمن میں کام لینا چاہتے تھے لیکن علامہ اقبال کی بیماری اور اس کے بعد وفات کے سبب ایسا ممکن نہ ہو سکا۔ ابتداءً مولانا نے اقبالیاتی خطوط پر ہی اپنے فکری منہاج کی بنیاد رکھی لیکن بہت جلد وہ اس راستے سے ہٹ گئے۔ ان کے ہاں قیام پاکستان سے قبل ہی کچھ ایسے فکری رویے سامنے آئے جو فکر اقبال کے بالکل برعکس تھے۔ مثلاً قومیت کا مسئلہ، جس کی بازگشت اب تک سنی جاتی ہے اور مختلف سیاسی حلقوں کی طرف سے اسی کو حوالہ بنا کر جماعت اسلامی کے پہلے اور بانی امیر کو پاکستان دشمن کہہ کر بھی پکارا جاتا ہے۔ اس قضیے میں بہت سے رویے ذاتی اختلافات اور پسندیدگی و ناپسندیدگی کے بھی ہو سکتے ہیں لیکن مولانا مودودی کے وہ کتابچے، جو مسئلۂ قومیت کے ضمن میں اشاعت پذیر ہوئے، ان کے مطالعے اور تجزیے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا جا سکتا ہے کہ مولانا مودودی کا نقطۂ نظر اس مخصوص پس منظر میں قطعی جداگانہ ہے اور خاص طور پر فکرِ اقبال سے تو بالکل بھی مطابقت نہیں رکھتا۔ لہٰذا قیام پاکستان کے بعد بھی علامہ اقبال بنیادی اور کلی طور پر اپنے فکری لوازمات کے ساتھ فکر مودودی میں در نہیں آئے۔ انھوں نے جہاں، یہاں وہاں مختلف مقامات پر بعض مسائل کے حل کے سلسلے میں افکار اقبال کی ترجمانی کی کوشش کی، وہاں بہت سارے مسائل کے ضمن میں فکر اقبال کے برعکس بھی کام کیا۔

اسی طرح ایرانی مفکر علی شریعتی کے ہاں فکری سطح پر سطحیت بہت زیادہ ہے۔ وہ اپنے سطحی رویوں کی وجہ سے فکر اقبال کو اس کے مجموعی علمی، فکری اور روحانی تناظر میں اخذ نہ کر سکے اور اس کی ترویج ممکن نہ ہوئی۔ دراصل جس قوت کے ساتھ علامہ اقبال نے تاریخ کے تصور کو ایک تخلیقی سرگرمی کے طور پر اختیار کیا تھا، اس تخلیقی سرعت اور سرگرمی کے ساتھ کسی مابعد فلسفی کے ہاں اس کی صورت متعین نہ ہو سکی۔ ایران کا ماحول اور وہاں کا سیاسی منظرنامہ کچھ ایسا تھا کہ اس میں علامہ اقبال کے افکار کی ترویج اس صورت میں ممکن نہیں تھی، جس صورت میں وہ پاکستان، ہندوستان یا کسی ایسے ملک میں، کہ جہاں حنفی یا سنی مسلک کے مسلمان زیادہ تعداد میں ہوں، وہاں ممکن تھی۔

ادھر ہندوستان میں آصف بن علی اصغر فیضی کو فکر اقبال کے قریب ترین مفکر نظر آتے ہیں

Marfat.com

مگر ایک محدود جغرافیے سے باہر نہ آ سکنا ان کی بدقسمتی رہی ہے۔ فکری طور پر انتہائی اہم کام سرانجام دینے کے باوجود انھیں تاحال وہ پذیرائی نہ مل سکی جو کسی فکر کے پھیلاؤ اور ابلاغ کے ضمن میں ضروری ہوتی ہے۔ سو اسی باب میں ان کا بھی خصوصی تذکرہ سمٹ کر آ گیا ہے۔

مسلم مفکرین کے برعکس غیر مسلم مفکرین نے فکر اقبال سے زیادہ استفادہ کیا۔ لیکن ان کے استفادے کی بنیادی صورت یہ رہی ہے کہ:

۱- انھوں نے علامہ اقبال سے اپنے مطالعاتی افادات کو واضح اور واشگاف الفاظ میں تسلیم نہیں کیا یا ان کا اعتراف نہیں کیا۔

۲- وہ فکر اقبال سے اخذ و استفادے کے بعد اس کے مجموعی تناظر کو پیش کرنے کے بجائے عیسائیت کے تصورات کی روشنی میں اپنے فکر تاریخ کی تعبیر و تشریح میں کوشاں رہے۔ سو وہ علامہ اقبال کے فکری نظام سے بہت دور نکلتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ بصورت دیگر انھوں نے فکر اقبال کو مسلمان فلسفیوں سے زیادہ سمجھنے کی کوشش کی اور وہ بہتر طور پر اس کو سمجھے بھی۔ مستقبلیت اور مستقبل شناسی کے ضمن میں جو رویے غیر مسلمان مفکرین نے تشکیل دیے ہیں وہ تو براہ راست علامہ اقبال سے مستعار ہیں۔ لیکن انھوں نے مستقبل شناسی یا مستقبلیت کی بنیادیں روحانی نظام پر استوار کرنے کے بجائے اقتصادی قدروں پر اٹھا دی ہیں۔ یہ اور اس نوعیت کی تمام بحثیں اس باب میں کی گئی ہیں اور مابعد اقبال کے فلسفیوں کے ہاں جو فکری رویے در آئے ہیں، انھیں سمجھنے اور اجالنے کی کاوش کی گئی ہے۔

یہ مقالہ مجموعی طور پر علامہ اقبال کے تصور تاریخ کو پیش کرتا ہے۔ ان سے قبل اور مابعد کون کون سے فلاسفہ اس ضمن میں اہمیت کے حامل ہوئے، علامہ اقبال نے ان سے کہاں تک استفادہ کیا، کہاں متاثر ہوئے اور کہاں اختلاف پیدا ہوا، کس حد تک علامہ اقبال کا تصور تاریخ ان کا اپنا ہے اور اس کے کون کون سے اجزائے ترکیبی صرف علامہ اقبال کے ساتھ ہی مخصوص ہیں؟ یہ ساری بحثیں ایک ہی محوری نکتے یعنی علامہ اقبال کے تصور تاریخ کے گرد گھومتی ہیں۔

مقالہ نویسی کے دوران میں مجھے مختلف بزرگوں اور دوستوں کا تعاون حاصل رہا ہے۔ سب سے بڑھ کر میں اپنے نگران کار، نامور اقبال شناس پروفیسر ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی کا شکر گزار ہوں کہ ان کی راہنمائی، ذاتی شفقت اور خلوص شامل حال نہ ہوتا تو میں اس کام کو اتنے کم عرصے اور بہتر انداز میں مکمل کرنے سے قاصر تھا۔

Marfat.com

علمی نکات کے سلجھاؤ، ماخذ کی نشان دہی، کتابوں کی فراہمی، حوصلہ افزائی اور دعاؤں کے لیے میں استادِ گرامی محترم ومکرم افتخار عارف صاحب کا بے حد شکرگزار ہوں۔ یقیناً تعلیم کا سلسلہ جاری رکھنے کے حوالے سے ان کی دلچسپی اور راہنمائی میرے لیے باعثِ فخر ہے۔ان کی بے لوث شفقت اور دست گیری کا شکریہ مجھ پر زندگی بھر واجب رہے گا۔ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر کا میں شکریہ کیسے ادا کروں کہ وہ صرف دوست ہی نہیں، میرے تعلیمی سلسلے کو مہمیز دینے والے عزیز ترین دوستوں میں سے ہیں۔ حوصلہ افزائی اور دعاؤں کے لیے میں ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر انوار حسین صدیقی، پروفیسر فتح محمد ملک مرحوم، ڈاکٹر سید الطاف حسین، ڈاکٹر بشیر احمد سیفی مرحوم، ڈاکٹر نثار احمد قریشی، ڈاکٹر صابر کلوروی، ڈاکٹر سفیر اختر، ڈاکٹر انعام الحق جاوید، ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ، محبوب عالم، عبداللہ جان عابد، سہیل عبدالناصر، سید سردار احمد پیرزادہ، محمد اسلام نشتر، پروفیسر محمد اقبال، اختر محمود، عابد محمود، نصیر الدین آذر سعید، راؤ صفدر رشید اور محمد صفدر ملک کا تہ دل سے شگرگزار ہوں۔

صائمہ، مریم اور حریم کے حصے کا بہت سا وقت میں نے اپنی اس مصروفیت کی نذر کر دیا اور انھوں نے اس حوالے سے تمام مسائل خوش دلی کے ساتھ قبول کیے، ان کا شکریہ ادا کروں گا تو وہ ناراض ہوں گی۔ مگر یہ اقرار ضرور کروں گا کہ میری اس کامیابی پر ان سے زیادہ اور کون خوش ہو سکتا ہے۔ یہاں بعض مرحوم ہستیوں محمد خورشید، منصب دار، کیپٹن محمد نذیر اور پروفیسر محمد خلیل کا ذکر نہ کروں تو اپنے ساتھ ظلم ہوگا کہ ان سے میں نے زندگی بسر کرنے کا قرینہ سیکھا۔خاص طور پر پروفیسر صاحب کی ذاتِ گرامی میرے لیے کل بھی مشعلِ راہ تھی، آج بھی ہے اور آنے والے دنوں میں بھی ان سے اکتسابِ نور کرتا رہوں گا۔

محسنوں کی فہرست بہت طویل ہے اور اپنے تمام عزیزوں کی دعاؤں کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں، اللہ انھیں جزائے خیر دے۔

ڈاکٹر راشد حمید

Marfat.com

باب اوّل

# فلسفۂ تاریخ، تصورِ تاریخ اور ارتقا

''تاریخ'' کے لیے دنیا کی تمام تہذیبوں میں مختلف اصطلاحات رائج رہی ہیں لیکن ان کی معنویت میں اس قدر فرق ہے کہ وہ عمومی اور مجموعی تناظر میں ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہوتیں کیوں کہ ہر تہذیب اور قوم کا تصورِ تاریخ ایک دوسرے سے مختلف اور جداگانہ ہے۔ ظہورِ اسلام سے قبل دنیا میں جلوہ گر رہنے والی تہذیبوں میں تاریخ کا جو تصور رائج تھا وہ اسلام کے تصورِ تاریخ سے بالکل جدا اور علیحدہ حیثیت کا حامل رہا ہے۔ مثلاً یونانیوں کے ہاں، ایرانی تہذیب میں اور چینی و ہندی تہذیب کا تصورِ تاریخ اس قدر مختلف ہے کہ مسلمان مورخین اور فلاسفہ کے ہاں اس سے بالکل نیا، جداگانہ اور منفرد تصورِ تاریخ ملتا ہے۔

تاریخ سے متعلق یہ مغالطے اور اختلافات کچھ زیادہ تعجب انگیز بھی نہیں اور نہ انھیں ہونا چاہیے کیوں کہ نبی کریمؐ کی بعثت سے قبل، مختلف اقوام وملل میں تاریخ کو محفوظ کرنے کا باقاعدہ انتظام موجود نہیں تھا اور نہ ان تہذیبوں کے لوگ تاریخ کی اس علمی اکائی کا ادراک رکھتے تھے، جو وحی سے پھوٹنے والے علم و ہدایت کے اس سلسلے سے ہم آہنگ اور ہمکنار تھی۔ تاریخ اور تصورِ تاریخ کی الہامی رویوں کے ساتھ ہم آہنگی سے بے خبری کی وجہ سے تاریخ کی اہمیت و افادیت ان کے ہاں منکشف نہیں تھی۔

یونانیوں کے ہاں تاریخ کا تصور زندگی کے بہت کم اہمیت یافتہ شعبے کی حیثیت سے رائج تھا۔ ان کے ہاں لکھی گئی تاریخ میں جو واقعات ہمیں ملتے ہیں، انھیں پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک واقعات کی محض مسلسل صورت گری ہی کا نام تاریخ تھا۔ وہ اس کے الہیاتی اور وحی پر مبنی تصور سے یا تو بالکل بے خبر تھے یا پھر وحیٔ الٰہی میں تحریف کی وجہ سے، وہ تصورِ تاریخ کی اس جہت کا فکری ادراک حاصل کرنے سے قاصر تھے۔ یوں ان کے نزدیک تاریخ اپنے صحیح معنوی تناظر میں اجاگر نہ ہو سکی اور وہ سلسلۂ روز و شب میں گرفتار ہو کر رہ گئے۔

Marfat.com

اسی طرح چین، ایران اور ہندوستان میں بھی واقعات کو محفوظ رکھنے کا نام تاریخ تھا۔ اس لیے یہ تہذیبیں تاریخ کے بنیادی اور اساسی تصورات سے کماحقہ آگاہ نہیں تھیں۔ اگر ان تہذیبوں میں تصور ہائے تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ تاریخ اپنے فکری اور معنوی مدار کے گرد رقص کناں نہیں ہے۔ تاریخ کی یہی گردش جو حرکت اور عمل کے دائرے میں ثمر آور رہتی ہے یہاں بے ثمری کی سعی لاحاصل کا مجموعہ بن کر رہ گئی ہے۔ محمد مظہر الدین صدیقی کے نزدیک:

الغرض قرآن کے نزدیک واقعات تاریخ میں ایک تسلسل، وحدت اور باہمی ربط و علاقہ ہے اور تاریخ بے ربط اور بے معنی واقعات کا مجموعہ نہیں ہے۔ بلکہ اس کا ہر واقعہ اپنے پیش رو واقعات سے تشکیل پاتا ہے۔ علت و معلول کے طبعی قانون کی طرح عالم تاریخ میں بھی اسباب و نتائج کا قانون کام کرتا رہتا ہے۔ البتہ طبعی فطرت کے واقعات مادہ یعنی بے جان اشیا کے خواص و صفات سے ظہور پذیر ہوتے ہیں اور عالم تاریخ کے واقعات انسان کی اجتماعی فطرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر انسانی فطرت کے قوانین کا ہمیں صحیح علم ہو تو ہم واقعات تاریخ کی توجیہ صحیح طور سے کر سکتے ہیں اور اگر انسانی فطرت کی خصوصیات و صفات کے متعلق ہمارے تصورات ناقص یا غلط ہوں تو ہم اجتماعی واقعات اور تاریخی انقلابات کی جو توجیہ کریں گے وہ بھی اسی درجہ میں ناقص یا غلط ہوگی، چنانچہ انسان کی اجتماعی فطرت کے بارے میں جس قوم اور گروہ کا تصور حقیقت سے جتنا قریب ہوتا ہے، واقعات کے اسباب و نتائج پر اس کی نظر بھی اتنی ہی صحیح ہوتی ہے اور اسی درجہ میں اس کو یہ قدرت بھی حاصل ہوتی ہے کہ وہ اپنے اجتماعی اعمال کا جائزہ لے کر ان کی اصلاح کرے۔ اس کے برخلاف جو گروہ، جس درجہ میں انسانی فطرت کے صحیح تصور سے عاری ہوتا ہے، اسی قدر اس کا کردار اور عمل، قانون اخلاق کے منافی ہوتا ہے اور اسی حد تک وہ اپنے اعمال کی اصلاح و درستگی میں بھی ناکام رہتا ہے۔ اس طرح تاریخی انقلاب کا تار و پود قوموں کے اجتماعی اعمال سے بنتا ہے اور ان اعمال کا دار و مدار اس پر ہے کہ قوم کا تصور حقیقت ٹھیک ہو۔ انسان کی اجتماعی فطرت کے بارے میں وہ صحیح نقطۂ نظر اختیار کرے اور اپنے اعمال کی اصلاح و تحسین میں وہ اس فطرت کے تقاضوں کو مدنظر رکھے۔ قرآن انھیں دونوں باتوں کو ایمان اور عمل صالح سے موسوم کرتا ہے۔ ایمان کے معنی یہ ہیں کہ حقیقت حیات کے بارے میں (جس میں انسان کی اجتماعی فطرت بھی شامل ہے) ہمارا عقیدہ اور نظریہ صحیح ہو اور عمل صالح یہ ہے کہ حقیقت حیات اور فطرت اجتماعی کے صحیح نظریہ کو مان کر اور غلط تصورات سے دستبردار ہو کر، ہم اپنے اجتماعی اعمال کو اس اجتماعی نظریہ اور سچے عقیدہ پر ڈھالنے کی کوشش کریں۔[1]

Marfat.com

ہم دیکھتے ہیں کہ ظہورِ اسلام سے قبل اور بعد میں جو تہذیبیں موجود رہیں یا اب بھی موجود ہیں ان کے ہاں تاریخ کی معنویت وقت کے معلوم کرنے یا وقت کا تعین کرنے تک ہی محدود رہی ہے، چاہے اس کے لیے وہ کوئی بھی نام یا اصطلاح استعمال کرتے ہوں۔ ان کی معنویت ''وقت'' کے سطحی ادراک سے باہر نہیں ہوتی۔ ان کے ہاں تاریخ کا تصور گھوم پھر کر اس نقطے پر منتج ہوتا ہے جو تعین وقت سے آگے نہیں جاتا۔ ''وقت'' کا علم یا تعین تاریخ کا بہت ہی ابتدائی اور سطحی ناک نقشہ سامنے لاتا ہے جب کہ تاریخ کی قرآنی تفسیر آفاقی اور کائناتی ہے۔ اس کے سامنے دیگر تہذیبوں کی تصوراتی معنویت جلوہ گر نہیں ہوسکتی۔

تاریخ اسلام اور تعلیمات اسلام میں تاریخ کو علم الٰہی کا ایک ذریعہ کہا گیا ہے۔ اگر تاریخ علم الٰہی کا ایک ذریعہ اور ستون ہے تو پھر تاریخ محض واقعات کے تسلسل، دن اور رات کی تبدیلی، بہار و خزاں کی آمد و رفت ہی کا نام نہیں ہے بلکہ اس سے بڑھ کر ان سب سے ماورا کسی دوسری معنوی تعبیر کا نام ہے۔ جب کہ دوسری تہذیبوں میں تاریخ کو ایسا خیال نہیں کیا جاتا اور نہ ہی ان تہذیبوں کے لوگ تاریخ کی اس معنویت کا فکری ادراک کر سکتے ہیں۔ محمد مظہر الدین صدیقی رقم طراز ہیں:

جو لوگ تاریخی انقلابات اور قوموں کے عروج و زوال اور عظمت و ذلت کو وقتی حالات، اتفاقی حوادث، جغرافیائی عوامل، یا خداوند تعالیٰ کی نامعلوم مشیت پر محمول کرتے ہیں وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ خود اپنی زندگی کے روز مرہ واقعات میں وہ خدا کی نامعلوم مشیت پر بھروسہ کرنے کے بجائے ان واقعات کے اسباب و علل کی جستجو کرتے ہیں اور پھر اپنے مفید مطلب اسباب و وسائل فراہم کر کے نقصان سے محفوظ رہنے اور کامیابی حاصل کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔[۲]

تاریخ انسانی زندگی کی بنیادی اکائی ہے نہ کہ محض ایک حصہ۔ یہ انسانی زندگی کے تمام تر معاشرتی، معاشی، سیاسی، سماجی، تہذیبی اور مذہبی حوالوں کو محیط ہے اور ہونی بھی چاہیے، کیوں کہ اس کی طلسماتی اپیل ازل و ابد تک کے زمانوں کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے ہے۔ آپ کسی بھی تہذیب اور تہذیب کے مختلف رویوں اور اس سے ابھرنے والے حالات و واقعات، ماضی، حال اور مستقبل کا تعین تاریخی جامعیت کی مختلف قدروں کو سامنے رکھے اور سمجھے بغیر نہیں کر سکتے۔ اس لیے کہ جب تاریخ محض واقعاتی تسلسل کا نام ہے اور تاریخ کسی بھی تہذیبی زندگی کی ایک جامع اور بنیادی اکائی نہیں ہوسکتی:

پس معلوم ہوا کہ واقعات تاریخ اور انقلابات عالم، انسان کے اپنے اعمال کا براہ راست نتیجہ ہیں

Marfat.com

نہ کہ اللہ تعالیٰ کی مداخلت کا۔ تاریخ خود اپنے مستقل قوانین رکھتی ہے جن میں سب سے بڑا اور بنیادی قانون مکافات عمل کا ہے۔ یعنی اجتماعی اعمال کے نتائج، خواہ وہ برے ہوں یا اچھے، اپنے مقررہ وقت پر ضرور ظاہر ہوتے ہیں۔ جس طرح فطرت مادی میں حفظ توانائی اور حرکت کے قانون کے مطابق کوئی مادی شے یا ذراتی حرکت ضایع نہیں ہوتی اسی طرح فطرت اجتماعی اور عالم روحانی میں انسان کا کوئی اچھا یا برا عمل، بے اثر اور بے نتیجہ نہیں رہتا ہے، بلکہ ہر عمل کا نتیجہ ایک خاص وقت پر ضرور ظاہر ہوتا ہے، کیوں کہ فطرت میں کہیں ضیاع نہیں۔ چنانچہ قرآن جس طرح بداعمالی کے نتائج سے ڈراتا اور یہ یقین دلاتا ہے کہ بدی کے نتائج سے بچنا محال ہے، اسی طرح اس کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ نیک اعمال اور اعلیٰ اجتماعی کردار بھی بے نتیجہ نہیں ہوسکتا اور کوئی اچھی قوم اپنی صالح جدوجہد کے عمدہ نتائج یا اس کے اجر سے محروم نہیں رہے گی۔[۳]

جیسا کہ اوپر کہا گیا کہ تاریخ، اسلامی تہذیب میں ایک جامع، بنیادی اور اساسی اکائی کی حیثیت رکھتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تاریخ انسانی زندگی کے جملہ رویوں کا احاطہ کر رہی ہے۔ اگر ہم قرآن کریم اور حدیث رسول ختمی مرتبتؐ کا مطالعہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ قرآن و حدیث کی تعلیمات میں علم کے جو بنیادی رویے ہمارے سامنے آتے ہیں، ان میں وہ علوم، جو تصور حقیقت سے مستنیر ہیں، ان میں تاریخ کا درجہ بہت اونچا ہے۔ قرآن و حدیث کی تعلیمات میں جن کاموں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے یا جن سے رکنے یا جنھیں چھوڑنے کی ہدایت کی گئی ہے، وہ سارے چشمے تاریخ ہی سے پھوٹتے ہیں۔ بقول محمد مظہر الدین صدیقی:

> اس میں شک نہیں کہ واقعات تاریخ اور حوادث فطرت میں ایک گہری مشیت کارفرما ہے جسے اہل مذہب مشیت الٰہی اور مادیین مشیت کے نام سے موسوم کرتے ہیں، لیکن یہ مشیت اسباب و علل کے واسطہ سے کام کرتی ہے اور اس کے مستقل قوانین ہیں جن کی وہ کبھی خلاف ورزی نہیں کرتی۔ یہ خیال بنیادی طور پر غلط ہے کہ مشیت الٰہی کوئی اندھی بہری قوت ہے جس کے اصول و قوانین غیر معین اور نامعلوم ہیں۔ قرآن حکیم نے اس غلط تصور مشیت کی پرزور تردید کرتے ہوئے بتایا ہے کہ خداوند تعالیٰ کا کوئی کام بلاسبب اور بلامصلحت نہیں ہوا کرتا کیوں کہ اس نے اس کائنات کو چند معینہ اصولوں پر بنایا ہے اور انھیں اصولوں کی پابندی کر کے قومیں طبعی فطرت اور انقلابات تاریخ پر قابو پاسکتی ہیں۔ خدا کے غضب و انتقام اور اس کی خوشنودی اور رضامندی کا بھی ایک آئین اور ضابطہ ہے۔ یہ بات صحیح نہیں کہ خداوند تعالیٰ کسی قوم کو بلاوجہ اپنے انعامات و اکرامات سے سرفراز کردیتا ہے یا بغیر کسی قصور اور گناہ کے ان کو آفات و مصائب میں مبتلا کردیتا ہے۔[۴]

Marfat.com

## (۲)

قرآن کریم میں نماز قائم کرنے کے بعد جس عمل کا سب سے زیادہ حکم ہے وہ تسخیر کائنات ہے۔ اگر تسخیر کائنات کے تمام تر اسباب وعوامل کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی کہ اس کا مطالعہ، تاریخ اور پھر تصور تاریخ کی اہمیت کو سمجھے بغیر ممکن نہیں ہوگا۔

تاریخ کے اسلامی تصور روایت کے تفہیم و تجزیے اور اس کے فکری ارتقا پر گفتگو کرنے سے قبل بہتر معلوم ہوتا ہے کہ مختلف تہذیبوں میں ان کی معنوی فضا کا تعین کر لیا جائے۔ تاریخ کیا ہے؟ اسلامی تصور تاریخ، دیگر تہذیبوں کے تصور ہائے تاریخ سے کیوں کر مختلف ہے؟ کیا ان میں باہمی اشتراک کے کچھ پہلو موجود ہیں یا نہیں؟ اگر ان میں فکری اختلاف کی کیفیت ہے تو کس قدر؟ اسلام سے قبل کی تہذیبوں میں تاریخ کی جلوہ آرائی کا مفہوم کیا ہے اور یہ انسانی زندگی کو کس حد تک متاثر کرتی ہے؟ کائناتی آفاق میں اس تصور کی معنوی اکائی کن مفاہیم کا تعین کرتی ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے پس منظر سے آگاہی کے بغیر تاریخ کے فکری ارتقا کا جائزہ لینا شاید ممکن نہ ہو۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ مختلف لغات اور انسائیکلو پیڈیاز کے مطابق تاریخ کیا ہے:

History in its broadest sense should be a record of Man and his accomplishments from the time when he ceased being merely an animal and became a human being. The efforts to reconstruct this record may be classed under two head:(1) History (in the stricter sense), which is based on written documents and covers part of the last five thousand years of Man's activities; and (2) Prehistory, which is based largely on archaeological evidence and covers all the long preceding period, which probably amounts to more than one million years.[5]

"History is the past experience of mankind. More exactly, history is the memory of that past experience as it has been preserved, largely in written records. In the usual sense, history is the product of historians' work in reconstructing the flow of events from the original written traces or "sources" into a narrative account. The existance of written records distinguishes the historic era from prehistoric times, known only through the researches of archaeology.[6]

The English word history, as well as the French his toire and the Italian storia, stems from Greek his-toria, which was used first to refer to a general inquiry into things and only later to refer to history as it is now understood. Germans speak of Geschichte (from gechehen, "to happen") ; Chinese choose shih ( meaning both "fact" and "history") ; Hindus use terms such as itihasa (tradition; lit., "verily thus it happened") and purana

Marfat.com

(ancient lore); and Arabs alternate tar' ikh (derived from the word for dating events), khabar ('report"), and 'ibar (derived from the verb meaning "to pass on, through, over, or beyond"). Because the meanings of these terms are bound to cultures and periods, etymological analysis does not provide a ready explanation] for the universality of the writing of history.[7]

Record of the events of human societies. The earliest surviving historical records are the inscriptions denoting the achievements of Egyptian and Babylonian kings. As a literary form in the Western world, historical writing or historiography began with the Greek Herodotus in the 4th century B.C., who was first of pass beyond the limits of a purely national outlook, Contmeporary historians make extensive use of statistics, population figures, and primary records to justify historical arguments.[8]

History is the study of the past--the distant past. or the recent past. Hsitory includes more than discovering facts and putting them in order.[9]

A written narrative constituting a continuous methodical record in order of time, of important or public events, esp. those connected with a particular country, people, individual, etc. The formal record of the past, esp. of human affairs or actions.[10]

A branch of knowledge dealing with past events; a connected and continuous account of previous happenings ordinarily presented in chronological order.[11]

تاریخ وسیع معنیٰ میں انسان کی سرگزشت اور اس کے کارناموں کا مرقع ہے۔ اس کا آغاز اس وقت سے ہوتا ہے جب انسان نے حیوانیت کی منزل ختم کر کے انسانیت کے دائرے میں قدم رکھا تھا۔ اس مرقعے کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱- تاریخ ...... جو تحریری دستاویزوں کی بنا پر تیار ہوئی، اس میں انسان کی گزشتہ پانچ ہزار سال کی سرگرمیاں بیان ہوئی ہیں۔

۲- تاریخ سے پیشتر کا دور ...... یہ عموماً آثار قدیمہ کی پیش کردہ شہادتوں پر مبنی ہے اور اس میں وہ پورا زمانہ آجاتا ہے جو شاید دس لاکھ سال سے بھی زیادہ مدت پر حاوی ہے۔‘‘[۱۲]

۱- کسی چیز یا واقعے کے ظہور کا وقت

اس بھمنی ہندو کا کس دھر کروں شکایت
نیں لیکھے ہیں مورخ تاریخ اس حکایت
(قلی قطب شاہ)

۲- کسی امر عظیم کے وقت کا تعین، زمانے کا عرصہ،

84193

Marfat.com

تاریخ دہم جمعہ کے دن عصر کے وقت آہ
چھپ جائے گا آنکھوں سے اس چاند میں یہ ماہ
(انیس)

۳- شمسی یا قمری مہینے کا ہر دن یا رات

۴- (i) وہ علم جس میں گزشتہ واقعات اور سیر سے بحث کی جاتی ہے۔

اب تو سب مٹ گئے مٹنے کے نشاں بھی اپنے
خاص اک وقت میں تھا علم ہمارا تاریخ
(گفتار بیخود)

(ii) بادشاہوں، نامور آدمیوں، قوموں اور فرقوں کے حالات، واقعات اور حادثات کا تحریری تذکرہ۔

کھولتی حال ہے دنیا میں خدا والوں کا
رمز درویشوں کا کرتی ہے یہ افشا تاریخ
(گفتار بیخود)

۵- حروف ابجد کے اعداد کے لحاظ سے کوئی بات یا واقعہ کسی حرف یا نظم یا نثر کے کسی جملے میں اس طرح بیان کرنا کہ اس کے مکتوبی حروف کے عدد جمع کرنے سے اس واقعے کا سنہ نکل آئے، اس قسم کے حروف یا جملے یا شعر کو مادہ تاریخ کہتے ہیں، حساب، جمل۔

سنگ در جن کا رہا سجدہ گہ اہل سخن
نہ ہوئی سنگ لحد کے لیے ممکن تاریخ
(دیوان انجم)

۶- (قانون) کسی مہینے کا وہ دن جو عدالت مقدمے کی پیشی کے واسطے مقرر کرے۔[۱۳]

(۱) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۲) کسی امر عظیم کے وقت کا تعین، زمانہ کا عرصہ (۳) شمسی یا قمری مہینے کا ہر ایک دن مع شب (۴) قانون۔ وہ دن جو عدالت مقدمہ کی پیشی کے لیے مقرر کرے، پیشی مقدمہ کا دن

اگرچہ تاریخ کے لغوی معنی وقت پیدا کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں ایک دن ایک رات کو تاریخ کہتے ہیں اور دن ہر چند عموماً آفتاب کے طلوع ہونے سے اور عالم شب اس کے غروب ہونے سے شمار ہوتی ہے مگر مختلف ملکوں میں رات اور دن یعنی تاریخ کا حساب مختلف اوقات سے شروع کیا جاتا ہے۔ مثلاً اہل توران ایک دن کی دوپہر سے دوسرے دن کی دوپہر تک ایک تاریخ یعنی

Marfat.com

شبانہ روز کا حساب لگاتے ہیں۔ اہل فرنگستان آدھی رات سے آدھی رات تک، اہل ہند ایک صبح سے دوسری صبح تک اور اہل عرب شام سے شام تک ایک تاریخ کی مقدار خیال کرتے ہیں۔
(۵) واقعات عظیمہ وسیر کی کتاب۔ وہ کتاب جس میں بادشاہوں کا حال مع سن پیدائش وجلوس اور وفات وغیرہ درج ہو۔ نظم الزماں (۶) اس فن کا نام جس میں واقعات عظیمہ کا حال مندرج ہو (۷) حساب جمل کے موافق، کسی بات کا جملے یا فقرے یا شعر میں بیان جس کے عدد نکالنے سے، وہ تاریخ نکل آئے (۷) تذکرہ بزرگان و نام آوراں وعلماء وفضلا وشعراوغیرہ (۸) قصص وافسانہ ہائے زبان زد عام، روایات (۹) جنگ نامہ، ساکھا۔[۱۴]

آیئے اب دیکھتے ہیں کہ مختلف مفکرین کے ہاں تاریخ کیا مفہوم رکھتی ہے اور کس طرح یہ سب لوگ ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ابوالتاریخ ہیروڈوٹس اس کے بارے میں یوں رقم طراز ہیں:

یہ صرف تاریخ ہی ہے جو انسان کو ایک ذی عقل کا رکن بیان کرتی ہے۔[۱۵]

ہنری پارینا کہتے ہیں:

تاریخ افراد کی معاشرتی زندگی کے کارناموں کی داستان کا نام ہے۔[۱۶]

کالنگ ووڈ کا خیال ہے:

جیسا میں خیال کرتا ہوں کہ ہر مورخ اس بات پر متفق ہوگا کہ تاریخ، تحقیق وتفتیش کا نام ہے اور یہ تحقیق کس قسم کی ہونی چاہیے، میں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہوں گا۔[۱۷]

برٹرینڈ رسل گویا ہیں:

تاریخ صرف اس بات کا جواب ہے کہ اس کائنات میں واقعات کیسے رونما ہوئے۔[۱۸]

کراموبل یوں سوچتے ہیں:

تاریخ میں ہم کو خدا کا جلوہ نظر آتا ہے۔[۱۹]

جی ہوزنگ کے خیال میں:

تاریخ ایک ایسا آئینہ ہے جس میں سے ماضی کی تہذیب کا عکس نظر آتا ہے۔[۲۰]

کینتھ برک نے تاریخ کے بارے میں یوں سوچا:

تاریخ سے مراد انسان کے ماضی کی معاشرتی وسیاسی سرگرمیوں کی کہانی ہے۔[۲۱]

سروالٹیر ریلے کا خیال ہے:

تاریخ کی غرض وغایت یہ ہے کہ ہمیں مثالوں کے ذریعے ماضی کے دور سے ایسی عقل و دانش سکھائے جو ہماری خواہشات واعمال کی رہنما بن سکے۔[۲۲]

Marfat.com

برک ہارٹ نے تاریخ کے بارے میں سمجھا کہ:

جو کچھ ایک دور کے متعلق دوسرے دور کے نزدیک لکھ رکھنے کے قابل ہے۔[۲۳]

بنی ڈیٹو کروچے کہتے ہیں کہ:

پوری تاریخ اصل میں معاصرانہ تاریخ ہے۔[۲۴]

ٹریولین یہ جانتے ہیں کہ:

ماضی کا سب سے بڑا سبق اور تاریخ کا اعلیٰ ترین موضوع انسان کا ارتقا نہیں، بلکہ وہ ہے جو کچھ اس نے حاصل کیا۔[۲۵]

لیوی نے تاریخ کے بارے میں کہا کہ:

مطالعہ تاریخ بیمار ذہنوں اور قوموں کے لیے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔[۲۶]

ٹیسی ٹس کے افکار کے مطابق:

تاریخ کا علم اس لیے ضروری ہے کہ یہ اخلاق و کردار کی تعمیر کرتا ہے اور ماضی کی حقانیت کا ذریعہ ہے۔[۲۷]

لارڈ میکالے کے خیال میں:

تاریخ بیان کا ایک فن ہے۔ اس سے انسانی تاثرات میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ تصور کے سامنے تصویریں آتی ہیں۔ لیکن ضروری ہے کہ مختلف واقعات کو ہنرمندانہ طریق پر انتخاب کیا جائے اور انھیں مناسب ترتیب سے پھیلا دیا جائے اور اپنے دماغ سے کچھ ایجاد و اختراع نہ کی جائے۔[۲۸]

مارٹن لوتھر نے خیال ظاہر کیا کہ:

تاریخ ایک آئینہ ہے جس میں ہمیں اپنا چہرہ نظر آتا ہے۔[۲۹]

گوئٹے کے افکار کے مطابق:

تاریخ میں معلمین، شعرا، فن کاروں اور خطیبوں کی وجہ سے زندگی کی لہر دوڑتی ہے۔ باقی تاریخ سوائے حماقتوں کے اور کچھ نہیں۔[۳۰]

تاریخ کے معنی و مفہوم کے ضمن میں مندرجہ بالا مختلف تعریفوں کے تناظر میں ہم دیکھتے ہیں کہ یہ تعریفیں، تاریخ کی یک رخی عکاسی کی غماز ہیں۔ ان میں جامعیت کی تعبیر اپنے فکری قرینوں سے لو نہیں دیتی۔ اس طرح تاریخ کہیں دھندلکوں میں گم ہو کر رہ جاتی ہے اور جاوداں زندگی کے استعاراتی اور علامتی رویوں کا اظہاریہ نہیں بنتی۔

Marfat.com

(۳)

اسلامی علم تاریخ میں مختلف فلاسفہ کے ہاں متعدد اصطلاحات (Terminologies) کے زیر اثر بے شمار مغالطے جنم لیتے رہے ہیں۔ جب ایک ہی طرح کے الفاظ و اصطلاحات کو ایک دوسرے کے مرادف اور مترادف ٹھہرایا جاتا ہے تو اس سے معنی کا اختلاف پیدا ہو جانا کچھ زیادہ تعجب انگیز نہیں ہوتا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مسلمان مورخین اور فلاسفہ کے ہاں طبقات، خبر، سوانح، قصص، وقت، دہر، عصر اور کئی دوسرے لفظ اور اصطلاحیں تاریخ کے مرادف قرار دی جاتی رہی ہیں جو معنوی اعتبار سے کسی طرح بھی درست نہیں۔ تاریخ کے معنی و مفہوم میں ہم دیکھ آئے ہیں کہ تاریخ بذاتہ کیا ہے اور اس کے امکانات کی جلوہ گری کا پھیلاؤ کیا مفہوم رکھتا ہے؟

اسلامی تاریخ میں علم کائنات کے حوالے سے جو اہمیت تاریخ کو حاصل ہے وہ طبقے، خبر، سوانح، قصے، کہانی، افسانے وغیرہ کو قطعاً حاصل نہیں۔ یہ اصطلاحات علم کے کسی ایک رویے یا زندگی کے کسی ایک گوشے کی نمایندگی تو کرتی ہیں مگر زندگی کی مجموعی جامعیت کا احاطہ نہیں کرسکتیں۔ ضروری ہوگا کہ ان الفاظ و اصطلاحات کے معنوں کا تعین کر دیا جائے تاکہ معلوم ہو سکے کہ یہ الفاظ، اصطلاحات یا تراکیب، کہاں تک ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت رکھتی ہیں اور کہاں ان میں تغیر و تبدل آغاز ہوتا ہے۔ کسی بھی زبان کا کوئی بھی لفظ یا اصطلاح مکمل طور پر کسی دوسری زبان کے لفظ یا اصطلاح کے ہم معنی اور مترادف نہیں ہو سکتے اور انھیں ہونا بھی نہیں چاہیے کہ لفظ یا اصطلاح کی معنوی سچائی اس تہذیب کے باطن سے جنم لیتی ہے اور پھر اپنے معنوی ابعاد کا تعین کرتی ہے، جو اس تہذیب یا زبان سے ہی ہم آہنگ ہوتی ہیں کسی دوسری تہذیب یا زبان سے نہیں۔ یہ الجھاؤ جب تک صاف نہ ہو جائے یہ رویے اپنے مجموعی فکری اور معنوی تناظر میں ہمارے سامنے نہیں آسکیں گے۔ دیکھتے ہیں تاریخ کے قریب قریب مفاہیم کے حوالے سے کون کون سی اصطلاحیں کن معانی و مطالب کی حامل ہیں:

اخبار: (عربی) اسم مذکر، خبر کی جمع، خبریں، خبر کا کاغذ، پرچہ، سندیس، پتر، ملک کا روزنامچہ[۳۱]

☆ خبر کی جمع، احادیث، تواریخ، خبریں، حالات، اخبار کا پرچہ، ایک تاریخ کا اخبار[۳۲]

☆ خبر کی جمع، بہت سی خبریں، روزانہ یا ہفتہ وار سیاسی یا مختلف خبروں کا چھپا ہوا پرچہ[۳۳]

☆ خبریں، حدیثیں[۳۴]

''افسانہ: (فارسی) اسم مذکر، حکایت بے اصل، قصہ، کہانی، من گھڑت کہانی، گھڑا ہوا قصہ، جھوٹی

Marfat.com

بات، سرگزشت، حال، ماجرا، ذکر[۳۵]

☆ داستان، قصہ، کہانی، سرگزشت، حال، روداد، مشہور، بے اصل بات، طول طویل بات، چرچا، ذکر، مذکور[۳۶]

☆ داستان، قصہ، کہانی، سرگزشت، روداد، حال، مشہور، زبان زد، خلاف واقعہ اور بے اصل بات، طول طویل گفتگو، لمبی چوڑی بات، ذکر چرچا، شہرت[۳۷]

تذکرہ: (عربی) اسم مذکر، ذکر، مذکور، یاد، یادداشت، بیان، یادگار، چرچا، افواہ، تاریخ واقعات، سرگزشت، سوانح عمری[۳۸]

☆ یاد کرنا، یادداشت، بیان، یادگار، چرچا، افواہ، واقعات کی تاریخ، سرگزشت، سوانح عمری[۳۹]

☆ ذکر کرنا، بیان کرنا، سوانح عمری، وہ کتاب جس میں شعرا کا حال لکھا جائے۔[۴۰]

تمثیل: (عربی) اسم مونث، مثال، تشبیہ، نظیر، مشابہت، اویما، درشٹانت[۴۱]

☆ مثال، تشبیہ، نظیر، مشابہت[۴۲]

☆ مثال، تشبیہ، نظیر[۴۳]

☆ مثال، مجازی قصہ[۴۴]

حکایت: (ع) اسم مونث، کہانی، قصہ، داستان، بات، حدیث[۴۵]

☆ (لکھنو میں مذکر، دہلی میں مونث) کہانی، قصہ، داستان، بات[۴۶]

☆ کہانی، قصہ، داستان، بات، چھوٹا سا نصیحت آمیز یا مزاحیہ قصہ[۴۷]

☆ کہانی، افسانہ[۴۸]

خرافات: (عربی) اسم مونث (جمع خرافت) بے ہودہ باتیں، یاوہ گوئی، ہرزہ سرائی، ہزل، ہنسی کی باتیں، گالی گلوچ[۴۹]

☆ (خرافتہ کی جمع ہے) بے ہودہ باتیں، یاوہ گوئی[۵۰]

☆ کلام بے ہودہ[۵۱]

☆ توہمات[۵۲]

خودنوشت: خود لکھا ہوا، Self Written[۵۳]

داستان: (فارسی) اسم مونث، قصہ، کہانی، حکایت، روایت، ذکر، نقل
طویل قصہ، سرگزشت[۵۴]

☆ قصہ، کہانی، طویل قصہ، سرگزشت[۵۵]

☆ قصہ، کہانی، لمبا چوڑا قصہ، سرگزشت[۵۶]

Marfat.com

☆ قصہ، کہانی [۵۷]

روداد: (فارسی) اسم مونث، کیفیت، حالت، حقیقت، حال احوال، عدالت کی کارروائی، مسل، روبکار [۵۸]

☆ کیفیت، حال، حقیقت [۵۹]

☆ ماجرا، احوال، کیفیت، سرگزشت، عدالت کی کارروائی (یہ مفہوم صرف اُردو میں رائج ہے) [۶۰]

☆ سرگزشت، واقعہ [۶۱]

روزنامچہ: (فارسی) اسم مذکر

سیاہا، اوارجہ، ہر روز کا حساب کتاب لکھنے کی بیاض، وہ بہی جس میں روز روز کا حساب کتاب یا حال احوال لکھا جائے، روزانہ رپورٹ، روزانہ اطلاع، چٹھا، کھاتہ، کچا چٹھا [۶۲]

☆ وہ کاغذ جس میں ہر روز کا حال یا ہر روز کا حساب لکھا جائے، وہ کاغذ جس میں پٹواری ہر روز کام لکھتا ہے، پولیس کی روزانہ کارروائی اور تحقیقات کی رپورٹ [۶۳]

☆ سیاہہ، وہ کاغذ جس میں ہر روز کا حال یا ہر روز کا حساب لکھا جائے، روزمرہ کی کارگزاری کی ڈائری، پولیس کی روزانہ کارروائی اور تحقیقات کی رپورٹ، وہ کاغذ جس میں پٹواری ہر روز کا کام لکھتا ہے۔ [۶۴]

☆ ڈائری، نامچہ [۶۵]

سرگزشت: (فارسی) اسم مونث: ماجرا، بپتی، واقعہ، واردات، کیفیت، ذکر، حال، احوال، حکایت، داستان، روایت، قصہ، کہانی، سوانح عمری، تذکرہ، برتانت

(اگرچہ لفظ سرگزشت زائے ہوز سے لکھنا چاہیے، مگر چوں کہ تمام لغات والے ذال شخذ سے لکھتے ہیں۔ [۶۶]

☆ واقعہ، ماجرا، احوال [۶۷]

☆ گزرا ہوا حال، واقعہ، حکایت، داستان [۶۸]

☆ مہم، حادثہ، واقعہ، داستان، روایت [۶۹]

سمرن: (ہندی) اسم مونث: ورد، وظیفہ، یاد کرنا، یادِ خدا، جپنی، رٹ، جپنا [۷۰]

☆ ورد، وظیفہ، یاد، مالا، ایک قسم کا بازو کا زیور [۷۱]

☆ (اُردو) ورد، وظیفہ، یاد، یاد کرنا، تسبیح کے دانے، ایک خاص قسم کا سونے کا زیور [۷۲]

☆ (فارسی میں سمر) کہانی، تکیہ کلام، زبان زد [۷۳]

سوانح: (عربی) اسم مذکر: (سانحہ کی جمع) روئیداد، احوالات، ماجرے، واقعات، حادثات، حوادث، متوحش روئیداد، ظہور مقدمات، ناپسندیدہ و متوحش [۷۴]

☆ (لکھنو میں مذکر، دہلی میں مونث) روئیداد، واقعات، حادثات [۷۵]

Marfat.com

☆ روداد، واقعات، حادثات [۷۶]

☆ سانحے، واقعات [۷۷]

سوانح عمری: (اُردو) اسم مذکر: سرگزشت، کسی شخص کی زندگی کا حال، تذکرہ، کسی عالم، خواہ فاضل، خواہ بڑے بڑے کام کرنے والے یا بہادر یا عالم کے وہ واقعات جو اس کی عمر میں گزرے ہوں، لائف [۷۸]

☆ (تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے)

سرگزشت، کسی شخص کی زندگی کا حال [۷۹]

☆ (عربی الفاظ جب کہ فارسی ترکیب) سرگزشت، کسی کی پوری زندگی کے حالات و واقعات [۸۰]

طبقات: (عربی) اسم مذکر (طبقہ کی جمع) درجہ، منزل، کھنڈ، تہ، پرت، لوک، پردہ، آدمیوں کا گروہ، پایہ، رتبہ، مرتبہ [۸۱]

☆ درجہ، منزل، تختہ، آدمیوں کا گروہ [۸۲]

☆ طبقے، درجے، تہیں، منزلیں [۸۳]

قصص: (عربی) قصہ کی جمع [۸۴]

☆ قصے، کہانیاں، قصے کی جمع [۸۵]

☆ قصے کی جمع، قصے [۸۶]

☆ (اسم مصدر و مصدر) قصہ، بیان، قصہ بیان کرنا، [۸۷]

☆ (مصدر و اسم) قصہ و سرگزشت [۸۸]

قصہ: (عربی) اسم مذکر: (جمع قصص) کہانی، حکایت، داستان، افسانہ، نقل، بیان، ذکر، تذکرہ، لڑائی، جھگڑا، قضیہ، ٹنٹا، بکھیڑا، جھنجھٹ، بے سود اور غیر مفید کہانی، زٹل، بیچ، غوز، گھڑت [۸۹]

☆ حال، خبر، کار، سخن، کہانی، حکایت، بیان، تذکرہ، بے سود کہانی لڑائی، جھگڑا، حجت، تکرار، درشک [۹۰]

☆ حالت، حال، واقعہ، وقوعہ، کسی کا ذکر، انجام، کہانی، بے سود کہانی، فرضی واقعہ، بات، جھگڑا، بحث تکرار [۹۱]

☆ داستان، کہانی [۹۲]

کتھا: (ہندی) اسم مونث: بیان، مقولہ، برنن، بات، قصہ، کہانی، حکایت، افسانہ، تذکرہ، برتانت، روایت، ذکر، اقتباس، وعظ، پند مذہبی، درس، مذہبی ذکر و اذکار [۹۳]

☆ ہندوؤں کے مذہبی پیشواؤں کے حالات جو برہمن بیان کرتے ہیں، قصہ، کہانی، طول طویل بیان [۹۴]

☆ ہندوؤں کے مذہبی پیشواؤں کے حالات جو برہمن بیان کرتے ہیں (سنسکرت) قصہ

Marfat.com

کہانی، طولانی بیان، لمبی حکایت یا افسانہ، طویل قصہ (اُردو) [۹۵]

کہانی: (ہندی) اسم مونث: حکایت، قصہ، داستان، کتھا، سمر، افسانہ، تذکرہ، ذکر، بیان، برنن، حال احوال، سرگزشت، بیتی، گزری ہوئی۔ [۹۶]

☆ قصہ، داستاں، فضول اور لغویات [۹۷]

☆ (اُردو) قصہ، داستان، واقعہ، حکایت، افسانہ، کتھا، تذکرہ، کوئی ایسا واقعہ یا قصہ جس کی سند تاریخ یا حدیث کے ذریعہ پایہ تحقیق کو نہ پہنچی ہو اور عام رواج ہو گیا ہو۔ [۹۸]

نسب نامہ: (فارسی) اسم مذکر: شجرہ خاندان، کرسی نامہ، سلسلہ خاندان، [۹۹]

☆ شجرہ خاندان، کرسی نامہ [۱۰۰]

☆ شجرہ خاندان، سلسلہ خاندانی، وہ تحریر جس میں خاندان کا سلسلہ، سلسلہ وار درج ہو۔ [۱۰۱]

☆ شجرہ نسب [۱۰۲]

یادداشت: (فارسی) اسم مونث: یاد رکھنے کا نشان، یاد، روزنامچہ، وہ بیاض جس میں یاد رہنے کو کچھ لکھ لیں، نوٹ بک، حافظہ۔ [۱۰۳]

☆ یاد رکھنے کا نشان، یاد، روزنامچہ، نوٹ بک، لکھی ہوئی باتیں، نوٹ، حافظہ۔ [۱۰۴]

☆ حافظہ، روزنامچہ، ڈائری، نوٹ بک۔ [۱۰۵]

☆ نوٹ، آپ بیتی۔ [۱۰۶]

The English word history, as well as the French his-toire and the Italian storia, stems from the Greek historia, which was used first to refer to general inquiry into things and only later to refer to history as it is now understood Germans speak of Geschichte(from geschehen"fact" and"history:); Hindus use terms such as itihasa(tradition; lit. "verily thus it happened") and purana( ancient lore) and Arabs alternate tar'ikh(derived from the word for dating events),khabar("report"), and ibar( derived from the verb meaning" to pass on, through, over, or beyond"). Because the meanings of these terms are bound to cultures and periods, etymological analysis dose not provide a ready explanation for the universality of the writing of history.107

## (۴)

کائنات کی آفرینش لفظ کن سے آغاز ہوئی اور کن علم الٰہی اور ارادۂ الٰہی کی ایک معنوی اور جمالیاتی تصویر ہے۔ اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے لیکن اس نے نظام کائنات کی تشکیل، ترویج اور تسلسل کے ضمن میں اپنے لیے اصول وضوابط مرتب کیے ہیں اور وہ ان میں کوئی کمی بیشی نہیں کرتا، جو سلسلہ

Marfat.com

اس کے علم و ارادے میں موجود ہے، وہ انھیں اصولوں اور ضابطوں کے مطابق ہے جو سلسلۂ کائنات کے تسلسل اور سلسلہ ہائے روز و شب کے تغیر و تبدل کو روبہ عمل رکھتا ہے۔ کائنات کے جملہ موجودات میں انسان اس کا شاہکار ہے۔ اس نے اسے اپنا نائب اور خلیفہ قرار دیا ہے اور اس تخلیق کو آزاد اور مکمل صورت میں تخلیق کیا ہے۔ انسان اپنے اعمال، افعال اور رویوں میں چوں کہ خود مختار ہے لہٰذا عالم کائنات میں تاریخ، اس کا تصور اور اس کی فلاسفی انسانی زندگی کی معنوی صورتوں کا آزاد، فکری اور معنوی تناظر پیش کرتی ہے۔ تاریخ مشیت الٰہیہ کی جبریت کا نام نہیں، یہ انسان کی آزادئ افکار کے راستے میں حائل نہیں ہوتی اور کائنات میں اپنے معاملات کو انسان پر ٹھونستی نہیں ہے بلکہ انسان کو صراط مستقیم کا درس دیتی ہے اور اس کے بعد کسی معاملے اور رویے میں دخل انداز نہیں ہوتی۔ انسان کا اپنا انتخاب ہے یا پھر اس کا فکری نظام ہے کہ وہ چاہے تو صراط مستقیم اختیار کرے اور چاہے تو کسی اور سمت میں نکل جائے۔ یہی رویہ تاریخ کے ساتھ ہے کہ فطرت تاریخ کے نظام کو اس کے آزادانہ فطری دائرے میں رواں دواں رکھتی ہے۔ وہ اس پر کسی نوعیت کی کوئی قدغن یا پابندی عاید نہیں کرتی، کیوں کہ کسی نوعیت کی پابندی سے تاریخ کا نظم رک سکتا ہے یا اس پر جمود طاری ہوسکتا ہے یا وہ صراط مستقیم پر سفر آشنا نہیں رہ پائے گا۔ دراصل تاریخ کے لیے صراط مستقیم ہی وہ مدار ہے جس پر اس کی گردش کو رواں دواں رکھا جاسکتا ہے۔ فطرت الٰہیہ تاریخ ہو یا انسانی زندگی، اس کے مجموعی رویوں کی نگہداشت کرتی ہے لیکن کسی بھی معاملے میں اس کی آزادی کو متاثر نہیں کرتی۔ لہٰذا کائنات میں کسی طرح کا بھی تاریخی انقلاب وقوع پذیر ہو یا قوموں کا عروج و زوال، فرد کا عروج و زوال ہو یا فرد سے اجتماعیت تک کا سفر، فرد کا تاریخی اور معنوی تناظر ہو یا کسی قوم کی اجتماعیت کا تاریخی ضابطہ یا رویہ، کائنات کے نظام کا سلسلہ ہو یا کسی تہذیب میں تاریخی عمل کی رونمائی اور جلوہ گری کا کوئی مظاہرہ، فطرت اسے صراط مستقیم پر گامزن رکھنے، رہنے یا اس سے ہٹ جانے کے حوالے سے کسی نوعیت کی کوئی پابندی عاید نہیں کرتی، نہ ہی اس سے ملتا جلتا کوئی ضابطہ استوار کرتی ہے۔ وہ اپنے بنائے ہوئے ضابطوں اور اصولوں کی پابند ہے لہٰذا اس میں کسی نوعیت کی تبدیلی نہیں کرتی۔ بقول محمد مظہر الدین صدیقی:

> اب سوال یہ ہے کہ قرآن اور اسلام انسان کی اجتماعی فطرت کے بارے میں کیا نظریہ قائم کرتا ہے، اگر یہ نظریہ صحیح ہے تو واقعات تاریخ کی قرآنی توجیہ بھی صحیح ہوگی ورنہ نہیں۔ کیوں کہ تاریخ انسان کی فطرت اجتماعی کا آئینہ ہے اور اس کے تمام واقعات و انقلابات اسی فطرت کے تحت

Marfat.com

سے پھوٹتے اور بڑھتے ہیں۔اس ضمن میں قرآن کا پہلا دعویٰ یہ ہے کہ فطرت انسانی فطرت الٰہی پر مبنی اور غیر متغیر ہے۔یعنی تغیرِ حالات اور ترقیِ تمدن کے باوجود اس میں کبھی تبدیلی نہیں ہوتی ہے۔فطرۃ اللّٰہ التی فطر الناس علیھالا تبدیل لخلق اللّٰہ۔اس سے دو باتیں مستنبط ہوتی ہیں: ایک یہ کہ چوں کہ انسانی فطرت فطرت الٰہی کا عکس و پرتو ہے اس لیے اس میں لامحدودیت اور علو کی جانب ایک قوی میلان پایا جاتا ہے۔یعنی انسان جس چیز کی طلب و آرزو کرتا ہے اس کی کوئی آخری حد نہیں ہوتی کہ جہاں اس کا قدم آ کر ٹھہر جائے:

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یا رب
ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقش پا پایا

مال و دولت کی ہوس ہو، اقتدار و طاقت کی خواہش ہو، خدمت خلق کا جذبہ ہو، فضیلت علمی کا ولولہ ہو یا فضیلت روحانی کی امنگ، غرض کہ کوئی بھی مادی یا غیر مادی نصب العین ہو، اس کا نشان منزل اور حد سفر غیر متعین ہے۔انسانی خواہشات اور آرزوؤں کی لامحدودیت، فطرت بشری کو فطرت الٰہی سے ہمکنار کرتی ہے۔دوسری بات یہ ہے کہ زندگی کی ساری تعمیر و تخریب، تمام ترقی و پستی، صلاح و فساد اور خیر و شر کی آویزش چوں کہ اسی علوی فطرت اور لامحدودیت کا نتیجہ ہے۔ اس لیے دنیا میں باہمی تصادم اور اجتماعی کشاکش کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا اور انسانیت پر ایسا کوئی دور نہیں آئے گا جب ساری نوع بشر ایک مشترکہ مرکز پر جمع ہو جائے کیوں کہ اگر تمام دنیا کبھی ایک نصب العین، ایک مقصد، ایک تخیل یا ایک مشترکہ عقیدہ کو مان لے تو انسانی ترقی کی رفتار سست پڑ جائے بلکہ ارتقائے ہستی بالکل معدوم ہو جائے۔[۱۰۸]

انقلابات عالم، ماضی کے تمام تر واقعات، حال میں انسانی زندگی اور مستقبل کی طرف اس کا سفر، انسان کے بہ حیثیت فرد یا کسی بھی تہذیب کے بہ طور اجتماع اپنے اعمال و افعال کا نتیجہ ہوتے ہیں۔اس میں فطرت کا کسی سطح پر بھی اور کسی حوالے سے بھی کوئی مداخلت کا پہلو دکھائی نہیں دیتا۔ہبوطِ آدم سے آج تک تمام واقعات انسانی ضابطۂ اخلاق یا انسان کے معاشرتی رویوں یا اس کے تہذیبی و فکری نظام یا اس کے مذہبی پہلوؤں کے زیر اثر رواں دواں رہے ہیں۔ انسان یا تہذیب کا ماضی، اس کا حال اور مستقبل یا پھر کسی بھی زمانے کے تمام تر امکانات، اس کے اپنے افعال، کردار اور اعمال سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

اسلام میں تاریخ صرف اسی صورت میں قرآنی رویوں کے مطابق ہمارے سامنے آ سکتی ہے جب ہم اسے اس کے مجموعی فکری اور معنوی تناظر میں دیکھنے کا آغاز کریں۔ ڈاکٹر محمد رفیع الدین اس حوالے سے یوں گویا ہیں:

Marfat.com

عقیدہ توحید کی ساری دلکشی کا دارومدار اس حقیقت پر ہے کہ خدا نہ صرف انسان کی آرزوئے حسن کا واحد مقصود اور مطلوب ہے بلکہ خدا کی صفات کا حسن مظاہر قدرت میں آشکار ہے اور ہم مظاہر قدرت میں اس حسن کا مشاہدہ کر کے خدا کو جان سکتے ہیں اور خدا کے ساتھ اپنی محبت کو فروغ دے سکتے ہیں۔ لہٰذا اگر ہم مظاہر قدرت کے مشاہدے سے حاصل ہونے والے علم سے، جسے آج کل سائنسی حقائق کا نام دیا جاتا ہے، خدا کے عقیدہ کو الگ کر لیں تو خدا کے عقیدہ کی جاذبیت اور دلکشی باقی نہیں رہتی اور وہ تسخیر قلوب کے ذریعہ کے طور پر پوری طرح سے موثر نہیں رہتا اور اس کی نشر و اشاعت جلد کامیاب نہیں ہوتی۔ یہی سبب ہے کہ قرآن حکیم نے خدا کے عقیدہ کو مظاہر قدرت کے مشاہدہ اور مطالعہ کے ذریعہ سے سمجھنے پر زور دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ عقیدہ توحید کی نشر و اشاعت کے ضمن میں اقبال ہمیں بتاتا ہے کہ اگر عقیدہ توحید (عشق) کو سائنس (زیرکی) کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو پھر اس کی کشش دنیا کے اندر ایک انقلاب پیدا کر دیتی ہے اور ہمیں مشورہ دیتا ہے کہ اٹھیں اور عقیدہ توحید اور سائنس کو آپس میں ملا کر اسلام کے حق میں ایک عالمگیر ذہنی انقلاب پیدا کریں۔[109]

قرآنی تعلیمات کے مطابق تاریخ محض مادی اسباب وعوامل کا نام نہیں ہے اور نہ ہی تاریخ کا تصور مادی رویوں سے تشکیل پاتا ہے بلکہ مادی رویوں کے ساتھ ساتھ اس میں روحانی نظام اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ جلوہ گر رہتا ہے۔ فطرت الہیہ کے مطابق مادی رویے جب روحانی نظام کے تابع ہوں تو زندگی کی صحیح ترین تعبیر ہاتھ آتی ہے۔ بصورت دیگر مادی نظام کی کارفرمائی سے فطرت کا حقیقی اور اصلی مدعا متاثر ہوتا ہے اور زندگی تاریخ کے اس مدار سے ہم آہنگ نہیں رہتی بلکہ بھٹک کر اپنے راستے سے ہٹ جاتی ہے۔ باطنی یا روحانی رویوں کی جامعیت اور مادی یا جسمانی رویوں پر ان کی حکمرانی کا نقشہ علامہ اقبال کے ہاں بڑی جامع صورت میں دکھائی دیتا ہے۔ ان کی ایک غزل کے چند شعر دیکھیے کہ جن میں انھوں نے ''تن'' اور ''من'' کی اصطلاحوں میں انسانی زندگی کے حقائق سے پردہ ہٹایا ہے۔ یہ حقائق اسلامی تصور حقیقت کی روشنی میں سمٹ کر روح وجسم کی یک جائی سے عبارت ہوتے ہیں لیکن جب اپنی فکری ابعاد میں پھیل جائیں تو پھر ان اصطلاحات کی معنویت، کائنات کے منظرنامے میں انسان کی فکری جہت کی معنوی تعبیر کو تاریخ کے پس منظر میں اجاگر کرتے ہیں۔ شعر ملاحظہ ہوں:

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا، نہ بن، اپنا تو بن

Marfat.com

من کی دنیا؟ من کی دنیا، سوز و مستی، جذب و شوق
تن کی دنیا؟ تن کی دنیا، سود و سودا، فکر و فن
من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو پھر جاتی نہیں
تن کی دولت چھاؤں ہے، آتا ہے دھن، جاتا ہے دھن[۱۱]

جب روحانی نظام پر مادی اسباب وعوامل غالب آ جائیں تو اس کا مطلب ہے کہ تاریخ ہو یا فرد، وہ اس راستے سے جسے قرآن نے صراط مستقیم کا نام دیا ہے، ہٹ گیا ہے۔ فرد ہو یا قوم، پوری تہذیب ہو یا نظام کائنات وہ ایک روحانی نظام یا نظام فکر وعمل کے روحانی تجربے کی گرفت کے اندر رہتا ہے۔ روحانی تجربے کی یہی گرفت زندگی ہے اور اس سے دوری مادیت میں گھر جانے اور بقول علامہ اقبال دل کی موت واقع ہو جانے سے عبارت ہے۔ ان کی نظم ''لینن: خدا کے حضور میں'' میں سے چند شعر:

یورپ میں بہت روشنیٔ علم و ہنر ہے
حق یہ ہے کہ بے چشمۂ حیواں ہے یہ ظلمات!
رعنائیٔ تعمیر میں، رونق میں، صفا میں
گرجوں سے کہیں بڑھ کے ہیں بنکوں کی عمارات!
ظاہر میں تجارت ہے، حقیقت میں جوا ہے
سود ایک کا لاکھوں کے لیے مرگ مفاجات!
یہ علم، یہ حکمت، یہ تدبر، یہ حکومت!
پیتے ہیں لہو، دیتے ہیں تعلیم مساوات!
بیکاری و عریانی و مے خواری و افلاس
کیا کم ہیں فرنگی مدنیت کے فتوحات؟
وہ قوم کہ فیضان سماوی سے ہو محروم
حد اس کے کمالات کی ہے برق و بخارات!
ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت!
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات!
آثار تو کچھ کچھ نظر آتے ہیں کہ آخر

Marfat.com

تدبیر کو تقدیر کے شاطر نے کیا مات
میخانے کی بنیاد میں آیا ہے تزلزل
بیٹھے ہیں اسی فکر میں پیران خرابات
چہروں پہ جو سرخی نظر آتی ہے سر شام
یا غازہ ہے یا ساغر و مینا کی کرامات
تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں
ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات
کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ؟
دنیا ہے تری منتظر روز مکافات![۱۱]

جب یہ سب کچھ وقوع پذیر ہو جائے تو فطرت کی وہ تمام تر توانائی اور حرکت جو ہمیں اس نظام کائنات میں دکھائی دیتی ہے، وہ تاریخی دھارے پر، تاریخی تصورات پر، تاریخ کے فلسفے پر اور تاریخی عمل یعنی نظام پر اس طرح اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ نظام جمود کا شکار ہو کر رہ جاتا ہے اور انسان یا تہذیب اپنے بنیادی راستے سے ہٹ جاتی ہے۔

فطرت اس کی نگہبانی کرتی ہے اور اس کے معاملات فکر و عمل سے بے خبر نہیں رہتی، جیسا کہ قرآن و حدیث کی تعلیمات ہمیں بتاتی ہیں کہ جب کوئی آدمی اچھا عمل کرتا ہے یا کوئی قوم اچھائی کی طرف جاتی ہے تو اسے اس عمل پر جزا ضرور ملتی ہے یعنی مکافات عمل کا ایک نظام رو بہ عمل ہوتا ہے۔ یہی جزا اور سزا کا فلسفہ تاریخ کے تصورات کے ساتھ بھی جڑا ہوا ہے۔ یہ تصورات ایک فرد کی زندگی پر بھی اسی طرح اثر انداز ہوتے ہیں، جس طرح سے ایک قوم اور ایک قوم کے پورے فکری ماحول پر۔

ایک فرد کی شناخت ایک فرد کی حیثیت سے تو ہے ہی مگر وہ ایک قوم کا نمائندہ بھی ہے جہاں اس کی انفرادی حیثیت، قومی حیثیت میں ضم ہو جاتی ہے اور وہ محض فرد نہیں رہتا بلکہ کل ہو جاتا ہے۔ فرد سے کل تک کا معنوی سفر ہی انسان کا وہ فکری اثاثہ ہے جس کی تشکیل کے لیے اس کی تخلیق عمل میں آئی ہے۔

علامہ محمد اقبال نے اپنے تصور خودی میں فرد کی انفرادیت یا انفرادی اور اجتماعی حیثیت پر بحث کی ہے۔ ایک فرد اپنی انفرادی زندگی میں ابوبکر صدیقؓ ہے، عمر فاروقؓ ہے، عثمان غنیؓ ہے اور

Marfat.com

علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہے، لیکن دوسری طرف اجتماعی زندگی میں اپنے انفرادی حوالے سے کچھ نہیں ہے بلکہ ایک قوم کا نمایندہ ہے، جس قوم میں کالے، گورے، امیر، غریب، بڑے، چھوٹے، خلیفہ اور غلام کی کوئی تمیز نہیں ہے۔ اگر یہ رویہ کسی فرد میں، کسی قوم میں یا کسی تہذیب میں موجود ہے تو قرآنی رویوں کے مطابق وہ فرد، معاشرہ، قوم یا تہذیب، تمام افراد، معاشروں، قوموں اور تہذیبوں میں دینی اور دنیاوی حوالے سے سرفراز ہے۔ قرآنی تعلیمات میں اسی لیے امت مسلمہ کو خیر الامت کہا گیا کہ وہ بنی نوع انسان کے لیے بھلائی اور نیکی کا درس دینے والی، اس درس پر عمل پیرا ہونے والی، برائی سے روکنے والی اور اس کے خلاف سینہ سپر ہونے والی ہے۔ کوئی بھی فرد، معاشرہ، قوم، تہذیب یا پھر مذہب عالم انسانیت کے لیے جس قدر مفید اور بھلائی کا علم بردار ہے اسی قدر وہ منفرد اور دائمی قدروں کا آئینہ دار بھی ہے۔ چوں کہ نبی کریمؐ کی بعثت کے بعد دنیا کا واحد اور آخری مذہب اسلام ہے، جس کی اپیل اور گفتگو انسان کے ساتھ براہ راست ہے لہٰذا اسی کو خیر الامت کہا گیا کہ تمام زمانوں اور ان میں وقوع پذیر ہونے والے ہر قسم کے احوال و آثار میں ہر فرد، طبقے، معاشرے، قوم اور تہذیب کے لیے نمونۂ کامل ہے۔ اس کی تاریخ بھی اسی تناظر میں، انھیں رویوں کے ساتھ وقوع پذیر رہتی ہے۔ جہاں جہاں انسانیت اور عالم انسانیت میں اس کا عمل دخل جاری رہتا ہے، وہاں وہاں ان افراد کے مختلف فیہ طبقوں، معاشرں، قوموں اور تہذیبوں کے تصور تاریخ کو اسی جادۂ مستقیم پر گامزن رکھنے کی بصیرت اور بصارت عطا کرتی ہے۔

(۵)

اسلام نے تاریخ، اس کے تصورات اور قوانین کی جس قدر جامع تصریحات کی ہیں، دنیا کی کسی بھی تہذیب، ملت اور پھر الہامی کتاب میں ایسی جامع توضیحات نہیں آئیں۔ اسلام نے جس فکری اعتبار اور معنوی حوالے سے تاریخ کے تصور کو سمجھا اور سمجھایا ہے، اس سے قبل انسانی زندگی اور کائنات کے مختلف زمانوں میں اس کی تعبیر پیش نہیں ہوئی۔ لیکن جب وہ سرچشمۂ علم و ہدایت، تاریخ کے توسط سے انسانی زندگی میں رونما ہوتا ہے تو پھر اس کی رعنائی، فکر و خیال کو متاثر کیے بنا نہیں رہتی۔ اسلام سے قبل کبھی ایسا نہیں ہوا۔ چوں کہ سابق اور موجود تہذیبوں نے تاریخ کے بنیادی تصور کو سمجھنے میں غلطی کی ہے لہٰذا وہ اس سرچشمۂ ہدایت کی فکری تعبیر پانے میں ناکام رہی ہیں۔ اس کی مثال یوں دی جاسکتی ہے کہ نبی کریمؐ سے قبل اور آدمؑ کے ہبوط اور

Marfat.com

بحیثیت پیغمبر خدا مبعوث ہونے کے بعد سارے دورانیے میں کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث ہوئے لیکن سوائے ان پیغمبروں کے کہ جن کا ذکر قرآن مجید اور احادیث مبارکہ میں آیا ہے، ہم ان بزرگ ہستیوں کے ناموں تک سے آگاہ نہیں، چہ جائے کہ ان کے کاموں، کارناموں اور انسانیت کے لیے خدمات سے کوئی آگاہی میسر آسکے۔ اس کے برعکس جب ہم اسلام کے ظہور سے لے کر تاریخ اسلام کے تمام زمانوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کے فرزندوں نے نبی کریمؐ کے افعال و اعمال مبارکہ اور گفتگو کا ایک ایسا ریکارڈ مہیا کر دیا ہے جس کے بارے میں اس سے پہلے سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا۔ پھر جرح و تعدیل کا ایسا منفرد اور یکتا سلسلہ آغاز کیا ہے یا اس تاریخی تناظر میں ایسے نئے علوم و فنون سامنے آئے ہیں جو اس سے قبل انسانی تاریخ میں کہیں بھی دکھائی نہیں دیتے۔ چوں کہ قرآن نے علم تاریخ اور تاریخی تصور کو ہدایت اور علم الٰہیہ کا ایک حصہ قرار دیا ہے اس لیے مسلمانوں نے اس علم کے معنوی دائرے سے اکتساب فیض کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ جس قدر جامعیت کے ساتھ قرآن نے اس علم کی حدود اور امکانات کا تعین کیا ہے، اس میں رہتے ہوئے، مختلف ادوار میں مسلمان فلاسفہ کے ہاں تاریخ کے تدریجی تصورات کا ایک ارتقائی جائزہ کچھ یوں ہے:

لفظ تاریخ مادہ ''و۔ر۔خ'' سے مشتق ہے، جو سامی زبانوں میں مشترک ہے۔ مثلاً عبرانی زبان کے

لفظ یا رے اح = چاند

اور یرح =مہینہ

میں یہی مادہ موجود ہے۔ اس مشابہت کی بنا پر قیاس کریں تو تاریخ کے معنے ہوں گے، ''مہینے کی تعیین کرنا''

چنانچہ ایک طرف تو تاریخ کے معنی ہوئے کسی واقعے کا زمانہ معین کرنا اور روداد وقایع اور دوسری طرف وقایع کے وقتوں (Dates) اعصار (Era) اور ترتیب زمانی کی تعیین (Chronology)[۱۱۲]

علامہ سخاوی کا تاریخ کے معنی و مفہوم سے متعلق موقف یہ ہے:

لغت میں تاریخ کے معنی ہیں ''وقت کی نشان دہی'' ''ارخت الکتاب و ورخته'' بول کر مراد یہ ہوتی ہے کہ میں نے کتابت کا وقت درج کر دیا۔

جوہری (ابونصر اسماعیل بن حماد الجوہری: ف ۳۹۸ھ: مصنف صحاح) کا کہنا ہے کہ:

تاریخ کے معنی ہیں وقت بتانا۔ تاریخ اور تواریخ دونوں ایک ہیں۔ ''ارخت'' بھی بولتے ہیں اور

Marfat.com

''ورخت'' بھی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ارخ (ہمزہ پر زبر اور زیر دونوں جائز ہیں) سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں وحشی گائے کے چھوٹے مادہ بچے، اس لیے کہ تاریخ بھی اسی طرح تازہ بہ تازہ ظہور پذیر ہوتی ہے جیسے کہ بچے۔

اصمعی (عبدالمالک بن قریب الاصمعی: ف ۲۱۵ھ، ۲۱۶ھ یا ۲۱۷ھ) دونوں لفظوں میں فرق کرتے ہوئے کہتا ہے کہ بنوتمیم ''ورخت الکتاب توریخا'' (ہمزہ کے ساتھ)۔

اس طرح اس لفظ کے عربی ہونے کی تائید ہوتی ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ خالص عربی نہیں بلکہ معرب ہے اور فارسی ''ماہ روز'' سے بنا ہے۔ ماہ یعنی چاند اور روز یعنی دن، جس میں رات اور دن دونوں شامل ہیں۔

ابومنصور الجوالیقی (موہوب بن احمد الجوالیقی: ف ۵۳۹ھ) اپنی کتاب المعرب من الکلام الاعجمی میں لکھتے ہیں کہ تاریخ جو عام طور پر لوگ لکھتے ہیں، خالص عربی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں نے اہل کتاب سے لیا ہے۔[۱۱۳]

''تاریخ'' کے فارسی سے معرب ہونے کے بارے میں ڈاکٹر غلام جیلانی برق کہتے ہیں:
البیرونی مورخ کو ماہ اور روز (مہینہ اور دن) کا معرب قرار دیتا ہے۔ ممکن ہے اس نظریے کا تعلق اس روایت سے ہو، جسے کئی مورخین نے بیان کیا ہے کہ اسلامی سمت (سنہ) کو سال ہجرت سے شروع کرنے کا مشورہ فاروق اعظمؓ کو ایک ایرانی سردار الہرمزان (فارس اور خوزستان کا گورنر جو حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے شکست کھانے کے بعد مدینہ منتقل ہوا اور مسلمان ہوگیا) نے دیا تھا۔[۱۱۴]

اصطلاح میں اس علم کا نام ہے جس کے ذریعے نبیوں، بادشاہوں، فاتحوں اور مشہور شخصیتوں کے حالات اور گزرے ہوئے مختلف زمانوں کے عظیم الشان واقعات وغیرہ معلوم ہو سکیں۔

تاریخ دراصل انسانیت کا حافظہ ہے جو نہ صرف قوموں اور جماعتوں کے بلکہ کل نوع انسانی کے پچھلے تجربات کا دفتر محفوظ رکھ کر انسان کے سامنے پیش کرتا ہے تاکہ ان تجربات کی روشنی میں انسان اپنے حال کا جائزہ لے اور اپنے مستقبل کو آزمودہ بھلائیوں سے درست اور آزمودہ برائیوں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرے۔[۱۱۵]

ابوالحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی الشافعی علم تاریخ کے فوائد کے ضمن میں اس کا جو کردار علمی، فکری، سماجی، سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی سطح پر بنتا ہے، اس کے بارے میں یوں رطب اللسان ہیں:
تاریخ کا علم ایسا ہے کہ عالم اور جاہل دونوں اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور احمق اور عقل مند

Marfat.com

دونوں کے لیے اس کا اثر دل پذیر ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے عجیب عجیب باتیں معلوم ہوتی ہیں اور عجیب باتیں دلچسپ معلوم ہونے لگتی ہیں۔ اس سے اچھے اخلاق اور بلند اعمال اخذ کیے جاتے ہیں اور بادشاہوں کی سیاست وغیرہ کا پتا چلتا ہے۔ اس میں اوّل آخر، ناقص کامل، شہری دیہاتی، موجود غائب، سب یک جا ہو جاتے ہیں۔ بہت سے احکام کا دار و مدار اس پر ہوتا ہے۔ ہر مقام اور ہر محفل میں یہ عمل باعث زینت ہوتا ہے۔[۱۱۶]

اصطلاح میں اس کے معنی ہیں وقت بتا کر سارے احوال کو متعین کرنا، مثلاً، راویوں اور اماموں کی ولادت، وفات، صحت عقل و بدن، رحلت و حج، حفظ و یادداشت، سچائی پر اعتماد (توثیق) اور عدم اعتماد (تجریح)۔ الغرض اس قسم کی تمام وہ باتیں جو ابتدائی، درمیانی اور مابعد کے زمانے میں ان کے حالات کی جستجو سے برآمد ہوتی ہیں۔ اسی ذیل میں مختلف حوادث اور بڑے بڑے واقعات بھی آتے ہیں مثلاً کسی بلا کا پھٹ پڑنا، کوئی نیا فرض عائد ہونا، نئے خلیفے اور وزیر کا آنا، کوئی غزوہ، جنگ یا لڑائی، کسی شہر کا فتح ہونا اور زبردست کے قبضے سے نکلنا، حکومت کا ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ چلا جانا۔ بسا اوقات اس کو یہاں تک وسعت دی جاتی ہے کہ آفرینش خلق اور نبیوں کے قصے بھی آ جاتے ہیں۔ اسی طرح گزشتہ امتوں کی باتیں، قیامت کے حالات اور اس سے قبل رونما ہونے والے واقعات نیز اس سے کم درجے کی باتیں جو مشہور ہوں، عام مشاہدے میں آئیں اور جن سے سبھی لوگ فائدہ اٹھاتے ہوں مثلاً مسجد، مدرسہ، پل اور سڑک کی تعمیر یا پھر وہ امور جن کے اسباب ظاہر نہیں ہوتے، خواہ وہ حادثات سماوی ہوں، جیسے ٹڈی دل، چاند گرہن، سورج گرہن، یا حادثات ارضی جیسے بھونچال، آگ، سیلاب، طوفان، قحط، طاعون، وبا اور دیگر بڑے حادثات وعجائبات۔

الغرض یہ وہ فن ہے جس میں سارے زمانے کے واقعات سے بحث کر کے ان کی تحدید اور وقت کا تعین کیا جاتا ہے۔ یوں کہنا چاہیے کہ اس میں ساری دنیا کے واقعات سے بحث ہوتی ہے۔[۱۱۷]

ابو محمد حزم علوم وفنون میں تاریخ کے مقام ومرتبے کا تعین کرتے ہوئے کہتے ہیں:

موجودہ وقت میں علوم کی سات قسمیں ہیں جو ہر قوم، ہر زمانے اور ہر ملک میں رائج ہیں۔ علم شریعت، اس سے متعلقہ اخبار کا علم، جس میں فن تاریخ بھی شامل ہے، نیز اس سے متعلقہ لغات کا علم۔[۱۱۸]

علامہ عبدالرحمن ابن خلدون تاریخ کے مقام ومرتبے اور اس کے فوائد کے ساتھ ساتھ اس کے معاشرتی اور سماجی کردار کے بارے میں یوں گویا ہیں:

علم تاریخ دنیا کی تمام قوموں میں رائج اور مستعمل ہے اور اس کے حصول کے لیے لوگ ذوق و

Marfat.com

شوق سے سیر و سفر کرتے رہتے ہیں۔ ادنیٰ طبقہ کے لوگوں کو بھی اس فن کا ایسا ہی ذوق و شوق ہے جیسا کہ اکابر و سلاطین کو اور عالم و جاہل دونوں اس کو برابر سمجھتے ہیں۔ کیوں کہ اگر سطحی نظر سے دیکھیے تو تاریخ آباؤ اجداد کے گوناگوں حالات اور گزشتہ زمانہ کے رنگا رنگ واقعات کا مجموعہ ہے جس میں ہر طرح کی باتیں اور ہر قسم کی امثال و حکایات بیان ہوتی ہیں اور جب لوگ مجلس میں جمع ہو کر بیٹھتے ہیں تو اس فن کے ذکر و اذکار کو شوق سے سنتے اور پسند کرتے ہیں۔ تاریخ سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی حالت وقتاً فوقتاً کیوں کر بدلتی رہی اور کس طرح سے اقوام میں مختلف حکومتوں کا آغاز ہوا اور ان کو کمال ہوا، کیوں کہ وہ آغاز میں زمین پر پھیلیں اور اس کو آباد کیا۔ یہاں تک کہ ان کے عروج کا وقت آخر ہوا اور زوال نے ان کو صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا اور اگر غور سے کام لیجیے تو یہی تاریخ حکمت کا سبق پڑھاتی، کائنات اور اس کے آغاز کے اسباب بتاتی، زمانے کے واقعات اور ان کے اسباب سے آگاہ کرتی ہے۔ اسی لیے فنونِ حکمت میں اس کا بڑا مرتبہ اور اس قابل ہے کہ علومِ فلسفہ میں شمار ہو۔[۱۱۹]

علامہ شبلی نعمانی تاریخ کی تعریف متعین کرتے ہوئے اس کے علمی کردار کی توجیہ کچھ یوں کرتے ہیں:

فطرت کے واقعات نے انسان کے حالات میں جو تغیرات پیدا کیے ہیں اور انسان نے عالمِ فطرت پر جو اثر ڈالا ہے، ان دونوں کے مجموعہ کا نام تاریخ ہے۔ ان حالات اور واقعات...... کا پتہ لگانا جس سے یہ دریافت ہو کہ موجودہ زمانہ گزشتہ زمانے سے کیوں کر بطورِ نتیجہ کے پیدا ہو گیا ہے۔ یعنی چوں کہ یہ مسلم ہے کہ آج دنیا میں جو تمدن، معاشرت، خیالات اور مذاہب موجود ہیں، سب گزشتہ واقعات کے نتائج ہیں جو خواہ مخواہ ان سے پیدا ہونے چاہیے تھے۔ اس لیے ان گزشتہ واقعات کا پتہ لگانا اور ان کو اس طرح ترتیب دینا جس سے ظاہر ہو کہ موجودہ واقعہ گزشتہ واقعات سے کیوں کر پیدا ہوا؟ اسی کا نام تاریخ ہے۔[۱۲۰]

تاریخ مبارک شاہی کے مترجم تاریخ کی تعریف کے بارے میں مفصل پس منظری مطالعات پیش کرتے ہیں اور پھر اس کی تعریف کے بارے میں اتفاق رائے کا احوال بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

تاریخ کیا ہے؟ تصورِ تاریخ اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ تصورِ زمان و مکان اور تاریخ...... تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جتنے کہ آفرینش کائنات اور ہبوط آدم۔ آغازِ تمدن سے اب تک ''تاریخ'' نے کئی روپ دھارے ہیں۔ کہانیوں سے شروع ہو کر آج تاریخ ایسے مقام پر پہنچ چکی ہے کہ اسے تمام علومِ انسانی کی روحِ رواں کہا جا سکتا ہے کیوں کہ اجتماعِ انسانی کے کسی بھی شعبے میں ''آج'' جو

Marfat.com

واقعہ پیش آتا ہے، وہ کسی نہ کسی طرح ''کل'' یا تاریخ گزشتہ سے مربوط ہوتا ہے۔ اس لیے اگر یہ کہا جائے کہ ''تاریخ سب کچھ اور سب کچھ تاریخ ہے'' تو بے جا نہ ہوگا۔ مشرق و مغرب کے علمائے تاریخ کے مختلف دوار میں اس لفظ کی مختلف تفسیریں اور تعبیریں کی ہیں۔

تاریخ کے بارے میں مغربی علمائے تاریخ کے نظریات: اہل مغرب میں سے والٹیئر کے نزدیک تاریخ سے مراد ''بادشاہوں کی سرگزشت'' اور تھامس کارلائل کے نزدیک ''دنیا کے عظیم انسانوں کی سرگزشت حیات'' ہے۔ اناتول فرانس کے خیال میں تاریخ ''گزشتہ حادثات و اتفاقات کے تحریری بیان سے عبارت'' اور ای۔ ایچ۔ کار کی رائے میں ''تحقیق شدہ واقعات کے ایک سلسلے پر مشتمل'' ہے۔ کارل بیکر کے نزدیک ''انسانی اقوال و افعال کا علم'' اور سیلی کی رائے میں ''تاریخ گزشتہ سیاست اور گزشتہ سیاست موجودہ تاریخ ہے۔

تاریخ کے بارے میں مشرقی علمائے تاریخ کے نظریات: اہل مشرق میں سے ابن فریغوں کے نزدیک ''علم تاریخ ایک ایسا علم ہے جو نادر الوقوع واقعات سے بحث کرتا ہے۔'' ابن خلدون کے خیال میں ''یہ ایک ایسا علم ہے جو کسی خاص عہد یا ملت کے مخصوص حالات و واقعات کو موضوع بحث قرار دیتا ہے۔'' اور السخاوی کی رائے میں ''یہ ایک ایسا علم ہے جس کا موضوع انسان اور وہ زمان و مکان ہے جس میں وہ زندگی بسر کرتا ہے۔

تاریخ کے بارے میں ایرانی علمائے تاریخ کے نظریات: ایرانی تاریخ دان، تاریخ کی کچھ اس انداز میں تعریف کرتے ہیں۔ مثلاً ظہیر الدین مرعشی مولف تاریخ طبرستان کے نزدیک ''علم تاریخ ایک ایسا علم ہے جو اگلے وقتوں کے لوگوں کے بارے میں اطلاعات پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر محمد مکری کا قول ہے کہ ''تاریخ ایک ایسا علم ہے، جس میں کسی قوم یا ملک یا فرد یا چیز کے گزشتہ حالات و واقعات سے بحث کی جاتی ہے'' اور آقائے مجید یکتائی کا کہنا ہے کہ ''تاریخ گزشتہ اعصار و قرون کے ان احوال و حوادث کی آئینہ دار ہے، جو ماضی سے آگاہی اور مستقبل کے لیے تنبہ کا باعث بنتے ہیں۔

معرفت تاریخ کے سلسلے میں شرق و غرب کے علمائے تاریخ کے جو عقائد و اقوال بیان کیے گئے ہیں ان سے مقصد یہ ہے کہ تاریخ کا تقریبی مفہوم متعین کیا جا سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ علمائے تاریخ میں سے اب تک اس سوال کا کہ ''تاریخ کیا ہے؟'' کسی نے بھی کوئی جامع جواب نہیں دیا۔ تاہم تاریخ کے بارے میں اس حد تک سبھی متفق ہیں کہ یہ ایک ایسا علم ہے جو عہد گزشتہ کے واقعات اور اس زمان و مکان کے بارے میں، جس میں یہ واقعات وقوع پذیر ہوئے، آئندہ نسلوں کو معلومات بہم پہنچاتا ہے۔[۱۲]

Marfat.com

(۶)

قرآنی تعلیمات کے مطابق واقعات تاریخ میں ایک تسلسل، ربط اور وحدت موجود رہتی ہے۔ لیکن اس کے اندر ایک معنوی اور فکری اکائی، جسے ہم روحانیت کے نظام فکر و عمل سے تعبیر کر سکتے ہیں، کا موجود رہنا ضروری ہے۔ اگر اس میں یہ اکائی، جو روحانی نظام فکر و عمل سے متعلق ہے، نکال دی جائے تو تاریخ، حالات و واقعات کا ایک بے معنی اور بے ربط مجموعہ بن جائے گی اور مادیت، روح کو اس طرح مغلوب کر دے گی کہ اس کائنات میں انسانی زندگی کا تسلسل اور قیام ممکن نہیں رہے گا۔

ہر معلول کی ایک علت ہے اور ہر علت کا ایک معلول لیکن اگر ہم الٹے قدموں علت اور معلول کے اس سلسلہ در سلسلہ نظام کو سمجھتے ہوئے آدمؑ اور حواؑ تک جا پہنچیں یا تاریخی تسلسل کا مطالعہ کرتے ہوئے ہم کائنات کی آفرینش کے روز لفظ ''کن'' تک رسائی پا لیں تو پھر ہمیں مادی حوالے سے علت اور معلول کا سلسلہ ختم ہوتا دکھائی دے گا۔ وہاں ایک ایسی علت العلل موجود ہے جس کا نام رب کائنات ہے اور وہ تمام تر نور ہے، تمام تر روح ہے، قدیم ہے، ہمیشہ سے ہے اور ویسی ہے جیسی کہ وہ تھی، اس میں کوئی تغیر اور تبدیلی وقوع پذیر نہیں ہوئی، نہ تخلیق کائنات سے قبل اور نہ اس کے مابعد۔ اس ساز ازل سے نکلنے والی تمام نوائیں اور وقوع پذیر ہونے والے تمام واقعات، آفرینش کائنات اور اس کے تمام تر سلسلے اور روز و شب کا تغیر و تبدل اور موسموں کی آمد و رخصت سب اسی علت العلل کی وجہ سے ہیں۔ اگر وہ ہے تو یہ تمام نظام کائنات ہے۔ یہ نظام کائنات کی موجودگی اور اس کا تسلسل اور معنوی ربط اس نظام کی وجہ سے ہے اور اس علت العلل کی وجہ سے ہے جو رب کریم ہے، وہی تو روح ہے۔ وہ ایک روح کی صورت میں اس تمام علت اور معلول کے سلسلے پر غالب ہے۔ اگر یہ سلسلہ کہیں بھی اس روحانی اکائی سے ہٹ جائے تو باقی جو کچھ بچے گا وہ صرف اور صرف مادیت ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ اس میں روحانیت نہ ہونے سے:

۱- انسانی زندگی خطرات سے دوچار ہو جائے گی۔ اس میں تسلسل نہیں رہے گا۔ اس تسلسل کی عدم موجودگی، انسانی زندگی کے لیے موت کا پیغام ثابت ہوگی۔

۲- جب انسانی زندگی قائم نہیں رہے گی تو تاریخ اور تاریخ کے تمام تر رویے بھی دم توڑ جائیں گے اور یوں علم کا سلسلہ اور ہدایت کی یہ روشنی کائنات سے چھن جائے گی، جیسے کہ ظہور

Marfat.com

اسلام سے قبل سوابق کی تہذیبوں میں ہوتا رہا ہے۔ عاد و ثمود اور ان جیسی دیگر قوموں اور تہذیبوں کا مٹنا یا پھر انسانی صورتوں کا بدل جانا جیسے عوامل اسی تاریخی تصور سے روگردانی کا نتیجہ ہی تو ہیں۔ یہ اٹل حقیقت ہے کہ وحیٔ الٰہی انسانی علوم کے ساتھ خلط ملط ہو جائے تو وہاں تاریخ، تاریخی رویے اور تاریخی تصورات اور اس کا فلسفہ بھی گدلاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

ظہور اسلام سے قبل حالات و واقعات کی صحیح اور سچی تعبیریں اس لیے نہیں ملتیں کہ وہاں تصور تاریخ روحانی سرچشموں سے فیض یاب ہونے کے بجائے مادی رویوں میں کہیں گم ہو گیا ہے اور جہاں تاریخی تصورات مادیت میں گم ہو جائیں وہاں انسانی صدیاں، لمحوں میں کھو جاتی ہیں۔ ان کی حقیقت، احوال، تسلسل اور بامعنی ربط و ضبط معلوم نہیں ہو سکتا۔ ان میں بے ربطی اور بے معنویت انھیں دھندلا کر رکھ دیتی ہے۔

قرآن کریم نے مسلمانوں سے قبل مختلف قوموں کے احوال و قصص بیان کیے ہیں۔ خاص طور پر بنی اسرائیل کے قصے قرآن میں درج ہیں۔ اگر ہم ان واقعات کا قرآن کریم میں اندراج بنظر غائر دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم واقعات ان قوموں کے زوال کے ان اسباب و عوامل سے بحث کرتا ہے جو روئے زمین پر آئیں، عروج تک پہنچیں اور زوال آشنا ہو کر دنیا کے منظرنامے سے مٹ گئیں۔ ان کے مٹنے کی بنیادی وجہ قرآن کے تصور تاریخ کی روشنی میں کچھ یوں ہے کہ ہر وہ قوم جو توحید کے تصور سے ناآشنا ہو جائے یا اس تصور کو شرک یا بت پرستی کے تصورات کے ساتھ لازم و ملزوم کر دے، وہ قوم مادی حوالوں سے خواہ کتنی ہی ترقی کر جائے لیکن روحانی اعتبار سے وہ اس معراج انسانیت تک نہیں پہنچ سکتی، جو صرف ایک تصور توحید کو اس کے صحیح اور بنیادی معنوی تناظر کی روشنی میں ماننے سے عبارت ہوتی ہے۔ دنیا میں جتنی بھی قومیں یا تہذیبیں زوال کا شکار ہوئیں، اس کی بنیادی وجہ بت پرستی اور مشرکانہ رویے تھے۔ اسلام کے تصور تاریخ کی روشنی میں جو تصور میزان حق و باطل یا میزان عروج و زوال ہے، وہ توحید کا تصور ہے۔ کسی قومی زندگی یا تہذیب کی زندگی کے تمام تصورات اس نظریے کی کسوٹی پر پرکھے جاتے ہیں اور اس پرکھ کے بعد ان پر کھرے اور کھوٹے کا حکم لگایا جا سکتا ہے یا احکامات صادر کیے جا سکتے ہیں۔ یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ یہ قوم اس تصور کو کس حد تک اپنی زندگیوں میں رائج کیے ہوئے ہے۔

اس قوم، ملت یا تہذیب کی قدر و قیمت اس دائمی اور جاوداں زندگی کا تسلسل اس نظریے

Marfat.com

اور تصور سے ہی عبارت ہے۔ اس لیے توحید کا تصور انسان کو جو روحانی ارتقاع مہیا کرتا ہے وہ دنیا کا کوئی اور ازم یا تصور نہیں دے سکتا۔ یہ تصور فرد کو اس کا عرفان ذات عطا کرتا ہے اور اللہ کی وحدانیت کا فلسفہ بھی دیتا ہے۔ جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا ہے:

من عرف نفسه فقد عرف ربه

یہ انسان کی تخلیق کے مظاہر کا معنوی اور فکری منظرنامہ بھی ہے۔ یہ مرنے اور مرنے کے بعد جی اٹھنے اور اگلی دنیا میں جزا اور سزا کے عمل سے گزرنے پر بھی اصرار کرتا ہے۔ تاریخ، جو اس کائنات میں ہبوط آدم سے شروع ہوتی ہے اور ابد تک ایک بامعنی تسلسل اور ربط وضبط کے ساتھ صراط مستقیم پر عمل پیرا ہے، وہ تصور، تصور توحید کے زیر اثر خدا کی وحدانیت سے روشنی کشید کرتا ہے۔ انسانی تخلیق اور انسانی زندگی کا قیام یا تسلسل اسی رویے اور اسی نظریے سے روشنی حاصل کر رہا ہے اور کرتا رہے گا، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔

تخلیق کائنات اور انسانی تخلیق کا سبب، نظریہ توحید کو ماننے اور اس کے مطابق انسانی زندگی کو ڈھالنے اور اس نظریے پر عمل پیرا ہونے سے عبارت ہے۔ انسانی تاریخ بھی انھیں رویوں، انھیں ضابطوں اور انھیں اسباب وعوامل سے تشکیل پاتی ہے جو اس نظریے سے براہ راست وابستہ ہوتے ہیں۔

انسانی زندگی کی تخلیق کا مقصد خدا کو پہچاننا اور اس کی عبادت میں اپنی ہستی کو گم کرنا ہے۔ تاریخ کا تسلسل جو اپنے جلو میں مختلف قوموں کے عروج وزوال کی داستانیں لیے ہوئے ہے، یہ بھی تو یہی رویے ہمارے سامنے متشکل کرتا ہے کہ وہ قومیں زوال آشنا ہوگئیں، وہ قومیں نیست ونابود ہوگئیں، وہ قومیں مادیت کے گھناؤنے تصور میں لتھڑ گئیں، جنھوں نے تصور توحید کو گدلاہٹ کا شکار کر دیا یا اس میں ناقص انسانی رویوں کی ملاوٹ کر دی اور جن قوموں نے اس تصور کو، اس کی تمام تر پاکیزگی کے ساتھ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں روبہ عمل رکھا، وہ روحانی اور مادی اعتبار سے ترقی کی انتہائی منزلوں تک پہنچیں اور اس زندگی سے ہم کنار ہوئیں جسے دائمی اور جاوداں زندگی کہتے ہیں۔ اسلام نے مسلمانوں کو خیرالامت کہا اور خیرالامت وہ قوم ہے جس میں تاریخی تسلسل اپنی تمام تر جلوہ سامانیوں اور رعنائیوں کے ساتھ وقوع پذیر ہوا ہے۔ کسی بھی قوم میں تاریخ کا تصور تمام تر رعنائیوں کے ساتھ وقوع پذیر نہیں ہو سکتا، جب تک کہ اس میں توحید کا تصور اپنی بنیادی اور اساسی حیثیت میں موجود نہ ہو، جس کا خاکہ نبی کریمؐ پر ان آیات کی صورت میں نازل ہوا تھا:

Marfat.com

اُردو ترجمہ:

آپ کہہ دیجیے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک (ہی) ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا، نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اس کا ہم سر ہے۔[۱۲۲]

انسان کا مطلوب اور مقصود خدا کی ذات ہے۔ مقصود اور معبود کی حقیقی پہچان اور اس پہچان کے بعد اس پر عمل پیرا ہونا، دراصل اپنے تصور تاریخ کو اس کے مجموعی پس منظر اور پیش منظر میں منظر نامے کی وہ صورت دینا ہے کہ جس سے انسانی زندگی اپنی تمام تر جمالیاتی حیثیتوں کے ساتھ روبہ عمل رہ سکے یا وہ اس کے تسلسل میں کسی نوعیت کی کوئی رکاوٹ یا کسی طرح کا کوئی جمود پیدا نہ ہونے دے۔

مسلمانوں کے تصور تاریخ کی بنیادی حیثیت اور حقیقت تصور توحید کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ توحید کا تصور جس قدر واضح، صاف اور شفاف ہوگا، تاریخ کا عمل بھی اتنا ہی بامعنی، مسلسل اور ربط وضبط کا آئینہ دار ہوگا۔ جس قدر اس کے اندر گدلاہٹ اور ارتباط یا کثافت شامل ہوتی چلی جائے گی اسی قدر اس کی بے معنویت میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ یہ وہ تخلیقی رویہ ہے جو اپنی تمام تر خوبصورتیوں اور اپنے تمام تر جمالیاتی طرز احساس کے ساتھ ساتھ اس عالم کائنات میں متشکل ہوتا رہا ہے، ہو رہا ہے اور ہوتا رہے گا۔

تصور توحید دنیاوی زندگی کے ساتھ ساتھ اخروی زندگی پر جو اثرات مرتسم کرتا ہے، وہ اثرات ہمیں تصور تاریخ کے تناظر میں انسانی زندگی پر رونما اور جلوہ نما ہوتے ہوئے بھی دکھائی دیتے ہیں۔ اگر ہم تصور توحید کے تابع ہیں، تو ہماری زندگی بھی انھیں تصورات سے رعنائی حاصل کرتی ہے، جو صراط مستقیم کے ان رویوں سے عبارت ہیں، جو قرآنی تعلیمات کا اولین اور بنیادی مقصد ہے۔ اگر ہم مغرب اور جدید دنیا کا مطالعہ کریں اور دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ وہاں الہامی تعلیمات میں تحریف کی وجہ سے روحانی تصورات معدوم ہو کر رہ گئے ہیں۔ روحانی نظام فکر و عمل کی معدومیت انسانی زندگی کے تسلسل کو اس کے جمالیاتی پس منظر میں رکھنے اور اس کے دائرۂ کار کو بامعنی رعنائیوں کا مرکز بنانے اور سچائیوں کی تعمیر کرنے میں معاون واقع نہیں ہو رہی۔ زندگی کے جس پہلو کو بھی لیں اور کسی بھی شعبۂ حیات کا مطالعہ کریں وہاں ہمیں تاریخ کی اثر اندازی دکھائی دیتی ہے۔ اولادِ آدم کی تخلیق کا مطالعہ کریں یا فطرت انسانی کا، انسان کی جمال دوستی کا مطالعہ کریں یا انسان کی انسان دوستی کا، ہمیں معلوم ہوگا کہ وہاں پر مادیت کی ترویج اور ترقی کی وجہ سے، انسانی تاریخ کا وہ حسن موجود نہیں ہے جو اس کے مدمقابل ان قوموں میں، جہاں ابھی

Marfat.com

تک روح کی حکومت ہے، دکھائی دیتا ہے۔ خاص طور پر اسلام کہ جس کے ہاں توحید کا تصور اپنی تمام تر خوبصورتی اور پاکیزگی کے ساتھ موجود ہے، جو نبی کریمؐ نے ملت کو تعلیم فرمایا تھا۔

مسلمانوں کے ہاں جسم پر روح کی، اس زندگی پر آخرت کی زندگی کی اور دیگر تمام معاملات پر جمالیات کی جو حکمرانی ہمیں دکھائی دیتی ہے یا پھر جو توازن اور اعتدال ہمیں دکھائی دیتا ہے، وہ مغرب یا ان تہذیبوں، قوموں یا ملکوں کے ہاں دکھائی نہیں دیتا جو مادی زندگی کو ہی زندگی کا نصب العین اور مقصدِ حیات جانتے ہیں۔ اسلامی تعلیمات کے زیر اثر، اسلامی یا مسلمانوں کے تصور تاریخ میں جو اعتدال اور توازن موجود ہے، دراصل یہ جمالیات کا اظہار ہے جو جلال و جمال کے باہمی امتزاج سے متشکل ہوتا ہے۔

جلال و جمال کی وہ تمام خوبصورتی جسے علامہ اقبال عشق کے ایک معنوی وفکری نظام کے زیر اثر تعمیر کرتے ہیں، وہ خوبصورتی مسلمانوں کے فنون لطیفہ کی تمام جہتوں میں انھیں دکھائی دیتی ہے دراصل یہ اس تاریخی عمل کا حصہ ہے جو تصور توحید کی روشنی سے مستنیر ہے۔ اگر علامہ اقبال کی نظم ''مسجد قرطبہ'' کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان کے تصور عشق کے زیر اثر نہ صرف فن تعمیر بلکہ مسلمانوں کے دیگر فنون بھی اس جمالیاتی اکائی سے روشنی کشید کرتے ہیں جو اس عشق کی اس فکر اور معنویت کی منتہائے مقصود ہے جس کی بنیاد توحید ہے۔

انسانی زندگی کے مختلف ادوار اور رویوں میں تاریخ کی جلوہ نمائی فنون لطیفہ پر اس وقت تک اپنے جاوداں نقوش مرتسم نہیں کر سکتی جب تک کہ اس کے پس منظر میں توحید کا وہ تصوراتی آئینہ پیش نظر نہ ہو جو اسلام اور مسلمانوں کے ہاں موجود ہے۔ اگر وہ موجود ہے تو وہ پھر کسی بھی فن میں اور کسی بھی شعبہ زندگی میں اپنی تمام تر جلوہ سامانیوں کے ساتھ حیات دوام کے بازار میں شہرت دوام سے متصف ہوتا ہے۔

علامہ اقبال نے مسجد قرطبہ کے تناظر میں پورے نظام فکر و عمل کا جو تصور پیش کیا ہے وہ مرد خدا کے جلال و جمال سے مستنیر ہے اور مرد خدا کا تصور توحید کے اس سرچشمے سے معنی کشید کرتا ہے جو مسلم امت کا بنیادی اور اساسی تصور ہے کہ جس کے بغیر کوئی بھی امت یا قوم یا تہذیب اپنے ہونے کا احساس نہیں رکھتی۔

تصور توحید ہی وہ واحد تصور ہے جو انسان کے وجود، اس کے عرفانِ ذات، اس کی ذات

Marfat.com

کے مختلف مظاہر کو ایک ایسی معنوی اکائی میں پرو دیتا ہے، جو تاریخ کے فطری تصور کا آئینہ دار بھی ہے اور انسان کی جاوداں زندگی کا عکاس بھی، کیوں کہ اس کے بغیر انسانی زندگی اپنی فطری رعنائی سے ہم آہنگ نہیں ہو سکتی۔ ''مسجد قرطبہ'' کے زیر نظر حصے ملاحظہ ہوں، جس عشق کی کاری گری سے لمحے تاریخ کے معنوی تناظر میں ڈھل کر جاودانیت سے ہم آہنگ ہو گئے ہیں:

ہے مگر اس نقش میں رنگ ثبات دوام
جس کو کیا ہو کسی مرد خدا نے تمام
مردِ خدا کا عمل عشق سے صاحب فروغ
عشق ہے اصلِ حیات، موت ہے اس پر حرام
تند و سبک سیر ہے گرچہ زمانے کی رو
عشق خود اک سیل ہے سیل کو لیتا ہے تھام
عشق کی تقویم میں عصر رواں کے سوا
اور زمانے بھی ہیں جن کا نہیں کوئی نام
عشق دم جبرئیل، عشق دل مصطفیؐ
عشق خدا کا رسول، عشق خدا کا کلام
عشق کی مستی سے ہے پیکر گل تابناک
عشق ہے صہبائے خام، عشق ہے کاس الکرام
عشق فقیہ حرم عشق امیر جنود
عشق ہے ابن السبیل، اس کے ہزاروں مقام!
عشق کے مضراب سے نغمۂ تار حیات
عشق سے نور حیات عشق سے نار حیات[۱۲۳]

''مسجد قرطبہ'' کے مندرجہ بالا اقتباس کی روشنی میں علامہ اقبال کے چھٹے خطبے الاجتہاد فی الاسلام کے طویل اقتباس کا خلاصہ اور چند اقتباسات دیکھیے کہ کس طرح فکر اقبال تاریخ کے حرکی رویوں کے پس منظر سے اجاگر ہو رہی ہے:

اسلام نے اس نظریے کو بھی مسترد کر دیا کہ کائنات ایک ساکن و جامد وجود ہے۔ رنگ اور خون کے رشتوں کو بھی ٹھکرا دیا۔ فرد کی ذاتی قدر و قیمت کو اہم گردانا۔ اتحاد انسانی کی کامیابی کا دار و

Marfat.com

مدار اس حقیقت کے ادراک پر ہے کہ نوع انسانی ایک ہے اور اس کی زندگی کا مبدا روحانی ہے۔ انسان اگر زمین سے استخلاص حاصل کرنا چاہے تو اسی ادراک کے ذریعے حاصل کر سکتا ہے۔ اسلام سے قبل رہبانیت کے حوالے سے ظاہر ہونے والی عیسائیت، نظام اجتماع قائم کرنے میں ناکام ہو چکی تھی۔ اسلام کا ظہور ہوا تو دنیا کی حالت کا نقشہ کسی مورخ نے یوں کھینچا ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ چار ہزار سال کی محنت ضایع ہو رہی تھی۔ انتشار، تباہی، وحشت، بربریت، قبائلی جھگڑے، ہلاکت اور بوسیدگی نے عظیم الشان تمدن کا گھر دیکھ لیا تھا۔ عیسائیت کے نظام کے نتائج توقع کے بالکل برعکس تھے۔ علم وفن اور ادب کے برگ و بار اور ثمر کملا گئے تھے۔ عقیدت و احترام کی موت واقع ہو چکی تھی۔ جنگ و جدل نے تمدن کا تنا کھوکھلا کر دیا تھا۔ ہر طرف نظر دوڑا کر دیکھنے پر پتا چلتا کہ روحانیت دور دور تک دکھائی نہیں دیتی تھی کہ یہ جنس نایاب بن چکی تھی۔

مصنف نے مزید لکھا کہ دنیا کو ایک نئی تہذیب کی ضرورت تھی جو بادشاہت پر قائم مذکورہ اوصاف سے مملو تہذیب کی جگہ لے سکتی کیوں کہ اس کی نشو و نما غلط طور پر رنگ اور خون کی بنیادوں پر ہوئی تھی۔ مصنف نے غلط طور پر حیرت کا اظہار کیا کہ اس متوقع نئی تہذیب کا ظہور ٹھیک وقت پر عرب کی سرزمین سے ہوا۔

حیات عالم اس صلاحیت سے متصف ہے کہ اپنا راستہ درست سمت میں متعین کر سکے۔ اسی کو مذہب کی زبان میں وحی کہتے ہیں۔ یہ طبعی امر تھا کہ اسلام کا ظہور سادہ مزاج قوم میں ہوا، جو ایسی سرزمین میں آباد تھی اور جہاں تین براعظم آپس میں آ ملتے ہیں۔ اسلام نے نئی تہذیب کی بنیاد توحید پر رکھی۔ ہماری کامیابی کا ایک ہی راستہ ہے کہ ہم عقلی اور جذباتی حیات میں توحید کو زندہ عنصر کا مقام و مرتبہ دیں۔ ملوک و سلاطین کے بجائے اللہ کی اطاعت کریں اور یہی فطرت صحیحہ ہے۔ اگر کسی معاشرے کا چلن اسی اصول پر قائم ہو جائے تو پھر ضروری ہے کہ وہ اپنی زندگی میں ثبات اور تغیر جیسی خصوصیات کا بھی لحاظ رکھے۔ کچھ دوامی اصولوں کی اشد ضرورت رہتی ہے مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تغیر اور تبدیلی کے جملہ امکانات کی نفی ہو جائے، کیوں کہ قرآن کریم نے تغیر کو اللہ کی آیت کہا ہے۔ جس شے کی فطرت حرکت ہے ہم اس کو حرکت سے عاری نہیں کر سکتے۔ اس اصول کی تائید تو مغرب نے ہر روز ایک نیا نظریہ قائم کر کے کر دی ہے کہ وہاں سیاسی اور اجتماعی علوم میں یورپ کی ناکامیاں ان گنت ہیں۔ دوسرے اصول کی تصدیق عالم اسلام کے پانچ سو سالہ جمود سے ہو جاتی ہے۔ اسلام کی ہیئت ترکیبی میں حرکت اور تغیر قائم رکھنے کا

Marfat.com

ذریعہ صرف اور صرف اجتہاد ہے۔ اجتہاد سے مراد کسی قانونی مسئلے میں آزادانہ رائے قائم کرنے کی کوشش ہے۔ قرآن و حدیث اس سلسلے میں بالکل واضح ہدایات دے چکے ہیں۔[۱۲۴]

''محمدؐ عربی بر فلک الافلاک رفت و باز آمد۔ واللہ اگر من رفتمے ہرگز باز نیامدمے''۔ یہ مشہور صوفی بزرگ حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوھی کے الفاظ ہیں۔ جن کی نظیر تصوف کے سارے ذخیرۂ ادب میں مشکل ہی سے ملے گی۔ شیخ موصوف کے اس ایک جملے سے ہم اس فرق کا ادراک نہایت خوبی سے کر لیتے ہیں، جو شعور ولایت اور شعور نبوت میں پایا جاتا ہے۔ صوفی نہیں چاہتا کہ واردات اتحاد میں اسے جو لذت اور سکون حاصل ہوتا ہے، اسے چھوڑ کر واپس آئے لیکن اگر آئے بھی، جیسا کہ اس کا آنا ضروری ہے، تو اس سے نوع انسانی کے لیے کوئی خاص نتیجہ مرتب نہیں ہوتا۔ برعکس اس کے، نبی کی باز آمد تخلیقی ہوتی ہے۔ وہ ان واردات سے واپس آتا ہے تو اس لیے کہ زمانے کی رو میں داخل ہو جائے اور پھر ان قوتوں کے غلبہ و تصرف سے، جو عالم تاریخ کی صورت گر ہیں، مقاصد کی ایک نئی دنیا پیدا کرے۔ صوفی کے لیے تو لذت اتحاد ہی آخری چیز ہے لیکن انبیا کے لیے اس کا مطلب ہے کہ ان کی اپنی ذات کے اندر بھی اس قسم کی نفسیاتی قوتوں کی بیداری جو دنیا کو زیر و زبر کر سکتی ہیں اور جن سے کام لیا جائے تو جہان انسانی دگرگوں ہو جاتا ہے۔ لہٰذا انبیا کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی ہے کہ ان واردات کو ایک زندہ اور عالم گیر قوت میں بدل دیں۔ گویا ان کی باز آمد ایک طرح کا عملی امتحان ہے، خود ان کے مشاہدات اور واردات کی قدر و قیمت کا۔[۱۲۵]

ایک اعتبار سے نبوت کی تعریف یوں بھی کی جا سکتی ہے کہ یہ شعور ولایت کی وہ شکل ہے جس میں واردات اتحاد اپنے حدود سے تجاوز کر جاتی اور ان قوتوں کی پھر سے رہنمائی یا از سر نو تشکیل کے وسائل ڈھونڈتی ہیں جو حیات اجتماعیہ کی صورت گر ہیں۔ گویا انبیا کی ذات میں زندگی کا متناہی مرکز اپنے لامتناہی اعماق میں ڈوب جاتا ہے تو اس لیے کہ پھر ایک تازہ قوت اور زور سے ابھر سکے۔ وہ ماضی کو مٹاتا اور پھر زندگی کی نئی نئی راہیں اس پر منکشف کر دیتا ہے۔ لیکن اپنی ہستی اور وجود کی اساس سے انسان کا یہ تعلق کچھ اسی کے لیے مخصوص نہیں۔ قرآن مجید نے لفظ وحی کا استعمال جن معنوں میں کیا ہے، ان سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ وحی خاصۂ حیات ہے اور ایسا ہی عام جیسے زندگی۔ یہ دوسری بات ہے کہ جوں جوں اس کا گزر مختلف مراحل سے ہوتا یا یوں کہیے کہ جیسے جیسے وہ ارتقا اور نشو و نما حاصل کرتی ہے ویسے ہی اس کی ماہیت اور نوعیت بھی بدلتی رہتی ہے۔ یہ کسی پودے کا زمین کی پہنائیوں میں آزادانہ سر نکالنا یا کسی حیوان میں ایک نئے ماحول

Marfat.com

کے مطابق کسی نئے عضو کا نشوونما یا انسان کا خود اپنی ذات اور وجود میں زندگی کی گہرائیوں سے نور اور روشنی حاصل کرنا، یہ سب وحی کی مختلف شکلیں ہیں جو اس لیے بدلتی چلی گئیں کہ اس کا تعلق جس فرد سے تھا یا جس نوع میں اس کا شمار ہوتا تھا، اس کی مخصوص ضروریات کچھ اور تھیں۔ اب نئی نوع انسان کے عالم صغرسنی میں ایسا بھی ہوا کہ اس کی نفسی توانائی کا نشوونما شعور کی وہ صورت اختیار کر لے جسے ہم نے شعور نبوت سے تعبیر کیا ہے اور جس کے معنی یہ ہیں کہ اس شعور کی موجودگی میں نہ تو افراد کو خود کسی چیز پر حکم لگانا پڑے گا، نہ ان کے سامنے یہ سوال ہوگا کہ ان کی پسند کیا ہو اور ناپسندیدگی کیا۔ انھیں یہ بھی سوچنے کی ضرورت نہیں ہوگی کہ وہ اپنے لیے کیا راہ عمل اختیار کریں۔ یہ سب باتیں گویا پہلے ہی سے طے شدہ ہوں گی، یہ نہیں کہ انھیں اس بارے میں خود اپنے فکر اور انتخاب سے کام لینا پڑے۔ شعور نبوت کو گویا کفایت فکر اور انتخاب سے تعبیر کرنا چاہیے لیکن جہاں عقل نے آنکھ کھولی اور قوت تنقید بیدار ہوئی تو پھر زندگی کا مفاد اسی میں ہے کہ ارتقائے انسانی کے اولین مراحل میں ہماری نفسی توانائی کا اظہار جن ماورائے عقل طریقوں سے ہوا تھا، ان کا ظہور اور نشوونما رک جائے۔ انسان جذبات کا بندہ ہے اور جبلتوں سے مغلوب رہتا ہے۔ وہ اپنے ماحول کی تسخیر کر سکتا ہے تو صرف عقل استقرائی کی بدولت۔ لیکن عقل استقرائی اس کے اپنے حاصل کرنے کی چیز ہے۔ جسے ایک دفعہ حاصل کر لیا جائے تو پھر مصلحت اسی میں ہے کہ حصول علم کے اور جتنے بھی طریق ہیں، ان پر ہر پہلو سے بندشیں عاید کر دی جائیں تاکہ مستحکم کیا جائے تو صرف عقل استقرائی کو۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دنیائے قدیم نے بڑے بڑے عظیم نظامات فلسفہ پیدا کیے مگر یہ اس وقت جب انسان اپنی زندگی کے ابتدائی مراحل سے گزر رہا تھا اور اس پر ایما اور اشارے کا غلبہ تھا۔ لہٰذا ماضی کے یہ فلسفیانہ نظامات مجرد فکر کی بنا پر مرتب ہوئے لیکن مجرد فکر کی بنا پر ہم زیادہ سے زیادہ کچھ کر سکتے ہیں تو یہ کہ مذہبی عقائد اور مذہبی روایات میں تھوڑی بہت ربط و ترتیب پیدا کر دیں۔ رہا یہ امر کہ عملی زندگی میں ہمیں جن احوال سے فی الواقع گزر کرنا پڑتا ہے ان پر قابو حاصل کیا جائے تو کیسے، اس کا فیصلہ فکر مجرد کی بنا پر نہیں کیا جا سکتا۔[۱۲۶]

علامہ اقبال نے اپنے خطبات میں شعور نبوت و ولایت میں جو فرق کیا ہے، فلسفے اور مذہبیات کی تاریخ میں اس نوعیت کا فرق کسی اور فلسفی کے ہاں دکھائی نہیں دیتا، جو خوبصورت فطری تفاوت انھوں نے یہاں بیان کیا ہے، اس سے وحی کے مقام و مدارج کا بھی تعین ہو جاتا ہے اور نبی کے عروج اور مقامات جلیلہ کی تفہیم بھی ہوتی ہے۔ نبوت و رسالت وہبی سلسلے ہیں،

Marfat.com

کسب سے ان کوئی تعلق یا واسطہ نہیں ہوتا، یہ خدائے بزرگ و برتر کی عطا ہے کہ وہ کسی پر، کس مہربانی اور مقام کو ارزانی کرتا ہے۔ نبی کریمؐ سلسلہ نبوت و رسالت کے آخری تاج دار ہیں لیکن ولایت تا قیامت جاری ہے۔ ولی تجلیات خداوندی میں گم رہتا ہے۔ اس کا طرز زندگی امت مسلمہ کے لیے حجت نہیں ہوتا، وہ امت کی اصلاح اور تبلیغ دین کے کام میں سرگرم کار رہتا ہے۔ اگر وہ صرف ذات الہیہ کے حسن و جمال کی کیفیات میں گم رہے اور اس دائرے سے، جو دائرہ ولایت ہے، باہر نہ آئے تو اس پر کسی نوعیت کی کوئی قدغن یا پابندی عاید نہیں کی جا سکتی، لیکن نبی، امت کے لیے حجت ہوتا ہے۔ اس کا رہن سہن، طرز عمل، اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، بولنا، الغرض تمام کے تمام اعمال و افعال ہدایت کے سرچشمے ہیں۔ نبی اپنی ذات میں دونوں مقامات کا شناور ہوتا ہے، اس میں ولایت کے تمام رویے بھی موجود ہوتے ہیں اور نبوت کے بھی۔

حضرت ابن عربیؒ (شیخ اکبرؒ) نے فرمایا کہ ولایت، نبوت سے افضل درجے کا نام ہے۔ علامہ اقبال نے اپنے خطبات میں اس موضوع یعنی شعور نبوت و ولایت پر بحث کرتے ہوئے اس قول کی طرف توجہ نہیں دی، حالانکہ ان مقامات کی تعبیر و تشریح کے ضمن میں حضرت ابن عربیؒ کے مذکورہ قول کو بہت ہی بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ نبی کے اندر ولایت کے تمام مناصب جلیلہ مجتمع ہوتے ہیں۔ اس کا وہ تعلق جو خدا کے ساتھ ہے، وہ ولایت ہے اور جو مخلوق خدا کے ساتھ ہے، وہ نبوت ہے۔ وہ خدا سے وصول کرتا ہے اور انسانیت میں تقسیم کرتا چلا جاتا ہے، لہٰذا ابن عربیؒ کے اس قول کی روشنی میں نبی کی ولایت، اس کی نبوت سے افضل ہوتی ہے۔ جو اس کا تعلق خدا کے ساتھ ہے، وہ بلند ہے اور جو مخلوق کے ساتھ ہے، وہ پہلے درجے جتنا بلند اور ارفع نہیں ہے۔ علامہ اقبال نے پانچویں خطبے یعنی ''اسلامی ثقافت کی روح'' میں جو بنیادی رویے اپنی گفتگو کا محور بنائے ہیں، ان کی روشنی میں ان کے تصور تاریخ کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اگر نبی کریمؐ پر نبوت ختم نہ ہوتی اور ان کے سر پر ختم نبوت کا تاج نہ رکھا جاتا تو تصور تاریخ کا یہ سلسلہ جمود کا شکار رہتا اور اس کے اندر وہ دائمی رویے پیدا نہ ہوتے جو اسے حرکت سے آشنا رکھتے ہیں اور انسانی زندگی فکر میں ان مقامات سے آگاہ نہ ہو سکتی جن سے کہ وہ ختم نبوت کے بعد آگاہ ہوئی ہے۔ ختم نبوت حضور نبی کریمؐ کا بہت بڑا اعزاز ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اب انسانیت عقل و خرد کی اس منزل پر آ گئی ہے کہ اس پر اب تمام راز منکشف کیے جا سکتے ہیں اور قدرت جو بھی مکالمہ مخلوق کے ساتھ کرنا چاہتی تھی، اس نے آدمؑ سے لے کر نبی کائنات تک، انسانی فکر کی تشکیل اور

Marfat.com

تہذیب کے وہ تمام مراحل مکمل کر دیے ہیں کہ اب انسانی فکر کا سلسلہ اس مقام پر آن پہنچا ہے کہ جہاں دین کو مکمل کیا جا سکتا ہے، اس لیے نبی کریمؐ پر نبوت ختم کر کے تصور تاریخ کے اس بنیادی رویے کو حرکت کا وہ تصور دیا گیا جس سے انسانی زندگی جمود اور سکون کے مراحل سے نکل کر دائمیت اور جاودانیت کی قدروں سے متصف ہوئی۔ نبی کریمؐ سے قبل مختلف تہذیبوں میں تاریخ اور تصور تاریخ جن واقعات اور سانحات سے گزرے، ان میں دہر اور وقت کی وہ بنیادی اہمیت نہیں تھی جو ظہور اسلام کے بعد انسانیت کو ایک ارمغان کی صورت میں عطا ہوئے۔ وہاں مختلف تہذیبوں میں حرکت کو تصور زمان و مکاں کے اس تصور صراط مستقیم کے برعکس سمجھا جاتا رہا اور اسے بعض تہذیبوں میں دوری اور بعض میں التباسی صورت میں دیکھا گیا۔ وقت، حرکت اور دہر کو فریب نظر کہا گیا۔ اسلام نے زمان و مکاں، حرکت و عمل کی اس معنویت کو اجاگر کیا جو انسان کو صراط مستقیم پر گامزن رکھتی ہے اور اسے چکر و التباس کے ان منفی رویوں سے باہر نکال کر ایک جادۂ ہدایت پر رواں دواں رکھتی ہے۔

ان تصورات کی روشنی میں تاریخ کا تسلسل اپنے اس بنیادی اور اساسی منہاج سے اس پر قائم رہتا ہے اور ادھر ادھر نہیں ہٹتا، جس کے سبب حرکت اور عمل جو انسانی زندگی کی بنیادی تعبیریں ہیں، اسے اس زاویے میں متشکل رکھتی ہیں کہ یہ رویے اپنے مجموعی فکری وژن میں یا تناظر میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔

علامہ اقبال حرکت و عمل کے پیامبر ہیں۔ ان کی شاعری، ان کے خطبات، ان کی تقریریں، ان کے خطوط اور دیگر تحریریں، جن میں بیانات وغیرہ شامل ہیں، کے غائر مطالعے کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ وہ شاعری میں جتنی تشبیہات، علامات اور دیگر رویوں میں کہیں پر بھی، کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں لاتے جو سکون آشنا ہوتی ہو۔ ان کی تمام نظموں اور غزلوں میں سب کے سب رویے حرکت و عمل کے پیامبر ہیں۔ اسی طرح انھوں نے اپنے خطبات اور خطوط میں جو مثالیں اور حوالے دیے ہیں وہاں سے بھی ان کے تصور حرکت کا پتا چلتا ہے۔ ان کی شاعری، ان کا فکر و فلسفہ، تاریخ کے اس بنیادی رویے کی تعبیر و تفہیم پیش کرتا ہے جو قرآنی اور اسلامی تعلیمات کا بنیادی لازمہ ہے۔ خاص طور پر علامہ اقبال نے اپنے پانچویں خطبے میں جو گفتگو کی ہے اور جو بنیادی تصورات اس میں زیر بحث آئے ہیں، شعور نبوت و ولایت کا فرق، مقامات کا فرق، ختم نبوت کا مسئلہ، ثقافت کی روح کا معاملہ، زمان و مکاں کے مسائل اور کئی دوسرے اہم مسائل اس

Marfat.com

طرح سے باہم جڑے ہوئے ہیں کہ ایک کے بغیر دوسرے کا تصور ممکن نہیں ہے۔ انھیں تصورات کی یک جائی کا نام تصور تاریخ ہے۔ زمان و مکاں کی اپنے مجموعی علمی، فکری، تہذیبی اور مذہبی تناظر میں تفہیم، اس رویے کو جنم دیتی ہے جسے ہم ثقافت کہتے ہیں اور ثقافت کی روح اور فلسفۂ ختم نبوت ہے۔ ختم نبوت کو مانے بغیر، اسے اپنی زندگی کا لازمہ بنائے بغیر، اپنے دینی، تہذیبی، فکری، ادبی، فلسفیانہ اور نفسیاتی رویوں کی تعبیر ممکن ہی نہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ دین کے تمام رویے اس سے قبل کی ملتوں کے ہاں مشترک رہے ہیں۔ تصور توحید ہو، تصور رسالت ہو، تصور آخرت ہو، فرشتوں پر ایمان ہو، آخرت پر ایمان ہو تو یہ تمام مسلم تہذیبوں کا، تمام دینی تہذیبوں کا اور تمام انبیا کی تعلیمات کا ایک لازمی پہلو رہا ہے۔ لیکن ایک چیز کہ جس پر امت مسلمہ کو باقی تمام امتوں پر ترجیح دی گئی ہے یا فوقیت دی گئی ہے وہ ختم نبوت کا معاملہ ہے۔ لہٰذا قیامت تک کے مراحل علمی، فکری، تہذیبی، دینی سب کے سب نبی کریمؐ کی تعلیمات کے ساتھ وابستہ کر دیے گئے ہیں۔

یہ وہ بنیادی فلسفہ ہے جو انسانی زندگی کے تمام معاملات کو، تمام مسائل کو، تمام رویوں کو، تمام نقطہ ہائے نظر کو ایک اکائی کی صورت میں پیش کرتا ہے اور اسی سے انسانی زندگی ایک ایسے رویے کے ساتھ مل جاتی ہے جو اسے سکون آشنا نہیں ہونے دیتا بلکہ اس کے اندر حرکت اور عمل کی کیفیات پیدا کر دیتا ہے۔ قرآن وہ کتاب ہے جو فکر سے زیادہ عمل پر بنیاد رکھتی ہے اور عمل پر تاکید کرتی ہے لہٰذا مسلمان صوفیا، مسلمان مفکرین اور مذہبی رہنما، فکر سے زیادہ عمل پر زور دیتے رہے ہیں۔ یہ تاکید اور اصرار ہماری زندگی کے ان رویوں کو باہم جوڑتے ہیں جو رویے باقی تہذیبوں میں منتشر صورتوں میں ملتے ہیں۔ لہٰذا یہ بنیادی اکائی ہمارے پیش نظر موضوع کو سمجھنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے کہ اس کے بغیر تصور تاریخ کو سمجھا نہیں جا سکتا۔

تاریخ علم ہے اور علم کا ذریعہ بھی۔ صحیح تاریخ اور تصور تاریخ کی بنیاد عقائد پر ہے اور اگر عقائد صحیح ہوں اور ان عقائد کی بنیاد واقعتاً وحی اور الہام پر ہو تو تاریخ اپنے علمی اعتبار سے اور بطور ذریعۂ علم کے اپنی صحیح فکری اور معنوی بنیادوں پر استوار ہوگی۔ اگر تاریخ کو انسان کے وضع کردہ عقائد اور ایمانیات پر استوار کیا جائے تو تاریخ کا نہایت سطحی اور عامیانہ پن سامنے آتا ہے اور یہ بے ربط جھاڑ جھنکار کا ایک مجموعہ بن جاتی ہے۔ یہ زندگی کے حیات آفریں، حیات بخش اور تخلیقی رویوں کی حامل نہیں رہتی۔ تاریخ کے عام اور سطحی بنیادوں پر استوار ہونے سے نظام فطرت کا تسلسل رک جاتا ہے یا زوال آمادہ ہو جاتا ہے یا آخر کار زوال آشنائی کی بنا پر نظام فطرت میں شکست و ریخت کا عمل در آتا ہے۔

Marfat.com

نظام فطرت میں شکست و ریخت کے عمل کے وقوع پذیر ہو جانے کے بعد انسانی زندگی اپنی بنیادی قدروں پر استوار نہیں رہ سکتی لہٰذا ضروری ہے کہ تاریخ کو عقائد کے تابع رکھا جائے۔ اسلامی تعلیمات کے پس منظر میں تاریخ، تصور تاریخ اور نظام فطرت، قرآن کریم کے قوانین کے تابع ہے۔ یہ رویے اور تصورات ان اصول وضوابط سے سرمو انحراف نہیں کرتے جو وحی الٰہی پر بنیاد رکھنے کی وجہ سے معاشرتی، تہذیبی، سیاسی اور سماجی زندگی میں معاون ہوتے ہیں۔ اگر تاریخ اور تصور تاریخ یا فطرت کا نظام وحی الٰہی کے دائرے سے نکل جائے تو نظام کائنات کے اندر کچھ ایسے رویے متشکل ہوتے ہیں جو انسان کے تخلیقی رویوں کو ماند کر دیتے ہیں۔ تخلیقی جذبے سرد پڑ جانے کی وجہ سے تاریخ کا تسلسل اپنی ان بنیادی اقدار سے منحرف ہو جاتا ہے جن کی بنیاد پر تاریخ کا سارا نظام قائم ہے۔

تخلیقی جذبہ جب ماند پڑ جاتا ہے تو انسان ذہنی انحطاط کا شکار ہو جاتا ہے۔ ذہنی رویوں میں جمود تخلیقی سوتوں کو خشک کر دیتا ہے اور تخلیقی سوتوں کے خشک پڑ جانے اور جذبۂ تخلیق کے سرد پڑ جانے سے مذہبی سطح پر کچھ ایسے رویے سامنے آتے ہیں جو مذہبی معاملات میں ظاہر پرستی کو رواج دیتے ہیں۔ انسان مقلدانہ دائرے میں قید ہو کر اجتہادی اور تخلیقی زاویہ ہائے نظر سے دور نکل جاتا ہے۔ اس دائرے سے انسان کی دوری دراصل مذہب کے اس حقیقی اور معنوی دھارے سے دور نکلنے کی ایک اجتہادی غلطی ہوتی ہے جس کی بنا پر اس کا علمی، تہذیبی، معاشی اور معاشرتی تعلق اپنے ماضی سے قائم نہیں رہ پاتا۔ ماضی سے تعلق کی کمزوری یا کمی یا ماضی سے عدم تعلق اسے اس کے حال سے جڑا نہیں رہنے دیتا۔

تاریخ کے حوالے سے ماضی کے ساتھ تعلق کی کمی مستقبل کی قدروں اور مستقبل کے منظر نامے کو اس کے حقیقی اور تخلیقی تناظر میں پیش نہیں کر سکتی جس کی وجہ سے انسان مذہب کی باطنی اور معنوی روح سے دور ہو کر مذہب کے ظاہری رویوں میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ مذہب کے ظاہری رویوں میں گرفتار ہونے کی وجہ سے انسان کا تاریخ کے ساتھ تعلق اور رشتہ بھی کمزور پڑ جاتا ہے۔ یہ کمزوری فرد سے اجتماعی زندگی تک سفر کرتی ہے۔ قرآن نے بیک وقت فرد اور قوم کو اپنی گفتگو کا موضوع بنایا ہے۔ فرد کی سطح پر وہ انسان کو ایسے سانچے میں ڈھالتا اور اس کی ایسی ذہنی، فکری اور روحانی تربیت کرتا ہے کہ جس کے بعد وہ ایک معاشرے ایک ایسی قوم اور ایک ایسی تہذیب کا حصہ بن جاتا ہے جو قرآن کا مقصود اصلی اور حقیقی ہے۔

Marfat.com

فرد سے اجتماعی زندگی تک انسان کا سفر تاریخ کے سائے میں گزرتا ہے۔ تاریخ سے ہٹ کر اور بچ کر نکلنا اس کے لیے ممکن نہیں ہوتا۔ فرد کی ذاتی اور شخصی زندگی پر تو شاید تاریخ کے رویے اس سطح پر رونما نہ ہوتے ہوں لیکن اجتماعی زندگی میں داخل ہو جانے کے بعد تاریخ کی کارفرمائی اپنے ایک وسیع معنوی تناظر میں متشکل ہوتی ہے۔ قرآن کی نگاہ میں ایک فرد ایک انسان بیک وقت ایک فرد بھی ہے اور ایک قوم، معاشرے اور تہذیب کا حصہ بھی۔ وہ بیک وقت دو سطحوں پر زندگی گزار رہا ہوتا ہے۔ ضروری ہے کہ وہ زندگی کی دونوں سطحوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے علمی اور معنوی دائرے کو تاریخ کی وسعت آشنائی کے ساتھ ہم آہنگ کرے تاکہ تاریخ کے علمی تناظر سے دور نہ جا سکے۔

اجتماعی زندگی میں اگر انسان مذہبی دائرے سے دور نکل جائے اور اس پر مذہب کی چھاپ اپنے مجموعی علمی اور عملی تناظر میں موجود نہ ہو تو وہ معاشرہ، قوم یا تہذیب، ذہنی، علمی، نفسیاتی، فکری اور تہذیبی اعتبار سے انحطاط کا شکار ہو جاتی ہے۔ اجتماعی سطح پر فکری انحطاط تصور توحید کے کمزور پڑ جانے سے وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اسلامی زندگی میں توحید اور تصور رسالت کی موجودگی تاریخ کو اس کے صحیح معنوی تناظر میں سرگرم کار رکھتی ہے لیکن تاریخ کے سفر کے دوران میں ان دونوں عقائد کی گرفت ڈھیلی پڑ جائے تو تاریخ کا سارا سفر متاثر ہوتا ہے۔

علامہ اقبال نے تصور رسالت کو اپنے پانچویں خطبے میں ایک نئے اور خوبصورت زاویے سے پیش کیا ہے۔ انھوں نے تاریخ کا تعلق اور رشتہ صرف عقیدۂ توحید اور عقیدۂ رسالت کے ساتھ وابستہ نہیں کیا بلکہ انھوں نے تصور رسالت میں نبی کریمؐ کا بنیادی اور ازلی رشتہ قائم کر کے تصور رسالت کو ماننے کا ایک بالکل نیا زاویہ عطا کیا۔

اب ضروری ہے کہ تاریخ اور تصور تاریخ، توحید اور ختم نبوت کے فہم سے اپنے سفر کو آشنا رکھے۔ بصورت دیگر اس کا سفر زمانے کی حدود میں مقید ہو کر رہ جائے گا اور زمانے سے ماوراء اس کا روحانی اور فکری تناظر متاثر ہوگا اور اس کی وہ صورت سامنے نہیں آئے گی جو اسلامی اور قرآنی تعلیمات کا اظہار یا پیش خیمہ ہے۔

اجتماعی زندگی اگر تو تصور توحید اور تصور ختم نبوت کی خوش بو سے معطر ہے تو اس میں وہ سارے رنگ اور رس موجود ہیں جو تصور تاریخ اور علم تاریخ کو اس کے صحیح وجدانی اور جمالیاتی تناظر میں محو سفر رکھتے ہیں۔ بصورت دیگر معاشرہ توحید اور ختم نبوت پر ایمانیات کے کمزور پڑ

Marfat.com

جانے سے خود تہذیب یا معاشرہ کمزور پڑ جاتا ہے۔ یہ وہ عقائد ہیں جن پر ایمان لائے اور عمل کیے بغیر تاریخ اپنے معنوی دائرے میں سفر آشنا رہتی ہے اور اگر اس ایمانیات یا ان عقائد میں کمزوری کا سفر صراط مستقیم پر قائم نہیں رہ پاتا، جب کہ اجتماعی زندگی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہے۔ تصور توحید پر عمل پیرا نہ ہونے کی بنا پر انسان میں اقتدار کی ہوس بھڑک اٹھتی ہے۔ خدائے ذوالجلال کو اقتدار اعلیٰ تصور نہ کرنے کی پاداش میں معاشرہ طبقاتی نظام کا شکار ہو کر امیر اور غریب طبقات میں بٹ جاتا ہے۔ معاشرے کے طبقات میں تقسیم ہو جانے کے سبب مساوات محمدی کا رنگ برقرار نہیں رہ پاتا۔ اس رنگ کے برقرار نہ رہ پانے کی وجہ سے تاریخ کی جبریت سامنے آتی ہے اور وہ انسان کی تخلیقی جہتوں کو تقلید آشنا کر دیتی ہے یا جمود کا شکار کر دیتی ہے۔ انسان اپنی زندگی کے تمام تر شعبوں میں آگے بڑھنے کے بجائے لمحۂ موجود میں کہیں معلق ہو کر رہ جاتا ہے۔

اجتماعی زندگی میں توڑ پھوڑ اور طبقات میں کشمکش انسان کو دو سطحوں میں بانٹ دیتی ہے:

۱- امارت ۲- غربت

اور دونوں کے مابین کوئی رشتہ نہیں ہوتا۔ اگر معاشرے میں تصور توحید اور تصور ختم نبوت موجود ہیں تو امیر اور غریب کے درمیان کوئی تفریق نہیں:

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز
بندہ و صاحب و محتاج و غنی ایک ہوئے
تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے [۱۲۷]

ان دونوں سطحوں کے درمیان تصور توحید کی یک رنگی اور ختم نبوت کی خوش بو ماند پڑ جائے تو معاشرے کی بنیادی قدریں اپنے مرکز اور محور سے ہٹ جاتی ہیں۔ معاشرتی زندگی کا اپنے محور سے ہٹ جانا انسانوں کو درجوں، گروہوں اور مختلف طبقوں میں بانٹ دیتا ہے اور ان دو بڑے طبقات کے مابین جو یک جائی کی کیفیت موجود ہو سکتی ہے، وہ عقائد کے کمزور پڑ جانے سے قائم نہیں رہتی اور ان دونوں گروہوں کے مابین اس قدر فاصلہ بڑھ جاتا ہے کہ دونوں کے درمیان کسی نوعیت کا کوئی بھی رشتہ اور ناتا قائم نہیں رہ سکتا۔ امیر طبقہ روز بہ روز دولت مند ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس کی دولت اس کی نگاہوں پر پردے ڈال دیتی ہے۔ نگاہوں پر پردے پڑ جانے سے اس کا علم زندگی کی ان قدروں کا ترجمان نہیں رہتا جو اسے مذہب فراہم کرتا ہے لہٰذا

Marfat.com

امیر آدمی غروراور تکبر کی کیفیات میں گم ہو جاتا ہے اور مالی اعتبار سے کمتر لوگوں کو اپنی نگاہ میں نہیں رکھتا۔ اس کی وجہ سے انسانی معاشرے کے اندر زر پرستی اور ہوس پرستی کا رجحان بڑھ جاتا ہے۔ یہ وہ رویہ ہے جو انسانی زندگی کی خوبصورتیوں کو بدصورتیوں میں بدل دیتا ہے اور تاریخ کا عمل صراط مستقیم پر رواں دواں رہنے کے بجائے بے معنی اور زمانے کی قید میں محصور ہو کر رہ جاتا ہے۔ تاریخ کی معنوی اپیل اس معاشرتی زندگی کو تخلیقی رویوں کی طرف گامزن نہیں رکھ سکتی۔ لہٰذا فرد سے معاشرے تک انسانی زندگی میں توڑ پھوڑ کی وہ صورتیں اور جہتیں ہمارے سامنے آتی ہیں جن پر انسانی زندگی اپنی بنیادی اقدار کو استوار نہیں کر پاتی۔

تاریخ ایک ایسا زاویۂ نظر، ایک ایسا علم اور ایک ایسا ذریعۂ علم ہے کہ جس کی وجہ سے انسان صراط مستقیم پر رہتا ہے۔ قوموں اور تہذیبوں کے عروج اور زوال کی کہانیاں اور داستانیں دراصل کسی بھی معاشرے کو راہ راست پر رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔

قرآن کریم نے لوگوں کو توحید، رسالت اور دیگر عقائد پر راسخ کرنے اور عمل پیرا ہونے کے لیے تاریخ سے جو مثالیں دی ہیں وہ اس بات کی غماز ہیں کہ انسان کو صراط مستقیم پر رکھنے کے لیے ماضی کے واقعات اور حالات کی تعبیر کو اس کے سامنے رکھا جائے تاکہ معاشرتی زندگی کا امن قائم رکھا جا سکے۔ لہٰذا جب معاشرہ اپنے ماضی سے آنکھیں بند کر لیتا ہے تو مستقبل، جو کہ ویسے ہی ابھی منظر پر نہیں ہے، وہ کیوں کر ہماری نگاہوں کے سامنے آ سکتا ہے۔ یقیناً ماضی سے آنکھیں چرانے والے معاشرے یا ماضی سے عبرت حاصل نہ کرنے والی معاشرتی زندگی یا ماضی سے حال کو کاٹنے والی تہذیبیں مستقبل سے کٹ کر رہ جاتی ہیں۔ ضروری ہے کہ تاریخ سے انسانی معاشرہ اپنی زندگی کے مختلف رویوں میں سبق حاصل کرے تاکہ وہ مستقبل کی خوش آئند جھلک دیکھ سکے لیکن اجتماعی زندگی کے زوال پذیر ہو جانے اور انحطاط کا شکار ہونے کے بعد انسان کا اپنے ماضی سے رشتہ ناتا کمتر اور کمزور پڑ جاتا ہے اور ماضی سے ناتے کے کمزور ہو جانے کی وجہ سے انسانی زندگی بنیادی اقدار سے محروم ہو جاتی ہے جب کہ بنیادی اقدار، انسانی زندگی کا لازمہ ہیں۔

ابتداءً معاشرے کی شکست و ریخت میں معاشی رویوں کا بنیادی کردار ہوتا ہے۔ دولت کی ریل پیل کی بنا پر معاشرہ جن قبیح برائیوں کا شکار ہوتا ہے، ان میں بتدریج اس قدر اضافہ ہو جاتا ہے کہ انسان کی اخلاقی، مذہبی اور تہذیبی زندگی بھی متاثر ہو جاتی ہے۔ معاشی سطح پر انسان کے انحطاط

Marfat.com

کے باعث اس کی مذہبیت اور تہذیبی شناخت اس حد تک متاثر ہو جاتی ہے کہ انسان اپنے مجموعی انسانی ماحول میں نہیں رہ پاتا۔ اگر ہم ظہور اسلام سے قبل کی تہذیبوں کا مطالعہ کریں یا اس کے بعد غیر مسلم تہذیبوں کا مطالعہ ہو تو ہم دیکھتے ہیں کہ یونانی تہذیب ہو، رومی تہذیب ہو، مغربی تہذیب ہو، ہندومت کی تہذیب ہو یا عجمی تہذیب ہو، چاہے وہ ظہور اسلام سے قبل کی تہذیب ہو یا ظہور اسلام سے بعد کی غیر مسلم تہذیب، اس میں کبھی بھی دائمی سکون اور امن کی کارفرمائی نہیں رہتی۔ تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان متذکرہ بالا تہذیبوں میں انسان بحیثیت فرد توڑ پھوڑ کا شکار رہا ہے، اب بھی ہے اور آئندہ بھی اس کے خدشات و امکانات اپنے پورے تناظر میں موجود ہیں کہ انسان کی نفسیاتی، فکری اور داخلی کیفیتیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار رہیں گی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ معاشروں میں تہذیب کی عمل داری اس سطح پر نہیں ہے کہ جہاں بقول اقبال:

یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات [۱۲۸]

توحید کے عنوان سے علامہ اقبال یوں گویا ہیں:

زندہ قوت تھی جہاں میں یہی توحید کبھی
آج کیا ہے؟ فقط اک مسئلہء علم کلام!
روشن اس ضو سے اگر ظلمت کردار نہ ہو
خود مسلماں سے ہے پوشیدہ مسلماں کا مقام!
میں نے اے میر سپہ تیری سپہ دیکھی ہے
قل ہو اللہ کی شمشیر سے خالی ہیں نیام!
آہ! اس راز سے واقف ہے نہ ملا نہ فقیہ
وحدت افکار کی بے وحدت کردار ہے خام!
قوم کیا چیز ہے، قوموں کی امامت کیا ہے
اس کو کیا سمجھیں یہ بیچارے دو رکعت کے امام [۱۲۹]

توحید کے معاشرے میں رواج پذیر ہو جانے کی وجہ سے انسانی زندگی کا طبقات پر سے اعتماد اٹھ جاتا ہے اور اگر یہی تصور توحید انسانی تصورات کی آلائشوں سے آلودہ ہو جائے تو انسانی زندگی طبقات کے اندر گم ہو کر رہ جاتی ہے۔ معاشرے میں مختلف رویے خدائی روپ میں آشکار

Marfat.com

ہوتے ہیں۔ ان تازہ خداؤں کے تناظر میں انسان اس حقیقت مطلقہ کے ادراک سے قاصر رہتا ہے جو انسانی زندگی میں امن اور سکون کی داعی ہے اور اس کے تسلسل کا باعث بھی ہے۔ لیکن ان تہذیبوں میں تصورِ توحید کی اپنے مجموعی فکری تناظر میں موجود نہ ہونے کی وجہ سے معاشرتی زندگی طبقاتی نظام میں بٹ کر فکر کے ایسے زاویوں کو اجاگر کرتی ہے کہ جو انسان پر انسانی ظلم کی داستانیں سناتے ہیں۔ کسی بھی تہذیب یا معاشرے میں جہاں تصورِ توحید اپنے تمام تر رنگوں کے ساتھ جلوہ نمانہ ہو وہاں معاشرہ فاشسٹ رویوں کا عکاس بن جاتا ہے اور ایک انسان کی آمریت، اس انسانی زندگی کے پورے ماحول کو متاثر کرتی ہے۔ لیکن اگر معاشرہ تصورِ توحید سے آشنا ہو اور عمل پیرا بھی تو تاریخ انسانی زندگی کو ایسی جہتوں سے آشنا کرتی ہے کہ انسان لمحۂ موجود میں اپنے ماضی کے ساتھ وابستہ رہتے ہوئے ایک ایسے مستقبل کی خبر لاتا ہے کہ جو دنیا پر امن و سکون کے سویرے طلوع کر سکتا ہو۔ اس کے لیے بنیادی تصور کو سمجھنے اور اسے اپنی انسانی زندگی کے فکری اور معنوی ماحول میں آباد کرنے کے لیے کوشاں ہوتا کہ وہ قرآنی زاویۂ نظر معاشرے کے اندر رچ بس سکے جس سے تاریخ اپنے مجموعی جمالیاتی تناظر میں سامنے آتی ہے اور اس کا سفر صراط مستقیم پر ازل سے ابد کی طرف رواں دواں ہوتا ہے اور تصورِ توحید کی نگہداشت اور تصورِ رسالت پر ایمان کے بعد اس کے سفر کو اس کے صحیح جادۂ ہدایت سے منحرف نہیں کیا جا سکتا۔

حقیقت یہ ہے کہ جب تک ہم ختم نبوت کی کل تعلیمات پر عمل پیرا نہ ہوں، اس کو اپنی زبان اور دل و جان سے تسلیم نہ کرلیں، ہم تصورِ تاریخ کی معنویت کو بہتر طور پر نہیں پا سکتے۔ ختم نبوت نے انسان کو ایک بہت بڑی آزادی عطا کی ہے۔ اس آزادی نے انسان کے اندر عمل کی تاریخیت کے جبر کو ختم کر کے رکھ دیا ہے۔ اب انسان آزاد ہے۔ اب اس کے پاس ایک مکمل نظامِ حیات ہے اور وہ اب اس نظامِ حیات کی روشنی میں اپنی اچھائی اور برائی کے انتخاب کا حق رکھتا ہے لہٰذا اس پر کوئی جبری قدغن یا پابندی عاید نہیں ہوتی۔ اس ایک نظریے کو تسلیم کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے سے وہ تاریخ کی جکڑ بندیوں اور زمان و مکاں کی ان فریب کاریوں سے آزاد ہو گیا ہے۔ اس کا اس معاشرے اور اس دنیا میں ایک مقام و مرتبہ ہے جسے پیش نظر رکھ کر وہ آگے بڑھنے اور عروج حاصل کرنے میں آزاد اور خود مختار ہے۔ انسان کے اصل مقام و مرتبے اور اختیار کے حوالے سے تاریخی حرکت کی تعبیر و تشکیل کو ڈاکٹر برہان الدین فاروقی کچھ یوں واضح کرتے ہیں:

Marfat.com

تاریخ واقعی علم (Positive Science) ہے جس کا وظیفہ قوموں اور تہذیبوں کے عروج و زوال کی توجیہ و تعلیل کرنا ہے لیکن اگر تاریخی حرکت کا رخ زوال کی طرف ہو تو تاریخ کے مطالعے سے کوئی ولولہ پیدا نہیں ہوتا اور تاریخ کے امام ابن خلدون کی نظر میں بھی تاریخ صرف زوال کی توجیہ کا علم بن کر رہ جاتی ہے۔ تاریخ کے بارے میں یہ ذہن، انسانی استعداد کے زائیدہ نظریات تاریخ کو قبول کرنے اور علم بالوحی کے عطا کردہ تصور تاریخ کو نظر انداز کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ علم بالوحی کی رو سے انبیائے سابقین کے قصے جو قرآن میں بیان ہوئے ہیں، ان کا مقصد یہ ہے کہ اصحاب حق کے غلبے اور اصحاب باطل کی شکست کا یقین راسخ ہو کیوں کہ اصحاب حق اور اصحاب باطن کی کشمکش ہی تاریخی عمل (Historical Process) ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ دعویٰ کہ اصحاب حق ہی غالب رہیں گے، اس لیے صحیح ہے کہ تین کائناتی قوانین (قانون نشوونما، تاریخی قانون تضاد اور کائناتی قانون سعادت وشقاوت) سے اور ان قوانین کے باہمی ربط ہی سے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ قانون نشوونما یعنی مقصد کے قریب تر ہونے کا قانون جعلنا لکل نبی عدوا من المجرمین (الفرقان۔ ۳۱:۲۵) ہے۔ پیغمبرانہ دعوت کی کامیابی اس پر منحصر ہے کہ اس کی مزاحمت، جو مجرموں کی جانب سے ہوتی ہے، سے دعوت کامیاب ہوتی ہے۔ اس سے دو گروہ وجود میں آتے ہیں: حزب اللہ اور حزب الشیطان، جن کی کشمکش تاریخی عمل ہے۔ حزب اللہ یعنی اصحاب حق کا غلبہ اس کائناتی قانون سعادت وشقاوت سے متعین ہوتا ہے۔ ''قد افلح من زکھا وقد خاب من دسھا'' وہ یقیناً فلاح پا گیا، جس کا نفس حرص ولالچ سے پاک ہو گیا کیوں کہ وہ دوسروں کو نشوونما دے گا اس لیے کامیاب ہوگا اور جس نے اپنے نفس کو حرص ولالچ میں مبتلا رکھا وہ تباہ ہو گیا، کیوں کہ وہ مزعومہ مفاد کی خاطر دوسروں کی نفع بخشی، فیض رسانی اور نشوونما دینے کو روکے گا۔

اب اگر تاریخی حرکت کا رخ زوال کی طرف ہو اور تاریخ کے مطالعے سے کوئی ولولہ پیدا نہ ہوتا ہو اور تاریخی حرکت کا رخ عروج کی طرف پھیرنا درکار ہو تو ایک ولولہ انگیز نصب العین اختیار کر کے، جس کے شعور کے خیرہ ہو جانے سے زوال ہوا تھا اور اس کو حاصل کرنے کے لیے کائناتی قوانین کے حوالے سے کامیابی کا یقین استوار کیا جائے تو تاریخی حرکت کا رخ عروج میں بدلا جا سکے گا۔ یوں تاریخ واقعی علم کے بجائے غائی علم کے نمونے پر ڈھل سکے گا۔

یہ سب کچھ تبھی ممکن ہوگا جب علم بالوحی اور انسانی علم کے درمیان امتیازات کا شعور بحال کر کے انسانی علم کو علم بالوحی کی روشنی میں نشوونما دے کر انسانی علم کے نقص کی تلافی کی جائے۔[۱۳۰]

❀……❀……❀

Marfat.com

# حوالے وحواشی


۱- محمد مظہر الدین صدیقی، اسلام کا نظریۂ تاریخ، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور،۱۹۶۲ء، ص ۱۸۔

۲- ایضاً، ص ۱۳۔

۳- ایضاً، ص ۱۴، ۱۵۔

۴- ایضاً، ص ۱۱۔

5. William. L. Langer, *An Encyclopedia of World History*, Houghton Miffin Company, Boston, 1972.

6. *Encyclopedia Americana*, Vol- 4, Groleir Incorporated Dandbury, Connecticut, America, 1982.

7. Mircea Eliade, *The Encyclopaedia of Religion,* McMillan Publishing Company, New York, 1978.

8. *The Hutchison Encyclopedia,* Helicon Publishing Ltd., Oxford, 1994.

9. *The World Book Encyclopedia,* London, Field Enterprises, Educational Corporation, 1966.

10. William Little, *Short Oxford English Dictionary*, Oxford At The Clarendon Press, London, 1968.

11. Herry Shaw, *Dictionary of Literary Terms,* Mcgraw-hill Book Company, New Yark, 1972.

۱۲- ولیم ایل لینگر، انسائیکلوپیڈیا تاریخ عالم: ابتدا سے اٹھارہویں صدی عیسوی کے آخر تک، حصہ دوم، ترجمہ وتہذیب: مولانا غلام رسول مہر، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۵ء۔

۱۳- اُردو لغت- تاریخی اصولوں پر، جلد چہارم، اُردو ڈکشنری بورڈ، کراچی، ۱۹۸۲ء۔

۱۴- سید احمد دہلوی، فرہنگ آصفیہ، جلد اوّل، مرکزی اُردو بورڈ، لاہور، ۱۹۷۷ء۔

۱۵- صادق علی گل، ڈاکٹر، سر گزشت تاریخ، پبلشرز ایمپوریم، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص ۲۷۔

۱۶- ایضاً، ص ۳۲۔

۱۷- ایضاً، ص ۳۲، ۳۳۔

۱۸- ایضاً، ص ۳۳۔

۱۹- ایضاً۔

۲۰- صادق علی گل، ڈاکٹر، فن تاریخ نویسی، پبلشرز ایمپوریم، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص ۴۔


Marfat.com

۲۱- ایضاً۔

۲۲- ایضاً۔

۲۳- ایضاً۔

۲۴- ایضاً۔

۲۵- ایضاً،ص ۶۔

۲۶- ایضاً،ص ۷۔

۲۷- ایضاً۔

۲۸- ایضاً،ص ۸۔

۲۹- ایضاً،ص ۱۲۔

۳۰- ایضاً،ص ۱۳۔

۳۱- فرہنگ آصفیہ۔

۳۲- مولوی نورالحسن نیر کاکوروی، نور اللغات، جنرل پبلشنگ ہاؤس، کراچی، ۱۹۶۹ء۔

۳۳- حضرت مہذب لکھنوی، مہذب اللغات، نامی پریس، لکھنو، ۱۹۵۸ء۔

۳۴- ڈاکٹر سید علی رضا نقوی، فرہنگ جامع، فارسی بہ انگلش و اُردو، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد، ۱۳۷۲ھ۔

۳۵- فرہنگ آصفیہ۔

۳۶- نور اللغات۔

۳۷- مہذب اللغات۔

۳۸- فرہنگ آصفیہ۔

۳۹- نور اللغات۔

۴۰- مہذب اللغات۔

۴۱- فرہنگ آصفیہ۔

۴۲- نور اللغات۔

۴۳- مہذب اللغات۔

۴۴- فرہنگ جامع۔

۴۵- فرہنگ آصفیہ۔

Marfat.com

۴۶- نور اللغات۔
۴۷- سہذب اللغات۔
۴۸- فرہنگ جامع۔
۴۹- فرہنگ آصفیہ۔
۵۰- نور اللغات۔
۵۱- سہذب اللغات۔
۵۲- فرہنگ جامع۔
۵۳- ایضاً۔
۵۴- فرہنگ آصفیہ۔
۵۵- نور اللغات۔
۵۶- سہذب اللغات۔
۵۷- فرہنگ جامع۔
۵۸- فرہنگ آصفیہ۔
۵۹- عبداللہ خان خویشگی، فرہنگ عامرہ، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۱۹۸۹ء۔
۶۰- سہذب اللغات۔
۶۱- فرہنگ جامع۔
۶۲- فرہنگ آصفیہ۔
۶۳- نور اللغات۔
۶۴- سہذب اللغات۔
۶۵- فرہنگ جامع۔
۶۶- فرہنگ آصفیہ۔
۶۷- فرہنگ عامرہ۔
۶۸- سہذب اللغات۔
۶۹- فرہنگ جامع۔
۷۰- فرہنگ آصفیہ۔
۷۱- نور اللغات۔

Marfat.com

۷۲- مہذب اللغات۔
۷۳- فرہنگ جامع۔
۷۴- فرہنگ آصفیہ۔
۷۵- نور اللغات۔
۷۶- مہذب اللغات۔
۷۷- فرہنگ جامع۔
۷۸- فرہنگ آصفیہ۔
۷۹- نور اللغات۔
۸۰- مہذب اللغات۔
۸۱- فرہنگ آصفیہ۔
۸۲- نور اللغات۔
۸۳- فرہنگ جامع۔
۸۴- نور اللغات۔
۸۵- مہذب اللغات۔
۸۶- فرہنگ جامع۔
۸۷- مولانا عبدالدائم الجلالی، لغات القرآن، مکتبہ حسن سہیل، لاہور، س۔ن۔
۸۸- سید علی اکبر قرشی، قاموس القرآن، دارالکتب اسلامیہ، تہران، ۱۳۵۴ھ۔۔
۸۹- فرہنگ آصفیہ۔
۹۰- نور اللغات۔
۹۱- مہذب اللغات۔
۹۲- فرہنگ جامع۔
۹۳- فرہنگ آصفیہ۔
۹۴- نور اللغات۔
۹۵- مہذب اللغات۔
۹۶- فرہنگ آصفیہ۔
۹۷- نور اللغات۔

Marfat.com

۹۸- مہذب اللغات۔

۹۹- فرہنگ آصفیہ۔

۱۰۰- نور اللغات۔

۱۰۱- مہذب اللغات۔

۱۰۲- فرہنگ جامع۔

۱۰۳- فرہنگ آصفیہ۔

۱۰۴- نور اللغات۔

۱۰۵- پروفیسر بشیر احمد صدیقی، جواہر اللغات، کتابستان پبلشنگ کمپنی، لاہور، س۔ن۔

۱۰۶- فرہنگ جامع۔

107- Mircea Eliade, *The Encyclopaedia of Religion*, McMillan Publishing Company, New York, 1987.

۱۰۸- محمد مظہر الدین صدیقی، اسلام کا نظریۂ تاریخ، ص۱۹، ۲۰۔

۱۰۹- محمد رفیع الدین، ڈاکٹر، حکمتِ اقبال، علمی کتاب خانہ، اُردو بازار، لاہور، س۔ن، ص۳۲۲۔

۱۱۰- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص۳۲۳۔

۱۱۱- ایضاً، ص۳۹۹، ۴۰۰۔

۱۱۲- اُردو دائرۂ معارف اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب، لاہور، ۱۹۸۹ء۔

۱۱۳- السخاوی، شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن، الاعلان بالتوبیخ، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر سید محمد یوسف، مرکزی اُردو بورڈ، لاہور، ۱۹۶۸ء، ص۲۷، ۲۸۔

۱۱۴- غلام جیلانی برق، مورخین اسلام، مکتبہ جدید، لاہور، س۔ن، ص۳۱۔

۱۱۵- سید قاسم محمود، اسلامی انسائیکلوپیڈیا، شاہکار بک فاؤنڈیشن، س۔ن۔

۱۱۶- السخاوی، الاعلان بالتوبیخ، ص۵۲۔

۱۱۷- ایضاً، ص۲۹، ۳۰۔

۱۱۸- ایضاً، ص۱۱۰۔

۱۱۹- ابن خلدون، علامہ عبدالرحمٰن، مقدمہ تاریخ ابن خلدون، اُردو ترجمہ: سید قاسم محمود، الفیصل ناشران و تاجران کتب، لاہور، ۲۰۰۴ء، ص۱۳۱۔

۱۲۰- شبلی نعمانی، علامہ، الفاروق، عظیم اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص۲۴۔

۱۲۱- یحییٰ بن احمد سرہندی، تاریخ مبارک شاہی، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر آفتاب اصغر، مرکزی اُردو بورڈ،

Marfat.com

لاہور، ۱۹۷۶ء، ص ۲۱۔۲۳۔

۱۲۲- تفسیر احسن البیان، اُردو ترجمہ: مولانا محمد جوناگڑھی، دارالسلام پبلشرز، سعودی عرب، ۱۹۹۸ء، ص ۱۴۳۴ھ۔

۱۲۳- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۳۸۶، ۳۸۷۔

۱۲۴- محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، اُردو ترجمہ: سید نذیر نیازی، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۹۶ء، ص ۲۲۳۔۲۲۹۔

۱۲۵- ایضاً، ص ۱۸۸، ۱۸۹۔

۱۲۶- ایضاً، ص ۱۹۰۔۱۹۳۔

۱۲۷- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۱۶۵۔

۱۲۸- ایضاً، ص ۴۹۹۔

۱۲۹- ایضاً، ص ۴۸۷۔

۱۳۰- برہان الدین احمد فاروقی، ڈاکٹر، قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۷۹، ۸۰۔

❁…❁…❁

Marfat.com

# مسلمان مفکرین تاریخ کا تصور تاریخ اور علامہ اقبال

## اتفاق و اختلاف

تاریخ ایک بیش بہا اور بے انتہا علم ہے۔ یہ فرد، قوم یا تہذیب، چاہے وہ تہذیب ظہور اسلام سے قبل کی ہو یا بعد کی اور کسی بھی براعظم سے متعلق ہو، اس پر اپنا اثر ضرور ڈالتی ہے۔ ایک فرد تاریخ سے اپنے ہونے کا احساس لیتا ہے۔ اس کی شخصی تشکیل اور عرفان ذات کے تمام تر مراحل میں تاریخ کا کردار بہت بنیادی نوعیت کا ہوتا ہے۔

اگر ہم فرد سے قوم کی طرف آئیں تو قوم کی اجتماعی تعمیر وتشکیل کے مختلف عوامل میں تاریخ کا کردار اور اہمیت روز روشن کی طرح عیاں ہے اور اس سے انکار ممکن نہیں۔ تاریخ عرفان، تعمیر اور رہنے کے احساس سے اس حد تک مملو ہے کہ اس کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں ہوتا۔ تاریخ صرف اس دنیا اور اس دنیا سے متعلق علم کا نام نہیں، بلکہ تاریخ اس زندگی کے ساتھ ساتھ اگلی زندگی کے رویوں سے براہ راست متاثر ہوتی ہے۔ جیسا کہ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ وحی الٰہی کے مطابق علم کا تیسرا درجہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری اس زندگی میں ہم پر اثر انداز ہونے والے یا ہماری آئندہ زندگی میں وقوع پذیر ہونے والے حالات اور واقعات میں تاریخ کا عمل دخل بہت بنیادی اور اساسی نوعیت کا ہے۔ اس زندگی کے بنیادی معاملات کا تاریخ کے ساتھ تعلق، ہماری اگلی زندگی کے حالات و واقعات اور اسباب وعوامل پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

کسی بھی مذہب میں دینی عقائد کے اپنے اصل اور حقیقی متن کے ساتھ وقوع پذیر ہونے میں تاریخ کے کردار سے انکار ممکن نہیں۔ مثال کے طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ سیرت رسولؐ اور احادیث رسول مقبولؐ کو جس طرح سے مسلمانوں نے محفوظ رکھا ہے اور جرح وتعدیل کا جو نظام اور علم قائم کیا ہے، اسماء الرجال کے جو اصول وضع کیے ہیں اور روایت و درایت کی جو تعبیریں

Marfat.com

ہمارے سامنے آئی ہیں، ان میں تاریخ، ان علوم وفنون کے ساتھ التزامی حیثیت سے دکھائی دیتی ہے۔ علامہ راغب الطباخ نے اسلامی تاریخ نویسی کے ابتدائی نقوش اور اصول وضوابط پر کچھ یوں روشنی ڈالی ہے:

رہا اسلام میں تاریخ کا معاملہ، تو اس کی ابتدائی نوعیت یہ تھی کہ صحابہ کرامؓ، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مغازی اور آپؐ کے سرایہ کو سینوں میں محفوظ رکھنے کا بڑا اہتمام فرماتے اور اپنی اولاد کو بھی انھیں یاد کرنے کی تاکید کرتے رہتے اور اسی کے ساتھ وہ ان (اولاد) کو جاہلیت کے وقایع واحوال یاد کرنے کی ترغیب دیا کرتے، نیز انھیں (صحابہؓ اور ان کی اولاد کو) خلفائے راشدینؓ کے زمانے کی فتوحات کے حفظ وضبط کا بھی خاص خیال واہتمام تھا۔

پھر تابعین بھی صحابہؓ کے نقش قدم پر چلے، یہاں تک کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے حکم سے حدیثیں مدون کیے جانے کا زمانہ آیا اور اس زمانہ میں اس کام کے لیے جسے اٹھنا تھا، وہ اٹھا، پھر جب ان محدثین نے یہ دیکھا کہ حدیث کے نام سے وہ باتیں بیان کی جارہی ہیں، جو حدیث نہیں ہیں، تو انھوں نے وضع وکذب کا سدباب کیا جانا اور صحیح طرح سے موضوع کو چھانٹ کر الگ کردینا ضروری سمجھا، لہٰذا انھوں نے لوگوں (راویوں) کے حالات کی چھان بین شروع کی اور ان کی عدالت، ان کے ضبط وحفظ، ان کے ثقہ ہونے کی تحقیق کرنے میں وہ لگ گئے، چنانچہ راویوں کے نام، ان کی ولادت، ان کے وطن، ان کی وفات اور ان کے سارے احوال کو باضابطہ مرتب ومدون کر ڈالا۔

پھر اس سے زیادہ وسیع کام، یعنی عام واقعات واخبار کی تدوین کے لیے بھی سند کا اہتمام کیا جانے لگا۔ یہاں تک کہ اشعار بھی سند سے بیان کیے جاتے، چنانچہ ابن جریر کی تاریخ اور اغانی وغیرہ کی کتب متقدمین سے تم پر یہ بات واضح ہو جائے گی۔

پھر اس کے بعد ان میں سے جنھوں نے کتابیں تالیف کیں، ان کے ضبط وحفظ، ان کی عدالت اور ان کے فضل وکمال کے دیکھ لینے پر اکتفا کی گئی، تو ان مولفین میں سے جو عدالت سے متصف، ضبط وحفظ کے مالک اور افضل وکمال سے بہرہ مند تھے، ان کی تالیفات مقبول ہوئیں اور ان تالیفات کے مشمولات اعتماد کے مستحق قرار پائے، جیسے ابن اسیر، یاقوت، ذہبی، ابن کثیر، حافظ ابن حجر، بدر الدین عینی اور ابن خلدون وغیر ہم [1]

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اخبار الطوال کے اُردو ترجمے کے لیے ایک ضمیمہ تحریر کیا تھا۔ اس کے زیر نظر اقتباسات عالمی تاریخ نویسی کے رجحانات اور مسلمانوں کی تاریخ کے میدان میں خدمات کے حوالے سے بہت اہمیت کے حامل ہیں، ملاحظہ کریں:

Marfat.com

جیسا کہ اشپرنگر نے اب سے صدی بھر پہلے اعتراف کیا تھا، حق و باطل میں امتیاز کے لیے قانون شہادت انسانی سماج میں بہت عرصے سے پایا تو جاتا ہے، لیکن سابق میں وہ صرف عدالتوں میں برتا جاتا تھا، مسلمان ہی وہ پہلی قوم ہیں، جنھوں نے قانون شہادت کو تاریخ پر بھی منطبق کیا تا کہ ہر ہر تاریخی واقعے کے ایک، دو، تین جتنے چشم دید اور گوش شنید گواہ مل سکتے ہیں، ان کے بیان کی اساس ہی پر اس واقعے کو نقل کیا جائے۔ اس طرح تاریخ، افسانوں کی جگہ، قابل اعتماد حقائق کا مجموعہ بن سکی، اور ہر ناظر کے لیے اس کا موقع رہا کہ بیان شدہ ماخذوں کو پرکھ کر خود مولف کے خلاف بھی رائے قائم کر سکے۔ مسلمانوں نے ہر ہر واقعے کی ''مکمل'' سند پیش کرنی ضروری قرار دی، یعنی حادثے کو بر موقع معلوم کرنے والے سے لے کر مولف کے زمانے تک کے سارے درمیانی وسائل، روایت اور واسطہ ہائے خبر رسانی صراحت سے بیان ہوں۔ تاریخ کا یہ بلند معیار، حق یہ ہے کہ آج بیسویں صدی میں بھی کسی اور متمدن قوم میں نہ آ سکا...... دوسری اہم خدمت مسلمانوں نے تاریخ کی یہ کی کہ اس کو مینڈک کے کنویں اور گرگٹ کی باڑ کی جگہ ایک انسانیت کے شایان شان اور عالم گیر چیز بنایا۔ ان سے پہلے کی قوموں کو بھی تاریخ سے دلچسپی تھی لیکن تنگ نظری اتنی تھی کہ اپنے سوا گویا دنیا میں کسی اور ملک کا وجود ہی نہیں۔ تاریخ کو ابتدائے آفرینش سے شروع کرنا، پھر اولین انسان حضرت آدمؑ سے لے کر (اپنے اپنے وسائل اور امکانات کے مطابق) دنیا کی ساری قدیم اور ہم عصر قوموں کے حالات کو بیان کرنا، یہ مسلمانوں نے شروع کیا۔ یہ اس حقیقت کو یاد دلاتا تھا کہ بنی آدم اعضائے یک دیگرند۔ بین الاقوامی عمل و ردعمل سے تاریخی دھارا جس جس جگہ رخ بدلتا ہے، اس کو سمجھنے کا موقع ملنے لگتا ہے۔ یہ کوئی اتفاقی واقعہ نہ تھا۔ اسلامی تعلیم کے باعث اس کے سوا ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ اسلام میں خدا ''رب بنی فلاں'' نہیں بلکہ ''رب العالمین'' کہلاتا ہے۔ پیغمبر ''فلاں گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں'' کے لیے نہیں ''کافۃ للناس'' اور ''رحمۃ للعالمین'' ہوتا ہے۔ عالمگیر تاریخوں میں رشید الدین بن فضل اللہ کو بڑی اہمیت حاصل رہے گی کہ اس نے خلفا کے ساتھ پوپوں، سلاطین کے ساتھ پیغمبروں، مسلمانوں کے ساتھ رومی، بیزنطینی، ہندی، چینی، ایرانی، تورانی، غرض دنیا کی لکھی ہوئی تاریخوں سے اقتباس کر کے بیان کیے ہیں، یہ ذرا بعد کی چیز ہے، اس سے قبل طبری (وفات ۳۱۰ھ) نے بھی اپنے محدود تر وسائل سے ایسی ہی کوشش کی تھی۔ لیکن دینوری (ف ۲۸۲ھ) کا زمانہ تو اس سے بھی پہلے کا ہے۔ اس طرح دینوری کو ان اولین مولفوں میں شمار کرنا پڑتا ہے، جنھوں نے تاریخ میں عالم گیریت پیدا کی اور عالم گیریت والی قوم کے شایان شان بنایا۔

Marfat.com

الاخبار الطوال سے قطع نظر، دینوری کو ایک اور اہمیت حاصل ہے۔ اسلام سے قبل یونانیوں نے نباتیات کو کافی ترقی دی تھی۔ لیکن ان کی شہرۂ آفاق کتابوں کے عربی ترجمے سے بھی قبل دینوری نے چھ ضخیم جلدوں میں ایک نباتیاتی انسائیکلوپیڈیا لکھا تھا اور زلبر برگ وغیرہ مغربی مولف بھی اب تسلیم کرتے ہیں کہ یونان کے ہزار سالہ علم کا نتیجہ، مسلمانوں کے دوسو سالہ علم کے مقابلے میں پھیکا پڑ گیا۔ لیکن نباتیات سے بحث کا محل دوسرا ہوگا۔ نکلیر نے تاریخ طب عربی میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ یونانی تراجم کے شروع ہونے سے بھی پہلے مسلمانوں کے علم کی یہ ترقی غالباً جندیسابور کے ایرانی مدرسہ طب کی رہین منت ہوگی۔ لیکن یہ مدرسہ دینوری کی ولادت سے دو ڈھائی سو سال پہلے بند ہو چکا تھا، اس لیے کسی بیرونی تاثیر کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا۔[۲]

علامہ سخاوی کی کتاب الاعلان بالتوبیخ کے مقدمے میں سید محمد یوسف علمی تاریخ کی مسلمانوں کے ہاں علوم حدیث کے حوالے سے اہمیت واضح کرتے ہوئے دیانت وامانت کے اعلیٰ معیارات پر کچھ یوں اظہار خیال کرتے ہیں:

الغرض مسلمانوں نے بڑی ہی ٹھوس بنیادوں پر علم تاریخ کی شان دار عمارت قائم کی۔ یہ بنیادیں وہ ہیں جو عقل کے نزدیک پوری طرح قابل اعتماد ہیں اور دیانت وامانت کے اعلیٰ معیار پر پوری اتری ہیں۔ جو جذبہ اس عمارت کی تعمیر میں کارفرما تھا وہ دین کے تحفظ کا جذبہ تھا۔ اسی وجہ سے تاریخ کے سر پر تادیر علوم حدیث کا سایہ رہا۔ مسلمانوں کو حقیقت اور واقعہ سے ایسا شغف رہا کہ ان کا ادب بھی صدیوں تک قصہ وخرافات کے بجائے تاریخ سے وابستہ رہا، اور جب بھی تاریخ میں قصہ وخرافات کا رنگ آیا تو اسے شدید نفرت سے مٹا دیا گیا۔ ''قصاص'' کے خلاف نہ صرف تادیبی بلکہ تعزیری کارروائیاں عمل میں آئیں۔ خبر اور اس کی روایت کے اعلیٰ معیار کو شدت کے ساتھ برقرار رکھتے ہوئے جہاں تک ترتیب وتصنیف کا تعلق ہے، کوئی ممکن صورت ایسی نہیں، جسے مسلمانوں نے نہایت سلیقے سے نہ آزمایا ہو۔ مسلمانوں کی علمی برتری کے بالکل آخری دور میں ابن خلدون نے تاریخ کے مواد کی چھان بین کی ضرورت جتائی اور اس سے بھی بڑھ کر واقعات کے اسباب وعلل ڈھونڈنے کی نئی راہ دکھائی۔ لیکن ابن خلدون کے جلد ہی بعد تنزل و ادبار کا اندھیرا کچھ ایسا چھایا کہ نئی راہیں نکالنا تو درکنار، پرانی ڈگر پر چلنا بھی دشوار ہوگیا۔[۳]

ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی نے بھی حدیث کے ضمن میں بحث کرتے ہوئے متن، سند اور اسماء الرجال کے علم کی مسلمانوں کے ہاں تشکیل وتہذیب پر قرآن کی روشنی میں بڑی مدلل مگر مختصر بحث کی ہے، وہ رقم طراز ہیں:

Marfat.com

اسلام کے بنیادی مآخذ میں حدیث کی اہمیت محتاج وضاحت نہیں۔ حدیث دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے، متن اور سند۔ حفاظ حدیث، احادیث کے متون کو مع اسانید حفظ کرتے تھے اور راویوں کے حالات، تاریخ ولادت و وفات اور کن کن لوگوں سے ان کی ملاقات اور سماع ثابت ہے، یہ سب امور لکھ لیے جاتے تھے تاکہ ہر راوی کے صدق و کذب کا جائزہ لیا جا سکے۔ اسی لیے علم اسماء الرجال کو نصف علم حدیث قرار دیا گیا ہے اور باقی نصف متون حدیث کو، چوں کہ قرآن حکیم نے بدوں تحقیق کسی بات کو مان لینے سے منع فرمایا ہے۔ یا ایھا الذین امنوا ان جآء کم فاسق بنباء فتبینوا ان تصیبوا قوما بجھالۃ فتصبحوا علی ما فعلتم ندمین اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روایت حدیث میں احتیاط کا حکم ان الفاظ میں دیا: من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار۔

اس امر کے پیش نظر علمائے اسلام اور بالخصوص محدثین نے اسناد کو بہت اہمیت دی۔ ابن مبارک کہتے ہیں: "الاسناد من الدین، لو لا الاسناد لقال من شاء ما شاء" نیز انھوں نے کہا جو شخص بغیر اسناد کے دینی امور پر بات کرتا ہے گویا وہ بغیر سیڑھی کے چھت پر چڑھنا چاہتا ہے۔ سفیان ثوری کہتے ہیں، اسناد اہل ایمان کا ہتھیار ہے، وہ شخص کیسے لڑ سکتا ہے، جس کے پاس ہتھیار نہ ہو...... اور امام شافعی کہتے ہیں، اسناد کے بغیر احادیث جمع کرنے والا رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والے کی طرح ہے، عجب نہیں بے خبری میں ایسا گٹھا اٹھا لے، جس میں سانپ ہو، چنانچہ اسناد کی جانچ پرکھ کے لیے فن جرح و تعدیل وجود میں آیا، جس کی بدولت بقول شپرنگر پانچ لاکھ افراد کے حالات محفوظ ہو گئے۔ سب سے پہلے رواۃ کی جرح و تعدیل پر یحییٰ بن سعید القطان (م ۱۹۸ھ/۸۱۳ء) نے کتاب لکھی اور ان کے بعد بہ کثرت اس موضوع پر کتابیں لکھی گئیں۔[۴]

عالم اسلام کے نامور عالم اور مورخ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے قانون شہادت و ثبوت کے تاریخ پر اطلاق کے حوالے سے مسلمانوں کی اولیت پر اظہار خیال کیا ہے، ان کے درج ذیل اقتباس میں اسلامی تاریخ نویسی کے امتیازات ذرا اور نکھر کر سامنے آ رہے ہیں:

شپرنگر کو رشک تھا کہ قانون شہادت و ثبوت کا اطلاق تاریخ پر مسلمانوں سے پہلے کسی قوم نے نہ کیا۔ مسلمان مولفوں کی لکھی ہوئی تاریخیں "مستند" واقعات کا مجموعہ ہوتی ہیں، یعنی پہلے سند بیان ہوتی ہے کہ چشم دید اور برسر موقع حاضر گواہ سے لے کر مولف تک واقعے کی نقل نسل بہ نسل کن لوگوں نے کی، پھر چند لفظی یا چند سطری واقعہ بیان ہوتا ہے۔ اس کے بعد دوسری سند شروع ہوتی ہے، تاکہ کوئی مزید واقعہ بیان ہو اور ساری کتاب اس طرح سینکڑوں بلکہ ہزاروں اسانید

Marfat.com

کے ساتھ بیان شدہ واقعات کا مجموعہ ہوتی ہے۔ زمانہ حال کی بہترین تاریخ وہ سمجھی جاتی ہے جس میں ہر واقعہ کا حوالہ دیا جائے، لیکن ہر واقعے کے لیے حوالے کے حوالے جو مولف سے لے کر چشم دید شاہد تک بیان ہوں...... اتنا استیعاب، اتنے مکمل حوالے مسلمانوں کے سوا کسی قوم کے لٹریچر میں نہیں ملتے۔ مسلمانوں کے ہاں وہ تاریخ کم قابل اعتماد سمجھی جاتی ہے، جس کا مولف صرف کتابیات پر اکتفا کر کے اور چند راویوں کا نام لے کر پھر یہ کہہ دے کہ ''میں نے ان سب کے بیانات سے بحذف مکررات یہ مربوط تفصیل مرتب کی ہے۔'' اور بعض کے بیانات میں کچھ تفصیل ہے تو دوسروں کے ہاں کچھ اور تفصیل اور یہ بتائے کہ کون سی تفصیل کس ماخذ کی ہے۔ [۵]

حدیث کا ہم تک اپنے مجموعی حوالے سے مثلاً: لفظی، معنوی، فکری و تہذیبی اعتبار سے پہنچنا اس بات کی دلیل ہے کہ اسلامی تہذیب میں تاریخ کی اہمیت بہت بنیادی ہے۔ علامہ اقبال کے نزدیک تاریخ صرف حالات اور واقعات، بادشاہوں کے عروج و زوال کی داستان اور شب و روز کی آمد و رفت کا تذکرہ نہیں ہے۔ اگر یہ محض مذکورہ اعمال و افعال کا تذکرہ نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ یہ ان سے بڑھ کر اور بلند تر سطح پر کسی اور ایسے علم کا نام ہے، جو دینی عقائد کو مختلف ادوار میں تازہ رکھتا ہے اور انھیں آنے والی نسلوں تک منتقل کرتا ہے۔ اس انتقال کا سبب تاریخ ہے، لہٰذا ہمارے دینی عقائد کی ترویج اور اشاعت میں تاریخ کی وہی اہمیت ہے، جو جسم انسانی میں روح کی۔ زندگی کے مختلف احوال و آثار یا ان کا طرز زندگی یا مختلف مجالس میں فرمائی گئی گفتگوئیں یا تبلیغ اسلام کے لیے ان کے مختلف طریقے یا ان کی زندگی کے مختلف مواقع پر نشست و برخاست اگر تاریخ میں محفوظ نہ ہوتی تو ہم قرآن کی تعلیمات سے اس طرح اخذ و استفادہ نہ کر سکتے، جس طرح آج کر رہے ہیں اور آئندہ آنے والے مسلمان کرتے رہیں گے۔ اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ رسول کائنات ﷺ کی زندگی کے وہ رویے، جن سے قرآن کو سمجھنے میں ہمیں مدد ملتی ہے، انھیں تاریخ نے اپنے دامن میں سمویا اور ہر عہد اور دور میں آنے والے مسلمانوں تک اس کے مجموعی فکری اور معنوی تناظر میں پہنچایا۔ ان حوالوں سے تاریخ محض حالات اور واقعات کا مجموعہ نہیں ہے، بلکہ اس سے کہیں اوپر کی اور بلند تر سطح پر ایک ایسے علمی رویے اور سرچشمے کا نام ہے کہ جس کی وساطت سے ہم اپنے دینی عقائد کی بہتر تفہیم کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

اگر تاریخ ہماری زندگی، ہمارے دینی عقائد و شعائر، ہمارے تہذیبی رویوں کی نمود اور نشوونما میں بنیادی اہمیت کی حامل ہے تو اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ ہماری آئندہ زندگی

Marfat.com

پر بھی یہ کس قدر اثر انداز ہوگی۔ مولانا محمد حنیف ندوی نے تصور توحید، تصور آخرت کی اسلامی تہذیب و ثقافت میں اہمیت اور اثرات کو کچھ یوں اجاگر کیا ہے:

تیسرا اہم پیمانہ جس سے اسلامی تہذیب و ثقافت کا مزاج متعین ہوتا ہے، ایمان بالآخرۃ کا عقیدہ ہے۔ مختصر لفظوں میں اس کا مطلب یہ ہے کہ اسلام زندگی کو امتزاج عناصر کا کرشمہ قرار نہیں دیتا اور نہ اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ جہاں یہ کارخانہ بگڑا، زندگی کا شیرازہ بکھرا، انسانی انا ختم ہوئی اور اس کی وہ تمام تہذیبی و تخلیقی کوششیں رائیگاں گئیں، جن کے بل پر اس کائنات کی گہما گہمی اور رونق قائم ہے۔ اس زاویۂ نگاہ کے برعکس اسلام اس رائے کا حامی ہے کہ زندگی کائنات کی اصل ہے۔ زندگی اس عالم کی روح ہے اور امتزاج عناصر کا قصہ اسی روح، اسی اصل کا نتیجہ ہے۔ برگساں کی ہم نوائی میں اقبال نے بہت ٹھیک کہا ہے کہ یہ سعیٔ نغمہ کی کارفرمائی ہے کہ اس سے منقار وجود میں آئی۔ ورنہ منقار تخلیق نغمہ کا سبب نہیں ہوسکتی۔ اسی حقیقت کو منطق کی خشک زبان میں یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ جسم انسانی کی ترکیب وضاحت میں رشتہ و تعلق کی نوعیت یہ ہے کہ زندگی کی طرفہ طرازیاں علت ہیں اور جسم معلول...... اسلام کا فلسفہ حیات یہ ہے کہ انسانی تخلیق کا مقصد ابھی پورا نہیں ہوا۔ اسے عبودیت کی راہوں میں آگے بڑھنا ہے اور موت کے علی الرغم ترقی کرنا اور صفات الٰہی کی روشنی میں اپنے سفر و سلوک کو جاری رکھنا ہے تاکہ نقص، گناہ اور تضادات کے اس چکر سے رہائی پاکر زندگی کا چہرۂ زیبا اور نکھر سکے اور جمال و کمال کی ان نعمتوں سے بہرہ مند ہوسکے، جو اس کا حقیقی مقدر اور نصب العین ہیں۔ یعنی اس فانی اور زمانی انسان کو ابھی ابدیت کے مزے لوٹنا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم نے توحید کے بعد جس عقیدہ کی بار بار تلقین کی وہ ایمان بالآخرۃ کا عقیدہ ہے...... ہم اس مرحلہ میں صرف یہ کہیں گے کہ خود زندگی کی اپنی فطرت، دوام، تسلسل اور ارتقا چاہتی ہے۔ موت، ارتقا کا محض ایک مرحلہ ہے۔ جس کا تعلق زندگی کے مادی پہلو سے ہے اور زندگی کا جو پہلو اللہ تعالیٰ کے فیوض ابدیت سے وابستہ ہے، اس کو نہ فنا سے واسطہ ہے اور نہ موت سے کوئی خدشہ...... موضوع کی موزونیت کے پیش نظر ہمیں یہاں محض یہ بتانا ہے کہ ایمان بالآخرۃ کا عقیدہ ہمارے تہذیبی رجحانات کو کیوں کر متاثر کرتا ہے اور کس طرح ان کے لیے نئے سانچے اور نئی نئی سمتیں فراہم کرتا ہے۔ ایمان بالآخرۃ کے تصور سے زندگی کے چلن میں تین واضح تبدیلیاں ابھرتی ہیں۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ایمان بالآخرۃ کی وجہ سے روزمرہ کی اجتماعی تگ و دو میں تین نمایاں عناصر کا اضافہ ہوتا ہے:

۱- تقدیس حیات

Marfat.com

۲- اختصار و توازن

۳- پاکیزگی اور محاسبہ کا احساس۔[۶]

اسلامی زندگی یا اسلامی تہذیب سے وابستہ انسانی زندگی دو دنیاؤں کے ساتھ وابستہ ہے۔ اس زندگی کو عمل کی زندگی کہا گیا ہے اور اگلی زندگی کو اس عملی زندگی کا نتیجہ۔ انسان اس زندگی میں جس طرح کا عمل کرتا ہے، اگلی زندگی میں اسے اسی طرح کے نتیجے سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ جہاں اچھائی کرنے والا اگلی دنیا میں جزا سے ہم کنار ہوگا، وہاں برے اعمال کا حامل شخص اگلی زندگی میں سزا سے نہیں بچ سکتا۔ یہ تاریخ کا ایک سلسلہ ہے، جو پیدائش سے لے کر موت تک اور موت کے بعد عالم برزخ سے ہوتا ہوا عالم میزان کی طرف رو بہ سفر رہتا ہے۔ اس لیے تاریخ، اسلامی تہذیب میں محض حالات و واقعات تک محدود نہیں رہتی، بلکہ فرد کی زندگی اور فرد سے اجتماعیت تک کے تمام ماحول میں اس کا عمل دخل بنیادی نوعیت کا حامل ہوتا ہے۔

تاریخ انسان کی دونوں دنیاؤں میں اثر انداز رہتی ہے۔ عمل کی اس زندگی میں تاریخ کا رویہ سخت بھی ہو سکتا ہے، لیکن اس سختی میں جبر کی صورت متشکل نہیں ہوتی، بلکہ یہاں پر بھی انتخاب کا زاویہ پیش نظر رہتا ہے۔ انسانی زندگی میں تاریخ کی اہمیت و افادیت کچھ اس طرح کی ہے کہ جیسے انسانی زندگی میں تقدیر جس طرح تقدیر محض جبریہ اور قدریہ، اقدار کے ساتھ وابستہ نہیں ہوتی بلکہ اس کے درمیان میں نقطۂ اتصال ہے، جسے ہم انتخاب سے موسوم کر سکتے ہیں۔ اسی طرح کی صورتیں ہمیں تاریخ میں بھی دکھائی دیتی ہیں۔ تاریخ، انسانی زندگی کے مختلف رویوں کا ماخذ بھی ہے اور اس کے زندگی بھر کے اعمال و افعال کا نچوڑ بھی۔ یہ اولادِ آدم کا وہ ورثہ ہے، جو ہبوطِ آدم سے اب تک ہماری زندگی کو متاثر کرتا چلا آرہا ہے۔ اس اثر پذیری میں بعض واقعات مکرر رونما ہو سکتے ہیں اور بعض صرف ایک بار رو بہ عمل آتے ہیں۔ تاریخ اپنے آپ کو دوہرا بھی سکتی ہے اور اگر نہ بھی دوہرائے تو بھی ازل سے ابد کی طرف رواں دواں ضرور ہے۔ اس میں انسان کے لیے بے شمار ایسے رویے موجود ہیں، جن سے اپنی زندگی کو اس دنیا کی زندگی اور آخرت کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے اس سے استفادہ کر سکتا ہے۔

تاریخ کے فوائد کی طرف آئیں تو یہ عبرت اور تنبیہات سے بھری پڑی ہے اور انسان کی سرشت کے ان نفسیاتی رویوں کے ساتھ ہم آہنگ ہے، جن سے انسان کے داخلی معاملات کی تعمیر اور تہذیب ہوتی ہے۔ جو آدمی تاریخ کی اس حیثیت سے باخبر ہو جاتا ہے اور جس قدر باخبر

Marfat.com

ہو جاتا ہے، وہ تاریخ کے علمی اور فکری رویوں سے اسی قدر زیادہ استفادہ کرتا ہے یا کرسکتا ہے۔ جو آدمی تاریخ سے جس حد تک کم متاثر ہوتا ہے یا کم باخبر ہوتا ہے، اسی طرح اس زندگی میں اور آئندہ زندگی میں، وہ زندگی کی فنا پذیری یا زندگی کے جاودانی رویوں سے بھی کم آگاہ ہوگا۔ اگر ہم اس حوالے سے دیکھیں تو علامہ اقبال نے خودی کا جو تصور پیش کیا ہے، اس میں بھی تاریخ کے یہ رویے بہت واضح طور پر جھلکتے دکھائی دیتے ہیں۔ کوئی آدمی اس وقت تک عرفان ذات یا علامہ اقبال کی زبان میں خودی کی تشکیل اور اس کے استحکام سے ہم کنار نہیں ہوسکتا، جب تک تاریخ کے اوراق اس پر منکشف نہیں ہو جاتے۔ تاریخ انسان کو زندہ رکھتی ہے اور انسان تاریخ کو۔ تاریخ کا اثر عالم اور جاہل دونوں طبقوں پر ایک سا ہوتا ہے۔ عالم، تاریخ سے استفادہ کرتا ہے اور تاریخ، عالم سے استفادہ کرتی ہے۔ عالم یا کوئی بھی اپنے میدان کا کامل انسان تاریخ کی جبریت کو ختم کر کے خود تاریخ بن جاتا ہے۔ وہ صرف اپنے زمانے میں ہی نہیں زندہ رہتا بلکہ کوئی بھی زمانہ اس کے وجود سے خالی نہیں ہوتا۔ جاہل اس لیے بقائے جاودانیت سے ہم کنار نہیں ہوسکتا کہ وہ تاریخ کی معنویت سے آگاہ نہیں ہوتا۔ جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ جو فرد تاریخ کے عمل کے اندر جس قدر گہرائی میں جا کر، جس قدر غور وفکر کرتا ہے، اسی قدر وہ زندگی اور زندگی کے بعد کے رویوں میں جاودانیت سے ہم کنار ہوسکتا ہے۔ بقا اور ہمیشگی تاریخ سے وابستہ ہے۔ جو آدمی اس حوالے سے باخبر رہنے اور واقفیت حاصل کرنے میں جس قدر کوشاں رہتا ہے، اسی قدر بقا کی زندگی سے مستفید ہوسکتا ہے۔ گویا ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ فنا پذیری تاریخ سے بے خبری کا نام ہے اور جاودانیت تاریخ سے آگاہی کا۔ تاریخ ہر فرد پر یا ہر قوم اور تہذیب پر اپنے آپ کو منکشف نہیں کرتی۔ جن افراد پر یا جن قوموں اور جن ملتوں یا جن تہذیبوں پر تاریخ نے اپنے آپ کو منکشف کیا اور اپنے راز کھولے، وہ کسی ایک زمانے تک محدود نہیں رہے یا نہیں رہیں۔ ان افراد، قوموں، ملتوں اور تہذیبوں کی جاوداں زندگی تمام ادوار پر اثر انداز ہوئی اور تمام حوالوں کو محیط رہی۔ اس لیے کہ وہ فنا پذیری کے اس عمل سے نکل کر بقا کی ان منزلوں کے راہی ہوئے، جنھیں علامہ اقبال نے تعمیر خودی کے مختلف مراحل سے گزارنے کے بعد ہمیشگی کی زندگی کی نوید سنائی۔

علامہ اقبال کے چند شعر ملاحظہ کیجیے:

جوہر انساں عدم سے آشنا ہوتا نہیں
آنکھ سے غائب تو ہوتا ہے فنا ہوتا نہیں [۷]

Marfat.com

وہی ہے صاحب امروز جس نے اپنی ہمت سے
زمانے کے سمندر سے نکالا گوہر فردا[8]

نظر اللہ پہ رکھتا ہے مسلمان غیور
موت کیا شے ہے؟ فقط عالم معنی کا سفر[9]

فرشتہ موت کا چھوتا ہے گو بدن تیرا
ترے وجود کے مرکز سے دور رہتا ہے[10]

کوئی بھی فرد احکام الٰہی کی اطاعت اور ضبط نفس سے گزرنے کے بعد خلیفۃ اللہ کے منصب سے سرفراز ہوسکتا ہے تو اسی طرح تاریخ کی جبریت کا لبادہ اتار کر کوئی بھی فرد فنا پذیری سے ہٹ کر جاودانیت کی منزل کا راہی بن سکتا ہے۔ تاریخ میں ایسی بے شمار مثالیں موجود ہیں کہ جہاں پر بھی، جس فرد نے بھی، تاریخ کی اہمیت کو سمجھا اور اپنے آپ کو اس سے باخبر رکھا، تو اس کے نتیجے میں تاریخ نے اس کو زندہ کر دیا اور وہ اپنے زمانوں سے اٹھ کر دوسرے زمانوں میں بھی اسی طرح سے ممتاز و نمایاں رہا، جیسا کہ وہ اپنے زمانے میں تھا۔ دراصل اسلام انسان کا باطن تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ اس حوالے سے عبدالحمید صدیقی لکھتے ہیں:

Islam does not envisage any change and Transformation in human society merely by economic or physical forces. It is a change in the inner being of man that crystalizes itself in a change in the external conditions of history may be rightly called as the moral interpretation of history for it treats man as a moral being. The external circumstances affect his life but the deciding factor is his own inner being which can either lead him to the path of glory by developing God-consciousness and conforming it activities and behaviour to it or to ruin or destruction by his abortive effort to overcome his insecurity by his own power to hide the finiteness of his intelligence by pretensions of omniscience, in short his inclination to install himself as his own Lord.[11]

جب ہم ہبوطِ آدم کے بعد، اب تک کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ اولادِ آدم کی اس تاریخ میں جو لوگ بھی جاوداں رویوں سے ہم کنار ہوئے، ان کی زندگی، فکر اور کارناموں کے مطالعے کے بعد یہ بات ہمیں معلوم اور محسوس ہوتی ہے کہ وہ افراد فکر کی اس بلندی تک پہنچے، جو تاریخ کے مختلف دھاروں سے پھوٹتی ہے اور انسانی زندگی، حرکی توانائی کو روبہ عمل رکھتی ہے، جس سے کوئی بھی فرد اپنی انفرادی سطح سے اٹھ کر اپنے اجتماعی رویوں کی معیت میں چلتا ہوا مختلف زمانی اور مکانی حدود اور قیود سے آگے نکل جاتا ہے۔

Marfat.com

فلسفہ جن سوالوں کے جواب تلاش کرتا رہا ہے، ان کا بنیادی تعلق علم کلام کے مسائل سے بھی ہے اور تاریخ انسانی سے بھی۔ یونان میں مختلف ادوار میں مختلف فلاسفہ نے ان سوالوں کے جو حل یا جواب تلاش کیے ہیں، ان میں مختلف مذاہب کی بچی کھچی الہامی تعلیمات کا عکس اور پرتو بھی ملتا ہے اور ان فلاسفہ کی بنیادی سوچ بھی دکھائی دیتی ہے۔ ان سوالوں کے جواب تلاش کرنے میں انھوں نے خارجی اور معروضی رویے بھی اختیار اور استعمال کیے ہیں اور داخلی اور موضوعی حوالوں کا تناسب بھی وہاں دکھائی دیتا ہے۔ سقراط ہو، افلاطون ہو، ارسطو ہو یا نو فلاطونی فلسفے کے دیگر فلاسفہ ہوں یا پھر ان سب سے بھی قبل فیثاغورث ہو، ہراقلیطیوس ہو، الیگزیمینڈر ہو، الیگزیمیز ہو یا تھیلیز ہو (جو کہ فلسفے کا بانی ہے) تمام لوگوں کے ہاں اپنی اپنی سطح پر مختلف سوالات کی تفہیم میں جو بنیادی رویہ کارفرما رہا ہے، وہ مذہبی سے زیادہ تاریخی ہے۔

ان فلاسفہ کی تعلیمات میں مختلف مذاہب کی تعلیماتی اور تبلیغی سرگرمیوں کا اثر بھی موجود ہے اور اس سے کسی سطح پر انکار بھی نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن ان کے استدلال کی روشنی، تاریخ کے مظاہر سے پھوٹتی ہے۔ یہی وہ بنیادی سوالات ہیں جو یونان نے اٹھائے تھے کہ:

خدا کیا ہے؟
اس کی توحید کا کیا مطلب ہے؟
یہ دنیا کیسے پیدا ہوئی؟
مادہ حادث ہے یا قدیم؟
انسان کیا ہے؟
انسان، کائنات اور خدا کے درمیان کیا تعلق ہے؟
کائنات کی افضل ترین شے کون سی ہے؟
ازل کیا ہے؟
ابد کس کو کہتے ہیں؟
زندگی اور موت کیا ہیں؟
حیات فانی اور حیات دوام کے مسائل کیا ہیں؟
قیامت کیا ہے؟
قیامت کب اور کیسے قائم ہوگی؟

Marfat.com

انسان کی دنیاوی اور اخروی زندگی کے رویے کیا ہیں؟
کیا ہو سکتے ہیں اور کیا ہونے چاہییں؟

ان اور ان جیسے کئی اور سوالوں کے جواب فلاسفہ ڈھونڈتے رہے ہیں۔ یہی وہ سوالات ہیں جو بالعموم مابعد کی فلسفیانہ زندگی میں مختلف تہذیبوں اور مذاہب کے فلسفیوں اور مفکروں کو درپیش رہے ہیں۔

اسلام کے ابتدائی ادوار میں خاص طور پر عباسی دور حکومت میں یونان کی اکثر و بیشتر کتابیں عربی میں ترجمہ ہوئیں۔ ان تراجم کے سبب یونان کا علمی وفکری سرمایہ اسلامی تہذیب میں داخل ہو گیا۔ جیسا کہ کہا گیا ہے کہ ان تمام سوالوں کے جوابات کی بنیاد مذہبی رویوں پر تھی، لیکن استدلال اور دلائل و براہین کا جو سلسلہ تھا، وہ تمام انسانی تاریخ سے متعلق تھا۔ انھوں نے ان سوالوں کے جواب ڈھونڈنے میں داخلی سے زیادہ خارجی جب کہ مذہبی اور کلامی معاملات سے زیادہ تاریخی اور مادی رویوں سے اخذ و استفادہ کیا۔ ان کے نزدیک تاریخ کی وہ معنویت نہیں تھی، جو ظہور اسلام کے بعد اسلام کے مختلف مفکرین کے ہاں متشکل ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے، بلکہ ان کے ہاں تاریخ کی بنیادی معنویت، مادی اسباب و عوامل سے پھوٹتی ہے۔ اسلام نے فکر کے اس بنیادی زاویے کو شکست و ریخت سے دوچار کر دیا۔ آیت اللہ مرتضیٰ مطہری تاریخ اور مادیت کے حوالے سے یوں استدلال کرتے ہیں:

> تاریخی مادیت کی رو سے ہر فکر، ہر سوچ، ہر علمی یا فلسفی نظریہ اور ہر اخلاقی نظام چوں کہ ایک خاص مادی اور معاشی شرائط کا نتیجہ ہے اور اپنی مخصوص عینی شرائط سے وابستہ ہے، للہٰذا اس کی اپنی کوئی مطلق حیثیت اور ساکھ نہیں ہو سکتی بلکہ اس کا تعلق اس کے اپنے خاص زمانے سے ہے اور جب وہ زمانہ بیت جاتا ہے اور مادی اور معاشی شرائط میں تبدیلی آ جاتی ہے، جو جبری اور ناگزیر ہوتی ہے تو وہ فکر، وہ سوچ، وہ فلسفی یا علمی نظریہ اور وہ اخلاقی نظام بھی اپنی صحت اور اپنی افادیت کھو دیتا ہے اور اس کی جگہ دوسری فکر اور دوسرا نظریہ لے لیتا ہے۔
>
> اس بنا پر تاریخی میٹریالزم بھی، جو فلسفیوں اور بعض ماہرین عمرانیات کی طرف سے پیش کیا گیا ہے، اسی کلی قانون کے دائرے میں آتا ہے، کیوں کہ یہ قانون اگر اس کے شامل حال نہ ہو تو پھر استثنا واقع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ایسا سائنسی اور فلسفی قانون یا قوانین موجود ہیں، جو اصالت رکھتے ہیں اور کسی معاشی بنیاد کے تابع نہیں ہیں اور اگر خود اس قانون کے تابع ہیں تو پھر تاریخی میٹریالزم قدر و قیمت، صحت اور افادیت کی رو سے فقط اس خاص اور محدود دور میں صادق

Marfat.com

آتا ہے، جس میں اس نے جنم لیا ہے۔ نہ اس سے پہلے کا دور اس کا ہوتا ہے اور نہ بعد کا۔ یہ تاریخی میٹریالزم بہرحال نقص شدہ ہے۔ یعنی تاریخی میٹریالزم ایک تھیوری، ایک فلسفی نظریے اور بنیاد کی بالائی تعمیر کے عنوان سے یا تو اپنے غیر میں شامل ہے اور اپنے آپ میں شامل نہیں کہ جس کی رو سے وہ خود اپنی تنقیص کرنے والا ہے یا پھر خود اپنے ساتھ غیر میں بھی شامل ہے، لیکن ایک محدود دور کی قید کے ساتھ، دوسرے ادوار میں وہ نہ تو خود اپنے میں شامل ہے اور نہ غیر میں۔[۱۲]

جس تاریخ کی بنیاد یونان کے ہاں مادے پر رکھی گئی تھی، وہ اسلام میں روحانیت پر استوار ہے۔ فکر انسانی کی تاریخ میں ایک بنیادی تبدیلی لائی گئی۔ مادہ حادث ہے، قدیم نہیں، مادے کا ایک ازل ہے اور ایک ابد ہوگا، روح ازل اور ابد کے پیمانوں میں مقید نہیں ہو سکتی، یہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی، اسے فنا نہیں ہے سو انسانی تاریخ میں پہلی بار علم تاریخ کو ان بنیادوں پر استوار کیا گیا، جن کی اساس وحی اور الہام پر ہے۔ یونان نے اپنے تمام علمی اور فکری تناظر میں، مختلف ادوار پر محیط اپنے علمی اور فکری سرمائے کو جن بنیادوں پر استوار کیا تھا، وہ بہت بودی اور کمزور ثابت ہوئیں۔ اسلام نے اس سرمائے سے استفادہ کرنے کے بعد اس کی بنیادی اغلاط اور تسامحات کو واشگاف الفاظ میں بیان کر دیا۔ تاریخ اور علم تاریخ کی بنیاد تبدیل ہو جانے کے بعد یونانی فکر کی بنیادیں ان رویوں پر قائم نہ رہ سکیں، جن رویوں پر وہ قائم چلی آ رہی تھیں۔ اس حوالے سے اسلامی تصورِ کائنات پر ایک تمہید میں سے یہ اقتباس یقیناً دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا:

> روح، انسان کے مرکز وجود میں ایک بنیادی حقیقت ہے، روحانی توانائی، مادی توانائیوں سے بالکل جدا چیز ہے۔ اس اعتبار سے روحانی طاقتیں، یعنی فکری، اعتقادی، ایمانی اور جذبوں کی طاقتیں بعض اعمال کے لیے ایک جداگانہ حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ اعمال انفرادی بھی ہو سکتے ہیں، اجتماعی بھی۔ ان قوتوں سے تاریخ کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے، بہت سے تاریخی واقعات و حرکات جداگانہ طور پر ان قوتوں کے مرہون منت ہوتے ہیں، خاص طور پر انسان کے انفرادی اور اجتماعی بلند پایہ کاموں کی براہ راست ان طاقتوں سے وابستگی ہے، ان کاموں نے انھیں طاقتوں سے بلندی حاصل کی ہے۔[۱۳]

فلسفۂ تاریخ کی کتابوں کے مطالعے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اب تک کسی بھی علم کا آغاز سقراط، افلاطون اور ارسطو کی تعریفات (Definitions) سے ہوتا ہے اور اب بھی عالمی

Marfat.com

فکریات کے نظام اور ماحول میں ان کا نام زندہ ہے، لیکن کمال یہ ہے اور جس کی طرف ہمارے مورخین اور فلاسفہ نے توجہ نہیں دی کہ یونانیوں کی فکری بنیاد کو عالم اسلام سے متعلق فلسفیوں نے منہدم کر دیا تھا۔

کہا یہ جاتا ہے کہ اسلام کے ابتدائی زمانے میں یونانی کتابوں کے ترجمے ہو جانے سے اور ان سے اخذ و استفادے کے بعد مسلمان فلسفیوں کے ہاں سقراط، افلاطون اور ارسطو کے اثرات بے پناہ صورتوں اور جہتوں میں مرتب ہوئے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کتابوں کے تراجم ہو جانے اور ان سے اخذ و استفادے کے بعد جس قدر اعتراضات اس فکر پر مسلمانوں نے کیے ہیں، وہ پہلے اور بعد کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتے۔

حضرت امام غزالیؒ نے سب سے پہلے فکر یونان کی بنیادی کمزوریوں کو اجاگر کیا اور ان کمزوریوں، اغلاط اور تسامحات کے سامنے آ جانے سے فکر یونان کی تمام تر عمارت اپنے اس نقشے اور ڈھانچے پر کھڑی نہ رہ سکی، جس پر وہ گزشتہ کئی صدیوں سے کھڑی چلی آ رہی تھی۔ اب سقراط، افلاطون، ارسطو اور دیگر یونانی نظام فکر کے علمبرداروں کا ذکر علوم و فنون کی ابتدا میں تو ہوتا ہے، لیکن ان کی فلاسفی کے بنیادی رویے، دلائل و براہین کے ساتھ غلط ثابت ہو چکے ہیں۔ اس لیے کہ مسلمان فلاسفہ کے ہاں، ان سوالوں کے جوابات کی دریافت اور بازیافت میں قرآن اور حدیث بنیادی علمی سرچشمے رہے ہیں۔ ان جلیل القدر سرچشموں کی موجودگی میں کلامی مسائل پر جو دلائل و براہین اکٹھے کیے گئے ہیں، مادی نہیں ہیں، بلکہ ان دلائل کی بنیادی نہج، روح پر استوار ہے۔ روح پر بنیاد رکھنے سے جہاں زندگی کا مجموعی تناظر سامنے آیا ہے وہاں دلائل کی بنیاد یک رخی ہے اور یہاں دلائل کی بنیاد رنگارنگی پر ہے۔ روح اپنی شادانی، توانائی، تازہ کاری اور جاودانیت کے سبب کائنات اور کائنات کے تمام سربستہ رازوں میں موجود ہے، لہٰذا اس پر اٹھائے گئے دلائل کی بنیاد میں بھی وہی بنیاد موجود ہے، جو کائناتی رویوں میں اور انسانی زندگی کے معاملات میں روح کی ہے۔ اس فکری اور تہذیبی بنیاد کی نئی محوری تشکیل میں مسلمان فلاسفہ کا کردار بنیادی رہا ہے۔

تاریخ کی حیثیت ایک فکری اور تہذیبی علم کی ہو یا ایک سماجی، تاریخی یا اقتصادی مسئلے کی، اس کی تمام بنیادی اور فکری اساس، مذہبی تفکر کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسلام میں تاریخی علم اور تاریخ کی حیثیت بہت بنیادی اور اساسی ہے اور اس کے پس منظر میں جو رویے کارفرما ہیں، ان میں سب سے زیادہ حیثیت اور اہمیت دینی عقائد اور دینی شعائر کی ہے۔

Marfat.com

پس منظر میں دینی عقائد کا پورا نظام فکر و عمل رکھنے کے ساتھ جب اس نے سفر آغاز کیا تو پھر یہ تاریخ، زندگی کے کسی ایک شعبے یا زاویے کی ترجمان نہیں رہی، بلکہ یہ پوری انسانی زندگی کے مختلف معاملات، مختلف زاویہ ہائے فکر و نظر کی ترجمان بن گئی اور انسان کی انفرادیت کے مختلف مظاہر کا احاطہ کرتے ہوئے اس کی اجتماعی اور دائمی زندگی کی ان تمام قدروں سے وابستہ ہوگئی، جو فرد سے ملت تک کے مختلف رویوں کی آئینہ دار بھی ہے اور علمبردار بھی۔

یونانی فکر کے، اسلامی ادوار میں تراجم کے ذریعے اثر و نفوذ، اخذ و استفادے، ترویج و اشاعت، اس پر وارد کیے گئے اعتراضات اور اس میں کی گئی ترامیم کے بعد اسلامی تاریخ ان غلط فہیموں کی طرف نہیں مڑی، جو غلط فہمیاں اپنے جلو میں لیے ہوئے یونانی فکر، تصور تاریخ کو لے کر مختلف ادوار میں روبہ عمل یا روبہ سفر رہی ہے۔ اسلام میں تاریخ، تصور تاریخ اور اس کی فلاسفی کا سفر اور ارتقا انھیں قدروں کا علمبردار رہا ہے، جو قدریں ایک فرد کو جادۂ انسانیت پر گامزن رکھتی ہیں، جسے قرآن کریم کے الفاظ میں ''صراط مستقیم'' کہا گیا ہے۔

اسلامی فکر و فلسفہ میں تاریخ جادۂ ہدایت سے نہیں ہٹتی، بلکہ اس پر بدستور گامزن رہتی ہے۔ اسلامی ادوار میں تاریخ نت نئے رنگوں سے آشکار ہوتی رہی، اس کا سامنا عجیب و غریب واقعات و حادثات سے ہوتا رہا، تاریخ مختلف رویوں کے زیر اثر اور مختلف انداز سے لکھی جاتی رہی لیکن تاریخ کے اندھیروں میں گم ہونے کے ساتھ تاریخ کا تصور ہمیشہ اجالوں میں رہا۔ اسلامی ادوار کی تاریخ اندھیروں میں بھی سرگرداں رہی، اس پر ملمع کاری بھی ہوتی رہی، اسے لکھنے والوں نے اپنے اپنے انداز سے بھی لکھا۔ یہ بھی درست کہ تاریخ ان واقعات کی حقیقی تعبیر متشکل نہیں کر پائی، جیسے کہ وہ واقعات اپنے اپنے ادوار میں رونما ہوتے رہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ تاریخ کا بنیادی تصور انھیں قدروں سے مملو رہا، جو قرآن و حدیث سے اخذ و استفادہ کر رہی تھیں۔ انسائیکلو پیڈیا آف برٹانیکا میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قرآن اور تاریخ کے تعلق کے بارے میں لکھا ہے:

> Muhammad (died 632) regarded himself as a successor to a long series of Jewish and Christian prophets, and he made Islam a religion with a strong sense of history. The Quran Islam's holy book, is full of warnings derived from the lessons of history.[14]

ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کی کتاب فرام معراج ٹو ڈومز میں تاریخ کے اسلامی معیارات اور جدید عہد کی تاریخ نویسی کے حوالے سے یہ اقتباس یقیناً دلچسپی سے خالی نہیں ہے:

Marfat.com

The debt that history owes to the efforts of Muslim writers is generally recognized by Orientalists, but the consciousness of the value and significance of the Muslim contribution is rare among Western historians. Every known sizeable collection of Islamic manuscripts includes a good porportion of historical works, which in itself is a fair indication of the importance attached by Muslim scholarship to history.

In conclusion one may say that history has been a favourite discipline with the Muslims. They brought the highest standards of objectivity into their writings; they showed great enthusiasm for the discovery of true facts; they produced a vast literature of considerable merit at a time when even among the civilized people there was not much flair for historiography; indeed, there were cultures of a highly developed nature that had not place in their learning for historiography. At such a time the Musllims established standards which have not always been improved upon in the modern world.[15]

ابن خلدون کی تاریخ پر مختلف مورخین نے بے شمار اعتراضات کیے ہیں لیکن اس کے تاریخ کے مقدمے سے تمام علما متفق ہیں کہ اس نے تاریخ کے لیے جو اصول وضوابط متعین کیے ہیں، وہ درست ہیں۔ اس حوالے سے علامہ اقبال کی تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ میں سے مندرجہ ذیل دو اقتباس ملاحظہ کریں:

حالانکہ بہ نگاہِ حقیقت دیکھا جائے تو ابن خلدون کا مقدمہ سرتاسر اس روح سے معمور ہے، جو قرآن مجید کی بدولت اس میں پیدا ہوئی۔ وہ اقوام وامم کے عادات وخصائل پر حکم لگاتا ہے تو اس میں بھی زیادہ تر قرآن پاک ہی سے استفادہ کرتا ہے۔ چناں چہ اس نے بحیثیت ایک قوم، عربوں کی سیرت اور کردار کی بحث میں جو کچھ لکھا ہے، قرآن پاک ہی کی اس آیت کی تفصیل مزید ہے:

الاعراب اشد کفراً و نفاقا و اجدر الا یعلموا حدود ما انزل الله علی رسوله، والله علیم حکیم

و من الاعراب من یتخذ ما ینفق مغرما و یتربص بکم الدوائر علیهم دائرة السوء والله سمیع علیم (۹:۹۸-۹۷)۔[۱۶]

ابن خلدون کے مقام ومرتبے اور فکر بارے میں آگے چل کر مزید وضاحت کرتے ہوئے علامہ اقبال کہتے ہیں:

قرآن مجید کا یہ ارشاد کہ اختلاف لیل ونہار کو حقیقت مطلقہ کہ جس کی 'ہر لحظہ ایک نئی شان ہے' ایک آیت تصور کرنا چاہیے، اسلامی مابعد الطبیعیات کا یہ رجحان کہ زمانہ ایک خارجی حقیقت

Marfat.com

ہے، ابن مسکویہ کا یہ نظریہ کہ زندگی عبارت ہے ایک ارتقائی حرکت سے اور آخر الامر بیرونی کا یہ صاف وصریح اور واضح اقدام کہ کائنات کا تصور بطور ایک عمل تکوین کے کرے، یہ سب باتیں ابن خلدون کو ذہناً ورثے میں ملیں۔ لہٰذا اس کا سب سے بڑا کارنامہ بھی یہ ہے کہ وہ اس تہذیب و تمدن کی روح کو خوب سمجھ گیا تھا، جس کا وہ خود سب سے زیادہ روشن اور تابناک مظہر ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس نے اس کی ترجمانی بھی بڑی باقاعدہ اور مرتب شکل میں کی۔ چنانچہ یہ اسی کی ذہانت و فطانت تھی کہ قرآن مجید کی روح جو سرتاسر یونانیت کے منافی ہے، حکمت یونان پر ہمیشہ کے لیے غالب آ گئی۔[۱۷]

تاہم ابن خلدون پر اعتراض وہاں سے شروع ہوتا ہے، جہاں اس کی تاریخ نویسی شروع ہوتی ہے۔ اس کے مقدمے کی بنیاد چوں کہ ان تصورات پر ہے، جو قرآن و حدیث سے مستعار ہیں اور یہی اسلام کا بنیادی تصور تاریخ ہے لہٰذا تصور تاریخ کسی بھی عہد میں اپنے صراط مستقیم سے نہیں ہٹتا یا ہٹتا ہوا دکھائی نہیں دیتا۔

تاریخ لکھنے والوں کے اپنے اپنے ماحول کے سبب، اپنے زمانوں میں جس جبریت کا شکار ہوتے ہیں، اس کے پیش نظر جو تاریخ سامنے آتی ہے، ممکن ہے کہ وہ ہمارے لیے قابل قبول نہ ہو۔ اسلامی عہد میں لکھی گئی تاریخیں، ہوسکتا ہے ہمارے لیے قابل قبول نہ ہوں اور ان پر ہم مختلف آثار و ذرائع سے اعتراضات وارد کر سکتے ہوں یا کرتے رہے ہوں، لیکن کسی بھی معترض نے یا مستشرق نے آج تک اسلام کے تصور تاریخ پر اعتراض نہیں کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسا ہو بھی نہیں سکتا۔

اسلامی تصور تاریخ پر اعتراض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید کے اس بنیادی تصور پر اعتراض کر دیا جائے، جس کے ذریعے تاریخ کے تصور کو علم کا سرچشمہ قرار دیا گیا ہے۔

تاریخ اس تصور تاریخ کا ایک پرتو ہے، جو مختلف ادوار میں ہمارے سامنے آتا رہا ہے اور آتا رہے گا۔ اس تاریخ کے تناظر میں ہم تصور تاریخ کو دیکھتے رہے ہیں۔ مختلف مسلمان فلاسفہ کے ہاں تاریخ کی اور تصور تاریخ کی نمود ہوتی رہی ہے لیکن اس کی بنیاد میں ایک اکائی موجود ہے کہ یہ علم کا وہ درجہ ہے، جسے قرآن مجید نے متشکل کیا ہے اور اس کی تشکیل میں اور اس کے اثر و نفوذ میں تصور تاریخ قرآنی تعلیمات، حالات اور عوامل کے جلو میں سفر کرتا ہوا، انتہا کی طرف گامزن ہے، یہاں یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہے کہ روحانیت کی بنیادی قدر سے مملو اور متاثر ہونے کی بنا پر ابد تک اس کا

Marfat.com

سفر اختتام پذیر نہیں ہوگا، بلکہ روح پر بنیاد رکھنے کے سبب یہ اگلے زمانوں کے ساتھ چلتا رہے گا۔

انسانی تاریخ، ہبوطِ آدم کے ساتھ آغاز ہوئی اور صور اصرافیل کے پھونکے جانے پر اختتام پذیر ہو جائے گی لیکن تاریخ کا تصور، روح کی وساطت اور تناظر میں ہمیشہ سے تھا اور اس کا اثر ہمیشہ باقی رہے گا۔ یہ انسانی زندگی کے مختلف مراحل اور معاملات میں اپنی ہیئت ترکیبی کے ساتھ موجود رہا ہے اور ہے بھی۔ اگر ہم ظہور اسلام کے بعد ابتدائی ادوار سے اس تصور کے پھول چننا شروع کریں تو علامہ اقبال بلکہ آج تک پہنچ کر ایک روح دھڑکتی ہوئی دکھائی دے گی۔ مسعودی ہوں، مسکویہ ہوں، ابن حزم ہوں، البیرونی ہوں، ابن خلدون ہوں، حضرت شاہ ولی اللہ ہوں یا علامہ اقبال، ہر ایک نے تاریخ اور تصور تاریخ کو اپنے انداز سے سمجھنے کی کوشش کی اور اس میں انھوں نے کچھ خارجی اور داخلی رویے اپنے اپنے انداز سے برتتے ہیں، لیکن ان تمام کے ہاں تصور ہائے تاریخ، اسلامی تعلیمات سے جدا ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنی تاریخ کو اسی دائرے میں رکھنے کے لیے کوشاں ہیں اور کوشاں رہتے ہیں کہ جو ہمارے تصور تاریخ کے زیر اثر ہماری تاریخ کو صراط مستقیم پر رکھ سکے۔ تاریخ ہو یا تدوین تاریخ، تاریخ کے مختلف حالات اور واقعات کا جائزہ ہو یا تاریخ گوئی و تاریخ نویسی ہو، انسانی زندگی کے مختلف عمرانی رویے ہوں یا ہمارے اقتصادی مسائل یا سماجی مسائل و معاملات ہوں، وہ کسی بھی طرح سے ہماری زندگی پر اثر انداز ہو رہے ہوں، ہم انھیں اپنے تصور تاریخ سے اجالنے اور ان کا حل تلاش کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

عمل تاریخ اور تصور تاریخ، تاریخ کے دو پہلو ہیں۔ تصور تاریخ کلیتاً اسلام کے روحانی نظام سے ہم آہنگ ہے۔ اس کے نظام روحانیت سے ہم آہنگ ہونے کی وجہ سے وہ صراط مستقیم پر قائم ہے اور معاشرے کے مجموعی خدوخال پر فکری اور تہذیبی اعتبار سے غالب بھی ہے۔ اس کے برعکس تاریخ اپنے مادی رویوں کی عکس گری میں بعض بلکہ بیشتر ادوار میں ناکام ہوئی ہے یا ہوسکتی ہے۔ رویوں کی عکس بندی میں مادی رویے لامحالہ شامل ہوتے ہیں۔ کسی بھی علم یا کسی بھی شے میں مادیت کی شمولیت سے ایسے رویے یا زاویہ ہائے فکر جنم لیتے ہیں، جن کی بنا پر اس فکر یا علم کا سفر سچائی کے ان راستوں پر قائم نہیں ہوسکتا یا نہیں رہ پاتا، جن پر اس کا قائم رہنا ضروری ہوتا ہے۔

ہماری تاریخ کی کتابوں میں ایسے بے شمار واقعات اور حالات آئے ہیں کہ جن کے تقابلی مطالعے کے بعد ہی ہم ان کی اغلاط اور تسامحات کی نشان دہی کر سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ

Marfat.com

ان پر اثر انداز ہونے والے سیاسی، سماجی اور فکری اثرات کے اسباب وہ واقعات اور حالات، اپنے اپنے ادوار کی تاریخی کتابوں میں اپنے اپنے رنگ کے لبادوں میں مزین ہو کر سامنے آتے رہے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اسلامی تاریخ کا تصور، اسی تصور حقیقت کے ساتھ وابستہ رہا، جو اس کے بنیادی اجزائے ترکیبی کی تشکیل اور تعمیر میں روزِ اوّل سے تھا، لہٰذا ہم مختلف ادوار کے فلاسفہ کے ہاں دیکھتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان کے تصور تاریخ میں روحانیت کی کیفیات، اسی سچائی اور حقائق کی داخلی ترتیب کے ساتھ متشکل ہو رہی ہیں۔ اس میں زمانے کے بدلتے ہوئے احوال و آثار یا سیاسی و سماجی حالات یا فکری میلان، اس انداز سے اثر انداز نہیں ہو رہے، جس انداز سے کہ وہ تاریخی واقعات اور حالات پر ہوتے ہیں۔ تاریخ کی تعبیریں کسی طرح سے بھی ہو سکتی ہیں۔ اس کی روحانی تعبیریں، اس کی فکری تعبیریں اور اس کی سیاسی تعبیریں۔ ان تعبیروں کی اکائی کی ترتیب اور تہذیب میں ممکن ہے کہ اختلافات راہ پا جائیں اور ایک زمانے میں بیان کیے گئے واقعات، کسی دوسرے تاریخ نگار کے بیان کیے گئے واقعات سے مختلف اور متضاد ہوں، لیکن ان کے مابین تاریخ کا جو اساسی اور بنیادی تصور کارفرما ہے، اس کی یکسانیت اور کلیت میں کسی نوعیت کا کوئی اختلاف یا تضاد دکھائی نہیں دیتا۔ تصور تاریخ کی کلیت کے حوالے سے محمد مظہر الدین کے بقول:

> قرآن جس قانون کو سنتِ الٰہی سے تعبیر کرتا ہے، وہ تاریخ جدید میں بھی اسی طرح کارفرما اور عمل پیرا ہے، جس طرح گزشتہ تاریخ میں، علاوہ ازیں یہ حقیقت بھی ناقابلِ انکار ہے کہ خود مسلمان قوم جس عذاب، غلامی اور ذلت میں مبتلا ہوئی، وہ بھی انھیں سنن الٰہی کے عمل کا نتیجہ تھا، جن کی گرفت سے عاد و ثمود، اہلِ مدین اور اصحاب ایکہ تباہ و برباد ہوئے۔
>
> افسوس اس بات کا ہے کہ مسلمانوں کے اس غلط تاریخی نقطۂ نظر سے قرآن کریم کی افادیت کو شدید نقصان پہنچا اور اسے ایک مجموعۂ احکام و ضوابط یا مجموعۂ روایات و قصص تصور کیا جانے لگا۔ حالانکہ قرآن جس طرح معاشرتی اور تمدنی زندگی کے دائرہ میں ہماری ہدایت و رہنمائی کرتا ہے۔ اسی طرح موجودہ واقعات تاریخ اور انقلاب اقوام کی توجیہ و تشریح کا بھی ایک مخصوص طریقہ بتایا ہے۔ البتہ چوں کہ قرآن کو انسان کے جزوی تمدنی مسائل سے بحث نہیں بلکہ اس کی توجہ تمام تر اجتماع انسانی کے کلی اصولوں پر مرکوز رہتی ہے۔ اس لیے وہ تاریخ کے جزئیات سے بحث نہیں کرتا ہے۔ بلکہ تاریخی واقعات و انقلابات کے بنیادی اسباب اور عمومی کلیات کی طرف ہماری رہ

Marfat.com

نمائی کرتا ہے اور ایک جامع فلسفۂ تاریخ پیش کر کے ہم سے مطالبہ کرتا ہے کہ ہم اپنی ہم عصر زندگی اور اپنے قومی مستقبل پر رائے زنی اور پیش قیاسی کرنے، نیز گردو پیش کی اقوام کے حالات کو سمجھنے میں اس کے فلسفۂ تاریخ و تمدن سے مدد لیتے ہیں۔[۱۸]

تاریخ کے تصور میں متصادم رویے شامل نہیں ہوتے اور ہو سکتے بھی نہیں۔ اس لیے کہ جب اس کی بنیاد روح کی ان سچائیوں کے ساتھ وابستہ ہے، جو اسلام کے تصور حقیقت سے پھوٹتے ہیں، تو پھر ان میں دوئی کا راہ پا جانا ممکن نہیں ہوتا، لہٰذا ان کے اندر ایک اکائی دینی عقائد سے معطر رہتی ہے۔ اس کے برعکس تاریخ، حالات و واقعات کے روزنامچے کے صورت میں، مادی اثرات اور اسباب و عوامل کی وجہ سے متاثر ہوتی رہتی ہے۔ کل لکھے گئے حالات و واقعات شاید آج کے سیاسی ماحول اور منظر نامے میں اس معنویت کے حامل نہ ہوں، جو آج سے دو سو سال پہلے رہے ہیں اور دو سو سال گزرنے کے بعد ممکن ہے کہ ان حالات اور واقعات کی کوئی نئی تعبیر، نئے زاویۂ نظر سے ہمارے سامنے آئے۔ لیکن تاریخ کا تصور مابعد صدیاں گزرنے کے بعد بھی اسی رنگ اور آہنگ سے متشکل ہوگا کہ جو پچھلی چودہ سو صدیوں میں ہمارے ہاں رواج پذیر رہا ہے۔

تاریخ حالات اور واقعات کی شعوری وحدت کا نام ہے، لیکن تصور تاریخ لاشعور کی ان کیفیتوں کے زیر اثر، ان دینی معاملات کی تفہیم اور تعبیر سے عبارت ہے، جو قرآن اور احادیث کی تعلیمات کا بنیادی اور محوری نکتہ ہیں۔ تاریخ کی تشکیل میں شعور کی کارفرمائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ یہ شعور مورخ کی بنیادی ضرورتوں کے تناظر میں اپنی صورت گری کا رویہ سامنے لاتا ہے۔ مورخ کن حالات اور کن عوامل میں تاریخ لکھ رہا ہے؟ اس کے عہد کے سماجی اور سیاسی رویے کیا ہیں؟ فکری نظام کیا ہے؟ تہذیب کا کون سا بنیادی اور فکری رویہ سماج کو اپنے احاطے میں لیے ہوئے ہے؟ یہ سارے وہ اسباب و عوامل ہیں، جو تاریخ لکھنے والے پر براہ راست اثر انداز ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کی تاریخ کے بنیادی رویے، اس کے شعور کی اس کیفیت سے متاثر ہوتے ہیں، جو متعلقہ معاشرے پر غالب ہوتی ہے۔

چوں کہ تاریخ کا تصور صرف حالات و واقعات کی عکس گری کا نام نہیں ہے، وہ اس تصور حقیقت کا نام ہے، جو کسی بھی تہذیب میں روح کی طرح جاری و ساری رہتی ہے، لہٰذا اس پر مادی رویے اثر انداز نہیں ہو سکتے۔ کسی معاشرے میں کن سیاسی حالات و واقعات کا عمل دخل ہے؟ کون سا گھرانہ یا خاندان حکمرانی کر رہا ہے؟ کون سا نظام حکومت معاشرے میں رواج پذیر

Marfat.com

ہے؟ کون سے فکری اور کلامی مسائل اس عہد کو درپیش ہیں؟ کون سے مادی اور سماجی رویے معاشرے کے لیے مشکلات کا باعث بن رہے ہیں۔ چوں کہ روحانیت کے نظام فکر و عمل کے زیر اثر رہنے کی وجہ سے تصور تاریخ خارجی حالات سے متاثر نہیں ہوتا، اس لیے اس پر خارجی احوال کی اثر انگیزی ممکن نہیں ہوسکتی اور اس کے عدم امکان کی وجہ سے، اس میں زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق پیدا ہونے والے اسباب اور احوال و آثار، تصور تاریخ کو اس بنیادی اور فکری دھارے سے علیحدہ نہیں کرتے یا کر نہیں پاتے، جس طرح وہ تاریخ کو متاثر کرتے ہیں یا کر سکنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

تصور تاریخ، دینی اور روحانی عقائد کے ساتھ منسلک ہے، جب کہ تاریخ کی جڑیں سیاسی اور سماجی ماحول سے وابستہ ہیں۔ روحانی اور مادی عوامل کی یہی تعبیریں، انسانی زندگی کے مختلف ادوار میں اور مختلف شعبہ ہائے حیات میں اسے درپیش رہتی ہیں۔ جہاں بھی روح کی عمل داری موجود ہے، وہاں معاشرتی ڈھانچہ فکری نظام میں سرگرم کار ہے۔ جہاں بھی، جس معاشرے پر اور کسی بھی سطح پر چاہے وہ وجہ انفرادی ہو یا اجتماعی، اگر مادی ذرائع ترجیح پا جائیں، تو معاشرے میں شکست و ریخت کا آغاز ہوجاتا ہے اور وہ معاشرہ تیزی سے زوال آمادگی کی طرف بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔ قاضی قیصر الاسلام مادے کے مقابلے میں روح کی بالاتر حیثیت کے بارے میں رقم طراز ہیں:

> اقبال کے نزدیک شعور یا روح، مادے سے ایک بالاتر حقیقت ہے اور اصول حیات، مادے سے آزاد ایک وجود رکھتا ہے۔ مادہ، اخلاق و اقدار کی تخلیق کی صلاحیت نہیں رکھتا مگر یہ انسان باوجود اپنی مادی ساخت کے، ایک ایسا وجود ہے جو اقدار کی تخلیق پر قادر ہے اور اپنی اسی صفت کی بنا پر وجود تمام موجودات عالم پر فضلیت رکھتا ہے۔ خارجی عالم کی صفات فی نفسہ اس میں موجود نہیں بلکہ یہ ہماری اضافت ادراک کے باعث ظہور میں آتے ہیں۔ حیات مادے سے جدا بھی ہے اور اس میں سرایت کیے ہوئے بھی اور جوں ہی انسان میں شعور و آگہی کا نفوذ ہوا، انسان کی آزادانہ حیثیت کی ابتدا ہوگئی اور رفتہ رفتہ زندگی ایک ایسے مرتبہ وجود کی منزل پر پہنچ گئی، جہاں اسے ذہن سے تعبیر کیا جانے لگا۔ چنانچہ اسی منزل کی صفت خودی یا شعور ذات ہے، جس کے باعث انسان کو مرکزیت حاصل ہے اور یہ ایک جدا قوت کی حیثیت سے اپنے راستہ کا تعین از خود کرتا ہے:
>
> ضمیر کن فکاں غیر از تو کس نیست
> نشان بے نشاں غیر از تو کس نیست

Marfat.com

قدم بے باک تر نہ در رہ زیست
بہ پہنائے جہاں غیر از تو کس نیست

گویا انسان کے اختیار کی کوئی حد نہ رہی، وہ قید زمان و مکاں سے آزاد ہو گیا۔ زمان و مکاں اس کے حلقہ بگوش بن گئے۔ یہی انسان آیہ کائنات کا حقیقی مقسوم و مفہوم ٹھہرا۔ حیات کے ارتقا کی اصل غایت یہ ہے کہ زندگی مادے سے ارفع و بلند ہو کر ایک اخلاقی اور روحانی نصب العین کے فروغ کا سبب بنے۔[19]

لیکن یہاں یہ بھی واضح رہے کہ روح کی بالاتر حیثیت تسلیم کرنے کے بعد مادے کا انکار لازم نہیں آتا۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ روح اور مادے کے مابین توازن ہی تو زندگی کا دوسرا نام ہے اور اس میں عدم توازن کی صورت زوال کی ان قدروں کا اظہار یہ بن جاتی ہے کہ جن کی وجہ سے روح اور مادے کی باہمی یک جائی قائم نہیں رہ سکتی۔ جیسا کہ پیچھے لکھ آئے ہیں کہ تصور تاریخ کی بنیادیں ہمارے دینی اور روحانی نظام کے ساتھ وابستہ ہیں۔ تاریخ کا تعین سیاسی اور سماجی عوامل کے ساتھ وابستہ ہوتے ہوئے مادیت کے ساتھ اپنی فکری اور معنوی مناسبت کا تعین کرتا ہے، لہٰذا جب تک تاریخ اور تصور تاریخ میں توازن موجود ہے، تاریخ اپنے اس راستے سے نہیں ہٹتی، جسے صراط مستقیم کہتے ہیں۔ لیکن جب ان دونوں کے مابین عدم توازن کی فضا پیدا ہو جائے تو یہ فکری ڈھانچہ اپنی فکری اکائی کھو بیٹھتا ہے اور یہ ذریعۂ علم اور ذریعۂ تفکر اپنے اساسی نظام کے ساتھ وابستہ نہیں رہ سکتا۔ اگر تو شکست و ریخت کے اس عمل میں تصور تاریخ کو غلبہ میسر رہے تو اس غلبے کی وجہ سے تہذیب کی معنویت اپنی اکائی، محوری نکتے کے گرد گردش کناں رہتی ہے اور اس زاویے سے بہت دور نہیں نکل پاتی، جس طرح تاریخ پر مادی عوامل کے غلبے کی وجہ سے تصور تاریخ متاثر ہوتا ہے۔ اس تاثر انگیزی کے نتائج یہ ہوتے ہیں کہ تہذیب شکست و ریخت اور زوال آمادگی کی حدوں کو چھونے لگتی ہے۔

مسلمانوں کی چودہ سو سالہ تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک کسی بھی معاشرے یا ملک یا علاقے میں تاریخ اپنے مادی رویوں کے ساتھ تصور تاریخ پر غالب نہیں آئی، اگرچہ مسلمان مختلف علاقوں میں، مختلف سیاسی و سماجی حالات اور واقعات کا شکار رہے، مختلف جنگیں درپیش رہیں اور ان جنگوں کے مختلف نتائج نکلے۔ مسلمان فتح سے ہم کنار ہوتے رہے تو شکست کا سامنا بھی ہوتا رہا۔ وہ اندلس میں عروج کے مقام ثریا تک بھی پہنچے تو اسی اندلس سے

Marfat.com

دربدر بھی ہونا پڑا، مگر تصور تاریخ ان حالات اور واقعات کے الٹ پھیر سے متاثر نہیں ہوا۔ اگر کہیں خدانخواستہ یہ تصور تاریخ، تاریخ کے الٹ پھیر کی گرفت میں آ کر متاثر ہوا تو اس قوم کی بنیادی یک جائی متاثر ہوگی، جو توحید کے ساتھ وابستہ ہے اور توحید کے تصور کا متاثر ہونا تو یوں ہے کہ مسلمان کی ساری زندگی اس زاویہ نظر کا شکار ہو جائے، جس کا شکار اس سے پہلی امتیں اور ملتیں ہوتی رہی ہیں۔ ایک اطمینان کی بات یہ ہے کہ قرآن کی حفاظت خداوند قدوس نے اپنے ذمے لے لی ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے:

ہم نے ہی اس قرآن کو نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔[۲۰]

تو یہ ایک یقین ہے جو ہمیں بحیثیت مسلمان کے حاصل ہے۔ یہی یقین ہمیں علامہ اقبال کے فکر میں بھی دکھائی دیتا ہے کہ کلام کا مسئلہ ہو، فلسفے کی بات ہو، تصوف کے مسائل ہوں یا ادب کے، مسلمان وہم اور گمان کی حدوں میں گرفتار نہیں رہتا، بلکہ ان حد بندیوں کو توڑتا ہوا یقین کی وادیوں میں اتر جاتا ہے۔ یہی اسلام کا مقصد اور مدعا بھی ہے اور یہی مسلمان کی حیات جاوداں کی دلیل بھی۔ قرآن کی تحفیظ کا ذمہ لے کر خدا نے اس کتاب کو قیامت تک کے لیے امر کر دیا اور اس وجہ سے مسلمانوں کا تصور تاریخ بھی اپنے اجزائے ترکیبی کی باہمی اکائی کے ساتھ روبہ عمل رہا اور یہی سبب ہے کہ سیاسی، سماجی، فکری اور نت نئے مسائل کے سامنے کبھی شکست و ریخت کا شکار نہیں ہوا اور اس کی معنوی اکائی مسلسل اپنے محور کے گرد گردش کرتی رہی۔ مسلمانوں کے ہاں تاریخ، بطور ایک اکائی کے کیسے جلوہ گر ہوئی؟ اس کے بارے میں فخر الدین حجازی کا نقطۂ نظر ملاحظہ کریں:

تاریخ کے میدان میں مسلمانوں نے بڑا وافر سرمایہ یادگار چھوڑا ہے۔ کاتب چلپی کی معجم تاریخ میں سینکڑوں مسلمان مورخوں کے نام ملتے ہیں۔ پہلی کتاب تاریخ گویا اموی عہد میں لکھی گئی اور اس کے مصنف مناف تھے (م ۱۳۷ھ) مسعودی نے مروج الذہب میں اس سے استفادہ کیا ہے۔ یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ یورپی مصنفوں نے تحقیقی تاریخ لکھنے میں عرب مسلمانوں کی تقلید کی ہے۔ عرب مسلمانوں نے متقدم یورپی مورخوں کی طرح سطحی کتابیں نہیں لکھیں۔ انھوں نے مستند اور جامع معلومات پیش کیں، جو ہر آنے والی انسانی نسل کے لیے عبرت و موعظت کا سامان بنتی رہی ہیں۔ اس امر کی قضاوت چنداں مشکل نہیں کہ آیا واقعات کا چھانٹ پھٹک کے بغیر جمع کر دینا مفید ہے۔ عقلی و نقلی دلائل کے ذریعے واقعات اور ان کی علل کو بیان کرنا؟ یورپ والے بے شک اسے تعصب یا جانب داری کا نام دیں، عرب مسلمانوں نے تاریخ میں یہی روش اپنائی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تواریخ سے اب بھی علم اور فکری جولانی مترشح ہے۔ یورپ والوں نے

Marfat.com

یہ پرآویزش طریق بہت بعد میں اپنایا ہے۔ یہ بات تسلیم کر لینی چاہیے کہ تاریخ ادب مسلمانوں کا بے مثل سرمایہ ہے۔ مسلمان مورخوں نے اپنی تصانیف میں صدق بیان اور تحقیقی نقطۂ نگاہ کو ہمیشہ مدنظر رکھا ہے۔ ان کی تاریخی تصانیف نے مدنیت اسلامی کو ثروت مند بنایا۔ مسلمانوں کے ذریعے علم رجال وجود میں آیا۔ اس علم کے ذریعے راویان حدیث کا سیرت و کردار جانچنے کی مدد ملی۔ پھر مسلمان مورخوں نے ادیبوں، فقیہوں، نحویوں، اطباء و شعراء، علماء لغت، مفسروں، محدثوں اور متکلموں اور ماہرین علم الانساب وغیرہم کے طبقات متعین کیے اور ان کے تعارف سے کتابیں لکھیں...... مسلمانوں نے علم تاریخ کے ذریعے شرق و غرب اور شمال و جنوب میں ہر کہیں نور آگاہی پہنچایا۔ وہ ابتدا ہی سے ہرودت کو تاریخ نویسی میں مات کر گئے۔ انھوں نے تاریخ لکھنے میں تعصب اور جانب داری سے بالکل احتراز کیا اور تخیل کی پرواز بھی نہ کی۔ انھوں نے ہر کہیں واقعات کا صحیح تجزیہ پیش کرنے کی کوشش کی۔[۲۱]

علمائے تاریخ نے تاریخ کو مجرد، مابعد الطبیعیاتی عمل کہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایک ایسی حقیقت ہے، جو معاشرے کے جملہ قوانین کو اپنے احاطۂ فکر کی گرفت میں رکھتی ہے اور اس گرفت کی وجہ سے معاشرے کا مجموعی مزاج اس کے تابع رہتا ہے اور یہ ان معاشرتی اسباب وعوامل سے متاثر بھی ہوتی ہے۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ زمانے کے بدلتے ہوئے تناظر میں اکثر و بیشتر وہ اسباب، تاریخ کو اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں، جن کی وجہ سے تاریخ، تاریخی جبریت کا شکار ہو جاتی ہے، لیکن اگر تاریخ مجرد، مابعد الطبیعیاتی تناظر میں روبہ عمل رہے تو اپنے تصور تاریخ کی اکائی اور معنویاتی فکری کینوس کو وسعت آشنا رکھتی ہے۔

اگر تاریخ کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے اور اس کا فکری سطح پر جائزہ مرتب کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ کے تین فکری مدارج ہیں:

۱- روحانی
۲- فکری
۳- سیاسی اور سماجی

تاریخ ان تینوں مدارج میں سرگرم عمل رہتی ہے۔ تاریخ کا پہلا درجہ یہ ہے کہ یہ کسی بھی تہذیب یا ملت کے تصور تاریخ کے زیر اثر ہوتی ہے۔ تصور تاریخ کے زیر اثر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تاریخ پر روحانی نظام کی عمل داری ہے اور اس کی عمل داری میں رہنے سے تاریخ کا نظام، اس مذہب، تہذیب یا دینی نظام کے زیر اثر رہتا ہے۔

Marfat.com

تاریخ کا دوسرا درجہ فکری تفہیم کا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاں تصور تاریخ اور تاریخ میں ایک طرح کا رابطہ رہتا ہے، وہاں تصور تاریخ ہی کو تاریخ پر غلبہ حاصل ہوتا ہے، لہٰذا تاریخ کا سلسلہ ایک ایسے راستے پر گامزن رہتا ہے کہ جہاں پر تصور تاریخ کی حکمرانی یا عمل داری کی وجہ سے تاریخ اس کے تابع ہوتی ہے۔

تیسرا درجہ سیاسی و سماجی ہے کہ جہاں تاریخ، تصور تاریخ پر غلبہ پا لیتی ہے اور اس غلبے کی وجہ سے تاریخ کا سارا نظام فکر و عمل شکست و ریخت کا شکار ہو جاتا ہے۔

جب ہم ظہور اسلام سے قبل کی تاریخوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر دور میں تیسرے درجے کی تاب ناکی اور فکری سطح، تصور تاریخ سے بلند رہی ہے، جس کی وجہ سے تاریخ کا بنیادی اور اساسی تصور ان معاشروں یا تہذیبوں میں اپنی فکری معنویت کی وجہ سے روبہ عمل نہ ہو سکا۔ یوں شکست و ریخت کے سبب وہاں کے مذہبی سرچشمے انسانی تفکر کی بوقلمونی سے متاثر ہوتے رہے ہیں۔ اس حوالے سے ڈاکٹر برہان احمد فاروقی لکھتے ہیں:

اجتماعی زندگی کی غایت مثالی معاشرے کا قیام ہے، جس کے تین پہلو ہیں۔ (۱) معاشرتی پہلو (۲) معاشی پہلو اور (۳) سیاسی پہلو۔ معاشرتی پہلو کی اصلاح طلب خصوصیت، نسلی تفاخر اور خود پسندی ہے۔ جسے انما المومنون اخوۃ کے حوالے سے اخوت میں بدلنا درکار ہے۔ اخوت کا معیار حدیث کی رو سے یہ ہے کہ لایومن احدکم حتی یحب لاخیہ ما یحب لنفسہ۔

معاشی پہلو کی اصلاح طلب خاصیت حرص، لالچ اور بخل ہے۔ جسے انفاق، ایثار اور احسان کے تقاضے میں بدلنا ضروری ہے کیوں کہ مثالی معاشرے کے خصائص یہ ہیں کہ وہ نوع انسانی کی وحدت کے تصور پر مبنی اخلاقی جدوجہد کرنے والے اور روحانی الذھن افراد پر مشتمل ہو، جن کی جدوجہد کا رخ یہ ہو کہ فرد اور معاشرہ ہر قسم کے خوف و غم سے محفوظ رہیں، جس کے استحکام کی بنیاد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیر مشروط اطاعت ہو اور آپ کے ساتھ غیر منقسم وفاداری۔ وفاداری کے تقسیم ہو جانے سے فرقہ پرستی پیدا ہوگی کیوں کہ شرک فی النبوۃ ہی سے فرقہ پرستی پیدا ہوتی ہے۔

سیاسی پہلو کی اصلاح طلب خصوصیت ہوس اقتدار ہے، جس کی بدولت سیاسی تناقض (Political antinomy) پیدا ہوتا ہے، جو رفع نہ ہو تو ظالمانہ نظام کی حامل ریاست وجود میں آتی ہے۔ اس سیاسی تناقض کے رفع ہونے کی شرط یہ ہے کہ کلمۂ طیبہ کی بنیاد اور مطاع اور مطیعون کے درمیان

Marfat.com

یہ معاہدہ عمرانی عمل میں آئے کہ ہم دونوں کے لیے منزل من اللہ احکام یکساں واجب التعمیل ہیں اور ہم دونوں کا محرک عمل مطالبۂ حقوق نہیں، ایتائے حقوق ہے۔ کیوں کہ مطالبۂ حقوق سے حقوق کے درمیان تصادم پیدا ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا، جس کی وجہ یہ ہے کہ جو حقوق طلب کرتا ہے، بے نظامی کا مرتکب سمجھا جاتا ہے اور جس سے حقوق طلب کیے جاتے ہیں، وہ ظالم اور غاصب متصور ہوتا ہے۔[۲۲]

قدیم معاشروں یا تہذیبوں میں وحی اور الہام کی صورتوں کا تسلسل نہ ہونے کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ وہاں تصور تاریخ، تاریخ کے حادثات اور واقعات کے زیر اثر رہا ہے۔

ظہور اسلام کے بعد الحمد للہ کہ تصور تاریخ کی تاریخی واقعات اور حالات و سوانح پر عمل داری رہی ہے۔ تاریخ کے کم و بیش تمام ادوار میں جس نوعیت کے حالات اور واقعات مسلم امہ کو درپیش رہے ہوں، ان کی کوئی بھی صورت اور اسباب و عوامل رہے ہوں لیکن تاریخ کے تصور کے غلبے کی وجہ سے یہاں تصور تاریخ دینی حقائق اور روحانی نظام کے ساتھ وابستہ ہونے کے سبب ہر عہد میں کامل شکست و ریخت سے بچا رہا ہے۔ گویا ہم کہ سکتے ہیں کہ قدیم تہذیبوں کے اندر وحی و الہام کے محفوظ نہ رہ سکنے کی وجہ بھی تاریخ کی اور تاریخی عوامل کی جبریت تھی۔

ظہور اسلام کے بعد مسلم معاشروں اور مسلم تہذیب کے اندر تصور تاریخ کے فکری تناظر میں جو فکری تسلسل رہا ہے، اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ تاریخ پر تصور تاریخ کو جو فوقیت حاصل رہی ہے، اس کی بنیاد پر یہ معاشرہ، اس شکست و ریخت کے عمل سے نہیں گزرا، جہاں پر پہنچ کر انسانی رویے، حیوانی رویوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور انسان کی احسن التقویمی صورت اسفل السافلین کے درجے پر اتر کر گم ہو جاتی ہے اور معاشرے میں عدل کا وہ نظام ختم ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے کالے، گورے، امیر، غریب، بڑے، چھوٹے کی تمیز، اسلام نے ختم کی تھی اور جو مساوات اور اخوت کا درس دیا تھا، وہ اپنے ماحول میں قائم رہ سکتا ہے۔

دیکھنے کی بات یہ ہے کہ ہمارے فلاسفہ کے ہاں یہ تصور اپنے اس درجے اور سطح پر، جسے ہم نے اپنے ابتدائی دو درجوں سے موسوم کیا ہے، یعنی روحانی اور فکری مدارج کے زیر اثر رہا ہے، جہاں کہیں بھی، تصور تاریخ سے اتر کر، تاریخ سیاسی اور سماجی سطح پر آئی ہے، وہاں پر نظام سیاست میں زوال آمادگی کے رویے پیدا ہوئے ہیں، لیکن تصور تاریخ ان رویوں سے بچ نکلنے میں کامیاب رہا ہے۔

Marfat.com

اب ہم اسلام کے ابتدائی دور سے لے کر علامہ اقبال تک معروف مسلمان تاریخ دانوں بلکہ تاریخ کے فلسفیوں کے تصور تاریخ اور تاریخ کے ضمن میں ان کی آرا کو دیکھتے ہیں کہ کس طرح ان کے فکر و فلسفہ میں ارتقائی صورت جلوہ گر رہی ہے اور وہ کس طرح سے اپنی بنیادی اساس کو بچانے میں کام گار رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ علامہ اقبال کے تصور تاریخ کے ساتھ جہاں کہیں ضروری ہوگا، ان کے تصور تاریخ کا تقابلی مطالعہ بھی پیش کیا جائے گا۔

(۱)

ابن مسکویہ کا تصور تاریخ، تاریخ کے فلسفیوں سے ذرا مختلف اور منفرد نوعیت کا ہے۔ دیگر فلسفیوں کی طرح وہ تاریخ کو محض حالات اور واقعات کا اشاریہ نہیں سمجھتا۔ اس کے نزدیک تاریخ ماضی کے اعداد و شمار کا نہ مجموعہ ہے نہ علم، بلکہ اس سے ہٹ کر اور ماورائی سطح پر کوئی ایسی چیز ہے جو زندگی کی تخلیقی قوتوں کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ اس نے تاریخ کو انسانی زندگی کے ساتھ رکھ کر اس کی معنویت کو متعین کرنے کی کوشش کی اور اس نتیجے پر پہنچا کہ یہ دراصل حالات اور واقعات کا منظر نامہ نہیں ہے، بلکہ خود انسانی مطالعے کا اظہاریہ ہے۔ انسان، اس کی تمناؤں اور آرزوں کا مطالعاتی اظہار تاریخ کا بنیادی موضوع ہے۔ وہ اسے انسانی محرکات کی تحریک سے وابستہ کرتا ہے۔ وہ انسانی داخل کی مختلف صورتوں اور ان کے رویوں کو اس علم اور ذریعۂ علم کے تحت دیکھنے اور اس کی معنویت کو متعین کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ابن مسکویہ کے ہاں روحانی اور خارجی رویے یک جائی کی صورت میں متشکل ہوتے ہیں اور اس سے انسانی نفسیات کے بنیادی محرکات کا مطالعہ نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔ ابن مسکویہ کا خیال ہے کہ تاریخ کبھی غلط نہیں ہو سکتی۔ تاریخ کا جو بنیادی تصور موجود ہوتا ہے، وہ اپنی کلی جہتوں میں انسان اور انسان کی زندگی کے بنیادی محرکات کے ساتھ اس حد تک وابستہ ہے کہ وہ تاریخ کو اس کے بنیادی راستے سے، جسے قرآن نے صراط مستقیم کہا ہے، سے ہٹنے نہیں دیتا۔ ابن مسکویہ کی تاریخ فہمی اور اس کے امتیازات کے حوالے سے مولانا عبدالسلام ندوی کی کتاب حکمائے اسلام میں سے اقتباسات دیکھیے:

حکمائے اسلام میں ابن مسکویہ پہلا شخص ہے، جس نے فن تاریخ پر کتاب لکھی ہے، اس لیے اس کی یہ کتاب تاریخی اور فلسفیانہ دونوں حیثیتوں سے نہایت اہمیت رکھتی ہے، تاریخی حیثیت سے وہ محض خودرو اور خود ساختہ مورخ نہ تھا بلکہ اس نے باقاعدہ فن تاریخ کی تعلیم حاصل کی تھی اور تاریخ طبری کو ابوجعفر طبری کے ایک خاص شاگرد سے باقاعدہ طور پر پڑھا تھا...... ابن مسکویہ پہلا

Marfat.com

مورخ ہے، جس نے فن تاریخ کا ایک خاص مقصد قرار دیا اور اس مقصد کے مطابق تاریخی واقعات کا انتخاب کیا، چنانچہ اپنی تاریخ کے دیباچے میں لکھتا ہے:

میں نے جب قوموں کے حالات اور بادشاہوں کے تذکرے دیکھے اور شہروں کے حالات اور تاریخ کی کتابیں پڑھیں تو ان میں ایسی چیزیں پائیں، جن سے ان امور کے متعلق، جن کے مثل واقعات ہمیشہ پیدا ہوتے رہتے ہیں اور آئندہ بھی اسی قسم کے واقعات کے پیدا ہونے کی توقع ہوتی ہے، تجربہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً سلطنتوں کی ابتدا، ملکوں کی نشوونما، اس کے بعد ان میں اختلال کا پیدا ہونا، پھر جو شخص اس کی تلافی کر کے اس کو بہترین حالت میں لاتا ہے اور جو شخص ان سے غفلت کر کے اس کو زوال پذیر بنا دیتا ہے، ان سب کا بیان، اسی کے ساتھ ان سیاسی واقعات کا ذکر جو شہروں کی آبادی، رعایا کے اتفاق و اتحاد اور فوج کی نیتوں کی اصلاح سے تعلق رکھتے ہیں۔[۲۴]

تاریخ اپنے اخلاقی، معاشرتی اور سیاسی آہنگ میں روحانی رویوں کے تابع ہوتی ہے۔ ابن مسکویہ تاریخ کو روحانی حوالے سے اس قدر بھرپور اور بامعنی خیال کرتا ہے کہ زندگی کے دیگر تمام خارجی رویے اس کی زیریں سطح پر رہ کر اپنی تخلیقی قوتوں کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ تاریخ کے خارجی زاویوں، رویوں اور تاریخی واقعات کے اعداد و شمار اور ان کے ظن و تخمین کو تاریخ نہیں سمجھتا۔ اس کے نزدیک تاریخ انسان کے ذہنی تجربات کے ان مطالعاتی افادات کا نام ہے، جن سے اس عہد کی بڑی اور نامور شخصیتیں گزرتی ہیں۔ ان کے نزدیک تاریخ ذہنی ارتقا سے عبارت ہوتی ہے۔ اس لیے وہ تاریخ کو ذہنی اظہاریے کا نام دیتا ہے، کیوں کہ تاریخ وہ بنیادی رویہ ہے کہ جو انسان کی داخلی اور خارجی کیفیات کو متحرک رکھتا ہے۔ یہ تحرک یا حرکت یا عمل اس کے نزدیک زندگی کی بنیادی دلیل ہے۔ اس سلسلے میں ابن مسکویہ کے نظریات کی خوبصورت ترجمانی کرتے ہوئے بی اے صدیقی رقم طراز ہیں:

Ibn-e-Miskawaih becomes the first analytic philosopher of history in the world of Islam, making histroy to be essentially a part of pscyhology in the wider sense of the term. Coherently presented, the salient features of his critical philosophy of history may be described as under;

First, history is not a plain record of what happened in the past, but why it happened at all as it did. The job of the historian is to pass from the outside of the events to their inside, bringing to light the human ambitions that like behind them. History, in other words, is the study of man, his hopes and aspirations, and, as such, is a dynamic process as opposed to a body of static events.

Secondly, history is a movement of human purposes only. No spiritual or

Marfat.com

divine purpose, save human, is fulfilled by the historical current, and so the accounts of the prophets-their political achievements no less than thier superhuman miracles-fall beyond the ken of history.

Thirdly, history moves, not through a sequence of determined epochs or phases, but through a dialectical movement of human purposes and counter-purposes, so that what happens in one epoch is a psychological reaction to what happened in the epoch preceding it.

Fourthly, history is never wrong. The moral tone, soical pattern and political temper of an epoch are necessarily conditioned by the spirit that rules that epoch. The 'prominence' which Ibn-e-Miskawaih gives to the history of the Sassanian monarchy thus truly reflects 'the flood time of the Persian reation against the Arab supremacy,' the time when the Buwaihid Shi'ite princes were ruling high 'throughout the empire of the' Abbasid Caliphate.

Fifthly, history makes us wise. It brings to light certain eternal truths, brings upon the rise and fall of nations, that may be usefully employed by the rulers, generals, statesmen, and the general public alike. This concept of usefulness makes history to be essentially a vehicle for the propagation of ideas, opening the way for the reinterpretation of transmitted facts so as to conform to the ideas the historian wishes to propagate.[24]

ابن مسکویہ نے تاریخ کو سائنس کہا ہے لیکن یہ سائنس محض مجرد (Abstract) خیالات پر مبنی نہیں ہے۔ بلکہ وہ اسے ایک ایسی ٹھوس صورت میں نمایاں کرتا ہے کہ جہاں انسانی زندگی کے رویے، عملی اور حرکی صورت میں نمو پذیر ہوتے ہیں۔ وہ زمانی سطح پر تاریخ اور تصور تاریخ کی یک جائی کو ایک ایسے زاویے پر رکھ کر دیکھنے کا قائل ہے کہ اس کے ہاں ماضی کا علم، مستقبل سے غیر متعلق نہیں رہتا اور جہاں مستقبل، ماضی اور حال کے پیمانوں سے غیر متعلق نہ ہو تو وہاں وہ اپنی مجموعی اور کلی صورت میں اپنا اظہار کرتا ہے یا کر سکتا ہے لہٰذا ابن مسکویہ کا تصور تاریخ عمومی حوالے سے ایک آفاقی اور ہمہ گیر صورت کے تعین میں معاون ہوتا ہے۔ اس حوالے سے پی ایچ صدیقی کے مضمون کا ایک اقتباس ملاحظہ کریں:

With all the taint of subjectivity, history is a science, but Ibn-e-Miskawaih apparently considers it to be a concrete science rather than an abstract one. It is concerned with the precise course of individual events. It tells us what happened in the past, and in doing so also explains why it happened at all, as it did. But the knowledge of the past is not entirely irrelevant to the future. it does indeed illuminate us as to the future, and it is this aspect of historical knowledge which makes way for generalisations in the concrete science of history. The experiences of one

Marfat.com

nation may explicitly serve as examples for the other, bringing home the irreversible truths concerning the rise and fall of nations in general. And it is to these exemplary instances that Ibn-e-Miskawaih particularly invites the attention of the rulers, generals, and the public alike.[25]

علامہ اقبال ابن مسکویہ سے کس حد تک اور کیوں متاثر تھے، ڈاکٹر عطیہ سید کی کتاب اقبال- مسلم فکر کا ارتقا سے ایک اقتباس ملاحظہ کریں:

اقبال کی مشہور نثری تصنیف اسلام میں مذہبی فکر کی تشکیل نو میں ابن مسکویہ کے حوالے ملتے ہیں، لیکن اس کے افکار کا تفصیلی ذکر ایران میں مابعد الطبیعیات کا ارتقا میں نظر آتا ہے، جہاں وہ اس کا شمار ایران کے نو افلاطونی ارسطا طالیسیوں میں کرتے ہیں۔ عموماً ابن مسکویہ کی شہرت کا سبب اس کی اخلاقیات کو قرار دیا جاتا ہے۔ مثلاً ڈی بور اسلامی فکر کی تاریخ میں مسکویہ کے نظریۂ اخلاق پر زور دیتا ہے اور اس کے باقی افکار کو نظر انداز کرتا ہے۔ اقبال اس کے برعکس ابن مسکویہ کی مابعد الطبیعیات کو اہم تصور کرتے ہیں۔ اسی طرح عبدالرحمٰن بداوی، بوعلی سینا اور التوحیدی کے بعض بیانات کی جانب توجہ دلاتے ہیں جو تفکری فلسفے کے لیے ابن مسکویہ کی صلاحیت کے بارے میں اچھی رائے ظاہر نہیں کرتے، لیکن اقبال ایران میں مابعد الطبیعیات کے ارتقا میں اس خیال کا اظہار کرتے ہیں کہ ابن مسکویہ مورخین کی توجہ کا فارابی وغیرہ سے زیادہ مستحق ہے، کیوں کہ اس کے فلسفیانہ نظریات زیادہ منظم ہیں۔ اس کے علاوہ وہ رازی جیسے مفکرین کے بجائے ابن مسکویہ کو ایرانی مفکرین، حکما اور مورخین میں ایک ممتاز حیثیت کا مالک قرار دیتے ہیں۔[۲۶]

اقبال اسلام میں مذہبی فکر کی تشکیل نو میں پر زور اور واضح الفاظ میں انسان کی یکتائی اور انفرادیت کا ذکر کرتے ہیں، اور قرآن کے حوالے سے اسے باوجود اس کی تمام خامیوں کے، زمین پر خدا کا نمائندہ قرار دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم سب جانتے ہیں کہ اقبال انسانی شخصیت کے ارتقا کے علمبردار ہیں اور اس ارتقا کی نوعیت روحانی ہے، اگرچہ یہ روحانی کمال خارج کی تسخیر کے توسط سے بھی پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے۔ مسکویہ کا تصور ارتقا بھی روحانی ہے۔ وہ ساری کائنات میں ''روحانی میلان'' کو جاری و ساری پاتا ہے۔ اس لحاظ سے ابن مسکویہ جس ارتقا کا ذکر کرتا ہے وہ حیاتیاتی (Biological) ہوتے ہوئے بھی روحانی ہے۔ ان مشاہدات سے یہ عیاں ہے کہ اقبال باقی مسلم مفکرین (جنھوں نے ارتقا کا تصور پیش کیا) کے مقابلے میں مسکویہ سے اس لیے یک گونہ یگانگت محسوس کرتے ہیں کہ وہ خود بھی زمین پر انسانی خلافت اور خودی کے ارتقا کے قائل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ ان کا ایمان ہے کہ سوچ کی یہی روش (جوان کے اور

Marfat.com

مسکویہ کے ہاں کئی لحاظ سے مشترک ہے) قرآن کی روح کے عین مطابق ہے۔[۲۷]

علامہ اقبال نے یہاں وہاں ابن مسکویہ کا ذکر مابعد الطبیعیاتی فلسفے کے ضمن میں کیا ہے۔ انھوں نے اپنے پی ایچ ڈی کے مقالے فلسفۂ عجم میں ابن مسکویہ کا تعارف ان الفاظ میں کرایا ہے:

اب ہم ایک مشہور شخصیت علی بن ابن محمد ابن یعقوب کی طرف آتے ہیں، جو عام طور پر ابن مسکویہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ ابو وحید سلطان عضدالدولہ کا خزانچی تھا۔ اس کا شمار ایران کے مورخین، معلمین اخلاق، اطبا اور آئمہ مفکرین الہیات میں کیا جاتا تھا۔ میں ذیل میں اس کی ایک مشہور ترین تصنیف الفوز الاصغر سے، جو بیروت میں طبع ہوئی ہے۔ اس کے نظام فلسفہ کا ایک اجمالی بیان پیش کرتا ہوں۔[۲۸]

(۲)

علامہ اقبال نے ابوریحان البیرونی کا ذکر مختصراً دو تین مقامات پر کیا ہے۔ جہاں البیرونی کا ذکر آیا ہے، وہاں براہ راست علامہ اقبال کے مطالعاتی افادات کا کچھ ایسا واضح سلسلہ بھی نہیں ملتا کہ انھوں نے کس حوالے سے اور کس طرح البیرونی سے کسب فیض کیا ہے۔ پانچویں خطبے میں جہاں علامہ اقبال نے البیرونی کا تذکرہ کیا ہے، اگر اسے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ البیرونی کے تخلیق کائنات، زمان و مکاں اور تصور تاریخ کے حوالے سے جو نظریات و خیالات، ان کی مختلف کتابوں میں بکھرے ہوئے ہیں، یقیناً علامہ اقبال کے پیش نظر رہے ہیں۔ البیرونی ایک فلسفی سے زیادہ، منجم اور ہیئت دان تھا۔ اس نے ہیئت اور نجوم میں اپنے مشاہدات اور تجربات کو تحریری صورت دی ہے لیکن بین السطور تخلیق کائنات، تصور زمان و مکاں اور تصور تاریخ کے ضمن میں اس کے خیالات و نظریات دکھائی دیتے ہیں۔ ڈاکٹر سید عبداللہ نے لکھا ہے:

البیرونی کے تصور تاریخ کے بارے میں ایک قابل غور بات یہ ہے کہ اس نے رسمی تاریخ شاید ایک بھی نہیں لکھی۔ وہ اصلاً ہندسہ، علم شمار (حساب) ہیئت، نجوم اور طب کا آدمی تھا۔ لیکن اس وقت اگر اسے ہم مورخوں میں شمار کر رہے ہیں تو اس وجہ سے کہ اس نے اپنے ریاضیاتی اکتساب کے بل بوتے پر ہمیں بین الاقوامی معاشرتی تاریخ کا ایک باب عطا کیا ہے۔

البیرونی کے یہاں لفظ تاریخ اور تواریخ کئی مرتبہ آیا ہے مگر اس کے یہاں تاریخ کا وہ مفہوم نہیں، جو آج کل مروج ہے۔ کتاب التفہیم (فارسی) میں وہ تاریخ کی تعریف اس طرح کرتا ہے:

تاریخ چیست؟

Marfat.com

تاریخ وقتے باشد اندر زمانہ، سخت مشہور کہ اندرو چیزے بودہ است چناں کہ خبرش اندرامتے یا ملتے پیدا شود و بگستر د چوں دینے یا کیشے پیدا شود وغیرہ۔

اس کے معنی یہ ہوئے کہ اصلاً لفظ تاریخ زمانے کے اندر ایک خاص اہم وقت (دن یا لمحے) کا نام ہے، جس سے قبل و مابعد کی حد بندی ہوتی ہے۔ اس تصور میں ارتقا (تغیر پذیر حرکت) (Development) کا وہ تصور موجود نہیں، جس میں ابتدا ہوتی ہے اور وہ کسی انتہا یا لامتناہی کی طرف (بہتر سے بہترین کی صورت میں) حرکت کرتے ہوئے بڑھتی جاتی ہے۔

لیکن یہ یاد رہے کہ البیرونی کا اصل مقصد رسمی تاریخ کی تدوین نہ تھا بلکہ اس کے نزدیک ''تاریخ آیات الٰہی میں سے ہے اور علمی لحاظ سے یہ عمرانیات کی کہانی کا ایک حصہ ہے۔ [۲۹]

البیرونی ایک ایسا فلسفی ہے کہ جس کے خیالات اور افکار پر قرآن کریم اور دیگر آسمانی کتابوں کی چھاپ اور اثر گہرا ہے۔ وہ قرآنی نظریۂ تکوین اور نظریۂ تخلیق کو بھی پیش کرتا ہے لیکن وہ اس کے ضمن میں عمرانی، جغرافیائی اور ریاضیاتی دلائل دیتا ہے، اور اپنے رویے اور نظریے کو ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مسلمان فلسفیوں میں ابن خلدون اور مغربی فلسفیوں میں شپینگلر کے نظریات و خیالات میں سے بعض ہمیں البیرونی کے ہاں بھی نظر آتے ہیں۔ یعنی اس کا رابطہ مسلمان، فلسفیوں میں سے ابن خلدون کے افکار و نظریات اور جدید فلسفیوں میں شپینگلر کے تصورات سے موجود ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان فلسفیوں کی فکر میں یک جائی کی صورت، علامہ اقبال کے لیے توجہ کا باعث رہی ہو۔ ڈاکٹر سید عبداللہ کے خیال میں:

ان اقتباسات سے جو نتائج مرتب ہوتے ہیں، ان میں پہلا یہ ہے کہ البیرونی کے تصورات بھی یونانیت کے خلاف بغاوت کے زمرے میں آتے ہیں اور وہ تجربی اور مشاہداتی منہاج کے اولین بانیوں میں سے تھا۔ دوسرا یہ کہ زمانہ ایک حقیقت ہے اور زندگی، حرکت مسلسل و مستقل سے عبارت ہے۔

اور تیسرا نتیجہ یہ کہ البیرونی کا تصور تاریخ، ابن خلدون کے مآخذ میں سے تھا، جو اسے اسلامی ورثے کے طور پر البیرونی سمیت دوسرے قدیم مسلم حکما سے ملا۔ اگر ان نتائج کی تفصیل میں جانا ہو (جیسا کہ جانا چاہیے) تو ہمیں البیرونی کے تقریباً سب ہی خیالات کا جائزہ لینا پڑے گا، جن میں سے بیشتر ان کی ریاضیاتی کتابوں میں ہیں۔ یہ معلوم ہے کہ البیرونی فلسفی کم اور ہیئت دان زیادہ تھا اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ کوئی شخص اس کی کتابوں کا عمیق سے عمیق تر، جتنا مطالعہ کرتا جائے، قرآن مجید پر اور خدا تعالیٰ کی حکمتوں پر البیرونی کے پختہ یقین کا زیادہ سے زیادہ اثر

Marfat.com

نظر آتا ہے۔ یہ قدیم حکما کی ایک ایسی خصوصیت ہے، جو ہمارے جدید مسلم سائنس دانوں اور ریاضی دانوں کے لیے خاص طور پر قابل توجہ ہے۔[۳۰]

ابن خلدون دیگر فلسفیوں کے برعکس زمان کی دوری اور دائروی حرکت کا قائل ہے۔ اس کے نزدیک کائنات کی گردش ایک خاص مکان کے اندر وقوع پذیر ہوتی ہے لہٰذا اسے مستقیم یعنی Straight نہیں کہا جاسکتا۔ وہ کئی کائناتوں، کئی دنیاؤں، کئی آدموں اور کئی حواؤں کی تخلیق کا قائل ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ممکن ہے کئی زمانے، کائناتیں، اس کائنات سے قبل مکمل ہو کر اپنے اختتام کو پہنچ چکی ہوں اور عین ممکن ہے کہ بہت ساری کائناتیں اس کائنات کے بعد معرض نمود میں آئیں یا اس کا یہ بھی خیال ہے کہ بہت ساری کائناتیں، اس کائنات کے ساتھ موجود ہوں اور ہم ان کی تعبیر و تفہیم سے قاصر ہوں اور نہ سمجھ سکتے ہوں۔ دوسرے یہ کہ وہ زمان کو آئن شائن کی طرح اضافی قدر مانتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ وقت مخلوق ہے اور یہ تخلیق کائنات سے ہزاروں، کروڑوں سال قبل وجود میں آیا ہے، لیکن وہ اس کے حادث ہونے اور مخلوق ہونے کا پختہ یقین رکھتا ہے۔ اسی تھیوری کے زیر اثر اس نے تاریخ کی معنویت اور تصور تاریخ کی اساس کو دریافت کرنے کی کوشش کی ہے۔

البیرونی تاریخ کی اس صورت کو نہیں مانتا کہ جس میں بادشاہوں، وزیروں اور سیاست کا منظر نامہ سنین و سال کے اعتبار سے سامنے لایا جائے۔ وہ سنین و سال کی اہمیت کا بلاشبہ قائل ہے لیکن وہ اسے بادشاہوں کے تذکروں تک محدود نہیں رکھتا بلکہ وہ انسان کی زندگی کے عمرانی رویوں کے ان مجموعی خدوخال کو ابھارنے، اس کے ذہنی ارتقا کو سمجھنے اور مابعد تاریخ کے واقعات اور حوادث پر اثر انداز ہونے سے عبارت گردانتا ہے، اس کے بین السطور کام کرتی ہوئی قوت کا قائل ہے اور اس کو نہایت اہمیت کے ساتھ اپنی تحریروں میں پیش کرتا ہے اور اس کے اثرات کو وہ آئندہ رویوں میں یا گزرے ہوئے زمانوں میں اسے دریافت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے نزدیک تاریخ ایک حد بندی ہے۔ ایک خاص زمانی دائرے میں انسانی زندگی کی حرکت کو تاریخ کی مدد کے بغیر نہیں سمجھا جاسکتا۔

ایک بہت اہم بات جو ہمیں البیرونی کے ہاں دکھائی دیتی ہے اور بہت کم یا بہ شمول علامہ اقبال کے کسی بھی اور فلسفی میں دکھائی نہیں دیتی۔ وہ یہ ہے کہ تصور تاریخ کے حامل مسلمان فلسفیوں نے تاریخ اور تصور تاریخ کے ضمن میں نہایت اہم نکات کا تذکرہ کیا ہے۔

Marfat.com

انھوں نے تخلیق کائنات، زمان و مکاں کے مسائل، حدوث اور قدم کی باتیں اور اس طرح کے دوسرے مسائل کے پس منظر میں تاریخ اور تصور تاریخ کو جاننے کی کوشش کی ہے مگر یہ نکتہ کسی بھی فلسفی کو نہیں سوجھا، ماسوائے البیرونی کے کہ وہ تاریخ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دیتا ہے۔ گویا اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی قرار دے کر وہ تاریخ کو براہ راست عالم فطرت کے ساتھ جوڑ دیتا ہے۔ فطرت، اللہ کی آیات کا اظہار ہے۔ اگر تاریخ اس کی آیات میں سے ایک آیت ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی اثر اندازی انسانی زندگی اور کائناتی زندگی میں بہت بنیادی اور اساسی نوعیت کی ہے۔

البیرونی نے تاریخ کو آیت الٰہی کہ کر زندگی کی بنیادی قدر کو دریافت کرنے کی کوشش اور کاوش کی ہے اور دراصل اس نے اس ضمن میں اپنی کتابوں میں جو استدلال کیا ہے، اس میں اس کی بنیاد ریاضیاتی اصولوں اور عمرانیاتی ضوابط پر رکھی۔ اگر وہ اس کو فلسفیانہ بنیادیں فراہم کرتا تو البیرونی کے اس تصور کی معنویت دو چند ہو جاتی۔ استدلال کی بنیاد ریاضیاتی اصولوں پر رکھنے کی وجہ سے اس کے دلائل اور براہین کا منظرنامہ محدود طبقے اور درجے کے لوگوں پر ہی اثر انداز ہو سکا۔ اگر فلسفیانہ بنیادیں فراہم کی گئی ہوتیں تو اس فکر کی اپیل اور تاثر وسعت آشنا رہتے، سو البیرونی کا نیا نکتہ لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہا۔

علامہ اقبال نے البیرونی سے یا ان کے مطالعاتی افادات سے جہاں جہاں اکتساب کیا، استفادہ کیا یا استناد کیا، اس کی نظیریں ان کے فکر و فلسفہ میں براہ راست نہیں ملتیں، تاہم جن جن فلسفیوں کے پہلو بہ پہلو دو چار مقامات پر انھوں نے البیرونی کا ذکر کیا ہے، ان فلاسفہ کے اظہارات کے پس منظر میں رکھ کر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس تصور تاریخ کے ضمن میں البیرونی سے فکری اعتبار سے یقیناً متاثر ہوئے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ البیرونی کے جو تین بہت اہم نظریات (۱) تصور زمان، (۲) تصور تخلیق کائنات یا تصور تکوین کائنات اور (۳) تصور تاریخ فلسفیانہ حوالوں سے معروف ہیں۔ ان میں سے پہلے دو تصورات کے علامہ اقبال کلی طور پر مخالف ہیں۔ لہٰذا تیسرا جو پہلو باقی بچتا ہے، وہ تاریخ اور تصور تاریخ ہے۔ اب یہ بات یقین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ علامہ اقبال نے البیرونی کا ذکر اسی تصور کی ذیل میں کیا ہوگا۔ دیگر علمی مقامات اور علمی مدارج سے علامہ اقبال کے لیے کبھی بھی دلچسپی کا باعث نہیں رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ علامہ اقبال کو البیرونی کے علم ریاضیات، علم ہیئت، علم ہندسہ اور علم نجوم سے قطعاً کوئی دلچسپی نہیں

Marfat.com

بلکہ وہ صرف اور صرف ان کے تصور تاریخ سے رغبت رکھتے تھے، سو علامہ اقبال کے پانچویں خطبے ''اسلامی ثقافت کی روح'' میں ان کا ذکر اسی ذیل میں آیا ہے۔

علامہ اقبال کی ایک خوبی یہ ہے کہ وہ صرف تعداد بڑھانے کے لیے فلسفیوں کے نام نہیں گنواتے اور کسی بھی مسلمان یا غیر مسلمان، کسی قدیم یا جدید فلسفی کا وہیں تذکرہ کرتے ہیں، جہاں اس کی ضرورت ہوتی ہے اور علامہ اقبال کے خطبات میں کئی مقامات ایسے آئے ہیں کہ ایک موضوع پر بات کرتے ہوئے کئی فلسفیوں کا ذکر آ گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ علامہ اقبال نے پیش نظر یا زیر نظر بحث کے ضمن میں ان فلسفیوں سے، جن کا وہاں ذکر آیا ہے، کسی نہ کسی صورت میں استفادہ کیا ہے، متاثر ہوئے ہیں یا آگے چل کر ان کے افکار و نظریات کی نفی کرنے والے ہیں۔

سو ابن خلدون اور شپینگلر کے ہم راہ البیرونی کا ذکر آیا ہے، تو یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ مذکورہ دونوں فلسفیوں کا علامہ اقبال کے خیال میں مقام و مرتبہ چوں کہ تاریخ کے فلسفیوں کا ہے لہٰذا یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ البیرونی کا ذکر بھی تاریخ کے فلسفی ہی کی حیثیت سے ہوا ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ البیرونی، علامہ اقبال کے لیے اپنے تصور تاریخ کی نئی اور جدید معنویت کا حامل رہا ہے۔ علامہ اقبال کی البیرونی سے دلچسپی کے حوالے سے ڈاکٹر سید عبداللہ یوں گویا ہیں:

علامہ نے البیرونی کے جن خاص نظریات کی طرف اشارہ کیا ہے، ان کی فہرست کم و بیش کچھ یوں بنتی ہے:

اوّل یہ کہ البیرونی بھی ان حکمائے اسلام میں سے ہیں، جنھوں نے یونانیت کے برعکس مشاہداتی اور تجربی منہاج کی پرورش کی ہے، جس کا سہرا غلطی سے موجودہ مغربی تہذیب کے سر باندھا جاتا ہے۔ اس منہاج کے بانی دراصل مسلمان تھے۔

دوسرا نکتہ یہ کہ البیرونی شاید پہلا شخص تھا جس نے جدید ریاضیات کے تصور تفاعل (Function) کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے خالص علمی نقطۂ نظر سے یہ ثابت کیا ہے کہ کائنات کا وجود ساکن نہیں، بلکہ مسلسل رواں دواں ہے۔

تیسری بات یہ کہ البیرونی زمان کو کائنات کا جزو لازم خیال کرتا تھا اور زمان و مکاں کو چوتھا بعد خیال کرتا تھا، جو بہ ظاہر جدید زمانے کی (خصوصاً آئن سٹائن کی) دریافت سمجھی جاتی ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ البیرونی کائنات کو ایک بنی بنائی شے کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک ایسی شے کی نظر سے دیکھتا ہے، جو ابھی بن رہی ہے۔ یعنی اس کی نگاہیں کون (Kaun) کے بجائے

Marfat.com

تکوین...... پر ہیں۔
پانچواں نکتہ یہ کہ البیرونی کا تصور تاریخ نظریۂ حرکت وتغیر کے تابع ہے اور ابن خلدون اپنے تصور تاریخ میں دوسرے مورخین وحکما کے علاوہ البیرونی سے بھی متاثر ہوا ہے۔[۳۱]

(۳)

ابن خلدون کے افکار ونظریات میں تین علوم یا رویوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے:

۱- علم سیاسیات
۲- علم عمرانیات
۳- علم تاریخ

بعض مفکرین نے کنفیوشیس کے نظام ریاست کے ضمن میں اس کا تقابلی مطالعہ ابن خلدون کے افکار ونظریات سے کیا ہے، جو کہ درست معلوم نہیں ہوتا، کیوں کہ کنفیوشیس کے ہاں تمام علوم اور فنون کی بنیاد اخلاقیات پر ہے۔ اس کا نظام ریاست اور نظام سیاست، روحانی اور اخلاقی اقدار پر مبنی تھا، جب کہ ابن خلدون کے تمام افکار اور نظریات کی بنیاد علم تاریخ پر ہے۔ وہ تاریخ کی وساطت سے عمرانیات اور سیاسیات اور دیگر علوم وفنون کی قدر ومنزلت کے تعین میں مدد دیتا ہے۔ امین اللہ وثیر لکھتے ہیں:

ایک فیلسوف تاریخ کی حیثیت سے تاریخی ارتقا کا نظریہ سب سے پہلے غالباً ابن خلدون ہی نے پیش کیا۔ اس نظریۂ تاریخ میں اخلاقی اور روحانی موثر قوتوں کے ساتھ ساتھ آب وہوا اور دیگر طبعی حقائق کا بھی پوری طرح لحاظ کیا گیا ہے اور جغرافیائی عوامل سے بھی صرف نظر نہیں کیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ابن خلدون نے کائنات کی ترقی وزوال کے قوانین کی دریافت اور تحقیق کے سلسلے میں بڑی کاوش کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس کے نزدیک جغرافیہ، انسانی زندگی کو متاثر کرتا ہے اور آب وہوا کی ناموافقت بھی بالعموم کسی عمدہ واعلیٰ تمدنی تصور کے ابھرنے کی راہ میں رکاوٹ بن جایا کرتی ہے۔
ابن خلدون کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ تاریخ بہر حال تغیر پذیر ہے اور کائنات میں تغیر وتبدل کا اصول ہمہ آن جاری وساری ہے۔ اقوام وملل کی زندگی میں تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں اور یہ ایک طبعی امر ہے، وہ کبھی ایک حالت پر قائم نہیں رہتیں۔ ساتھ ہی ساتھ سیاسی حالات بھی قوموں کے مزاج اور ان کی تاریخ پر اثر انداز ہوتے ہیں اور ان کے رسم ورواج اور معاشرے کا چلن، ان تبدیلیوں سے اس قدر متاثر ہوتا ہے کہ بعض اوقات تو یوں محسوس ہوتا ہے گویا ایک بالکل نئی قوم معرض وجود میں آ گئی ہو۔[۳۲]

Marfat.com

علامہ اقبال نے ابن خلدون کا ذکر خاص طور پر اپنے خطبات تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ میں بار بار کیا ہے، چند جھلکیاں ملاحظہ ہوں:

(ابن خلدون) تاریخ جدید کے علمی مطالعہ کا موسس ہے۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے نفسیات کے اس پہلو میں نہایت گہرے غور و فکر سے کام لیتے ہوئے وہ تصور قائم کیا ہے، جسے آج کل نفس تحت الشعور سے تعبیر کیا جاتا ہے۔[۳۳]

بہ نگاہ حقیقت دیکھا جائے تو ابن خلدون کا مقدمہ سرتا سر اس روح سے معمور ہے، جو قرآن مجید کی بدولت اس میں پیدا ہوئی۔ وہ اقوام و امم کے عادات و خصائل پر حکم لگاتا ہے تو اس میں بھی زیادہ تر قرآن پاک ہی سے استفادہ کرتا ہے۔[۳۴]

دراصل ابن خلدون نے تاریخ کا جو نظریہ قائم کیا، وہ اس کی حقیقی روح کو خوب سمجھ گیا تھا اور یہی وجہ ہے کہ اس نے اس نوع کے ایک اسلامی عقیدے کی تنقید سے، جس نے مسلمانوں میں گویا مجوسی خیالات کے زیر اثر سر اٹھایا تھا، ہمیشہ کے لیے ثابت کر دیا کہ اور نہیں تو کم از کم ان نتائج ہی کے اعتبار سے، جو بلحاظ نفسیات، اس سے مرتب ہوتے ہیں، اسلام میں اس کی کوئی جگہ نہیں۔[۳۵]

اس امر کا ایک نہایت گہرا احساس کہ زمانہ ایک حقیقت ہے اور زندگی کا یہ تصور کہ وہ عبارت ہے ایک مسلسل اور مستقل حرکت سے، زمانے کا یہی تصور ہے، جو ابن خلدون کے نظریۂ تاریخ میں ہماری دلچسپی کا خاص مرکز بن جاتا ہے اور اس لیے فلنٹ بجا طور پر اس کی تعریف میں رطب اللسان ہے۔ وہ کہتا ہے افلاطون ہو یا ارسطو یا آئن سٹائن، ان میں کوئی بھی اس قابل نہیں کہ اس کی ہم سری کا دعویٰ کر سکے۔ رہے دوسرے تو ان کا ذکر ہی کیا ہے، ان کا تو اس کے ساتھ نام بھی نہیں لیا جا سکتا۔ لیکن یہاں یہ غلط فہمی نہ ہو کہ ہمیں ابن خلدون کی بداعت فکر سے انکار ہے۔ ہمیں صرف یہ کہنا ہے کہ اسلامی تہذیب و تمدن نے اپنے اظہار کے لیے جو راستہ اختیار کیا، اس پر نظر رکھیے تو یہ کسی مسلمان ہی کا کام ہو سکتا تھا کہ تاریخ کا تصور بطور ایک مسلسل اور مجموعی حرکت کے کرتا۔ یعنی زمانا ایک ایسے نشو و نما کی حیثیت سے، جس کا ظہور ناگزیر ہے۔ گویا ہمیں ابن خلدون کے نظریۂ تاریخ سے دلچسپی ہے تو اس کی وجہ بھی ابن خلدون کا وہ تصور ہے، جو اس نے تعبیر کے باب میں قائم کیا۔ یہ تصور بڑا اہم ہے کیوں کہ اس کے معنی یہ نہیں کہ تاریخ چوں کہ ایک مسلسل حرکت ہے زمانے کے اندر، لہٰذا یہ ماننا لازم آتا ہے کہ اس کی نوعیت فی الواقع تخلیقی ہے۔ بہ الفاظ دیگر یہ وہ حرکت نہیں، جس کا راستہ پہلے سے متعین ہو۔ اب اگرچہ ابن خلدون کو مابعد الطبیعیات سے مطلق دلچسپی نہیں تھی، بلکہ وہ درحقیقت اس کا مخالف تھا۔ بہ ایں ہمہ اس نے

Marfat.com

زمانے کا تصور جس رنگ میں پیش کیا، ہم اس کے پیش نظر اس کا شمار برگساں کے پیش رووں میں کریں گے۔ اسلامی تہذیب وثقافت کی تاریخ میں اس تصور کے ذہنی سوابق کی طرف ہم اس سے پہلے اشارہ کر آئے ہیں۔ قرآن مجید کا یہ اشارہ کہ اختلاف لیل ونہار کو حقیقت مطلقہ کی، جس کی ہر لحظہ ایک نئی شان ہے، ایک آیت تصور کرنا چاہیے۔ اسلامی مابعد الطبیعیات کا یہ رجحان کہ زمانہ خارجی حقیقت ہے، ابن مسکویہ کا یہ نظریہ کہ زندگی عبارت ہے ایک ارتقائی حرکت سے، آخر الامر بیرونی کا یہ صاف وصریح اور واضح اقدام کہ کائنات کا تصور بطور ایک تکوین کے کرے، یہ سب باتیں ابن خلدون کو ذہناً ورثے میں ملیں۔ لہٰذا اس کا سب سے بڑا کارنامہ یہ بھی ہے کہ وہ اس تہذیب وتمدن کی روح کو خوب سمجھ گیا تھا، جس کا وہ خود سب سے زیادہ روشن اور تابناک مظہر ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس نے اس کی ترجمانی بھی بڑی باقاعدہ اور مرتب شکل میں کی۔ چنانچہ یہ اسی کی ذہانت اور فطانت تھی کہ قرآن مجید کی روح جو سرتاسر یونانیت کے منافی ہے، حکمت یونان پر ہمیشہ کے لیے غالب آ گئی۔[۳۶]

لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ صوفیانہ واردات کی، خواہ ان کی حیثیت کیسی بھی غیر معمولی اور غیر طبعی کیوں نہ ہو، ایسا ہی فطری اور طبعی سمجھیں، جیسے اپنی دوسری واردات اور اس لیے ان کا مطالعہ بھی تنقید وتحقیق کی نگاہوں سے کریں۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طرز عمل بھی یہی تھا، چنانچہ ابن صیاد کے احوال نفسی کو دیکھتے ہوئے آپ نے جو روش اختیار کی، وہ اس کا بین ثبوت ہے۔ اسلامی تصوف بھی دراصل صوفیانہ مشاہدات کے نظم وارتباط کی ایک کوشش ہے۔ گویہ صرف ابن خلدون تھا، جس نے اس سلسلے میں عملی نہج پر قدم اٹھایا۔[۳۷]

یہ ابن خلدون تھا، جس نے عالم اسلام میں سب سے پہلے یہ سمجھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس طرز عمل کے معنی فی الحقیقت کیا ہیں؟ اور پھر اس کی قدر وقیمت کا اندازہ کرتے ہوئے بڑی حد تک وہ مفروضہ قائم کر لیا، جس کو آج کل نفوس تحت الشعور سے منسوب کیا جاتا ہے۔ پروفیسر میکڈونلڈ لکھتے ہیں: ابن خلدون کے بعض نفسیاتی افکار بڑے دلچسپ ہیں۔ وہ اگر آج زندہ ہوتا تو مسٹر ولیم جیمز کی کتاب ''مشاہدات مذہب'' کی گوناں گونی بنظر استحسان دیکھتا۔ جدید نفسیات نے حال ہی میں محسوس کیا ہے کہ شعور ولایت کے مشمولات کا بغور جائزہ نہایت ضروری ہے۔ بہ ایں ہمہ ایسا کوئی موثر علمی منہاج ابھی تک دریافت نہیں ہو سکا، جس کے تحت ہم ان مشمولات کا تجزیہ کر سکیں، جن کا تعلق شعور کے ورائے عقل تعینات سے ہے۔[۳۸]

بہر حال ترکی نقطۂ نظر کو زیادہ اچھی طرح سے سمجھنے کے لیے ہمیں ابن خلدون یعنی عالم اسلام کے

Marfat.com

سب سے پہلے فلسفی مورخ سے رجوع کرنا چاہیے۔ ابن خلدون نے اپنی شہرۂ آفاق تصنیف مقدمہ میں خلافت اسلامیہ کے تین نظریے قائم کیے ہیں:

(الف) یہ کہ خلافت ایک امر شرعی ہے لہٰذا اس کا قیام واجب ہے۔

(ب) یہ کہ اس کا تعلق ضرورت اور مصلحت سے ہے۔

(ج) یہ کہ اس کی سرے سے ضرورت ہی نہیں۔[۳۹]

گزشتہ دو اڑھائی صدیوں میں علم عمرانیات نے ایک واضح صورت اختیار کی ہے، بطور علم اور نظریے کے، اس میں وقار اور نکھار پیدا ہوا ہے لیکن اگر بنظر عمیق دیکھا جائے تو ابن خلدون وہ پہلا مفکر ہے، جس نے علم عمرانیات کی بنیادی حدود اور قیود کا تعین کر کے اس کے اساسی خدوخال کو اجاگر کیا ہے۔ ابن خلدون نے جن زاویہ ہائے نظر سے اس علم پر گفتگو کی ہے اور اس علم کے رویوں کے مختلف مدارج میں جو ایک ارتقائی صورت سامنے رہی ہے، جدید فلاسفہ آج بھی اس تک نہیں پہنچ پائے۔ ان کی ساری تگ و دو مختلف علوم اور علوم کے مختلف ضابطوں پر رہی ہے، جب کہ ابن خلدون نے صدیوں پہلے عمرانیاتی پس منظر میں انسان اور کائنات کی معنویت کو متشکل کرنے میں نہایت اہم اور بنیادی افکار پیش کیے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ابن خلدون، جو تاریخ عمرانیات اور سیاست کا بہت عظیم فلسفی ہے، یہ سمجھتا تھا کہ انسان اور انسانی علوم کا مطالعہ، تاریخ کے پس منظری مطالعے کے بغیر ممکن نہیں ہوتا، لہٰذا جو کچھ اس نے صدیوں پہلے سوچا اور لکھا، وہ آج بھی حرف آخر ہے۔ علوم کے خدوخال کو اجالنے اور نکھارنے میں ابن خلدون کی خدمات یہ ہیں کہ اس نے تاریخ کے تناظر میں علم سیاست اور علم عمرانیات کو سمجھنے کی کوشش کی۔ اس کے نزدیک سیاست کے تین درجے ہیں:

۱- ملوکیت

۲- سیاست عقلی

۳- خلافت

ملوکیت کے اس کے ہاں وہی معنی ہیں، جو اب بھی ہمارے ہاں معروف اور مقبول ہیں۔ سیاست عقلی کی تعریف یوں کی جاسکتی ہے کہ وہ ضابطۂ سیاست یا نظام سیاست، جو آج کی دنیا میں جمہوریت کے نام پر رائج ہے، اسے ابن خلدون نے سیاست عقلی سے تعبیر کیا ہے۔ سیاست کا تیسرا درجہ خلافت ہے اور ابن خلدون خلافت کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر اسلامی

Marfat.com

حکومت یا اسلامی دنیا بہت دور دراز تک کے براعظموں میں پھیلی ہوئی ہو تو بجائے ایک خلیفہ کے، اسے دو خلفا کے درمیان بانٹ دیا جائے، جو اپنے احوال و آثار کے مطابق مسلم امہ پر حکومت کریں، بصورت دیگر ایک خلیفہ ہی کافی ہوگا۔

ابن خلدون نے خلافت اور خلیفہ کے ضمن میں جن شرائط کا ذکر کیا ہے، ان پر اعتراض کیا جاسکتا ہے اور بہت سے سوالات اٹھائے جاسکتے ہیں کہ یا تو ابن خلدون کی توجہ ان اصول وضوابط کی طرف مبذول نہیں ہوئی یا اس نے ان سوالات کو اپنے زمانے میں غیر اہم سمجھتے ہوئے ان کا جواب دینے یا شرائط مقرر کرنے کی طرف توجہ نہیں دی۔ مثلاً اس نے خلیفہ کے انتخاب کے ضمن میں لکھا کہ خلیفہ کو ارباب حل وعقد منتخب کریں۔ اس سے سوال کیا گیا کہ کیا خلیفہ کے انتخاب کے سلسلے میں عامۃ الناس کا کوئی کردار نہیں ہے تو اس نے انتہائی مضبوط دلائل کے ساتھ عامۃ الناس کے اس حوالے سے کسی بھی نوعیت کے کردار کو تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ اس نے کہا کہ صرف اربابِ فکر ونظر خلیفہ کے انتخاب میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں۔ یہاں ایک بنیادی سوال یہ در آتا ہے کہ یہ ارباب فکر ونظر کون ہیں؟ تو اس کا ابن خلدون کے ہاں جواب نہیں ملتا۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ارباب فکر ونظر سے اس کی مراد کیا ہے؟ کون سے لوگ اس دائرے میں موجود رہ سکتے ہیں؟ کیا دنیاوی علم رکھنے والا ایسا آدمی، جو اسلامی علوم سے بے بہرہ ہے اور اسلامی نظریۂ حیات پر عملی سطح پر کارفرما نہیں ہے، وہ بھی ارباب فکر ونظر میں سے ہے؟ کیا ایسا آدمی اس گروہ میں شامل ہے، جو اسلامی علوم کا عالم ہے مگر اسلامی نظریۂ حیات پر گامزن نہیں ہے؟ کیا ایسا شخص اس گروہ میں شامل ہے، جو دنیاوی اور دینی، دونوں علوم سے تو بے بہرہ ہے مگر اسلامی نظریۂ حیات پر پوری طرح عمل پیرا ہے؟ عین ممکن ہے کہ یہ اور اس نوعیت کے دوسرے سوالات، اس کے عہد میں کوئی اہمیت نہ رکھتے ہوں یا اس نے خود ان سے صرف نظر کیا ہو مگر بعد کے زمانوں میں یہ سوالات انتہائی بنیادی حیثیت کے حامل ہوگئے ہیں۔

ابن خلدون نے خلیفہ کے لیے یہ چار شرائط مقرر کی ہیں:

۱۔ علم

۲۔ عدالت

۳۔ کفایت

۴۔ حواس واعضا کی سلامتی

Marfat.com

یہاں بھی وہ واضح اور کھلے لفظوں میں خلیفہ کے ضمن میں اسلامی علوم وفنون پر مہارت اور اس پر عامل ہونے کے رویوں کی وضاحت نہیں کرتا۔ لیکن جو عمرانی رویے اور عمرانی پہلو ان حوالوں میں وہ لے کر آتا ہے، یعنی جس طرح نظام ریاست کو سمجھتا ہے، انسانی گروہوں کے مابین، جو مختلف فکری، معنوی، تہذیبی اور مذہبی عوامل کارفرما ہیں، کو سمجھتا ہے، جس طرح خلیفہ کے انتخاب کے ضمن میں علم عمرانیات سے استفادہ کرتا ہے اور جو شرائط سامنے لاتا ہے، وہ اپنی جگہ بے پناہ اہم ہیں۔ اس اہمیت کا سبب یہ ہے کہ اس طرح علم عمرانیات اور تاریخ سے پہلی بار استفادہ کیا گیا ہے۔ لیکن علوم اسلامی کے اظہارات کے جو مختلف رویے ہو سکتے تھے، ان پر اس خاص تناظر میں کچھ خاص معلومات نہیں ملتیں۔ وہ بنیادی طور پر ایک ماہر تاریخ ہے، باقی تمام علوم وفنون پر ماہرانہ نظر رکھتا ہے لیکن اس کے مجموعی کام میں ان تمام علوم کی حیثیت ثانوی اور ضمنی ہے۔ یہ اقتباسات ملاحظہ کیجیے کہ غیر مسلم، ابن خلدون کو کیا مقام و مرتبہ دیتے ہیں:

> Few people have heard of Ibn-e-Khaldun. Those who have, however, describe him as 'the greatest historian and philosopher ever produced by Islam and one of the greatest of all time', and his chief work- *the Muqaddimah*- as ' undobtedly the greatest work of its kind that has ever yet been produced by any mind in any time or place'. Such comments have foundation, as in the *Muqaddimah* we find one of the earliest systematic explorations of the nature of history.[40]

انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا میں ابن خلدون کے علمی و فکری مقام و مرتبے کے بارے میں درج ہے:

> But the greatest Arab historian and one of the most penetrating thinkers about historiography in any time or place was undoubtedly Ibn-e-Khaldun. The introducton( *Al- Muqaddimah*) to his *Kitab Al Ibar*; a universal history (begun in 1375 A.D); is in A.J Toynbee's judgment(1934 A.D); " the greatest work of its kind that has ever yet been created by any mind." Ibn-e-Khaldun and absorbed all the learning accessible to a Muslim of his time. He was a master of religious learning, an outstanding judge, a writer on logic.[41]

اسلامی تاریخ میں ابن خلدون سے قبل چند بہت بڑے مفکرین تاریخ گزر چکے تھے، مثلاً المسعودی، واقدی، طبری اور ابن مسکویہ وغیرہ۔ ان لوگوں نے تاریخ کے تصور پر نظر رکھنے اور اس کے جملہ عناصر ترکیبی کو جاننے اور اس تناظر میں تاریخ کو سمجھ کر تاریخ لکھنے کے [illegible]ئے، حالات اور واقعات کے بدلتے ہوئے منظرنامے کو عکس بند کرنے کی کوشش کی، جب کہ ابن خلدون نے

Marfat.com

اپنے مقدمے میں تاریخ کے تصور پر جو روشنی ڈالی ہے اور تاریخ نویسی کے ضمن میں اس نے جو اصول و ضوابط متعین کیے ہیں، وہ تاریخ انسانی میں سب سے پہلا کام ہے۔ ابن خلدون سے قبل مسلم اور غیر مسلم تہذیبوں میں جتنے بھی لوگ بطور مورخ یا تاریخ دان گزرے ہیں، کسی کی نگاہ میں وہ علمی بصیرت اور بصارت موجود نہیں تھی، جو ابن خلدون کے ہاں ہمیں دکھائی دیتی ہے۔ اس لیے کہ ابن خلدون نے انسانی زندگی کے پورے منظر نامے کو سمجھتے ہوئے، ایک خاص نکتے پر اس کی بنیادی اکائی کو تلاشنے کی کوشش کی کہ وہ ایک قوت، جو تمام علوم وفنون کے مابین ایک قدر مشترک کے طور پر کارفرما ہے اور جس سے زندگی کا یہ تسلسل اور یہ تحرک سرگرم کار ہے، یہ تاریخ کے حقیقی اور بنیادی تصور کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور یہ تصور ایک مذہب کے ماننے والے لوگوں کو ایک دائرے میں یا ایک مرکز میں یا ایک محور کے گرد اکٹھا رکھتا ہے، لہٰذا ابن خلدون نے جب تاریخ کے تصور کو بالکل ایک نئے زاویۂ نظر سے دیکھا اور پرکھا تو اس نے اس کے بنیادی اور اساسی خدوخال اجالے اور انھیں دریافت کیا۔ ابن خلدون نے علوم وفنون کے درمیان موجود اکائی کو روح کی شکل میں سمجھا اور سمجھایا اور اسے تاریخ کا نام دیا۔

ابن خلدون کے ہاں تاریخ اپنے مجموعی علمی، تہذیبی، معاشی اور معاشرتی رویوں کو اپنے جلو میں لے کر ہمارے سامنے آئی اور اس سے انسانی علوم وفنون کے تنوع کی یک جائی اور اس کی اکائی کا ایسا تصور ہمارے سامنے آیا کہ ابن خلدون کے بعد مغرب اور مشرق یعنی غیر مسلمان اور مسلمان دنیا نے تاریخ کے اس فلسفے سے بے پناہ استفادہ کر کے اس علم کی آفاقیت میں کئی نئے رنگ اور عکس پیدا کیے۔ لیکن جتنی جامعیت کے ساتھ اس علم کے بنیادی خدوخال کو ابن خلدون نے واضح کیا تھا، بعد میں آنے والے فلسفی اس جامعیت کو برقرار نہ رکھ سکے اور بہت سے رویوں کو الگ الگ لے کر آگے چلتے رہے۔

ابن خلدون نے تاریخ کے تصورات اور اصول و ضوابط کی تشریح و توضیح اور ترویج و تہذیب میں کسی وجدانی لمحے میں، کسی خاص تہذیبی پس منظر میں متشکل کیا، کیوں کہ جب وہ اپنے مقدمے کے بعد اپنی تاریخ نویسی کی جانب آتا ہے تو اس کی لکھی گئی تاریخ میں وہ رویے موجود نہیں ہوتے، جو وہ مقدمے میں بیان کرتا ہے۔ دراصل تاریخ کا یہ عظیم مفکر، تاریخ نویسی کے معاملے میں اس مقام و مرتبے کا حامل نہیں، جس درجے کا وہ مفکر تاریخ ہے۔ وہ فلسفۂ تاریخ کا بلاشبہ اتنا بڑا مفکر ہے کہ یہ بات پورے تیقن کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ انسانی علوم وفنون کی

Marfat.com

تاریخ میں ابن خلدون سے بڑا آدمی پیدا نہیں ہوا۔ ابن خلدون کے ہاں علم تاریخ کی مختلف جہتیں، ایک فکری محور پر مرتکز ہوئی ہیں مگر نہ تو ابن خلدون اور نہ ہی مابعد ابن خلدون کسی مغربی یا مشرقی، کسی غیر مسلمان یا مسلمان فلسفی نے اس تصور تاریخ سے استفادہ کر کے، اس کی عملی صورت کا اظہار کیا۔ یہاں تک کہ ابن خلدون کے تصورات کو ایک اور خوبصورت جہت ملنے میں تاریخ کو بہت سی صدیوں کا انتظار کرنا پڑا۔ انیسویں صدی کے آخر میں برصغیر میں ایک ایسے ابن خلدون نے جنم لیا کہ انھوں نے نہ صرف ابن خلدون کے تصور تاریخ کی انتہا سے اپنے تصور تاریخ کا آغاز کیا، بلکہ تاریخ انسانی میں وہ پہلے فلسفی ہیں کہ جن کے تصور تاریخ اور تصور سیاست و عمرانیات کے پس منظر اور تناظر میں ایک عملی اظہار دنیا کے سامنے آیا۔ ڈاکٹر سید عبداللہ کا موقف ملاحظہ کریں:

> تاہم ابن خلدون ان لوگوں میں سے ہیں، جو تاریخ کو اوضاع انسانی کی حرکت اور تغیر و تبدل کی روداد سمجھتے ہیں اور افراد کو اجتماع کے حوالے سے دیکھتے ہیں۔
>
> یہی وہ بنیادی وصف ہے، جو ابن خلدون کے بارے میں علامہ اقبال کے لیے باعث کشش ثابت ہوا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ''خطبات'' میں انھوں نے کم و بیش گیارہ مرتبہ ابن خلدون کی رائے سے استناد کیا ہے، بلکہ ایک لحاظ سے یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ علامہ کے بعض نظریات سے قطع نظر (کہ وہ جدا اور مستقل ہیں) وہ ابن خلدون کے بہت سے افکار و تصورات کے ایک ایسے شارح ہیں، جن کی شرح ابن خلدون کے مغربی مداحوں یا مقلدین مثلاً ویکو، میکیاولی، اشپینگلر اور ٹوائن بی وغیرہ کی شرح سے بدرجہا زیادہ جدید اور اطمینان بخش ہے اور بہ حوالہ قرآن مجید، اسلامی تصورات کے بہت زیادہ قریب ہے۔
>
> ابن خلدون کے متعلق علامہ اقبال کی دلچسپی اس بنا پر بھی ہے کہ اس کے تصور تاریخ میں زندگی عبارت ہے، ایک مسلسل اور مستقل حرکت سے، جس کے دوسرے معنی مسلسل تغیر اور مسلسل تخلیق ہیں۔ علامہ کی نظر میں ''یہ کسی مسلمان ہی کا کام ہو سکتا تھا کہ وہ ایک ایسے نظریۂ تاریخ کی بنیاد رکھے'' کیوں کہ یہ قرآنی اصولوں پر مبنی ہے۔ لہٰذا ان کے نزدیک ابن خلدون کے تصور تاریخ میں قرآنی ایام اللہ ہی کی روح کارفرما ہے۔
>
> اس وقت تک جو بحث ہوئی ہے، اس میں علامہ ابن خلدون اور علامہ اقبال کا نقطۂ نظر ہم رنگ ہے اور اس معاملے میں بھی یک رنگی ہے کہ تاریخ کسی واقعے کی صحت کو پرکھنے کا نام ہے، لیکن اس کے لیے صرف نقل اور روایت کافی نہیں، بلکہ اس کے لیے کوئی عقلی، مشاہداتی معیار بھی ہونا

Marfat.com

چاہیے (جس کے نہ ہونے سے بقول ابن خلدون بعض جید مورخین اسلام سے سنگین غلطیاں سرزد ہوئیں)

بہر حال ان دونوں بزرگان علم کا یہ مشترکہ موقف ہے، لیکن ذرا آگے چل کر زمانے کا فاصلہ اپنا اثر دکھاتا ہے اور ایک طرح کی اختلافی لکیر نمودار ہونے لگتی ہے۔

یہ لکیر حرکت کی سمت (تغیر و ترقی و ارتقا کے رخ) کے بارے میں ہے۔ علامہ کے نزدیک حرکت کا رخ، لہٰذا تاریخ کے سلسلۂ واقعات کا رخ، بطور خط مستقیم (مستقیمی) ہے، جب کہ ابن خلدون کی رائے میں سلسلۂ تاریخ کی حرکت دوری (Cyclic) ہے، یعنی اس طرح ہے، جس طرح موسموں کا تغیر دوری ہوتا ہے: بہار، گرما، سرما، خزاں، بہار اور پھر وہی چکر، لیکن ان کے تصور میں کمزوری یہ ہے کہ وہ اپنے نظریے کا اطلاق افراد کے مدارج عمر کے حوالے سے اقوام کے سیاسی عروج و زوال پر بھی کرتے ہیں۔ دراصل ان کا نقطۂ نظر قبائلی اور جزوی ہے۔ وہ مجموعی انسانی تہذیب کے حوالے سے بات نہیں کرتے بلکہ خاص قبائل کے حوالے سے گفتگو کر کے قبائلی ریاستوں کے عروج و زوال کی عمر کم و بیش ۱۲۰ سال مقرر کرتے ہیں اور ریاستوں کے اندر بدوی عصبیت کو تہذیب کی قوت سمجھ کر اسے شہروں تک لے جاتے ہیں، جہاں عصبیت کے کمزور ہو جانے سے ریاست اور حضارت (تہذیب) دونوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے (یہی وہ نظریہ ہے، جس سے اکثر فضلا نے اختلاف کیا ہے)

علامہ اقبال کی رائے یہ نہیں۔ ان کے نزدیک انسان کی ترقی و ارتقا کا رقبہ وسیع ہے اور اس کا اطلاق ساری نسل انسانی پر ہوتا ہے لیکن نسل انسانی کو آگے بڑھانے میں افکار و عقائد کی قوت بنیادی کام کرتی ہے۔ چنانچہ انھوں نے اسلامی تہذیب کی ترقی و ارتقا کی بنیاد دو بڑے اسلامی عقیدوں پر رکھی ہے۔ اول وحدت مبدء حیات، دوم حرکت کے ارتقائی سلسلے کا اصول۔ انھوں نے اپنے خطبہ بہ عنوان ''اسلامی ثقافت کی روح'' میں ان عقیدوں پر مفصل گفتگو کی ہے۔

دراصل علامہ اقبال کا سارا تصور ملی ہے، جب کہ ابن خلدون نے مسلم معاشرے کو جزء، جزء، دیکھا ہے اور اپنے نظریے کی بنیاد صرف نسلیت اور جغرافیے پر رکھی ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ علامہ اقبال کی نظر میں جغرافیہ بھی ایک اہم عنصر ہے، چنانچہ فرمایا:

فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی
یا بندۂ صحرائی یا مرد کہستانی

لیکن ان کے نزدیک توانا عقائد کی مضبوط گرفت اقوام کے عروج کا باعث اور انھی عقائد

Marfat.com

کا ضعف، زوال کا سبب بنتا ہے۔ علامہ کے نزدیک شعور کی اسی گرفت کا نام خودی ہے، جو انفرادی بھی ہے اور اجتماعی بھی۔ علامہ کے نزدیک خودی کی یہ توانائی قرآن مجید کے قوانین اسم سے ظہور پذیر ہوتی ہے۔[۴۲]

اس بحث سے گزرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اسلامی تصور تاریخ کی سچائی اور صداقت اپنے عالمی اور آفاقی رویے سے ہم کنار رہی ہے اور یہ روحانی اور فکری سطح سے نیچے اتر کر سیاسی اور سماجی سطح کی اس بوقلمونی کا شکار نہیں ہوئی کہ جس تک پہنچ کر تاریخ کا تصور متاثر ہوتا اور اس کی تاثر پذیری کے نتیجے میں جبریت، تاریخ، تاریخی عوامل، تاریخیت اور تصور تاریخ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی اور اس لپیٹ میں آجانے کے بعد اسلام کا دینی نظام فکر و عمل متاثر ہوتا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اسلام کے بنیادی عقائد، اسلام کا بنیادی نظام فکر و عمل اپنے انھیں رویوں اور زاویہ ہائے نظر کے ساتھ مروج ہے، جو آج سے چودہ سو سال پہلے حضور نبی اکرمؐ نے تعلیم کیا تھا۔

علامہ اقبال کے ہاں، مسلمان مفکرین تاریخ کے تصور تاریخ کی پرچھائیاں دکھائی دیتی ہیں۔ انھوں نے اپنے تصور تاریخ کا فکری نظام مرتب کرنے میں رنگ برنگے فکری رویے تو دوسروں سے ادھار لیے ہیں مگر ان کے فکری نظام کی تشکیل کا مجموعی نقشہ، کسی بھی فلسفی کے نظام فکر و خیال کا ہو بہو نقشہ نہیں ہے۔ اقبال نے المسعودی سے لے کر حضرت شاہ ولی اللہؒ تک کے تمام مذہبی اور فکری رہ نماؤں سے اخذ و استفادہ کیا ہے لیکن انھوں نے اپنے ان مطالعاتی افادات کو اپنے مشاہدات اور تجربات کی روشنی میں ایک ایسا فکری تناظر فراہم کیا ہے کہ جس میں زمانے کے بدلتے ہوئے رویوں کا حل تلاش کرنے کی ایسی بصیرت افروز تعبیر موجود ہے کہ جس سے یہ مسائل مسلم امت کے اس فکری ماحول میں ایک نئی علمی جہت سے ہم کنار ہوئے ہیں۔

علامہ اقبال سے قبل تمام مسلمان فلاسفہ کہ جنھوں نے تاریخ اور تصور تاریخ پر اپنے خیالات، تصورات اور نظریات کا اظہار کیا ہے، ان کے خیالات، تصورات اور نظریات مجرد صورتوں میں ہی، کتابوں میں مرقوم رہے ہیں۔ اسلامی تاریخ اور مسلم مفکرین تو رہے ایک طرف، عالم انسانیت کی تاریخ میں بھی کوئی مفکر تاریخ ایسا نہیں گزرا، جس کے خیالات تجرد سے آگے نکل کر عملی رویے کے نقیب بنے ہوں۔ علامہ اقبال ہی وہ واحد فلسفی ہیں کہ جن کے افکار کی بنیاد پر ایک ملک کی تعمیر ہوئی ہے۔ یہ دراصل علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی خوبصورت تفہیم، تشکیل اور تعمیر ہی کا نتیجہ ہے، بلکہ وہ اس کے عملی پہلوؤں سے بھی آگاہ ہیں۔ اس ضمن میں ہم ان کے ۱۹۳۰ء کے خطبۂ الٰہ آباد کے ان

Marfat.com

اقتباسات کا مطالعہ کر سکتے ہیں کہ جن میں انھوں نے نہ صرف اپنے حال کو ماضی سے ملایا، بلکہ حال کے تناظر میں مستقبل کی قدروں کا جائزہ لیتے ہوئے، تاریخ کی ایک ایسی تعبیر اور ایک ایسی تفہیم مرتب کی کہ جس سے ان کے نظریات تجریدی ماحول تک محدود نہیں ہوئے بلکہ اس سے آگے بڑھ کر ایک آزاد اور خود مختار ملک کی تشکیل میں بنیادی اہمیت کے حامل قرار پائے۔ علامہ اقبال کے خطبۂ الٰہ آباد میں سے جستہ جستہ چند اقتباسات ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں:

یہ نا قابل انکار حقیقت ہے کہ اسلام بطور ایک اخلاقی نصب العین اور سیاسی نظام، مسلمانان ہند کی تاریخ کا اہم ترین جز و ترکیبی رہا ہے۔ اس اصطلاح سے میری مراد ایک ایسا معاشرتی ڈھانچہ ہے، جس کا نظم و ضبط ایک مخصوص اخلاقی نصب العین اور نظام قانون کے تحت عمل میں آتا ہے۔ اسلام ہی نے وہ بنیادی جذبات اور وفا کیشی فراہم کی جو منتشر انسانوں اور گروہوں کو بتدریج متحد کرتی ہے اور انھیں ایک اپنا اخلاقی شعور رکھنے والی متمیز و معین قوم میں تبدیل کر دیتی ہے۔ حقیقت میں یہ کہنا کوئی مبالغہ نہیں ہے کہ دنیا بھر میں شاید ہندوستان ہی ایک ایسا ملک ہے، جہاں اسلام ایک بہترین مردم ساز قوت کی حیثیت سے جلوہ گر ہوا ہے۔...... اسلام انسان کی وحدت کو مادے اور روح کی متضاد دوئی میں تقسیم نہیں کرتا۔ اسلام میں خدا اور کائنات، روح اور مادہ، کلیسا اور ریاست ایک کل کے مختلف اجزا ہیں۔ انسان کسی ناپاک دنیا کا باشندہ نہیں ہے، جسے کسی ایسی دنیا کی خاطر ترک کرے جو کہیں اور واقع ہے۔ اسلام کے نزدیک مادہ، روح کی وہ شکل ہے، جو زمان و مکاں میں ظہور پذیر ہوتا ہے...... آپ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت کے لیے ایک ایسے شخص کو منتخب کیا ہے، جو اس امر سے مایوس نہیں ہے کہ اسلام اب بھی ایک زندہ قوت ہے، جو انسان کے تصور کو جغرافیائی حدود سے آزاد کرا سکتی ہے؟ جس کا یہ عقیدہ ہے کہ مذہب کو فرد اور ریاست کی زندگی میں بے انتہا اہمیت حاصل ہے اور جس کا ایمان ہے کہ اسلام بجائے خود تقدیر ہے، اسے کسی دوسری تقدیر کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا شخص مجبور ہے کہ معاملات کو خود اپنے ہی نقطۂ نگاہ سے دیکھے۔ یہ خیال نہ کریں کہ جس مسئلے کی طرف میں اشارہ کر رہا ہوں، وہ محض ایک نظری مسئلہ ہے۔ یہ ایک زندہ اور عملی مسئلہ ہے، جس سے اسلام کے دستور حیات اور نظام عمل کے تار و پود متاثر ہو سکتے ہیں۔ ہندوستان میں ایک ممتاز ثقافتی وحدت کی حیثیت سے صرف اس مسئلے کے صحیح حل پر آپ کے مستقبل کا انحصار ہے۔ ہماری تاریخ میں اسلام پر آزمائش کا ایسا سخت دور کبھی نہیں آیا تھا، جیسا کہ آج درپیش ہے۔...... اسلام کا مذہبی نصب العین اس کے معاشرتی نظام سے مربوط و منسلک ہے، جو خود اس کا اپنا پیدا کردہ

Marfat.com

ہے۔ اگر ایک کو رد کیا گیا تو دوسرا خود بخود مسترد ہو جائے گا۔ اس لیے ایک مسلمان اس بات کا تصور بھی نہیں کر سکتا کہ نظام سیاست کو ایسے قومی خطوط پر مرتب کیا جائے، جس سے اسلام کے اصول اتحاد کی نفی ہو جائے...... میری خواہش ہے کہ پنجاب، شمال مغربی سرحدی صوبہ، سندھ اور بلوچستان کو ملا کر ایک ریاست بنا دیا جائے۔ مجھے تو ایسا نظر آتا ہے کہ کم از کم ہندوستان کے شمال مغرب میں ایک مربوط مسلم ریاست، خواہ یہ ریاست سلطنت برطانیہ کے اندر حکومت خود اختیاری حاصل کرے یا اس کے باہر، ہندوستان کے شمال مغربی مسلمانوں کا آخر کار مقدر ہے...... اسلام کو بحیثیت ایک تمدنی قوت کے زندہ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص علاقے میں اپنی مرکزیت قائم کر سکے۔ ہندوستانی مسلمانوں کے اس سب سے زیادہ جان دار حصے کو، جس نے برطانیہ کے ناروا سلوک کے باوجود، فوج اور پولیس میں شریک ہو کر انگریزوں کی حکومت کو اس ملک میں ممکن بنایا ہے، ایک جگہ مرکوز کرنے سے نہ صرف گہرا ہو جائے گا...... حقیقتاً ہندوستان کے صرف مسلمان باشندوں ہی کو جدید اصطلاح میں صحیح طور پر ایک قوم کہا جا سکتا ہے۔ اگرچہ ہندو تقریباً تمام معاملات میں ہم سے آگے ہیں۔ لیکن انھوں نے وہ ہم آہنگی حاصل نہیں کی، جو ایک قوم بننے کے لیے ضروری ہے، جو اسلام کا آپ کو بلا قیمت عطیہ ہے۔ بے شک وہ ایک قوم بننے کے لیے مضطرب ہیں لیکن ایک قوم بننے میں بڑی مشکلات پیش آتی ہیں۔...... کیا آپ کے لیے یہ ممکن ہے کہ متحدہ عزم کے لیے منظم کاملیت حاصل کر لیں؟ بے شک یہ ممکن ہے۔ فرقہ بندی اور نفسانیت کی قیود سے آزاد ہو جایئے۔ اپنے انفرادی اور اجتماعی اعمال کی قدر و قیمت کا اندازہ کیجیے، خواہ وہ مادی اغراض ہی سے متعلق کیوں نہ ہوں۔ اس نصب العین کی روشنی میں، جس کی آپ نمائندگی کر رہے ہیں، مادہ سے گزر کر روحانیت کی طرف آیئے۔ مادہ کثرت ہے، روح نور ہے، حیات ہے، وحدت ہے۔ مسلمانوں کی تاریخ سے میں نے ایک سبق سیکھا ہے کہ آڑے وقتوں میں مسلمانوں کو اسلام نے بچایا ہے، مسلمانوں نے اسلام کی حفاظت نہیں کی۔ اگر آج آپ اپنی نظریں اسلام پر جما دیں اور اس کے زندگی بخش تخیل سے متاثر ہوں تو آپ اپنی پراگندہ قوتوں کو از سر نو جمع کر لیں گے اور اپنی صلابت کردار کو دوبارہ حاصل کر لیں گے۔ اس طرح آپ اپنے آپ کو مکمل تباہی سے بچا لیں گے۔ قرآن مجید کی ایک نہایت معنی خیز آیت یہ ہے کہ پوری انسانیت کی موت و حیات بھی فرد واحد کی موت و حیات کی طرح ہے۔ کوئی وجہ نہیں کہ آپ جو سب سے پہلے انسانیت کے اس بلند و ارفع تصور پر عمل پیرا ہوئے، اسی اصول پر جئیں اور آگے بڑھیں اور اپنے آپ کو ایک نفس واحد کی طرح رکھیں گے۔ میں جب

Marfat.com

یہ کہتا ہوں کہ ہندوستان کی حالت وہ نہیں ہے، جو بہ ظاہر نظر آتی ہے تو میرا مقصد کسی کو حیرت میں ڈالنا نہیں ہے۔ بہر حال اس کے صحیح معنی آپ پر اس وقت آشکارا ہو جائیں گے، جب آپ ان کے مشاہدے کے لیے ایک صحیح اجتماعی خودی پیدا کر لیں گے۔ قرآن کے الفاظ میں:

علیکم انفسکم لا یضر کم من ضل اذا ھتدیتم۔[۴۳]

اگر علامہ اقبال کے تاریخی تفکر کا نتیجہ ان کے تصور تاریخ کے ان نظائر کی صورت میں نہ نکلتا اور علامہ اقبال ہندوستانی معاشرے میں برعظیم کے اندر رہتے ہوئے اس بنیادی اکائی کا احساس نہ کر پاتے، جو تصور توحید اور تصور رسالت پر ایمان لائے بغیر ممکن نہیں ہے تو پھر ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' جیسے نغمے اور نظمیں کہنے والا شاعر اس نتیجے پر نہ پہنچتا یا نہ پہنچ سکتا تھا کہ:

عجم ہنوز نداند رموز دیں ورنہ
ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است
سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن است
چہ بے خبر ز مقام محمدؐ عربی است
بمصطفیٰؐ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی است[۴۴]

علامہ اقبال نے تاریخ کے تمام احوال و آثار اور تاریخ کے مختلف تصورات کا اس زاویے سے مطالعہ کیا اور اس دقت نظر سے مطالعہ کیا کہ وہ اپنے ان مطالعاتی رویوں کی وجہ سے اس مقام تک آن پہنچے کہ ان کے نظام فکر و عمل میں تاریخ کی ترویج کے لیے ایک ایسے وطن کی ضرورت تھی کہ جسے تجربہ گاہ بناتے ہوئے اسلام کے دائمی اور جاودانی اصولوں کو تجرباتی طور پر آزمایا جائے۔
اُردو کے نامور تنقید نگار ڈاکٹر سید عبداللہ اس سلسلے میں لکھتے ہیں:

میں ان سوالوں کا جواب پاکستان کے مخصوص عقائد کے نقطۂ نظر سے بھی دوں گا اور عام علمی نقطۂ نظر سے بھی...... سب سے پہلے، ان علوم کے تحفظ و ترقی کی ضرورت اس لیے ہے کہ دین کے تمام سرچشمے انھی علوم میں ہیں۔ قرآن اور حدیث ہمارے دینی تصورات کا منبع ہیں...... اور فقہ و کلام میں ہمارے دینی اور شرعی فکر سے متعلق ایسا مواد ملتا ہے، جو پاکستان میں احیائے جدید کے سلسلے میں بغایت مفید امدادی کام انجام دے سکتا ہے۔ پاکستان میں دین ہی قومی زندگی کی مسلمہ اساس ہے...... اور یہ صرف ''مجبوری کا نام صبر'' نہیں بلکہ اس کی بنا ہمارے اس

Marfat.com

ایمان و یقین پر ہے کہ دین اسلام اپنی نہایت کے اعتبار سے انسانیت کے مستقبل کے لیے ناگزیر ذریعۂ تکمیل و وسیلۂ نجات ہے اور یہی وہ نظریۂ زندگی ہے جو اس سائنسی دور میں دنیا کو ایک مکمل نظام عقائد اور ایک مکمل نظام عمل دے سکتا ہے۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ اس نئے تجربے کو عملی صورت دینے کے لیے قدرت نے ہمیں منتخب کیا ہے۔ پاکستان فکری لحاظ سے دور جدید کا شاید سب سے بڑا اہم آفریں تجربہ ہے۔[۴۵]

ڈاکٹر علی شریعتی قیام پاکستان کے حوالے سے نئے تجربے کی تفہیم کو اپنے الفاظ میں کچھ یوں بیان کرتے ہیں:

علامہ اقبال کی یہ آرزو تھی کہ پاکستان بیسویں صدی کے اسلام میں ایک نیا اور بڑا تجربہ ہو، وہ ایک ایسا مشرق ہو، جس نے مغرب کے تمدن کو اپنے اندر تعمیر کیا ہے یا یورپی تمدن کہ وہاں مشرق کی روح کو اپنے طاقت ور قالب اور وجود میں پھونک دیا ہے۔[۴۶]

پروفیسر فتح محمد ملک کے ایک مضمون سے اقتباس ملاحظہ کریں کہ وہ قیام پاکستان کے حوالے سے فکر اقبال کی تعبیر کیسے کرتے ہیں:

برصغیر کے شمال مغربی حصے یعنی موجودہ پاکستان میں ایک اسلامی مملکت کے قیام کا عملی منصوبہ پیش کرنے کے صرف دو سال بعد شائع ہونے والی عہد آفریں تخلیق جاوید نامہ میں اقبال نے عالم قرآنی کا مثالی تصور پیش کرتے وقت کلمہ طیبہ کا وہ مفہوم بیان کیا ہے، جو بعد ازاں ضرب کلیم کی نظم ''لا الہ الا اللہ'' میں اور اس سے بھی زیادہ انقلابی شان سے پس چہ باید کرد اے اقوام شرق میں جلوہ گر ہے۔ جاوید نامہ کے فلک عطارد پر، جسے رومیؒ کی زبانی مقام اولیا قرار دیا گیا ہے، اقبال، جمال الدین افغانیؒ کی زبان سے مثالی قرآنی مملکت کا تصور پیش کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسی مملکت ہے جو آقا اور غلام کے امتیاز سے ہی نہیں بلکہ رنگ و نسل کے تمام تر امتیازات سے بھی پاک ہے۔ جس کی شام فرنگ کی صبح سے روشن تر ہے۔ جس کا باطن تو تغیر سے نا آشنا ہے مگر جس کا ظاہر ہر لحظہ ایک نئے انقلاب کا طلب گار ہے۔ جہاں آدمی کا مقام آسماں سے بھی بلند ہے اور جہاں تہذیب، احترام آدمی کی اساس پر پھل پھول رہی ہے۔ جہاں زمین خدا کی ملکیت ہے، یعنی ذرائع پیداوار خلق خدا کی دسترس میں ہیں۔ جہاں بندۂ حق نہ خود کسی کا غلام ہے، نہ کسی اور کو اپنا غلام بنانے میں کوشاں ہے۔ جہاں ملوکیت کے آئین و دستور کو رد کر دیا گیا اور خدا کی حاکمیت کا تصور سلطانی جمہور میں جلوہ گر ہے۔[۴۷]

پروفیسر فتح محمد ملک ایک اور مضمون میں یوں گویا ہیں:

Marfat.com

پاکستان اسلام کی ایک ایسی تجربہ گاہ بن سکے گا، جہاں شہنشاہیت کے زیر اثر پیدا ہونے والا انجماد ٹوٹ جائے گا اور قانون، تعلیم اور کلچر کی دنیائیں حرکت وعمل سے آشنا ہوں گی۔ اس طرح پاکستان میں اسلام کی حقیقی روح کو از سرِ نو دریافت کر کے روح عصر کے ساتھ ہم آہنگ کیا جا سکے گا۔[۴۸]

علامہ اقبال نے خطبۂ الٰہ آباد میں اس بات کا واضح طور پر اعلان کیا کہ تمام علاقوں کو باہم ملا کر ایک ایسی سلطنت بنائی جائے کہ جہاں مسلمان اللہ اور اس کے رسولؐ کے بتائے ہوئے اصولوں اور تقاضوں کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں۔ یہ وہ بنیادی سوچ تھی، جس پر علامہ اقبال کا تصور تاریخ، اپنی بنیادی اقدار کو استوار رکھتا ہے۔ اگر علامہ اقبال تصور تاریخ کے انتہائی حصے کو عملی صورت نہ دے پاتے تو ان کا تصور تاریخ، تاریخی احوال وآثار کی اس جبریت کا شکار ہو جاتا کہ جہاں پہنچ کر دینی شعائر تحریف لفظی ومعنوی کا شکار ہو جایا کرتے ہیں۔

علامہ اقبال نے اپنے افکار اور کلام میں خاص طور پر جس رویے کی مذمت کی ہے اور جس رویے کو انتہائی شدت اور دلائل کے ساتھ رد کیا ہے، وہ یہ ہے کہ قرآن اور حدیث کی ایسی تعبیر پیش کی جائے، جس پر جبریل، خدا اور رسولؐ ورطۂ حیرت میں پڑ جائیں۔ اس لیے وہ کسی ایسی تعبیر کے قائل نہیں کہ جسے تسلیم کرنے کے بعد معنوی تحریف کا وارد ہو جانا لازم ٹھہرے۔ علامہ اقبال کے فارسی اشعار ملاحظہ ہوں:

زمن بر صوفی و ملا سلامے
کہ پیغام خدا گفتند ما را
ولے تاویل شاں در حیرت انداخت
خدا و جبرئیل و مصطفیؐ را[۴۹]

علامہ اقبال قرآن وحدیث کی تعلیمات میں کسی نوعیت کی لفظی ومعنوی تحریف اور ہیر پھیر کو روحِ اسلام کے منافی قرار دیتے ہیں:

چوں سرمۂ رازی را از دیدہ فروشستم
تقدیر امم دیدم پنہاں بہ کتاب اندر[۵۰]

اسلام کے تصور کی ایسی خوبصورت تفہیم کے بعد علامہ اقبال کا تصور تاریخ، وقت کی جبریت کا شکار نہیں ہوتا، بلکہ وہ زمان ومکاں کی حدود اور قیود کو ختم کرتے ہوئے، ایک ایسے مقام تک بلند ہو جاتا ہے کہ جہاں وقت رک کر اس واقعے یا سانحے کو خود تاریخ بنا دیتا ہے۔

Marfat.com

یہ وہ لمحہ ہے کہ جہاں، یہ ایک زمانے یا ایک صدی یا ایک ماحول کا پابند نہیں ہوتا، بلکہ وہ لمحہ جسے تاریخ بنا ہوتا ہے، وہ کئی صدیوں پر پھیل جاتا ہے اور صدیوں میں پھیلے ہوئے واقعات کی کڑیاں اور اجزائے ترکیبی اس طرح سے باہم مربوط ہوتے ہیں کہ ایک واقعہ، جو کسی خاص وقت سے آغاز کرتا ہے یا کسی خاص تہذیب میں ظہور و نمود کرتا ہے، کئی صدیاں گزرنے کے بعد ایک دوسرے واقعے کی صورت میں اپنی کلیت اور معنوی اکائی کے ساتھ وابستہ ہو جاتا ہے، جو دراصل کسی واقعے کی تاریخی حیثیت کے تعین میں معاون ہوتی ہے، مثلاً علامہ اقبال نے کہا تھا:

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسینؓ، ابتدا ہے اسمٰعیل[۵۱]

گویا یہ واقعہ، جو اتنی صدیوں کے مابین پھیلا ہوا ہے، مختلف ادوار سے ہوتا ہوا، زمان و مکاں کی جکڑ بندیوں سے اس حد تک آزاد ہو جاتا ہے کہ زمان و مکاں کے دائرے اور اس کی دسترس میں نہیں آتا اور اس سے بلند ہو کر وہ تاریخ کے اس فکری تناظر کا بنیادی اور محوری نکتہ بن جاتا ہے کہ جہاں پہنچ کر بقول علامہ اقبال:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے[۵۲]

یا پھر:

در دشت جنون من جبریل زبوں صیدے
یزداں بہ کمند آور اے ہمت مردانہ[۵۳]

## حوالے و حواشی

۱- راغب الطباخ، علامہ، تاریخ افکار و علوم اسلامی، جلد دوم، اُردو ترجمہ: مولانا افتخار احمد بلخی، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۸۹ء، ص ۲۸۶، ۲۸۷۔

۲- ابو حنیفہ الدینوری، اخبار الطوال، اُردو ترجمہ: پروفیسر محمد منور، اُردو سائنس بورڈ، ۱۹۸۶ء، لاہور،

Marfat.com

ص۶۵۔۶۷۔

۳- السخاوی، الاعلان بالتوبیخ، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر سید محمد یوسف، مرکزی اُردو بورڈ، لاہور، ۱۹۶۸ء، ص۲۲،۲۳۔

۴- محمد طفیل ہاشمی، ڈاکٹر، تدوین طبقات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۱۹۸۸ء، ص۱۳،۱۴۔

۵- محمد عالم مختار حق (مرتب)، نگارشات ڈاکٹر محمد حمیداللہ، بیکن بکس، لاہور، ۲۰۰۴ء، ص۴۴۴۔

۶- محمد حنیف ندوی، مولانا، اساسیات اسلام، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۷۳ء، ص۱۲۹۔۱۳۱۔

۷- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص۲۳۴۔

۸- ایضاً، ص۳۱۶۔

۹- ایضاً، ص۵۱۷۔

۱۰- محمد ایضاً، ص۵۲۷۔

11. Abdul Hameed Siddiqui, *A Philosophical Interpretation of History*, Islamic Bank Centre, Lahore, 1977, p-174.

۱۲- مرتضیٰ مطہری، آیت اللہ، اسلامی تصور کائنات پر ایک تمہید، اُردو ترجمہ: علی ذوعلم، نوبل پرنٹرز، راولپنڈی، ۱۹۹۷ء، ص۵۲۳،۵۲۴۔

۱۳- ایضاً، ص۴۶۵۔

14. *The Encyclopedia of Britanica*, Vol-8, 15th Edition, p-959.

15 Ishtiaq Hussain Qureshi, Dr., *From Mirag to Domes?*, Saad Publications, Karachi, 1983, p-15 and 44.

۱۶- محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، اُردو ترجمہ: سید نذیر نیازی، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص۲۱۳۔

۱۷- ایضاً، ص۲۱۷۔

۱۸- محمد مظہر الدین صدیقی، اسلام کا نظریۂ تاریخ، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۷۹ء، ص۳۳،۳۴۔

۱۹- قیصر الاسلام، قاضی، فلسفے کے جدید نظریات، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص۵۲۹،۵۳۰۔

۲۰- تفسیر احسن البیان، اُردو ترجمہ: مولانا محمد جونا گڑھی، دارالسلام پبلشرز، سعودی عرب، ۱۹۹۸ء، ص۶۳۳۔

Marfat.com

۲۱- فخر الدین حجازی، تمدن انسانی پر انبیا کے اثرات، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر محمد ریاض، مقبول اکیڈمی، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۲۰۸_۲۱۳۔
۲۲- برہان احمد فاروقی، ڈاکٹر، قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل، ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۶۷۔
۲۳- عبدالسلام ندوی، مولانا، حکمائے اسلام، جلد اول، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد، ۱۹۸۹ء، ص ۲۵۶، ۲۵۷۔
24. *Iqbal* (July 1963), Bazm-e-Iqbal, Lahore, p-75,76.
25. Ibid, p-79.
۲۶- عطیہ سید، اقبال ...... مسلم فکر کا ارتقا، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۴ء، ص ۸۳، ۸۴۔
۲۷- ایضاً، ص ۹۶، ۹۷۔
۲۸- محمد اقبال، فلسفۂ عجم، اُردو ترجمہ: میر ولی الدین، نفیس اکیڈمی، کراچی، ۱۹۸۴ء، ص ۳۷۔
۲۹- وحید عشرت، ڈاکٹر (مرتب)، اقبال ۱۹۸۴ء، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۸۹۔
۳۰- عبداللہ، ڈاکٹر سید، اعجاز اقبال، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۴ء، ص ۲۵۴۔
۳۱- وحید عشرت، ڈاکٹر (مرتب)، اقبال ۱۹۸۴ء، ص ۸۳، ۸۴۔
۳۲- اقبال اپریل ۱۹۷۹ء، بزم اقبال، لاہور، ص ۷۷، ۷۸۔
۳۳- محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، ص ۲۹۵۔
۳۴- ایضاً، ص ۲۱۳۔
۳۵- ایضاً، ص ۲۲۲۔
۳۶- ایضاً، ص ۲۱۳۔
۳۷- ایضاً۔
۳۸- ایضاً۔
۳۹- ایضاً۔
40. Hughes Warrington, *Fifty Key Thinkers of History*, Routledge, London, 2000, p-172.
41. *The New Encyclopedia of Britanica*, Vol-20, 15th Edition, p-559, 560.
۴۲- عبداللہ، ڈاکٹر، سید، اعجاز اقبال، ص ۱۹۸، ۱۹۹۔
۴۳- ندیم شفیق ملک، علامہ اقبال کا خطبۂ الٰہ آباد ۱۹۳۰ء: ایک مطالعہ، فیروز سنز، لاہور،

Marfat.com

۱۹۹۸ء، ص ۱۲۰ تا ۱۳۶۔

۴۴- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۶۹۱۔

۴۵- عارفہ سید زہرا، ڈاکٹر+نصیر احمد بھٹی (مرتبین)، اُردو لازمی، گیارہویں، بارہویں جماعت کے لیے، پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور، ۲۰۰۲ء، ص ۱۷۹، ۱۸۰۔

۴۶- علی شریعتی، ڈاکٹر، ہم اور اقبال، اُردو ترجمہ: جاوید اقبال قزلباش، ثقافتی قونصلر، اسلامیہ جمہوریہ ایران، اسلام آباد، ۱۹۹۶ء، ص ۹۲۔

۴۷- فتح محمد ملک، پروفیسر، اقبال ......فکر و عمل، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۸۸، ۸۹۔

۴۸- دریافت، مدیر: ڈاکٹر رشید امجد، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، جون ۲۰۰۲ء، ص ۵۴۔

۴۹- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۹۵۶۔

۵۰- ایضاً، ص ۶۳۰۔

۵۱- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۳۵۵۔

۵۲- ایضاً، ص ۳۴۷۔

۵۳- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)، ص ۳۳۶۔

Marfat.com

# غیر مسلمان مفکرین کا تصور تاریخ اور علامہ اقبال

## اتفاق و اختلاف

مغربی مفکرین تاریخ کو دو ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک دور جسے ہم یونانی فلاسفہ کی تاریخ سے متعلق خیال کرتے ہیں، وہ دور ہے، جب حضرت مسیحؑ کی پیدائش سے قبل، یونانی فلاسفہ نے زندگی اور ماورائے زندگی سے متعلق مختلف سوالوں کے جواب تلاش کرنے کی کوشش کی۔ تاریخ اگرچہ ان کے لیے بنیادی اہمیت کی حامل چیز نہیں تھی، لیکن انھوں نے اپنے مختلف تصورات کے تعین اور ان کی پیش کش میں تاریخ سے استفادہ ضرور کیا۔ تاریخ ان کے لیے رات اور دن کی تبدیلی اور موسموں کی آمد و رفت کا ایک سلسلہ یا زندگی کے مختلف حالات اور واقعات کے بدلنے کی صورت یا مجموعہ تھا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ انھوں نے جہاں زندگی کی بنیادی اکائی تلاش کی یا انھوں نے زندگی کی طرف سب سے پہلے اس بنیادی عنصر کے تعین میں، جہاں مادی رویوں کو متعین کرنے کی کوشش کی، وہاں ضمنی اور ذیلی سطح پر تاریخ بھی زیر بحث آئی۔ دوسری یہ بات بھی اہم ہے کہ جہاں قدیم فلاسفۂ یونان کے ہاں حرکت، عمل، زمان، مکان اور دیگر بنیادی مسائل پر اظہار خیال ہوا، وہاں تاریخ پر بھی بحث ہوتی رہی مگر ضمنی اور ذیلی حیثیت میں' کیوں کہ تاریخ ان کے ہاں بنیادی اہمیت کی حامل نہیں تھی لہٰذا انھوں نے تاریخ کو براہ راست زندگی کے بنیادی عوامل سے وابستہ رکھ کر دیکھنے کی کوشش نہیں کی۔ یہی وہ رویہ ہے، جس کی وجہ سے اس بنیادی غلطی کا آغاز ہوا، جو ہمیں یونان سے لے کر مغرب تک ایک تسلسل کے ساتھ دکھائی دیتا ہے۔

مغربی فلسفے کی بنیاد، یونانی افکار و نظریات پر رکھی گئی ہے، اس لیے اس بنیاد کے غلط رویوں پر منضبط ہونے کی وجہ سے، آئندہ جو فلاسفہ بھی تاریخ کے حوالے سے ہمارے سامنے آئے، ان کے افکار و نظریات میں وہ بنیادی کجی موجود رہی، جو تاریخ کو حالات و واقعات کا مجموعہ بتانے کے

Marfat.com

بجائے علم کے اس سرچشمے سے وابستہ ہونے کے راستے میں حائل رہی۔ یہی وہ بنیادی کجی یا غلطی ہے، جس کے باعث وہ تاریخ کے بنیادی اور اساسی تصور سے ہٹ گئے اور اس دور لمبے کے فلاسفہ کے اس رویے کے باعث آئندہ تاریخ کے ضمن میں مغربی فلاسفہ کے جو افکار مختلف ادوار میں سامنے آتے رہے، وہ اس بنیادی قدر کو نہیں پا سکے، جو تاریخ کی اہمیت اور افادیت کو اس کے مجموعی فکری تناظر میں سمجھنے سے تفہیم میں آ سکتی تھی۔

محمد حسن عسکری نے یونانی فکر کے ان نقائص کی ایک فہرست بنائی ہے، جو آگے چل کر مغرب کے فکری نظام میں من وعن راہ پا گئے، فہرست ملاحظہ کریں:

۱- یونانی فکر لاتعین، احدیت اور وراء الوراء کے درجے تک کبھی نہیں پہنچا۔ یعنی مکمل تنزیہ اور توحید یونانی فلسفیوں کو کبھی حاصل نہیں ہوئی۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ یونانی فکر ''وجود'' کی منزل سے آگے کبھی نہیں جا سکا۔ اسلامی اصطلاح کے مطابق یوں کہہ سکتے ہیں کہ یونانی مفکر عالم جبروت سے اوپر نہیں اٹھ سکے۔

۲- حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ افلاطون اپنے مکاشفات میں الجھ کے رہ گیا اور اسی لیے گمراہ ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یونانی فلسفی عالم جبروت تک بھی نہیں پہنچے بلکہ عالم ملکوت یا عالم مثال تک ہی رہ گئے۔ اس لحاظ سے یونانی فلسفہ صحیح معنی میں مابعد الطبیعیات نہیں ہے۔ یورپ میں جتنی گمراہیاں آج تک پیدا ہو رہی ہیں، ان کی جڑ یہی ہے۔

۳- حضرت مجدد صاحبؒ فرماتے ہیں کہ افلاطون نے صفائے نفس ہی کو سب سے بڑی چیز سمجھا اور صفائے قلب تک نہ پہنچ سکا، اسی لیے گمراہ ہوا۔ اس رجحان کو روم کے فلسفیوں نے اور زیادہ تقویت پہنچائی۔ یہی خامی انیسویں صدی میں اخلاقیات کی پرستش کی شکل میں نمودار ہوئی۔

۴- ارسطو کو عقل کلی (Intellect) اور عقل جزوی (Reason) کے فرق کا اندازہ تھا، لیکن اس نے دونوں کو گڈمڈ کر دیا ہے۔ سولہویں صدی سے مغرب میں یہ امتیاز ایسا مبہم ہونا شروع ہوا کہ آخر اٹھارویں صدی میں (بلکہ سترھویں صدی کے وسط میں) عقلیت کی تحریک یورپ کے ذہن پر قابض ہو گئی۔

۵- ارسطو نے اس بات پر بہت زور دیا ہے کہ انسانی ذہن تصویروں کی مدد سے سوچتا ہے، یعنی اس نے فکر اور تخیل کو ایک کر دیا ہے۔ یہ اسی کا اثر ہے کہ آج مغرب ''عقل کلی'' کا مطلب تک نہیں سمجھتا اور مجرد فکر کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

۶- حالانکہ ارسطو پر مغرب کے لوگ یہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ خالص عقل پر اعتماد کرتا ہے اور

Marfat.com

تجرباتی طریقہ استعمال نہیں کرتا مگر مشاہدے اور تجربے کو آخری اور فیصلہ کن دلیل سمجھنے کا رجحان خود ارسطو کے یہاں موجود ہے۔

۷- یونانی فلسفیوں کی توجہ کا مرکز انسانی معاشرہ تھا، نہ کہ مبدا و معاد۔ یعنی دنیاویت ان یونانی فلسفیوں میں اچھی طرح جڑ پکڑ گئی تھی۔

۸- یونانی ہر مسئلے کو انسانی نقطۂ نظر سے دیکھنے کے حامی تھے، چنانچہ جب پندرہویں اور سولہویں صدی میں یورپ والوں نے یونانی فلسفے پر زور دینا شروع کیا تو اس تحریک کا نام ہی ''انسانیت پرستی'' (Humanism) قرار پایا۔

۹- یونانی فلسفی ہوں یا شاعر، سبھی کو تقدیر یا جبر و اختیار کے مسئلے سے گہری دلچسپی تھی، بلکہ یونان کے بہترین ادب کا مرکزی موضوع ہی یہ ہے لیکن چوں کہ یونانی ہر چیز کو انسانی نقطۂ نظر سے دیکھتے تھے، اس لیے ظاہر ہے کہ وہ مسئلے کی تہ کو نہیں پہنچ سکتے تھے۔

۱۰- یونانی فلسفی روح کی حقیقت سے پوری طرح آگاہ نہیں تھے۔ اس لیے وہ روح اور نفس کو ایک دوسرے میں ملا دیتے تھے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ سترہویں صدی کے بعد سے تو مغرب اس فرق کو بالکل ہی بھول گیا ہے۔ یہاں تک کہ مغربی لوگ عقل کی طرح لفظ ''روح'' کے معنی ذرا بھی نہیں سمجھ سکتے، بلکہ نفس کو ہی روح خیال کرتے ہیں۔ یونانیوں کے یہاں روح یا عقل کلی کے لیے لفظ تھا Nous۔ آج کل اس کا ترجمہ کیا جاتا ہے ''ذہن'' (Mind)۔ نفس کے لیے یونانی لفظ Psyche۔ اس لفظ کو بھی آج کل ''ذہن'' کے ہم معنی سمجھا جاتا ہے۔ پھر روح کے لیے لاطینی لفظ تھا Spiritus۔ آج کل مغربی زبانوں میں لفظ Spirit انگریزی لفظ Soul کے مترادف سمجھا جاتا ہے۔ جس کے معنی ہیں ''نفس''۔ غرض، پچھلے تین سو سال سے مغرب نفس کو ہی روح سمجھ رہا ہے۔

یہ ہیں یونانی فکر کی وہ بڑی خامیاں، جنھوں نے آگے چل کر مغرب کے ذہن کو نقصان پہنچایا۔[۱]

جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا جا چکا ہے کہ یونانی فلاسفہ نے جب حکمت اور فلسفے کا اظہار شروع کیا تو جو سوال انھوں نے سب سے پہلے اٹھایا، یا جس پہلے سوال کا جواب تلاش کرنے کی کوشش کی، وہ یہ تھا کہ تخلیق کائنات کا بنیادی عنصر کیا ہے۔ آیونک (Ionic) بنیادی اور ابتدائی فلاسفہ نے تخلیق و آفرینش کائنات کا عنصر بنیادی رویوں میں تلاش کرنے کی کوشش کی۔ آیونیا (Ionia) کے پہلے فلسفی تھیلیز (Thales) نے آفرینش کائنات کے بنیادی عنصر کو پانی کہا۔ بعد میں جو فلسفی آئے انھوں نے ہوا، آگ اور کہیں کہیں غیر متعین مادہ کہ کر اس سوال کا جواب تلاشنے کی کوشش کی، جو سب سے پہلے فلسفی نے اٹھایا تھا۔ زندگی کی بنیادی قدر کو کسی مادی چیز

Marfat.com

سے تعبیر کر کے وہ دراصل زندگی کی اس اجتماعیت سے ہٹ گئے، جو روح اور مادے کی امتزاجی صورت میں متشکل ہو رہی تھی۔ پہلے فلسفی نے زندگی کی اکائی کا مادی عنصر میں تعین کر کے دراصل زندگی کے ایک امکانی پہلو کا ادراک کیا اور اس عنصر کا روحانی پہلو اس کے پیش نظر نہیں رہا۔ ڈبلیو کے سی گوتھری یونانیوں کے روح اور مادے کے بارے میں تصورات کو یوں بیان کرتے ہیں:

The two types may be clearly discerned among the ancient Greeks. Some defined things with reference to their matter, or as the Greeks also called it,' the out-of- which'. Others saw the essential in purpose of function, with which they included form, for (as is pointed out e.g.by Plato in the Cratylus) structure subserves function and is dependent on it. The desk has the shape it has because of the purpose it has to serve. A shuttle is so shaped because it has to perform a certain function for the weaver. And so the primary opposition which presented itself to the Greek mind was that between matter and form, always with the notion of function included in that of form. And in answering the eternal question, the Ionian thinkers and later the atomists gave their reply in terms of matter, the Pythagoreans, Socrates, Plato and Aristotle in terms of form.[2]

یونانی فلاسفہ کے دوسرے دور میں، جو سقراط سے آغاز ہوتا ہے، میں زندگی کی بنیادی قدر روحانیت رہی اور انھوں نے یعنی سقراط اور بعد کے فلسفیوں نے اسی طرح سے مادی تعبیر سے انحراف کیا، جیسے کہ ان سے قبل کے فلاسفہ روحانیت سے انکار کرتے چلے آ رہے تھے۔ لہٰذا ان دونوں ادوار یا مکاتب فکر کے فلاسفہ کے ہاں، بلکہ فلسفے کے بنیادی اساتذہ کے ہاں زندگی اور زندگی کا تمام تر نظام اپنی اجتماعیت کے ساتھ مرتب ہونے کے بجائے یک رخی تعبیر پیش کرتا رہا۔ ابتدائی فلاسفہ کے ہاں مادے کو بنیادی اور اساسی اہمیت حاصل تھی۔ دوسرے دور کے فلاسفہ کے ہاں روحانیت نے غلبہ پا لیا اور مادے کا وجود غیر اہم ہو گیا یا سرے سے ہی اس کا انکار کر دیا گیا۔

دوسرے دور کا فلسفہ، افلاطون کے تصور اعیان ثابتہ (Theory of Ideas) کے سامنے آنے کے بعد مادی صورت کی کلی نفی کر دی گئی۔ اس تصور کے مطابق یہ کائنات اور اس کائنات میں موجود انسانی، حیوانی اور نباتاتی زندگی دراصل کسی اور دنیا کی، جو کہ ماورائے دنیا ہے، کا عکس پیش کرتی ہے۔ افلاطون نے اسے نقل سے تعبیر کیا ہے، کہ یہ چلتے پھرتے انسان، ان کی حرکات و سکنات، ان کے افکار و نظریات، ان کا طرز زندگی، ان کا طرز معیشت و معاشرت دراصل اس زندگی اور اس عالم کائنات کی نقل ہے، جو اس سے ماورا کہیں موجود ہے اور اسے وہ دنیائے مثالیہ یا تصور اعیان سے موسوم کرتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اگر یہ زندگی کسی اور زندگی کی، اگر یہ کائنات کسی اور

Marfat.com

کائنات کی اور یہ نظریات کسی اور دنیا کے نظریات کی محض نقل ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کائنات اپنے مادی رویوں کے ہوتے ہوئے بھی، اس ممکنہ مکمل صورت سے متصف نہیں ہے، جس سے اسے متصف ہونا چاہیے یا یہ درحقیقت جیسی ہے۔ افلاطون کے اس تصور کی وجہ سے کائنات کی وہ جامع اور مانع تعریف اور تعبیر سامنے نہیں آسکی، جو کائنات کی واقعتاً تعبیر ہے۔ صرف روحانی قدروں پر بنیاد اٹھانے سے کائنات کا مادی ویژن متاثر ہوا۔ پھر دوسرا اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ جس روحانی اور مثالی دنیا کی بات افلاطون نے کی ہے، وہ حقیقتاً اپنے روحانی اور مثالی رویوں میں ویسی نہیں ہے، جیسی کہ افلاطون کے اس تصور میں ہمیں دکھائی دیتی ہے۔

یونانی فلاسفہ کے ہاں، چاہے وہ زندگی اور زندگی کے مختلف رویوں کی مادی تعبیر پیش کرتے ہوں، یعنی دورِ اول کے فلسفی یا دورِ ثانی کے وہ فلسفی، جو اس کی اپنے انداز سے روحانی تعبیر پیش کرتے ہوں، زندگی اور زندگی کے مختلف معنوی رویے، کائنات اور کائنات کی مجموعی فکری تعبیر اپنی امکانی اور تکمیلی صورت میں جلوہ گر نہیں ہوتی، جیسی کہ وہ ہے، سو ان کے ہاں آفرینش کائنات اور زندگی کی تخلیق کا رویہ نامکمل اور یک رخی صورت میں متشکل ہونے کی وجہ سے، اپنی اس مجموعی فکری اور معنوی صورت کا تعین نہ کر سکنے کے باعث، اپنے جامع حوالوں کے ساتھ سامنے نہیں آتا۔ اس صورت میں زندگی کے مجموعی فکری رویے، اپنے صحیح اور بنیادی تناظر میں متعین نہیں ہو سکے۔ ان فلاسفہ کے ہاں زندگی کے ان حقائق سے پردہ اٹھانے کی کوشش کی گئی ہے، جنھیں تاریخ فلسفہ میں حکمت اور دانائی یا فلسفے کے بنیادی مسائل کہا جاتا ہے۔ لیکن ایک بات یاد رکھنے کی ہے کہ جب تک کہ فلسفی، جسم اور روح یا مادہ اور روح کے باہمی امتزاج کے تعین کے بغیر زندگی اور کائنات کی صورت گری کی تعبیر کرنے میں منہمک ہوگا، اس کی تعبیر جامع اور مانع قدروں کی حامل نہیں ہو سکتی۔ ان یونانی فلاسفہ کے ہاں کائنات کی تعبیر یا تو مادی عوامل، مادی اسباب اور مادی عناصر کے تناظر میں متعین ہوئی یا پھر یک رخی اور بے معنی قسم کی روحانیت کی صورت گری اور تعبیر کا امکان پیدا ہوا۔ جہاں اس طرح کی صورت حال درپیش ہو، وہاں زندگی اور زندگی سے براہ راست متعلق رویے اپنی مجموعی صورت میں جلوہ گر نہیں ہو سکتے۔

تاریخ انسانی زندگی کا براہ راست علم اور علم کا سرچشمہ ہے۔ جہاں زندگی کی بنیادی اکائی ہی مکمل نہ ہو، وہاں اس سے وابستہ علم اور علم کا سرچشمہ اپنی بنیادی اور مکمل صورت میں کہاں متشکل ہو سکتا ہے۔ لہٰذا تاریخ اپنے فکری خدوخال اور معنوی حدود و قیود کے ساتھ سامنے نہیں آتی۔

Marfat.com

ابتدائی دور میں زینو (Zeno) اور پارمی نائیڈز (Parminides) وہ ابتدائی فلسفی ہیں، جن کے ہاں حرکت اور حرکت کے تناظر میں زمان و مکاں زیر بحث آئے، لیکن انھوں نے حرکت کی جو تعبیر پیش کی ہے، وہ حرکت سے منسوب ہوتے ہوئے بھی جمود اور سکوت کی آئینہ دار ہے۔ زینو اور پارمی نائیڈز کے افکار کے حوالے سے علی عباس جلالپوری کی کتاب ''روایات فلسفہ'' سے لیا گیا یہ اقتباس انتہائی اہم ہے:

پارمی نائدیس اور زینو کی اولیات درج ذیل ہیں:

۱۔ وہ مابعد الطبیعیات اور جدلیات کے بانی ہیں۔ انسانی فطرت کے دو پہلو ہیں۔ ایک اسے تصوف کی طرف لے جاتا ہے اور دوسرا سائنس کی طرف۔ ان کے اتحاد یا کشمکش سے فکر و تدبر کو بروئے کار لا کر کائنات کو ایک ''کل'' کی صورت میں تصور کیا گیا ہے اور اسے ''حقیقت مطلق'' کہا گیا ہے۔ مابعد الطبیعیات اسی حقیقت مطلق کی جستجو کا نام ہے۔

۲۔ انھوں نے حس اور عقل، غیر مرئی حقیقی اور مرئی غیر حقیقی، ظاہر اور باطن میں تفریق کر کے مثالیت پسندی کا اصل اصول قائم کیا۔

۳۔ پارمی نائدیس منطق یا جدلیات کو مابعد الطبیعیات کی کلید سمجھتا تھا۔ بعد کے مثالیت پسندوں اور عقلیت پرستوں نے یہی روش اختیار کی۔

۴۔ ارسطو نے زینو کی جدلیات ہی کو نئے سرے سے مرتب کر کے منطق قیاسی کی بنیاد رکھی تھی۔

۵۔ الیاطیوں کا ''ایک'' کا تصور افلاطون کے ''خیر مطلق'' رواقیین کی ''عقلی آفاقی'' اور نو اشراقیوں کے ''احد'' کی صورت میں نمودار ہوتا رہا۔

۶۔ تمام اشیا کے اصلاً ایک ہونے کا انکشاف کر کے پارمی نائدیس نے مذہب و تصوف کو وحدت وجود اور فلسفے کو احدیث کے تصورات دیے۔ یہ نظریہ اسی سے یادگار ہے کہ کائنات ایک ''کل'' ہے اور کثرت نگاہ کا فریب ہے۔

۷۔ زمان غیر حقیقی ہے۔ تغیر و حرکت کے انکار سے زمان حقیقی نہیں رہ سکتا۔ اگر کائنات ایک ''کل'' ہے اور ہر کہیں حقیقت واحد ہی کا جلوہ ہے تو ماضی، حال اور مستقبل کی تفریق فریب نظر ہوگی۔ یہ تصور بعد میں سپینوزا، ہیگل اور وجودیوں نے زیادہ شرح و بسط سے پیش کیا تھا۔

۸۔ مکالمے یا اسلوب زینو کی ایجاد ہے۔ بعد میں افلاطون نے اسے اختیار کیا تھا۔[۳]

زینو اور پارمینائیڈز کے تصورات، مابعد کے آنے والے فلسفیوں کے ہاں الجھن کا باعث ہیں۔ خود علامہ اقبال کو بھی زینو کے تصورات سے بہت زیادہ دلچسپی رہی ہے۔ بعد میں ایک دو

Marfat.com

مقامات پر اقبال نے حرکت اور زمان و مکاں کی تعبیر و تشریح میں اس کے تصورات کا رد پیش کیا ہے۔ یہ فلاسفہ بنیادی طور پر جمود کے قائل تھے، حرکت ان کے نزدیک فریب نظر تھا۔ لیکن انھوں نے حرکت کی ایک ایسی تعبیر و تشریح کی جو سوائے الجھن اور اپنے متناقض اور متضاد فکری رویوں کے اور کچھ نہیں تھا۔ جہاں حرکت فریب نظر ہو اور جہاں زمان و مکاں کی تعبیر، روز و شب کے بدلنے اور تبدیل ہونے سے متشکل ہو رہی ہو، زمان و مکاں کے تصورات، رات دن کے بدلنے کے تابع ہوں، وہاں تاریخ کی صحیح صورت گری ممکن نہیں ہو سکتی۔ سوان فلسفیوں کے جو اثرات اپنے مابعد آنے والے یونانی فلاسفہ پر پڑے ہیں، ان کے مطالعے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ ان کے متناقض، متضاد اور کسی حد تک متصادم رویوں نے بعد کے فلسفہ کی تاریخ کی اس بنیادی حقیقت تک پہنچنے نہیں دیا، جہاں تک ممکن ہے کہ وہ غور و فکر کے بعد صراط مستقیم پر چلتے ہوئے اس کی حقیقی علمی، عملی اور حرکی روایت کو پا سکتے۔ لیکن ان کے تصورات کے الجھاوے نے انھیں اس جادے پر گامزن ہونے سے روکے رکھا۔ لہٰذا پورے یونانی ادوار میں فلاسفہ کے کسی بھی گروہ نے تاریخ کی اس اصل صورت کو پیش نظر نہیں رکھا، جو حقیقتاً تاریخ، علم تاریخ اور تصور تاریخ سے متعلق تھی۔

یہاں تھوڑی دیر ٹھہر کر ہم یونانی فلاسفہ کو دو ادوار میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ یہ تقسیم مذہبی حوالوں سے ہوگی۔ وہ فلسفی جو حضرت مسیحؑ سے پہلے گزرے، پہلا گروہ کہلائیں گے اور دوسرے وہ فلاسفہ جو حضرت مسیحؑ کی بعثت کے بعد جلوہ گر ہوئے۔

حضرت مسیحؑ کی اس دنیا میں تشریف آوری سے قبل یونان میں فلسفے کے دو دور گزر چکے تھے، اور مسیحؑ کی آمد کے بعد یونان میں فلسفے کا ایک دور گزرا۔ یعنی یونان میں فکر و فلسفے کی تاریخ کا اگر ہم مطالعہ کریں تو اسے تین ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں:

۱۔ قدیم فلسفے کا دور، جس کا آغاز تھیلیز سے ہوتا ہے اور سوفسطائیوں پر آ کر اختتام پذیر ہو جاتا ہے۔

۲۔ سقراط سے شروع ہونے والا فلسفے کا مابعد قدیم دور، ارسطو پر آ کر ختم ہو جاتا ہے۔

۳۔ نوفلاطونی دور، حضرت مسیحؑ کی بعثت کے بعد اپنے افکار و نظریات پیش کرنے والے فلسفیوں کا دور۔

تیسرے دور، یعنی حضرت مسیحؑ کی بعثت کے بعد کے پہلے دور کے یہ فلاسفہ، جو تاریخ فلسفۂ یونان میں نوفلاطونی دور کے فلسفیوں کے نام سے موسوم رہے ہیں اور ہیں، کے ہاں

Marfat.com

فلسفے کے بنیادی سوالوں پر ان کے اپنے نظریات کا اظہار بہت کم ملتا ہے۔ دراصل یہ فلاسفہ کا وہ دور ہے کہ جس دور کے گروہ فلاسفہ نے اپنے سے پہلے، یعنی دور اول اور دور دوم کے افکار و نظریات کی اپنے عہد کے سیاسی، سماجی، علمی، معاشرتی اور فکری تناظر میں تعبیر و تشریح اور ان کی وضاحت پیش کرنے کی کوشش کی۔ ان فلسفیوں نے آئیونیا کے فلاسفہ کے فکر و افکار اور فکر و فرہنگ سے بھی استفادہ کیا لیکن ان پر دور دوم کے فلاسفہ کے عقائد اور نظریات کی چھاپ نسبتاً گہری رہی۔ دراصل زیر بحث فلاسفہ دبستان سقراط سے بے پناہ متاثر تھے اور اس تاثر پذیری کی وجہ سے انھوں نے اسی گروہ فلاسفہ کے عقائد و نظریات کی تعبیر و تشریح کی، اسی کو اپنایا اور اسی کی تفہیم و تعبیر میں سرگرم کار رہے۔ لہٰذا جب ہم ان تین ادوار کے فلاسفہ کے عقائد و نظریات کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اس دور کے فلسفیوں کے ہاں تاریخ، تاریخ بطور علم اور تاریخ بطور طرز زندگی ایک بنیادی مسئلہ نہیں ہے۔

پہلے دور کے فلسفی جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ مادی تعبیر کے نقیب رہے، دور دوم کے فلاسفہ کے ہاں روحانیت کا ایک رخا، ذاتی اور شخصی تصور کارفرما رہا اور تیسرے دور کے فلاسفہ نے ابتدائی دونوں ادوار کے فلسفیوں کے نظریات کی تشریح و توضیح کا کام تو سرانجام دیا، لیکن ان کے ہاں بھی مادے اور روح کے معاملات اور مسائل کی اجتماعی اور جامع صورت ممکن نہیں ہو سکی۔ ان کے ہاں مادی رویے اپنی علیحدہ صورت میں روحانی رویوں سے علیحدہ اور الگ پہچانے جا سکتے ہیں لہٰذا اس دور کے فلاسفہ کے ہاں کوئی اتنا بڑا ذہن موجود نہیں تھا، جو ابتدائی فلسفیوں کے فلسفے سے استفادہ کرنے کے بعد اپنے تنقیدی نظریات کا اظہار کرتا، ورنہ ممکن تھا کہ سقراط، افلاطون اور ارسطو کے نظریات کی تعبیر و تشریح اور اس کے فکری و معنوی استفادے سے گزر کر یہ فلسفی، زندگی کی اس بنیادی صورت کو پا سکتے، جو روح اور مادے کی اجتماعیت سے عبارت ہے۔ لیکن اس بنیادی اکائی کو نہ پا سکنے کی وجہ سے وہ زندگی کے ان بنیادی تصورات اور حقائق سے دور رہ گئے، جن کے اثرات، انسانی زندگی پر، اس کائنات میں، براہ راست پڑ رہے ہیں اور جن رویوں میں تاریخ اور تصور تاریخ کا مطالعہ اور مسئلہ سرفہرست ہے۔ یہاں مناسب ہوگا کہ سقراط اور افلاطون کے فکر کے حوالے سے علی عباس جلالپوری کے دو اقتباسات ملاحظہ کر لیے جائیں:

بہرصورت ماقبل سقراط فلاسفۂ مادیت نے جو اصول مرتب کیے تھے، وہ بعد کے مادیت پسندوں نے اپنائے اور ان کی مزید تشریح کی۔ یہ اصول درج ذیل ہیں:

Marfat.com

(۱) مادہ وہ ہے، جو مکان میں پھیلا ہوا ہے۔
(۲) مادہ ازلی اور غیر فانی ہے۔
(۳) مادے میں حرکت کی صلاحیت موجود ہے۔
(۴) تمام حرکت مقررہ قوانین کے تحت ہو رہی ہے۔
(۵) شعور اور ذہن بھی دوسری اشیا کی طرح ایٹموں سے مرکب ہیں۔
(۶) فطرت (نیچر) میں کوئی واردات بغیر سبب کے نہیں ہوتی۔
(۷) عالم میں کوئی ذہن یا شعور کارفرما نہیں ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس پر کوئی یزدانی قوت متصرف نہیں ہے۔
(۸) عالم میں کوئی مقصد و غایت نہیں ہے۔[۲۲]

علی عباس جلالپوری کے مطابق افلاطون کی مثالیت کے اہم پہلو درج ذیل ہیں:

(۱) عالم دو ہیں، ظاہری عالم اور حقیقی عالم، عالم مثال حقیقی ہے اور اس تک صرف نفس ناطقہ یا عقل استدلالی کی رسائی ہو سکتی ہے۔ عالم ظواہر یا عالم حواس غیر حقیقی ہے۔ جن اشیا کا ادراک ہمارے حواس کرتے ہیں، وہ حقیقی امثال کے محض سائے ہیں۔ معقولات اصل ہیں، محسوسات ان کے عکس ہیں۔
(۲) امثال ازلی و ابدی، قائم و ثابت ہیں۔ عالم مثال سکونی ہے۔ تغیر و حرکت صرف ظاہری عالم میں ہے۔
(۳) عالم مثال کے ساتھ ساتھ مادہ بھی موجود ہے، جس پر امثال کی چھاپ لگتی رہتی ہے اور ظاہری عالم کی اشیا وجود میں آتی رہتی ہیں۔
(۴) عالم مثال ازل سے مرتب و مدون حالت میں ہے۔ سب سے کامل و اکمل مثال خیر مطلق ہے، جس سے دوسرے امثال متفرع ہوئے ہیں۔
(۵) ظاہری عالم یا عالم حواس میں ہر کہیں تغیر و تبدل، فساد و انتشار کی کارفرمائی ہے۔
(۶) زمان غیر حقیقی ہے۔ یعنی وقت کا نہ کوئی آغاز تھا، نہ انجام ہوگا۔ کائنات ازل سے ہے اور ابد تک اسی طرح رہے گی۔ وقت کی حرکت مستقیم نہیں ہے، دولابی ہے۔
(۷) کائنات بامعنی ہے، یعنی اس میں ایک واضح مقصد ہے، غایت ہے۔
(۸) خدا یا خیر مطلق کا مثل فکر محض ہے۔ دوسرے یونانی فلاسفہ کی طرح افلاطون بھی شخصی خدا کا قائل نہیں ہے۔

Marfat.com

(۹) موت کے بعد روح انسانی باقی رہتی ہے اور اسے اپنے اعمال کے مطابق جزا سزا ملتی ہے۔

(۱۰) ارواح اعمال کے لحاظ سے قالب بدلتی رہتی ہیں۔ انسانوں کی روحیں پرندوں اور جانوروں کے قالب میں چلی جاتی ہیں۔ روح کا تعلق جسم سے عضویاتی نہیں ہے۔ اسے حسب منشا جسم میں داخل بھی کیا جا سکتا ہے اور نکالا بھی جا سکتا ہے۔

(۱۱) انسانی روح مادے کی گرفت میں آ کر قید ہو گئی ہے اور اپنے اصل ماخذ کی طرف لوٹ جانے کے لیے بے قرار رہتی ہے۔ یہ رہائی صرف تفکر و تعمق ہی سے میسر آ سکتی ہے۔ حسن ازل کی کشش ارواح کو ان کے مبدائے حقیقی کی یاد دلاتی رہتی ہے۔

(۱۲) کائنات ایک عقلیاتی کل ہے، جس کی حقیقت کا ادراک صرف عقل استدلالی ہی کر سکتی ہے۔ افلاطون کا قول ہے ''کسی انسان پر اس سے بڑی مصیبت نازل نہیں ہو سکتی کہ وہ عقل و خرد کا دشمن بن جائے۔''[۵]

حضرت مسیحؑ کے بعد آنے والے فلسفیوں کے ہاں بھی تاریخ کی اس بنیادی صورت کا تعین نہ کیا جا سکا، جو انسانی زندگی کے ساتھ براہ راست وابستہ تھی۔ تھیلیز سے لے کر عہد جدید کے آرنلڈ جے ٹائن بی (Aronold J.Toynbee) تک مغربی فکر و فلسفے کی جو تاریخ منضبط ہوتی ہے، اس میں آنے والے تمام مفکرین تاریخ کے ہاں اس بنیادی غلطی کا ادراک موجود ہے، جو اس مغربی فلسفے میں ابتدا سے ہی رواج پذیر رہی ہے۔ اسی طرح تاریخ نگاروں میں ہیروڈوٹس سے لے کر ٹائن بی تک، جتنے بھی مغربی فکر و فلسفہ کے زیر اثر مورخین آئے ہیں، انھوں نے انسان کے ذہن کی سرگزشت کا تعین کرنے اور اس سے بصیرت افروز امکانات متعین کرنے میں وہی بنیادی غلطی کی ہے، جو غلطی ان سے تاریخ کے تصور کی تدوین کے معاملے میں سرزد ہوئی۔ اس سلسلے میں عائشہ بیگم کی کتاب تاریخ اور سماجیات میں سے یہ اقتباس صورت حال کو بہت خوبصورتی سے واضح کر رہا ہے:

> ہیروڈوٹس سے لے کر ٹوائن بی تک متعدد مورخین نے بنی نوع انسان کی تاریخ پر روشنی ڈالی ہے اور اس گراں قدر علمی سرمایہ میں انسان کی سرگزشت پوشیدہ ہے۔ پوشیدہ اس لیے کہ ابھی تک رجحانات کا صحیح تعین نہیں کیا جا سکا۔ جنھیں فلسفۂ تاریخ کا نچوڑ کہا جا سکے۔ فی الحال اس فلسفہ کا ایک نکتہ واضح ہے کہ انسانی تاریخ اپنی نوع کی بقا کے لیے مسلسل جدوجہد کرتی رہی ہے۔ لیکن کشمکش حیات کی اس طویل داستان میں اس سوال کا جواب مشکل ہی سے ملتا ہے کہ آخر تاریخ انسانی کی بقا کے لیے یہ جہد مسلسل کیوں کی جاتی رہی ہے؟ غالباً یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سوال کا جواب خالص

Marfat.com

فلسفہ کا موضوع ہے لیکن پھر بھی اس کو فلسفۂ تاریخ سے بھی کلیتاً جدا نہیں کیا جا سکتا۔[۶]

حضرت مسیحؑ کے فلک الافلاک پر تشریف لے جانے کے بعد، ان کے امتیوں نے، ان کی بنیادی تعلیمات سے انحراف کیا۔ حضرت مسیحؑ کی لائی ہوئی کتاب میں اس حد تک تحریف ہوئی کہ ان کا پیغام، انسانی فکر و فلسفے کی آلائشوں کے ساتھ مل کر وحی اور الہام کے اس سرچشمے سے دور ہو گیا، جس پر فکر انسانی کے معنوی رویوں کی بنیاد اٹھائی جا سکتی تھی، لہٰذا حضرت مسیحؑ کے فلک الافلاک پر تشریف لے جانے کے بعد ان کے حواریوں اور مابعد آنے والے مسیحیوں نے عیسائیت کے بنیادی مذہبی تناظر کو تحریف سے مملو کر کے اس کی صداقت کو متاثر کیا۔ اس حوالے سے یہاں یہ بتانا انتہائی ضروری ہے کہ تمام مذاہب اور تمام پیغمبران خدا کے ہاں تاریخ کی بنیادی صورت ایک سی رہی ہے۔ اس معنوی اکائی کی یکتائی کی وجہ سے انسان کی زندگی کی حقیقی تصویر جلوہ گر ہوتی رہی، ہوتی رہے گی۔ صرف یہ کام باقی رہ جاتا ہے کہ تاریخ کو عقائد اسلام کے ساتھ وابستہ کر کے اس کی معنوی تعبیر کا اہتمام کیا جائے۔

حضرت مسیحؑ کے بعد اور نبی کریمؐ کی بعثت سے قبل ایک طویل زمانے تک مغرب اندھیروں میں گم رہا۔ ان کے ہاں فکر کی ارتقائی صورت دکھائی نہیں دیتی۔ یونان کے فلسفی، فکر و فلسفے کو جس مقام پر چھوڑ گئے تھے، مغرب کے فلسفیوں نے اس کو اس مقام سے آگے لے جانے اور اس میں علمی اور فکری حوالوں سے ارتقا پیدا کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ یعنی یوں کہا جا سکتا ہے کہ حضرت مسیحؑ کے سواڈیڑھ سو سال بعد مغرب اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا اور اسلام کے ظہور میں آنے کے صدیوں بعد تک وہاں علمی جمود طاری رہا اور مغرب اندھیروں میں بھٹکتا رہا۔ فکر یونان، نوفلاطونیوں کے ہاں جس ارتقائی مقام پر پہنچ چکی تھی، وہیں رک گئی۔ اس سکوت کے باعث وہاں علمی و فکری زندگی جمود کا شکار ہو گئی۔ فکری و معنوی زندگی کے جمود پذیر ہو جانے سے انسان کے ہاں علمی سطح پر فکر و فرہنگ کا معیار ارتقا کے راستوں پر گامزن ہونے کے بجائے کسی ایک منزل پر پہنچ کر ٹھہر گیا۔ فکر انسانی صدیوں تک ایک مقام پر رکا رہا۔ اس دوران میں اسلام کا ظہور ہوا۔ اسلام جن جن علاقوں میں پھیلتا گیا، وہاں جمود میں پڑی ہوئی انسانی فکر، حرکت اور عمل کے رویوں سے آشنا ہوتی چلی گئی۔

پیغمبر آخر الزمانؐ کی آمد سے قبل انسانی زندگی بے معنویت میں جکڑی ہوئی تھی۔ فکر و فرہنگ کے سوتے خشک ہو چکے تھے۔ آیۂ کائنات کے معانی اس کے اندر مستور تھے۔

Marfat.com

آں حضرتؐ کی آمد زندگی کا معجزہ بن کر طلوع ہوئی۔ آپ کی کائنات اپنے معنی و مفہوم سے آشنا ہوئی۔ تخلیق کائنات کا بھید کھلا۔ زندگی اپنے علمی و فکری سوتوں سے مملو ہوئی۔ انسانی زندگی کا ستارا طلوع ہوا۔ جمود ختم ہوا۔ حرکت اور عمل کے سویرے آغاز ہوئے۔ فکر و فرہنگ کے نئے باب کھلے۔ اندھیرے اجالوں میں بدلنے لگے۔ انسانی زندگی ایک نئی تعبیر سے آشنا ہوئی۔ کائنات کے معنی و مفہوم کا نیا دریچہ وا ہوا۔ نبی کریمؐ کی آمد کے بعد علم اور علم کا بنیادی سرچشمہ، بلکہ آخری سرچشمہ انسان کا مقسوم ہوا۔ انسان قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ایک ضابطۂ حیات کی صورت میں تعبیر ہوا۔ قرآن و حدیث کے سوتے پھوٹ پڑے۔ فکر انسانی ایک نئے طرزِ زندگی سے آشنا ہوئی۔ اسے بھولا ہوا سبق یاد دلایا گیا۔ اسلام جہاں جہاں سے گزرا، اپنے پیچھے فکر و افکار کی ایک سرسبز و شاداب دنیا چھوڑتا گیا۔ حضرت مسیحؑ کے بعد اور حضور ختمی مرتبتؐ کی بعثت سے قبل پورا مغرب علمی، اخلاقی اور تہذیبی اعتبار سے اندھیروں کی آماج گاہ بن چکا تھا۔ عباسیوں کے دور میں مغرب کا تقریباً تمام علمی سرمایہ عربی میں ترجمہ ہوا اور پھر عربی ہی کی وساطت سے دوبارہ مغرب تک پہنچا۔ اگر فکر یونان اور فکر مغرب کے مابین مسلمانوں کا فکر ایک میڈیم کا کام نہ کرتا تو فکر یونان کب کا قصہ پارینہ بن چکا ہوتا اور شاید اس کا نام و نشان بھی نہ ملتا۔ مسلمانوں نے وہ تمام علوم و فنون، جو مغرب میں فکر انسانی کی انتہائی بلندیوں پر پہنچ چکے تھے، انھیں ترجموں کی مدد سے دنیا تک پہنچایا اور مغرب میں علمی جمود کے باعث بند ہونے والے چشموں کو جاری کر دیا۔ مسلمانوں نے ان اندھیروں کو پاٹ کر روشنی کی وہ صبح طلوع کی، جس سے مغرب کا تعلق اور رشتہ فکر یونان کے ساتھ استوار ہو گیا۔ لیکن چوں کہ مغرب کے مذکورہ بالا فلسفی کہ جنھوں نے اپنے فکر و فرہنگ کی بنیاد، براہ راست یونانی فکر پر رکھنے کی کوشش کی، اگر اسلام سے متعلق فلسفیوں کے افکار و اعمال سے استفادہ کرتے تو یقیناً ان کے تصورات و نظریات کا رخ یہ نہ ہوتا، جو آج ہے۔

عباسیوں کے عہد میں فکر یونان کے تراجم ہوئے اور ان کے علمی اور فکری مغالطوں پر تنقیدیں بھی لکھی گئیں۔ سقراط، افلاطون اور ارسطو تینوں بڑے فلسفیوں کی تشریح و تعبیرات کی گئیں اور ان کے غلط افکار و نظریات پر گرفت بھی ہوئی۔ اس حوالے سے مسلمان فلاسفہ نے باقاعدہ کتابیں اور رسالے لکھے۔ ان کے فکری تسامحات سے علمی دنیا کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر یہ بتانا ضروری ہے کہ یہاں مغرب سے ایک بہت بڑی غلطی سرزد ہوئی کہ اس نے مسلمانوں کی وساطت سے یونانی علوم تو قبول کر لیے مگر ان مغالطوں کی نشان دہی پر کان نہیں دھرے جو

Marfat.com

بڑے مسلمان فلسفی مثلاً امام غزالیؒ، ابن مسکویہ، الکندی، الفارابی اور ابن خلدون وغیرہم بیان کر چکے تھے۔ ان فکری افادات سے استفادہ نہ کرنے کی وجہ سے یونانی فکر کی اغلاط مغرب میں رواج پا گئیں۔ اس اثر ونفوذ کے سبب، فکر مغرب کا نظام اس مقام سے آج بھی بلند نہیں ہو سکا، جہاں تک یونان کا فکر پہنچ گیا تھا۔ مغرب میں آج بھی ہر کتاب کا آغاز ارسطو کی تعریفوں (Definitions) سے ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر مغربی فلاسفہ نے غزالی، فارابی اور ابن مسکویہ کے افکار ونظریات سے آگاہی حاصل کی ہوتی، تو یقیناً وہ ان مطالعاتی افادات کی بنیاد پر ایک ایسا بڑا علمی نظام قائم کر سکتے تھے، جو مغرب میں قائم نہیں ہوا اور آج بھی انھیں بنیادی اغلاط کو دہراتا چلا آ رہا ہے اور آج بھی ان کے فکر وفلسفے کا آغاز اسی رویے سے ہوتا ہے، جسے افلاطون وارسطو نے رواج دیا تھا۔ ان کی کسی بھی موضوع، کسی بھی مضمون، کسی بھی علم کی، کسی بھی کتاب کے آغاز میں ارسطو کی تعریف کا موجود ہونا، اس بات کا غماز ہے کہ وہ ارسطو کی ان فکری حدود وقیود سے آگے نہیں بڑھے۔ اگر وہ مسلمانوں کے فکری رویوں سے استفادہ کرتے تو ان کی علمی روایت کا آغاز ارسطو سے ہوتا یا اس سے بھی بہت پہلے تھیلیز سے ہوتا، لیکن وہ آج بھی اپنی علمی وفکری ابعاد کا تعین ارسطو کی تعریفات سے نہ کرتے۔ زمانے کے بدلتے ہوئے تناظر اور علم و ادب کے طلوع ہوتے نئے آفاق کی موجودگی میں، ارسطو کے علم کی فکری ومعنوی حدود کہیں بہت دور رہ گئیں۔ مسلمانوں نے اپنے ابتدائی عہد میں ان سے استفادہ کیا، ان کے تراجم کیے اور ان فلاسفہ کے افکار ونظریات کو دنیا کے سامنے پیش کیا، مگر انھیں جہاں جہاں بنیادی ساخت اور سٹرکچر میں کوتاہیاں نظر آئیں، بڑے واشگاف الفاظ میں بیان کر دیں۔ لیکن مغرب ایسا نہ کر سکا، کیوں کہ ان کے فکری، علمی اور معنوی نظام میں بنیادی طور پر تقلید کی روش کارفرما تھی۔ ان کے ہاں وہ اجتہادی رویے موجود نہیں تھے، جو مسلمانوں کو میسر تھے۔ فکری اور علمی اعتبار سے مسلمانوں نے جن نئے آفاق کو دریافت کیا، ان آفاق کی دریافت میں مسلمانوں کا جذبۂ اجتہاد بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ مسلمانوں کے ہاں اجتہاد کی فکری معنویت، ایسے رویوں کے متعاقب رہی، جن سے علمی اور فکری زندگی کے سویرے طلوع ہوتے رہے۔ مسلمانوں نے قرآن اور احادیث رسول مقبولؐ سے اخذ واستفادہ کر کے، زمانے کے بدلتے ہوئے علمی اور فکری تناظر میں اپنے افکار کی ترویج واشاعت کے ضمن میں جو اجتہاد کیا ہے، وہ اجتہاد انسانی زندگی کے بڑھتے ہوئے، پھیلتے ہوئے اس ارتقا سے براہ راست وابستہ رہے، جو علم وعمل اور فکر وفلسفے کو جمود کا شکار نہیں ہونے دیتا۔

Marfat.com

مغرب ہر دور میں تعصب کا شکار رہا ہے، اس کی یہی عصبیت اسے صراط مستقیم سے کہیں دور ہٹا کر لے گئی۔ حالانکہ جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ مسلمان فکر یونان کے سرمائے کو عربی زبان میں نہ ڈھالتے تو یہ سرمایۂ اظہار، تاریخ کے اوراق میں گم ہو چکا ہوتا، کیوں کہ جب یہ ترجمے ہو رہے تھے تو مغرب اندھیروں میں گم تھا۔ اس میں علم کی روشنی نہیں تھی۔ لہٰذا یہ تعلیمات، جو فکر یونان سے متعلق آج دنیا میں موجود اور رائج ہیں، مسلمانوں کی علم دوستی کا نتیجہ ہیں۔ لیکن مغرب کو مسلمانوں کی وساطت سے جب تراجم مل گئے تو انھوں نے اس ورثے کو اپنا علمی اور بنیادی پس منظر مانتے ہوئے اس پر اپنے فکر و فرہنگ کی بنیاد اٹھالی اور مسلمانوں کی خدمات کا اس سطح پر اعتراف نہ کیا، جہاں پر اعتراف کرنا ضروری تھا۔ ڈاکٹر غلام جیلانی برق اپنی کتاب یورپ پر اسلام کے احسانات میں رقم طراز ہیں:

یہ ایک حقیقت ہے کہ مسلمان بارود، قطب نما، الکحل، عینک اور دیگر بیسیوں اشیا کے موجد تھے لیکن: مورخین یورپ نے عربوں کی ہر ایجاد اور ہر انکشاف کا سہرا اس یورپی کے سر باندھا ہے، جس نے پہلے پہل اس کا ذکر کیا تھا۔ مثلاً قطب نما کی ایجاد ایک فرضی شخص فلو یو گوجہ کی طرف منسوب کر دی۔ ولے ناف کے آرنلڈ کو الکحل اور بیکن کو بارود کا موجد بنا دیا اور یہ بیانات وہ خوف ناک جھوٹ ہیں، جو یورپی تہذیب کے مآخذ کے متعلق بولے گئے ہیں۔

صرف یہی نہیں بلکہ بعض اوقات عربوں کی تصانیف پر اپنا نام بطور مصنف جڑ دیا۔ انسائیکلوپیڈیا برطانیکا میں لفظ ''جبیر'' (جابر) کے تحت ایک ایسے مترجم کا نام دیا ہوا ہے، جس نے اسلام کے مشہور ماہر کیمیا جابر بن حیان کے ایک لاطینی ترجمہ کو اپنی تصنیف بنا لیا تھا۔ یہی حرکت سلونو کالج کے پرنسپل قسطنطین افریقی (۱۰۶۰ء) نے بھی کی تھی کہ ابن الجزار (۱۰۰۹ء) کی زاد المسافر کا لاطینی ترجمہ Viaticum کے عنوان سے کیا اور اس پر اپنا نام بطور مصنف لکھ دیا۔

وہ کون سا ظلم ہے، جو یورپ نے ہم پہ نہیں کیا۔ ہمارے حضور پرنور کی ذات مقدس پر حملے کیے، ہمیں بدنام کیا، ہماری تاریخ میں تحریف کی، ہماری ساٹھ لاکھ کتابیں جلائیں۔ ہم پر سسلی اور سپین میں وہ مظالم توڑے کہ کائنات کا کلیجہ لرز گیا۔ ہم سے ہزار برس تک تہذیب و تمدن کا درس لینے کے بعد ہمارے ہی منہ پر تھوکا اور بقول موسیو لیبان:

ہمیں اسلام اور پیروان اسلام سے تعصب وراثت میں ملا ہے، جواب ہماری فطرت کا جزو بن چکا ہے...... ہماری کم بخت تعلیم نے ہمارے ذہنوں میں یہ بات راسخ کر دی ہے کہ ہمارے تمام علوم و فنون کا ماخذ یونان ہے اور یورپ کی تہذیب میں مسلمانوں کا کوئی حصہ نہیں۔ ہم نیں سے

Marfat.com

بعض کو یہ بات کہتے ہوئے شرم آتی ہے کہ ہماری ترقی و تہذیب کا باعث ایک کافر قوم تھی۔ [۷]
بات اگر صرف اعتراف نہ کرنے تک محدود رہتی تو شاید کوئی خاص فرق نہ پڑتا مگر مغرب نے اپنے گہرے اور شدید تعصب کے باعث مسلمانوں کے افکار و نظریات سے اخذ و استفادے کی وہ کوشش نہ کی جو مغرب کے علمی نظام کو ایک نئی ہمہ گیر صورت سے متشکل کر سکتی تھی۔ مغرب کی عصبیت کا تو یہ عالم رہا اور ہے کہ اس نے مسلمان فلسفیوں، سائنس دانوں اور علم و عمل کے بڑے رہ نماؤں کے نام تبدیل کر کے انھیں یونانی نما اور انگریزی نما بنانے کی کوشش کی تاکہ دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونک کر ان بڑے لوگوں کو اپنایا جا سکے اور ان کو اپنے مذہب سے متعلق نہ رہنے دیا جائے، تاکہ یہ مغرب کے اس فکری و علمی نظام میں پس منظر کا کام دے سکیں اور مغرب ان پر فخر کر سکے۔

ایک غیر مسلم مفکر رابرٹ بریفالٹ نے مسلمانوں کی تحصیلات اور مغرب کے متعصبانہ رویے کا کچھ یوں پردہ چاک کیا ہے، چند اقتباسات ملاحظہ کریں:

یہ صحیح نہیں ہے کہ دنیائے قدیم کے کھنڈروں پر یک لخت ایک نئی دنیا پھلنے پھولنے لگی۔ بلکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ کوئی پانسو سال کی مدت تک یورپ گہرائیوں میں ڈوبتا چلا گیا اور صورت حالات برابر بد سے بدتر ہوتی چلی گئی۔ نویں صدی میں (بہ مقابلہ چھٹی اور ساتویں کے) حالات بے انتہا تاریک اور قطعی طور پر یاس انگیز تھے۔ اگر نویں صدی کا وہ اندھیرا دور باقی دنیا سے منقطع رہتا...... جس روشنی سے تہذیب کا چراغ ایک دفعہ پھر روشن ہوا۔ وہ یونانی، رومی ثقافت کے ان شراروں سے نہیں اٹھی، جو یورپ کے کھنڈروں میں سلگ رہے تھے اور نہ باسفورس کی ''زندہ موت'' سے وجود میں آئی تھی۔ یہ روشنی شمال سے نہیں آئی۔ بلکہ اسے سلطنت کے جنوبی حملہ آور یعنی عرب اپنے ساتھ لائے تھے...... یورپ کی حقیقی نشاۃ الثانیہ پندرہویں صدی میں نہیں بلکہ عربوں اور موروں کی احیائے ثقافت کے زیر اثر وجود میں آئی۔ یورپ کی نئی پیدائش کا گہوارہ اٹلی نہیں، ہسپانیہ تھا۔ یہ براعظم بربریت کے گڑھوں میں گرتے گرتے جہالت و تنزل کی تاریک ترین گہرائیوں میں پہنچ چکا تھا۔ حالانکہ اسی زمانے میں عربی دنیا کے شہر بغداد، قاہرہ، قرطبہ، طلیطلہ تہذیب اور ذہنی سرگرمی کے روز افزوں مرکز بن چکے تھے۔ وہیں وہ زندگی نمودار ہوئی، جس کو آئندہ چل کر انسانی ارتقا کی ایک نئی منزل کی شکل اختیار کرنا تھی، جس وقت اس ثقافت کے اثرات معرض احساس میں آئے، اسی زمانے سے ایک نئی زندگی کی حرکت شروع ہوئی۔

اس حقیقت کو بار بار پیش کیا جا چکا ہے لیکن بعض لوگوں نے اس سے ہمیشہ تغافل کیا ہے اور اس کی

Marfat.com

اہمیت کو کم کرنے کی پیہم کوششیں کی ہیں۔ یورپ کسی ''کافر کتے'' کا شرمندۂ احسان ہو۔ اس اعتراف کو مسیحی تاریخ میں کوئی مقام حاصل نہیں ہو سکتا تھا اور بعد کے تمام تصورات پر دروغ بافی اور غلط بیانی کا غلبہ رہا ہے...... یہ اغلب خیال ہے کہ اگر عرب نہ ہوتے تو زمانہ حاضر کی یورپی تہذیب پیدا ہی نہ ہوئی ہوتی اور یہ قطعی ویقینی ہے کہ یورپی تہذیب ایسی نوعیت اختیار نہ کر سکتی جس کی وجہ سے وہ ارتقا کی تمام باطل منزلوں سے آگے بڑھ گئی ہے، کیوں کہ اگرچہ یورپ کی نشوونما کا کوئی ایک پہلو بھی ایسا نہیں، جس میں ثقافت اسلامی کے قطعی اثر کا سراغ نہ مل سکے۔ لیکن اس کا نہایت واضح اور مہتم بالشان ثبوت یہ ہے کہ یورپ میں وہ قوت پیدا ہوگئی، جو دنیائے حاضر کی اعلیٰ ترین امتیازی قوت اور اس کی کامیابی کا سب سے بڑا سرچشمہ ہے (یعنی سائنس اور سائنسی روح)...... یہ زیادہ ترصحیح ہے لیکن قطعی طور پر غیر متعلق بھی ہے۔ عربوں کے علم ہیئت نے کوئی کوپرنیکس یا نیوٹن پیدا نہیں کیا۔ لیکن انھوں نے جو کچھ کیا، اس کے بغیر کوپرنیکس اور نیوٹن پیدا ہو ہی نہ سکتے تھے...... تاہم یہ امر قطعی طور پر خارج از بحث ہے۔ ہماری سائنس پر عربوں کا جو احسان ہے، وہ چونکا دینے والے اکتشافات یا انقلابی نظریات پر مشتمل نہیں۔ بلکہ سائنس اس سے بھی زیادہ عربی ثقافت کی ممنون احسان ہے کیوں کہ دراصل سائنس کو اسی ثقافت نے جنم دیا ہے۔ ہم اس سے قبل ثابت کر چکے ہیں...... عربوں نے ان تمام ماخذوں اور سرچشموں سے، جو دستیاب ہو سکتے تھے، اپنا علم حاصل کیا۔ زیادہ تر علم ہیئت اور کسی قدر ریاضیات انھوں نے یونانی اور ہیلانی ماخذوں سے اخذ کیں۔ یونانیوں کی قدیم سائنس بھی ابتداءً ان بابلیوں سے اخذ کی گئی تھی، جو عربوں کی طرح عرب سے میسوپوٹیمیا میں ہجرت کر گئے تھے۔ گویا عربوں نے جو قدیم سائنس یورپ کو دی۔ وہ ان کے اپنے قدیم العہد بھائیوں ہی کا سرمایہ تھی، جو ایک زمانے میں یونانیوں نے ان سے مستعار لی تھی۔[۸]

اندلس میں مسلمانوں کی شکست کے بعد انھوں نے مسلمانوں کے علمی اور ادبی سرمائے کو عجیب وغریب انداز میں استعمال کیا اور ان نظریات کے بل بوتے پر اپنا ایک نظام اقدار، نظام عمل، نظام فکر وفرہنگ متشکل کرنے کی کوشش کی۔ وہ باتیں، وہ رویے اور وہ علوم، جو مسلمان اپنی ابتدائی صدیوں میں دنیا کو دے چکے تھے، انھیں انگریزوں نے اور اہل مغرب نے اپنے نام سے بہت بعد کی صدیوں میں پیش کرنے کی انتہائی غلط کوشش کی کہ جسے شرم ناک کہنے میں یقیناً کوئی امر مانع نہیں۔ لہٰذا علم کی باقاعدہ صورت گری کے بجائے، علم کے شارٹ کٹ یا مختصر راستوں پر گامزن ہو کر زندگی اور زندگی کے معاملات کا ادراک کرنے کی مغربی کوشش، انھیں جادۂ ہدایت

Marfat.com

اور صراط مستقیم سے بہت دور لے گئی۔علم کے ساتھ وابستہ ہونے کے باوجود مغرب زندگی کی اس بنیادی اکائی کا ادراک نہیں کر سکا، جس اکائی کا ادراک اسلام کے مفکرین نے کیا ہے۔اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مغرب ہر دور میں یونانی فلسفیوں کی طرح زندگی کی اکائی کو ڈھونڈنے اور زندگی کی حقیقت کا ادراک کرنے کے بجائے زندگی کی یک رخی تعبیر کو پیش کرنے میں منہمک رہا ہے۔ ان کے ہاں آج بھی زندگی اپنے مادی رویوں میں متشکل ہوتی ہے۔مغرب کے فلسفیوں کے ہاں زندگی کا جدلیاتی آہنگ آج بھی بہت اونچے سروں میں نغمہ سرا ہے۔ان کے ہاں زندگی کی روحانی تعبیر کہیں دکھائی نہیں دیتی۔روحانی تعبیر کے غالب ہونے میں جولذت ہے، وہ مشرق میں تو موجود ہے لیکن مغرب میں اس کی محرومی کی وجہ سے زندگی کا بنیادی معنوی ڈھانچہ اپنی یکتائی کے ساتھ وابستہ نہیں ہے لہٰذا تصور تاریخ سے متعلق تمام مغربی فلسفی فکر انسانی کی تعبیر کو اس کے اجتماعی ذہنی، علمی، روحانی، مذہبی، فکری اور تہذیبی تناظر میں پیش کرنے سے قاصر رہے۔ فکر انسانی کا مجموعی اثاثہ ان کے ہاں، اپنی یک رخی تصویر کی وجہ سے انسانی معنویت کی اجتماعیت سے وہ اہمیت حاصل نہیں کر سکا، جو روح اور جسم کی اجتماعیت کے سبب حاصل کر سکتا تھا۔

مسلمان فلاسفہ نے قرآن و حدیث سے استفادے کے بعد، زمانے کے بدلتے تناظر میں فکر انسانی کی جو تعبیر پیش کی، اس تعبیر میں انسان کے مستقبل کی امکانی صورتوں کا تعین بھی تھا اور ماضی کی طرف بامقصد اور ثمر آور مراجعت کے سارے رنگ اور رس بھی۔اس میں حال کی قدر آفرینی کے سارے رنگ اور رس، اس کی مجموعی فضا سے متشکل ہو رہے تھے، جس کے ایک طرف ماضی کا پورا منظر نامہ کھلا تھا اور دوسری طرف مستقبل کے خوش آئند خواب موجود تھے۔لہٰذا مسلمان فلسفیوں کے ہاں تاریخ کی بنیادی قدران رویوں کے تناظر میں صورت پذیر ہو رہی تھی، جہاں ماضی اور مستقبل کی قدروں کا اتصال ہو رہا تھا۔لمحۂ موجود یا حال، ماضی اور مستقبل کے سنگم پر موجود وہ رویہ ہے، جس سے انسانی زندگی نئی معنویت اور نئی حسیت سے ہم آہنگ ہوتی ہے۔ اگر ماضی کو حال سے کاٹ دیا جائے تو انسانی زندگی علمی پس منظر سے جدا ہو کر اپنی معنویت کھو دیتی ہے۔اسی طرح اگر لمحۂ موجود مستقبل سے کٹ جائے تو انسانی زندگی کا وجود خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ضروری ہے کہ لمحۂ موجود یا حال، ایک طرف ماضی کے ساتھ اور دوسری طرف مستقبل کے ساتھ وابستہ رہے تا کہ انسانی زندگی ازل سے ابد کی طرف اپنے اس مجموعی فکری تناظر میں گامزن رہے، جو اس کے لیے انسانی فکر و اعمال کی صورت میں متعین ہوا ہے اور اس تعین کے

Marfat.com

پس منظر میں الہام اور وحی کے وہ سارے رویے موجود ہیں، جو آج ہمارے پاس قرآن مجید، فرقان حمید کی صورت میں ہیں۔

مغرب میں تین حوالوں سے یا تین گروہوں نے مذہبی الہامات کو انسانی فکر و فلسفے کے ساتھ مملو کرنے یا انجیل مقدس میں تحریف کرنے، یعنی اس میں انسانی فکر و فلسفہ شامل کرنے کا آغاز کیا۔

۱- سب سے پہلا گروہ سیاست سے متعلق لوگوں کا تھا۔ یعنی یہ لوگ عمال حکومت تھے، جنھوں نے اپنی ضرورت کے مطابق عوام الناس کو اپنی غلامی میں رکھنے کے لیے مذہبی لوگوں کے ساتھ مل کر مذہبی الہامات کو اس انداز سے متعین کرنے کی کوشش کی کہ جس کی وجہ سے رعایا سیاست سے متعلق لوگوں کے دائرۂ افکار میں مقید رہ سکے۔

۲- دوسرا گروہ ان مذہبی رہ نماؤں کا تھا، جو عرف عام میں پادری کہلاتے ہیں۔ انھوں نے انسانی زندگی کو اپنے قابو میں رکھنے کے لیے خود کو مذہب کا نمائندہ قرار دیا اور انسان کو اپنی ذاتی اور شخصی خواہشات کی بھینٹ چڑھانے کے لیے مذہبی تعلیمات کی عجیب و غریب تشریحات کیں یا الہامات کو اپنے افکار و نظریات سے باہم آمیخت کر کے اس کی ایسی صورت کا تعین کیا، جس کی وجہ سے انسانی زندگی ان کے دائرۂ افکار کے زیر اثر رہے اور انسان کو مقہور اور مجبور کر کے اسے اپنی غلامی میں رکھا جا سکے۔

۳- تیسرا دھڑا یا طبقہ سائنس دانوں کا تھا، جنھوں نے اپنے سائنسی انکشافات سے الہامی رویوں کو داغ دار کرنے کی کوشش کی۔ وہ الہامی رویے جو کلیسا نے متعین کیے تھے، ان میں چوں کہ انسانی فکر کی آمیزش تھی لہٰذا انسانی افکار کے اغلاط اور تسامحات کا اظہار سائنسی موشگافیوں کے زیر اثر ہونے کی بنا پر وہ غلط ثابت ہوئے تو سب سے پہلے مذہبی دھارے سے نکلنے کی کوشش سائنس دانوں نے انجام دی۔ جب گلیلیو نے کہا تھا کہ زمین گول ہے، تو کلیسا نے اسے اس نظریے کی ترویج اور اشاعت کی پاداش میں موت کی سزا دی۔ وجہ یہ تھی کہ مذہبی رویے زمین کی تعبیر کو کسی اور انداز سے پیش کر رہے تھے۔ لہٰذا جہاں بھی سائنسی حقائق یا انکشافات کلیسا کے رویوں کے ساتھ باہم متصادم ہوئے تو وہاں کلیسا کی ڈکٹیٹر شپ نے اسے مذہبی رویوں کا نام دے کر انسانی فکر کو جمود کا شکار کرنے کی کوشش کی۔ سو یہ کہا جا سکتا ہے کہ سائنس کی ترقی کے ابتدائی دورانیے میں کلیسا

Marfat.com

اور سائنس کے درمیان ٹھن گئی اور مذہبی ماحول پر اور عوام الناس پر کلیسا کی مضبوط گرفت کے باعث سائنس اور سائنس کے حاملین کو پسپا ہونا پڑا۔ اس پسپائی میں کلیسا کی دیواریں ہل گئیں، حالانکہ سائنس کو پسپا ہونا پڑا تھا۔ یہ دراصل کلیسا پر پہلا موثر حملہ تھا کہ جس کے نتیجے میں اس کی مضبوط عمارت میں دراڑیں پڑ گئیں۔ یوں عوام الناس پر کلیسا کی مضبوط گرفت قدرے کمزور پڑنا شروع ہوگئی۔ کلیسا میں کئی مکاتب فکر پیدا ہو گئے تھے۔ خاص طور پر دو فرقے سامنے آئے یعنی کیتھولک اور پروٹیسٹنٹ۔ پروٹیسٹنٹ جدید نظریات اور افکار کا نمایندہ تھا، اس نے سائنس کی روز افزوں ترقی، علمی و فکری انکشافات اور نئے ابعاد و آفاق کی دریافت سے متاثر ہو کر مذہب کے ساتھ اتنا ہی تعلق رکھا، جتنا کہ ضروری سمجھا۔ انھوں نے مذہب کی مجموعی صورت کو اپنی زندگی کا نظام یا ضابطہ بنانے کے بجائے اپنی ذاتی اور جذباتی تسکین کا ذریعہ بنایا لہٰذا پروٹیسٹنٹ فرقے کے وجود پذیر ہونے کی وجہ سے پہلی بار یہ سوال اٹھا کہ مذہب انسان کا ذاتی اور شخصی معاملہ ہے۔ اس تیسرے گروہ نے مذہب کی نئی تعبیر پیش کی، جو کلیسا کے لیے قابل قبول نہ تھی۔ اس تعبیر کے سامنے آنے کے بعد مغرب میں ایک نئے طرز فکر کا اظہار ہوا۔ اس سے قبل مغرب کے فکر و فلسفے کی بنیاد جذبے کی کیفیت تک محدود تھی۔ پہلی بار فکر و فرہنگ کا سرمایہ عقلیت پرستی کے زیر اثر متشکل اور مرتب ہوا۔

جذبے سے عقلیت پرستی تک کے تمام مراحل میں گیلیلیو، ڈیکارٹ اور نیوٹن کے سائنسی انکشافات اور علمی دریافتوں نے بنیادی کردار ادا کیا۔ ان تصورات کے سامنے آجانے کے بعد انسانی زندگی مذہبی گرفت سے کسی قدر آزاد ہوگئی۔ مذہبی گرفت سے انسان کی آزادی مذہب کے دائرۂ اخلاق اور ضابطۂ حیات سے عبارت ہے۔ مغرب کے نشاۃ ثانیہ کے دور سے جن علمی اور فکری رویوں کا آغاز ہوا، ان میں سائنس نے عقلی رویوں کو اس انداز سے داخل کیا کہ فکر کا بنیادی زاویہ، جس کی بنیاد جذبے پر تھی، متاثر ہوا اور پہلی بار فکر، جذبے سے تاثر پذیر ہونے کے بجائے عقل کے دائروں کے زیر اثر آ گئی۔ فکر انسانی کے عقلی رویوں کے زیر اثر آنے سے، اس کا جذبے اور وجدان کے ساتھ صدیوں کا رشتہ اور ناتا ختم ہوگیا۔ براہ راست سائنس اور عقل کے زیر اثر آجانے سے اس نے زندگی کی وہ تعبیر پیش کی، جو دراصل مادی اور حسی عوامل پر استوار تھی۔ فطرت پرستی یا فطرتی رویوں کے زیر اثر آنے سے مغربی فلسفیوں نے زندگی کی تعبیر کو فطرت کے

Marfat.com

زیر اثر اجالنے اور اس کی نئی مادی تعبیر پیش کرنے کی کوشش کی۔ یہاں جو بنیادی غلطی ہوئی، وہ یہ تھی کہ فلسفیوں نے فطرت کو ایک جان دار صورت میں متشکل کیا اور انھوں نے فطرت کو خالق کائنات کا مرادف اور مترادف جانا۔ بلکہ انھوں نے نام لے لے کر یہ کہا کہ خدا فطرت ہے۔ فطرت اور خدا کو لازم وملزوم قرار دے دینے کے بعد ایک اور بنیادی غلطی، جو یہاں پر وقوع پذیر ہوئی، وہ یہ تھی کہ وہ تو فطرت کی مادی تعبیر اور تشریح پیش کر رہے تھے۔ نعوذ باللہ، فطرت اور خدا کو لازم وملزوم کر دینے کی وجہ سے خدا کی مادی تعبیر اس فلسفۂ افکار کی روشنی میں لازم آئی اور خدا کو ان فلسفیوں نے مادی تعبیر اور تشریح سے متعلق قرار دیا، لہٰذا اس فکر کے سرچشمے ہدایت اور حقائق کے ساتھ متعلق ہونے کے بجائے گم راہی کے ان راستوں پر گامزن ہوئے، جو انسانی تعبیر اور تشریحاتی رویوں کو فکری نظام سے اس قدر دور لے گئے کہ انسان مذہبی رویوں سے ہٹ کر سائنس کی قلم رو کا تنہا اور اجنبی مسافر بن کر رہ گیا۔ اس قلم رو میں انسانی زندگی اپنی حقیقت کی تلاش میں سرگرم کار رہی لیکن اس کی اتھاہ کو نہ پا سکی جو روح اور مادے کی باہمی یک جائی سے منظم اور مرتب ہوتی تھی۔ یکتائی کے امتزاجی آہنگ میں وجود پذیر نہ ہو سکنے کی وجہ سے زندگی کی صرف مادی توجیہ وتشریح نے انسان کے فکری نظام کو متاثر کیا۔ یہ محض کلیسا کے خلاف انسانی آزادی کی ایک جنگ تھی۔ اس جنگ نے کلیسا کو تو یقیناً بہت نقصان پہنچایا لیکن انسانی فکر کا دبستان یا نظام بھی اپنی اکائی کو قائم نہ رکھ سکا اور اپنی موت کا آپ شاخسانہ ثابت ہوا۔ ایسا اس لیے ہوا کہ انسان صرف مادے اور مادی عوامل کا مجموعہ نہیں ہے۔ اس پر روحانیت کی جو پرچھائیاں اور روحانی رویے موجود ہیں، ان دونوں کے باہمی امتزاج وانسلاک سے اس کی صورت اپنے جملہ زاویہ ہائے نظر کو ساتھ لے کر اس کی تعبیر کرتی ہے۔ لیکن کلیسا دشمنی میں سائنس دانوں نے عقلیت پرستی اور فطرت پرستی کے جس رجحان کا آغاز کیا، اس نے انسانی زندگی میں جذبے کی کیفیات کو اس قدر شکست وریخت کا شکار کیا کہ انسانی زندگی کے اندر جذبے اور وجدان کی کیفیات تقریباً ختم ہو کر رہ گئیں۔ انھوں نے زندگی کی ایسی مادی تعبیر اور تشریح کی کہ انسان ایک مشین بن کر رہ گیا اور انسان کی زندگی کے اندر دل اور دل کے معاملات بے پناہ متاثر ہوئے۔ انسان کے مشین بن جانے سے انسانی زندگی میں ممکن ہے کہ مادی اور معاشی عوامل سے تو کچھ تازگی اور چاشنی پیدا ہوئی ہو لیکن انسانی زندگی کی تسکین کے جملہ رویے اپنی اس بنیادی اکائی سے ہٹ گئے۔ ایسا ہونے کے باعث انسانی ذہن کا کیفیاتی نظام متاثر ہوا۔ انسان کی خوشی

Marfat.com

اور غم کے سارے قرینے اور رویے مادی تعبیر سے ہم آہنگ ہو گئے۔ مادی رویوں کے غالب آ جانے کی وجہ سے انسان کا قلبی نظام اس حد تک متاثر ہوا کہ انسان کے ہاں خوشی اور غم کے پیمانے تبدیل ہو کر رہ گئے۔ اس ساری اکھاڑ پچھاڑ کے باعث انسان کے اندر ایسی تبدیلی آئی کہ اگر اس تبدیلی کا گہرائی میں جا کر مطالعہ کیا جائے تو اس کیفیت کو سمجھنے کے لیے تبدیلی سے پہلے اور بعد کے ادوار کا لامحالہ دو حصوں میں مطالعہ کرنا ہو گا۔

ہبوط آدمؑ سے لے کر اس دور یعنی تبدیلی سے پہلے تک انسانی زندگی، روح، جذبے اور وجدان کے زیر اثر سفر کر رہی تھی۔ اس کے بعد یعنی تبدیلی کے بعد کا، انسانی زندگی کا ڈھانچہ مادیت کی پرچھائیوں کے زیر اثر آ جانے کی وجہ سے یک لخت عقلیت کے ایسے خشک اور بے آب و گیاہ رویوں سے ہم کنار ہوا کہ وہاں نہ تو جذبے کی چاشنی تھی، نہ وجدان کا دائرۂ عمل تھا، نہ خواب تھے، نہ خیال کا طلسماتی نظام تھا۔ لہٰذا انسان کی زندگی سے خواب و خیال کو چھین لینا اس بات کا غماز تھا کہ انسان کی زندگی میں ایقان، یقین اور ایمان و عقائد کے جو رویے تھے، وہ انسانی زندگی سے خارج ہو گئے۔ ان رویوں کے اخراج کے ساتھ ہی انسانی زندگی پر مادیت کی اس درجے حکمرانی قائم ہوئی کہ انسان فطرت کی بھول بھلیوں میں گم ہو کر رہ گیا۔ اس کا جو فکری تناظر اس سے ماقبل تھا، وہ اس سے چھن گیا اور اس ماضی کے چھن جانے کی وجہ سے اس کا مستقبل کہیں اندھیروں میں کھو گیا اور لمحۂ موجود، ماضی اور مستقبل کے باہمی انسلاک سے وابستہ نہ رہ سکنے کی وجہ سے اس حد تک متاثر ہوا کہ اس کے قدم زمین پر سے اٹھ گئے اور وہ کہیں فضا میں معلق ہو کر رہ گیا۔

اس صورت کی وقوع پذیری کے سبب انسان کی فکری اور وجدانی کیفیات شکست کا شکار ہو گئیں۔ دل کو ذہن پر، جذبے پر فکر کو، محبت اور نفرت کے رویوں، یعنی عشق پر عقل کو فضیلت حاصل ہو گئی۔ اس فضیلت کے حاصل ہو جانے کا مطلب دراصل غیر فطری نظام کا در آنا تھا۔ غیر فطری نظام کی قلم رو میں آ جانے کی وجہ سے انسانی زندگی اس درجے متاثر ہوئی کہ اس کا بنیادی ڈھانچہ اپنے محور اور مرکز سے ہٹ گیا۔ اپنے محور سے انحراف نے انسانی زندگی کی جملہ کیفیات کو متاثر کیا۔ اس تاثر پذیری کے عمل میں انسانی زندگی دراصل اپنے محوری نقطے سے ہٹ گئی۔ اس انحراف سے ہبوط آدمؑ سے لے کر اس عہد کے انسان کا فکری اور تاریخی تناظر، شکست و ریخت سے ہم کنار ہوا۔ انسان کے تاریخی تناظر کے اپنے مرکز سے ہٹ جانے کے باعث، اس کے بنیادی فکری عوامل اپنے بنیادی رویے سے ہٹ گئے اور اس کی وجہ سے اس کا ماضی اس کے

Marfat.com

پس منظر سے کہیں غائب ہو گیا، لہٰذا ماضی کے پوشیدہ اور مستور ہو جانے کی وجہ سے مستقبل کے تمام امکانات کہیں دب کر رہ گئے۔ انسان صرف لمحۂ موجود میں زندہ رہنے لگا، اس کا اپنے اجداد اور اولاد کے ساتھ رشتہ اور ناتا ختم ہو گیا۔ تاریخ کے کسی بھی دور میں، کسی زندہ انسان کا رشتہ اپنے اجداد اور اپنی اولاد یا آئندہ نسلوں سے منقطع ہو جائے تو وہ درندہ بن جاتا ہے، انسان نہیں رہتا۔

اس صورت حالات کے وقوع پذیر ہونے کے سبب سائنس کی نئی دریافتیں اور نئی دریافتوں کے تناظر میں وہ اس مقام تک پہنچ گئی، جس مقام کو ہم ایٹم بم کا دور کہتے ہیں۔ سو اب سارا عالم انسانیت ایک ایسے دھانے پر بیٹھا ہوا ہے، جس کا نہ ماضی ہے نہ مستقبل۔ کسی بھی لمحے، کسی چھوٹی سی غلطی کے باعث انسان کی ساری خوبصورتیاں آناً فاناً نیست و نابود ہو سکتی ہیں۔ وجہ صرف یہ ہے کہ جب تک سائنس پر یا انسانی افکار پر مذہب کی گرفت موجود ہے تو انسانی زندگی وجدان، ایقان اور جذبے کی خوش بو سے معطر رہے گی اور جب اس خوش بو پر عقلیت کا، فکر کا، فطرت کا اور مادے کا رنگ غالب آئے گا تو اس رنگ کے غلبے سے جذبے کی خوش بو متاثر ہو گی اور اس خوش بو کے متاثر ہونے کے سبب انسانی زندگی اپنی بنیادی اکائی سے اور اپنے روحانی تناظر سے منقطع ہو جائے گی۔ یہ انقطاع انسانی زندگی کے لیے کسی صورت مثبت قدروں کا پیش خیمہ ثابت نہیں ہو گا، بلکہ یہ اس کے لیے ایک ایسی تباہی کا باعث بنے گا جو اپنے فکری نظام سے ہٹ جانے کی وجہ سے آتی ہے۔

(۱)

عقلیت پسندی نے ایک طرف سائنسی حقائق کو اہمیت دی اور دوسری طرف ان ٹھوس اور سائنسی حقائق کے ردعمل کے طور پر عقلیت پرستی کی تحریک نے کچھ ایسے رویوں کو جنم دیا، جنھوں نے روحانیت کے نام پر روح کی ایسی تعبیر اور تشریحات کیں کہ جن کا روح اور روحانیت سے قطعاً کوئی تعلق نہ تھا۔ ایسے فلسفی آئے جنھوں نے مابعد الطبیعیات کی ایسی تشریحات کیں، جن میں ماورائے کائنات کی ماورائی تصاویر دکھانے کے لیے مادے کو بنیاد قرار دیا گیا۔ لہٰذا مابعد الطبیعیات کے اس عمل میں کہ جہاں مادے کی آلائش موجود نہیں ہوتی، وہاں مادے کو بنیادی عنصر قرار دے کر اس کی مابعد الطبیعیاتی تشریح اور تفہیم کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس مابعد الطبیعیاتی نظام کی مادی تشریحات کی بنا پر کچھ ایسی لامذہبی کیفیات اور ایک ایسی لاادریت کا آغاز ہوا کہ

Marfat.com

جس کی وجہ سے انسانی زندگی، مادی رویوں کی ایسی انتہائی کیفیات سے مملو ہوئی، جس کا آغاز ہیوم (Hume) کے فلسفے سے ہو کر انسان کی مادی جدلیات، یعنی اس کے مختلف مراحل میں سے گزرتے ہوئے کارل مارکس (Carl Heinrich Marx) کے فلسفے پر منتج ہوا۔ یہ فلاسفہ کہ جن کا بانی مبانی ہیوم اور انتہائی نکتہ کارل مارکس تھا، وہ لوگ تھے، جن پر مذہب کسی نہ کسی صورت میں اثر انداز تھا، لیکن انھوں نے عقلیت پسندی کے دبستان کے زیر اثر، انسانی زندگی کی ایسی تشریحات پیش کرنے کی کوشش کی، جن کی وجہ سے مجموعی انسانی ڈھانچہ مذہبی نہ رہتے ہوئے مادی تعبیرات سے ہم کنار ہو گیا۔ ہیوم کے افکار کے حوالے سے قاضی قیصر الاسلام کی کتاب سے یہ اقتباس یقیناً صورت حال مزید واضح کرتا ہے:

ہیوم کے نظریات مذہب میں بھی اس کی تشکیکیت کے رجحانات صاف نظر آتے ہیں۔ مطلق مادے، تصورِ روح، تصورِ جواہر اور سائنسی قوانین کی صحت اور اخلاقی قانون کے نظریے کو بحیثیت معروضی حقائق کے اس نے مسترد کر دیا۔ جس طرح سے اس نے اخلاقی معیارات کے ضمن میں اضافی وصف کو اساسی رہنیادی قرار دیا ہے، اسی طرح مذہب کے میدان میں بھی اس نے اضافیت کو اہمیت دی ہے۔ برکلے کے اس دعوی کو کہ روحیتی اشیا کے پس پشت ان کی ایک مابعد الطبیعیاتی حقیقت بھی موجود ہوا کرتی ہے، ہیوم اس کے اس خیال کو بھی مسترد کر دیتا ہے۔ اس نے مذہبی نظریات کے پس پشت تیقن کے ہر امکان سے بھی انکار کیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اس طرح کے اعتقادات کا معاملہ بھی زیادہ سے زیادہ محض امکانی نوعیت کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ معجزاتی عمل سے بھی وہ انکار کرتا ہے۔ اس نے دنیائے وجود سے متعلق یہ موقف اختیار کیا کہ ہمارا یہ مادی عالم ابد الآباد سے موجود چلا آ رہا ہے اور اس کے وجود کے لیے کسی علت اولیٰ کی ضرورت پر اصرار کرنا ہرگز درست نہیں۔ ہاں مگر اس دنیا کے نظم وضبط، خاکہ بندی اور منصوبہ بندی کو دیکھ کر صرف اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اس کارخانۂ عالم کا کوئی نہ کوئی معمار ایسا ضرور ہے، جو اسے متحرک بنائے ہوئے ہے اور اسے برقرار رکھے ہوئے ہے، تاہم اس نے اس امر پر اصرار کیا کہ اس کارخانۂ عالم میں موجود ''فطری شر'' کی ذمہ داری بھی اس معمار اول کے کاندھوں پر ڈالی جانی چاہیے اور اس طرح سے مسئلۂ شر اس وقت تک ناقابل حل رہتا ہے، تاوقتیکہ کسی نہ کسی ایسے متناہی اور محدود خدا کے وجود کو تسلیم نہ کر لیا جائے کہ جو اس کائنات کا خالق ہے اور یہ خالق کائنات ایک ایسا خدا ہے، جسے اگر مکمل طور پر ''خیر ہی خیر'' تصور کر لیا جائے تو یہ ایک ایسی ہستی نظر آتا ہے، جو فطرت میں موجود شر کے عنصر کو ختم کر دینے پر قادر نہیں۔ بہ الفاظ دیگر ہیوم کے

Marfat.com

نزدیک ایک ایسی مفروضہ الوہی ہستی ایک ہستی میں محدود ہو کر رہ جاتی ہے، جو یا تو صرف ''خیر'' ہے یا پھر ''قدرت کاملہ ہے۔ غرض کہ ہیوم کی تجربیت اپنی انتہا کو ایک طرح کی ''حسیت'' کی شکل اختیار کر جاتی ہے۔ اس کے نزدیک تصورات لازمی طور پر وجدانی ارتسامات پر مبنی صورتیں ہیں۔ تصورات براہ راست ارتسامات کی بے جان و بے حس نقول کے سوا کچھ بھی نہیں[9]

مابعد الطبیعیات کی مادی تشریحات کی بنا پر انسانی زندگی کی ایسی تصویر سامنے آئی، جو نہ مادی تھی نہ مابعد الطبیعیاتی۔ جس میں نہ روح کا اثر تھا، نہ جسم کا، یعنی مادے کا، جس پر روح غالب تھی نہ مادہ، لہٰذا یہ ایسی مادی تعبیر تھی، جس میں زندگی کے آثار اس کی مجموعی فکری اور معنوی حدود اور قیود کے مطابق نہیں تھے۔ ایک ایسی لایعنیت اور ایک ایسی فضول فکری بحث کا آغاز ہوا کہ جس میں متضاد اور متصادم رویے باہم آمیخت ہو گئے۔ جس کی وجہ سے سچ اور جھوٹ، رات اور دن، موسموں کے تغیر و تبدل کا امتیاز جاتا رہا کہ کہاں مابعد الطبیعیات اور کہاں طبیعیات، کہاں روح اور کہاں مادہ، جب ان مختلف، متضاد، متصادم اور متناقض صورتوں کو باہم ایک دوسرے کے مرادف قرار دے کر ان کی تشریح کرنے کی کوشش کی گئی تو انسانی زندگی ایک بے معنی کیفیت سے دوچار ہو گئی۔ لہٰذا جہاں فکر و فرہنگ کا یہ سلسلہ تھا، وہاں انسانی زندگی کے بنیادی سوال بھی لاینحل رہے، جن پر تھیلیز سے لے کر اب تک اظہار خیال کیا جاتا رہا ہے۔

انسانی زندگی کے مختلف ادوار میں فکر و فرہنگ کے مختلف مسائل زمانے کے بدلتے تناظر کے ساتھ اپنے اپنے ماحول اور اپنے ادوار کی کیفیات کے زیر اثر اہمیت اختیار کرتے رہے، ان کی اہمیت میں کمی یا بیشی واقع ہوتی رہی۔ کوئی سوال اپنے زمانے کا سب سے بڑا سوال تھا لیکن اگلے زمانے میں اس کی اہمیت اور افادیت کم ہو گئی اور وہ کسی ثانوی، کسی تیسرے، کسی چوتھے یا پانچویں درجے کا سوال بن کر رہ گیا۔ ایسا ہی تاریخ کے تصور کے ساتھ ہوا۔ مغرب کے علمی و فکری تناظر میں تاریخ کے رویے بدلتے رہے۔ کسی زمانے میں تاریخ کی اہمیت دو چند رہی اور کسی زمانے میں اس کا درجہ انتہائی سطحی ہو گیا لیکن چاہے تاریخ اور تصور تاریخ بنیادی اہمیت کے حامل مسائل رہے ہوں یا کسی نچلی اور آخری سطح کے، جیسا کہ ہم آگے چل کر مختلف فلسفیوں کے تصور ہائے تاریخ کے حوالے سے وضاحت بھی کریں گے کہ تہذیب کے تمام تر ارتقائی مراحل میں انسانی فکر، تاریخ اور تصور تاریخ کے اصل، بنیادی اور اساسی حوالے اور رویے کو سمجھنے سے قاصر رہی ہے۔

(۲)

کنفیوشیس چینی تہذیب کا وہ دانش ور ہے، جس کے افکار اور تعلیمات میں قدیم چینی

Marfat.com

تہذیب سانس لیتی ہے۔ اس کی بنیادی تعلیم نظام اخلاق سے وابستہ ہے اور زندگی اور زندگی سے متعلق رویے اسی نظریے کے زیر اثر اپنی صورت گری کرتے ہیں۔ کنفیوشیس کے نظام اخلاق میں خدا، کائنات اور انسان، تینوں کے مابین اور تینوں کے حوالے سے، اظہار خیال ملتا ہے لیکن نہایت اختصار کے ساتھ ماہرین نے، یعنی کنفیوشیس کے ماہرین نے ان سوالوں کے جواب کے حوالے سے لکھا ہے کہ مجموعی طور پر ان اہم اور بنیادی سوالات پر اس نے تفصیل کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار نہیں کیا لیکن جتنی گفتگو موجود ہے، اس کے مطابق کنفیوشیس کا تصور خدا، اسلامی تصور توحید کے بہت قریب ہے۔ بشیر احمد ڈار اپنی کتاب حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق میں کنفیوشیس اور اس کے فکر کے بارے میں گویا ہیں:

اس میں کوئی شک نہیں کہ کون فیوشس کا نظام اخلاق بہت حد تک عملی اور کار آمد ہے اور اس میں انسانی زندگی کو کامیاب بنانے کے لیے ایک عمدہ لائحہ عمل موجود ہے لیکن ایمان باللہ اور ایمان بالیوم الآخر کے بغیر کوئی اخلاقی نظام ایک پائیدار اور مستقل تمدن کی بنیاد نہیں بن سکتا اور یہی دو بنیادی تصورات ہیں جو کون فیوشس کے نظام اخلاق میں غیر مبہم طور پر موجود نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے ذہن میں خدا حیات بعد الممات، کارخانۂ قدرت میں ایک حکمت و نظام کے تصورات موجود ہیں لیکن اس نے کبھی ان کی پوری پوری وضاحت نہیں کی اور نہ اپنے نظام اخلاق کو ان کی بنیاد پر تعمیر کرنے کی کوشش کی۔ ان کی بجائے اس نے آباؤ اجداد کی روحوں کی تعظیم پر زور دیا، جو کسی حالت میں بھی ان بنیادی تصورات کا بدل نہیں ہو سکتے۔ چین میں خود اس کے زمانے میں اور بعد میں بھی اس رسم کو اتنا اہم مانا گیا کہ اس نے ایک مشرکانہ عبادت کی شکل اختیار کر لی اور یہ روحیں دیوتاؤں کا روپ اختیار کر گئیں۔[۱۰]

کنفیوشیس نے خدا، کائنات اور انسان کے جواب میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے، ان میں اسلامی تصور توحید کی جھلک پائی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں دو رویے سامنے آتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ کنفیوشیس یا تو کسی الہامی کتاب کا پیروکار ہے یا خود صاحب کتاب۔ اس کے بعض ناقدین نے اسے چینی تہذیب کا پیغمبر کہا ہے۔ تاہم کنفیوشیس کے بارے میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ آیا وہ پیغمبر تھا یا پیروکار۔ یہ بات نہایت تیقن کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ وہ کم از کم اہل کتاب ضرور تھا۔ اس کی تعلیمات، افکار، فلسفۂ حکمت و دانش میں جو حکمت و دانش کے اسلامی رویے دکھائی دیتے ہیں، وہ کسی پیغمبر کی تعلیمات اور الہامی و آسمانی کتاب کا پیروکار ہونے کی وجہ سے ہی مرتب ہو سکتے ہیں ڈاکٹر نصیر احمد ناصر نے اپنی کتاب سر گذشت فلسفہ میں لکھا ہے کہ:

Marfat.com

کنفیوشش سے منسوب تحریروں میں ایک طرف وہ ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے پر زور دیتا اور دوسری طرف وہ اپنے عہد میں مروجہ مشرکانہ مناسک و رسوم کی بجا آوری کی تلقین کرتا دکھائی دیتا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ قرآن مجید کے علاوہ، جس کی حفاظت کی ذمے داری خود اللہ تعالیٰ سبحانہ وتعالیٰ نے لی ہوئی ہے (الحجر ۱۵:۹)، دیگر جملہ سماوی کتب میں موضوعی، لفظی، معنوی تحریفات کر دی گئی ہیں اور اس کلیے سے کنفیوشش کی تعلیمات بھی مستثنیٰ نہیں۔[۱۱]

کنفیوشیس نے انسانی زندگی کی بنیادی اکائی کو تسلیم کرنے کی کوشش کی۔ وہ انسانی زندگی کو بہت بامقصد اور بامعنی چیز سمجھتا ہے۔ اس کے عہد کے دیگر باطنی خیالات اور تصورات رکھنے والے گروہ کا خیال تھا کہ یہ زندگی بے معنی ہے اور انسان کو دنیاوی آلائشوں اور مادی رویوں سے ہٹ بچ کر جنگلوں میں پناہ لینی چاہیے اور وہاں خدا کو یاد کرنا چاہیے اور اس سے لو لگانی چاہیے۔ اس کے برعکس کنفیوشیس اس بات کا حامی تھا کہ آدمی کو اسی دنیا میں رہ کر اس دنیا کی نعمتوں اور سہولتوں سے استفادہ کرنا چاہیے۔ یہ زندگی بامعنی ہے، اس کی قدر کرتے ہوئے اس سے حظ اندوز ہونا چاہیے۔ وہ جنگلوں میں نکلنے، رہبانیت اختیار کرنے اور ریاضت و عبادت میں ہی زندگی گزارنے کو ہی زندگی نہیں سمجھتا تھا۔ لہٰذا اس کے تصور انسان اور انسانی زندگی کے نصب العین اور مقاصد پر بھی اسلامی طرز زندگی کا ایک پرتو دکھائی دیتا ہے۔

کنفیوشیس نے اپنے فلسفۂ اخلاق میں نظام کائنات کی توجیہ کی ہے۔ اس کے نزدیک ایک قوت اس نظام زندگی اور کائنات کو ایک خاص جہت میں، خاص رویے سے متحرک رکھے ہوئے ہے۔ اس کے نظام اخلاق میں جو مسائل زیر بحث آئے ہیں، ان میں تاریخ اور تہذیب کا کوئی بنیادی رویہ تو ہمیں دکھائی نہیں دیتا، لیکن اس کے نظام اخلاق میں تصور ریاست کو ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس نے بادشاہوں کے طرز حکومت کے ضمن میں بعض بہت بنیادی نوعیت کے اقوال مرتب کیے ہیں اور بادشاہوں کو زندگی گزارنے اور اصول حکمرانی اپنانے اور لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تعلیم دی ہے۔ اس کے نزدیک ایک ظالم اور جابر حکمران بھرے ہوئے شیر سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ یہ اس کا بہت مشہور و معروف قول ہے، جس کی روشنی میں ہم اس کے افکار کی نہج کو سمجھنے کے قابل ہو سکتے ہیں کہ وہ انسانوں پر کس نوعیت کے طرز حکمرانی کا خواہش مند ہے۔ کنفیوشیس یہ چاہتا ہے کہ حکمران ایسا ہو، جو انسانوں کی فلاح اور بہبود پر توجہ دے، ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے۔ ایسا وہ اس لیے چاہتا ہے کہ انسان کی

Marfat.com

فطرت، خدا کی فطرت پر ہوتی ہے۔ یہ تصور دراصل قرآنی ہے کہ ہر بچہ فطرت اسلام اور فطرت سلیم پر پیدا ہوتا ہے۔ کنفیوشیس نے جب ہر انسان کی فطرت کو خدا کی فطرت کہا ہے تو گویا وہ انسانوں کے مابین درجہ بندی، دھڑے بندی، طبقاتی امتیازات کے حوالے مسترد کر دیتا ہے۔ وہ انسان کو بطور انسان ہی گفتگو کا موضوع بناتا ہے اور اس کی قدر و قیمت بھی اس کی انسانیت کے حوالے سے دیکھتا ہے۔ لہٰذا اگر تمام انسان فطرت خداوندی پر ہیں تو تمام انسان برابر ہیں اور فلاح و بہبود کے تصورات کے ساتھ تو حکمرانی کا جواز موجود ہے مگر دوسروں کو اپنے تابع رکھنے کا تصور دم توڑ جاتا ہے۔ لیکن کنفیوشیس انقلاب کا بھی قائل نہیں، بلکہ تدریجی ارتقا کے حق میں ہے۔ اس کے نظامِ سیاست کے بارے میں یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

> Confucius did not advocate revolution, but he challenged established principles of government based on feudal states parceled out like private properties among those wealthy or ruthless enough to exercise the power of life and death over those they ruled. The nobles and aristocratic families waged war, levied ruinous taxes, and oppressed their subjects with forced labour, Confucius disparaged warfare as a solution to any problem, urged that taxes be reduced, and pleaded for measures to mitigate the severity of punishment for even minor infractions of the law. He challenged the very foundations of authoritarian government by insisting on the right of all individuals to make basic decisions for themselves, and he did what he could to mitigate aristocracy;s monopoly on education by accepting the poorest students, provided they were intelligent hardworking and unpretentious.[12]

کنفیوشیس نے تصورِ ریاست کے ضمن میں حکمران اور حکمرانی کے حوالے سے جو افکار پیش کیے ہیں، وہ انسان اور انسانیت کے ارفع اور بلند مقام کا تعین کرتے ہیں۔ لہٰذا مجموعی طور پر اس کے افکار میں ایک رنگینی موجود ہے۔ کنفیوشیس نے جس طرح سے اس زندگی میں مادی سہولتوں سے استفادے کا ذکر کیا ہے اور اس دنیا میں رہتے ہوئے خدا کی عبادت و ریاضت کا جو تصور اجاگر کیا ہے، اس سے یہ اندازہ لگانا قطعاً مشکل نہیں ہے کہ وہ انسانی زندگی کی دونوں بنیادی اقدار یعنی روح اور مادے کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے یا اس کے افکار کی بنیاد میں زندگی کے یہ دونوں تخلیقی رویے باہم آمیخت ہو کر چلتے دکھائی دیتے ہیں۔ دراصل کنفیوشیس متوازن رویوں کا دانش ور ہے اور اس کے ہاں فکری بے اعتدالی دکھائی نہیں دیتی۔ نہ تو وہ صرف روح کو اکہری سطح پر لے جا کر زندگی کی معنویت کا ادراک کرتا ہے اور نہ محض مادی حوالوں سے زندگی کو پرکھنے،

Marfat.com

سمجھنے اور اسے دریافت کرنے کے عمل کو سامنے لاتا ہے، بلکہ وہ دونوں کی یک جائی سے ایک ایسی زندگی کی تعمیر کرنا چاہتا ہے، جو اپنے بنیادی اصولوں میں ارفع اور اعلا ہو۔ وہ ایسی زندگی کا قائل ہے، جو اس دنیا میں رہتے ہوئے خدا کی ریاضت اور عبادت کے ساتھ تمام مادی سہولیات سے اخذ واستفادے پر مبنی ہو، تاکہ وہ اپنی اس زندگی کو بامعنی بنا سکے اور اس نصب العین کی طرف رجوع کر سکے، جو فطرت نے اس کے لیے متعین کیا ہے۔

تاریخ اور تصور تاریخ کے ضمن میں کنفیوشیس کے نظریات وافکار کا کوئی براہ راست پہلو، رویہ یا زاویۂ نظر تو دکھائی نہیں دیتا مگر اس کے پیش کردہ نظام اخلاق کے تناظر میں ہم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہیں کہ اگر ہم اس کے تصور ریاست کے بنیادی خطوط کو جان لیں اور ان سے اس کے تصور تاریخ کی اہمیت کا احساس پائیں یا دریافت کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ جو مفکر ریاستی نظام کو انسانی قدروں کے اجالنے کے لیے تشکیل وترتیب دینے کا خواہاں اور خواہش مند ہے تو یہ ممکن نہیں کہ وہ تاریخ اور تاریخی معاملات کی عملی صورتوں کی اس وجدانی حقیقت کا ادراک نہ رکھتا ہو۔ اس ادراک کے بغیر کسی مفکر کے لیے تصور حکمرانی کے اس قدر بے نظیر اصول مرتب کرنا قطعی ناممکن ہے۔

کنفیوشیس کے نظام اخلاق کے کمزور پہلوؤں کی طرف بشیر احمد ڈار نے چند اشارے دیے ہیں، جنھیں سمجھے بغیر کنفیوشیس کے تصور تاریخ کے واضح نہ ہونے کی توجیہ نہیں ہو سکتی:

کنفیوشس کے نظام اخلاق میں سب سے بڑی نمایاں کمروزی جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے، یہ ہے کہ اس میں خدا، کائنات اور انسان کے متعلق کوئی غیر مبہم اور واضح تصور موجود نہیں۔ وہ خدا کے وجود سے منکر نہیں لیکن اس کا صحیح تصور اس کے کلام میں کہیں نہیں ملتا۔ جب تک یہ بنیادی تصور موجود نہ ہو، تب تک کسی نظام اخلاق کا کامیابی سے چلنا ممکن نہیں، محض بیرونی عوامل سے لوگوں پر اخلاقی قوانین عائد کرنے سے کوئی اصلاح پائیدار نہیں ہو سکتی، جب تک یہ قوانین انسانی ضمیر کی گہرائیوں میں نہ اتریں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کہیں کہیں خدا کی رضا اور خدا کے مقاصد کا ذکر اس کے ہاں ملتا ہے لیکن وہ اتنا غیر واضح اور بے ربط سا ہے، جس سے اس کی افادیت پر بڑی زد پڑتی ہے۔ ایک دفعہ وہ چوروں کے گروہ میں گھر گیا، لیکن خوش قسمتی سے وہ بچ گیا۔ اس کے شاگرد اس کے لیے بہت متفکر تھے۔ ان کے جواب میں اس نے کہا: ''کیا میں حقیقت ازلی کا مظہر نہیں، اگر خدا چاہتا کہ حقیقت اس دنیا سے ہمیشہ کے لیے رخصت ہو جاتی تو اس نے مجھے اس کا مظہر کیوں بنایا؟ یہ لوگ میرا کیا بگاڑ سکتے ہیں؟'' اس ایک مختصر فقرے میں خدا تعالیٰ کی ربوبیت اور اپنے پیغمبر ہونے کی طرف ایک مبہم سا اشارہ موجود ہے لیکن کہیں بھی ان کی

Marfat.com

تفصیلات ہمیں نہیں ملتیں۔ اسی طرح ایک جگہ اس کا یہ فقرہ کہ وہ شخص جس نے خدا کی ناراضگی مول لی ہو، اس کے لیے دنیا میں کوئی جائے پناہ نہیں۔ یعنی خدا کی رضا ہی ایک بلند ترین انسانی نصب العین ہے، اس چیز کی غمازی کرتا ہے کہ کنفیوشس کے ذہن میں خدا اور انسان کے متعلق ایک ایسا نظریہ موجود تھا، جو بعد میں اسلام نے پیش کیا۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اسلام نے اپنے اخلاقی نظام کی تمام تر بنیاد خدا کی واحدانیت پر رکھی اور کون فیوشس نے اس طرح کے سوالات کی طرف بالکل کوئی توجہ نہ دی اور اگر کسی نے اس کے متعلق سوالات کیے بھی تو بالکل غیر واضح جوابات دے کر اس کو ٹال دیا۔[۱۳]

## (۳)

عجمی تہذیب میں بھی یونانی، رومی اور مغربی تہذیب کی طرح تاریخ اور تصور تاریخ کبھی درست صورت میں موجود نہیں رہے، البتہ زرتشتی افکار میں نیکی اور بدی کے تصورات کے حوالے سے انسانی زندگی کو سمجھنے کی جو کوشش و کاوش ہوئی، اس کے پس منظر میں جہاں زندگی کے دوسرے رویے بھی موجود رہے، وہاں ہم اس تصور کی روشنی میں عجمی تہذیب میں زرتشتی تعلیمات کے زیر اثر رواج پانے والے تصور تاریخ کے کچھ رویوں کی بھی شناخت کر سکتے ہیں۔ زرتشت نے انسانی زندگی کے بنیادی فکری اور تہذیبی ڈھانچے کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ بلکہ اس نے تو خدا کو بھی دو حصوں میں بانٹ کر دیکھنے کی کوشش کی۔ یزداں، نیکی کا خدا اور اہرمن، بدی کا خدا۔ زرتشت کے مذہب کی بنیاد، نیکی اور بدی کے تصورات سے وجود پذیر ہوتی ہے بشیر احمد ڈار حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق میں اس سلسلے میں کہتے ہیں:

زرتشت کے دین کے متعلق دو عظیم الشان غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں۔ ایک آتش پرستی اور دوسری عقیدۂ ثنویت۔ ان غلطیوں کے کچھ نہ کچھ وجوہ ضرور تھے لیکن یہ سارا معاملہ کم علمی اور خود مجوسیوں میں بعد کی الحاقی چیزوں سے پیدا ہوا۔ جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے، زرتشت نے خدائے واحد کی عبودیت کا اعلان کیا۔ اہورا کا لفظ زمانۂ قدیم سے آریاؤں میں خدا کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ چنانچہ رگ ویدوں میں اس کے لیے لفظ اشورہ پایا جاتا ہے۔ اسی طرح مزدا کا لفظ بھی مستعمل تھا، جس کی موجودہ شکل فارسی میں ایزد آج بھی مروج ہے۔ زرتشت نے ان دونوں لفظوں کو ملا کر واحد خدا کے لیے نام تجویز کیا۔ اہورا مزدا کے معنی ہوئے حکیم و دانا، خالق و رب کائنات۔ اہورا مزدا کا اطلاق بعض دفعہ کائنات کی قوتوں کے لیے بھی ہوتا ہے، لیکن یہاں وحدت وجودی

Marfat.com

تصور سے کوئی مشابہت نہیں۔[۱۴]

خدا کو دو حصوں میں منقسم کر کے دیکھنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ اس کائنات میں انسانی زندگی کے ساتھ موجود شر کی قوتوں کو خیر کے دائرۂ کار میں رکھ کر سمجھنے سے قاصر ہے۔ یعنی روح کے ساتھ مادے کی جو معنویت موجود ہے، اس کو وہ سمجھ نہیں سکا اور اس کو سمجھ نہ سکنے کی بنا پر وہ اس فکری انتشار کا شکار رہا کہ کیا مادہ یا شر ازلی قوتیں ہیں یا نہیں۔ دراصل فلسفیوں کے ہاں ہمیشہ سے یہ مسئلہ لاینحل رہا ہے کہ مادہ ازلی ہے یا حادث۔ مختلف فلسفیوں نے اس مسئلے کو سمجھنے کی کوششیں کیں۔ روح کو خدا کی صفت کہا گیا ہے۔ وہ مادے کو متعین نہیں کر پائے کہ اس تخلیق کائنات کے بنیادی دائرے میں مادے کی اہمیت کیا ہے اور مادہ کہاں سے آیا ہے لہٰذا مادے اور روح کے بجائے زرتشت نے خیر یا شر، نیکی یا بدی کی اصطلاحات میں گفتگو کی۔ اصطلاحیں تبدیل ہونے سے بنیادی موضوع تبدیل نہیں ہوتا، سو روح اور مادہ ہی اساسی مسائل تھے کہ ان کا کائنات اور تخلیق کائنات میں کیا کردار ہے۔ بشیر احمد ڈار کے خیال میں زندگی اور روح کے بارے میں زرتشت کے نظریات کچھ یوں متشکل ہوتے ہیں:

> زرتشتی نظام میں ہر انسان تین چیزوں سے مرکب ہے، جسم، زندگی اور روح۔ روح چوں کہ مادی اور نامیاتی حصوں کے وجود میں آنے سے پہلے موجود تھی، اس لیے وہ ابدی اور لافانی ہے۔ وہ پیدائش کے وقت جسم میں داخل ہو جاتی ہے اور موت کے بعد جدا ہو جاتی ہے۔ تن اور روح کا تعلق گھوڑے اور گھوڑے سوار کا سا ہے۔ رہبانی نظام اخلاق کے برعکس زرتشت نے جسمانی صحت اور طہارت کی مناسب اہمیت کا اقرار کیا۔ چنانچہ بدنی طہارت زرتشتیوں کے ہاں آج تک مذہبی اعمال میں شامل ہے۔ اسی مقصد کے تحت روزے رکھنے کی ممانعت کی گئی، کیوں کہ اس سے جسمانی صحت کو نقصان پہنچتا ہے اور روزہ رکھ کر انسان نیکی اور بھلائی کے کام نہیں کر سکتا۔[۱۵]

زرتشت جب روح اور مادے کی یک جائی اور ہم آہنگی کو سمجھنے سے قاصر رہا تو اس نے پورے نام کو ہی دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے خدا کو بھی دو حصوں میں بانٹ کر خیر اور شر کی بنیادی قوتوں کو سمجھنے کی کوشش کی۔ تاہم یہ بات اپنی جگہ اہم ہے کہ زرتشتی تعلیمات میں توحید کا تصور بھی متوازی طور پر ساتھ ساتھ چلتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ جب زرتشت نے خدائے وحدہ لاشریک کی یکتائی کا تصور پیش کیا تو یہ بڑے حوصلے اور جرات کی بات تھی، کیونکہ اس کے اردگرد تو سیکڑوں خدا موجود تھے، جن کی پرستش ہو رہی تھی۔ مظاہر فطرت سے لے کر

Marfat.com

زمینی رویوں تک سیکڑوں ایسی چیزیں موجود تھیں کہ جنھیں خدائی درجہ دے دیا گیا تھا اور عجمی تہذیب کے لوگ ان کی عبادت و ریاضت میں منہمک تھے۔ ایسے ماحول میں زرتشت نے خدا کی وحدانیت کا تصور پیش کیا اور مشرکانہ اقدار سے لوگوں کو روکا اور ان کی توجہ خدائے واحد کی طرف منعطف کی۔ زرتشت نے آگ کو انسانی زندگی میں تخلیق کی بنیادی قدر قرار دیا۔ اس کے افکار میں آگ خدائی صفات کی مظہر ہے، یہ آلائشوں، آلودگیوں کو زائل کرتی ہے اور انھیں پوتر کر کے سامنے لاتی ہے۔ لہٰذا زرتشت کی تعلیمات میں آگ کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے خیال میں آگ خدا کا وہ نور ہے، جس سے کائنات میں اجالا موجود ہے، جو چیزوں میں تہذیب پیدا کر کے انھیں خوبصورت بناتی ہے، سو آگ زرتشتی نظریات میں تخلیقی اکائی کا درجہ رکھتی ہے۔

زرتشت کے ہاں زندگی کے سارے معاملات اور رویے اس کے تصور خیر اور شر یا تصور نیکی اور بدی سے متشکل ہوتے ہیں۔ چوں کہ اس نے ابتدا ہی سے ہر چیز کو دو حصوں میں بانٹ کر دیکھنے کی کوشش کی لہٰذا تاریخ کا تصور، جو اس سے قبل عجمیوں میں واضح اور معین صورت میں موجود نہیں تھا، اس کے ہاں بھی واضح شکل اختیار نہ کر سکا۔ یہاں تصور تاریخ کے ساتھ بھی یہ المیہ ہوا کہ زرتشتی تعلیمات کے زیر اثر دو حصوں میں بٹ گیا۔ اس تقسیم اور تقسیم در تقسیم کے عمل میں وقت کے تصور کی بنیادی قدر بھی کہیں کھو گئی لہٰذا تاریخ اور تصور تاریخ اسلام کے آنے تک جب کہ عجمی تہذیب، اسلام کی روشنی سے مستنیر ہوئی، تب تک عجمیوں کے ہاں، چاہے مانی تعلیمات ہوں، چاہے زرتشتی تعلیمات اور چاہے دیگر فکری مظاہر، ان کے ہاں دیگر فکری اور علمی تصورات کی طرح کسی خاص صورت میں نمود پذیر ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا۔

(۴)

ہندو تہذیب دنیا کی دوسری تہذیبوں کے ساتھ مکالمے پر بہت کم رضا مند ہو سکی ہے۔ جہاں کہیں اسے کسی دوسری تہذیب سے مکالمے کی ضرورت پیش آئی، اس نے بالمقابل تہذیب کو اپنے اندر ضم کر لیا۔ اسلام کے سوا کوئی مذہب یا تہذیب یا حاکم یا فاتح، اس سرزمین پر وارد ہوا تو عام طور پر وہ اس تہذیب کے رنگ اور آہنگ میں ڈھل گیا۔ ہندو مذہب میں ایسی قوت اور کشش تھی کہ اس نے دنیا کے اکثر و بیشتر مذاہب کو اپنے اندر سمو لیا۔ باہر سے آنے والے فاتحین اپنے نظام فکر و عمل کو جاری نہ رکھ سکے اور بتدریج اسی کلچر میں ڈھلتے گئے، جو ہندو مت نے ترتیب دے رکھا تھا۔

Marfat.com

ہندو مذہب کے حامل لوگ بیسویں صدی سے قبل بہت ہی کم یا شاید بالکل ہی اپنی جغرافیائی حدود سے باہر نہیں نکلے۔ سمندر پار کا سفر ان کے مذہب کے بنیادی مزاج کے خلاف ہے۔ حرکت اور ارتقا، ہندو مذہب وتہذیب کا کبھی بھی بنیادی مسئلہ نہیں رہا۔ ان کے ہاں سکونی رویے کی جو کیفیات ہمیشہ سے موجود رہی ہیں، وہ جدید تعلیم کے آنے اور تہذیبوں کے ایک خاص نقطۂ اتصال پر متحارب، متصادم یا باہم مکالمہ کرنے کی صورت تک آنے یا درپیش مسائل پر اپنے فکر و آہنگ کا اظہار کرنے تک یہ تہذیب اپنے اندر سمٹی رہی۔ لہٰذا اس کا مجموعی تصوراتی ڈھانچہ بالکل شخصی اور ذاتی نوعیت کا رہا۔ ہندو مذہب کے اندر کشش اور جذب کی کیفیات موجود ہونے کے باوجود اس میں آفاقی اور ہمہ گیر اقدار موجود نہیں ہیں۔ اس میں خدا کا تصور بھی شخصی اور ذاتی نوعیت کا ہے۔ وہ خدا کو انسانی روپ میں دیکھتے ہیں۔ ان کے ہاں رب الارباب کا جو تصور موجود ہے، وہ انسانی شکل و شباہت کا ہے۔ ورنہ ان کے ہاں تو مظاہرِ فطرت، عالمِ حیوانات اور حشرات الارض تک میں خدائی مظہر موجود ہے۔ گائے، سانپ، سورج، درخت، مچھلی وغیرہ ان کے تصورِ خدا کی ٹھوس حقیقتیں ہیں۔ ڈاکٹر مہر عبدالحق اپنی کتاب ہندو صنمیات میں کہتے ہیں:

> تناسخِ ارواح کا عقیدہ جن مراحل سے گزر کر آگے بڑھا ہے، ان مراحل میں یہ یقین ہر سطح پر شامل رہا ہے کہ روحیں ایک زندگی سے دوسری زندگی تک پہنچنے کے لیے کئی راستوں سے گزرتی ہیں۔ روحوں کے یہ راستے یا تو ابدیت تک طویل ہوتے ہیں یا ناقابلِ فہم، دورانیوں پر محیط ہوتے ہیں۔ اس خیال نے زندگی کی تمام صورتوں کو ایک ہی نظام کے ساتھ منسلک کر دیا تھا، خود دیوتا بھی مر جاتے تھے اور ان کی جگہ دوسرے دیوتا آ جاتے تھے۔ جونہی ایک اندرا مر گیا، اس کی جگہ دوسرا اندرا آ گیا۔ مر جانے والوں کی روحوں کو، جلدی یا دیر کے ساتھ دوسرے مقامات کی طرف بہ ہر طور جانا ہوتا تھا۔ حیوانات، کیڑے مکوڑے بلکہ پودے بھی اسی قانون کے تحت تھے۔ بعض مفکرین کی نازک خیالی تو یہاں تک پہنچ گئی تھی کہ انھوں نے پانی، گرد و غبار اور ہوا کے بارے میں بھی یہ کہہ دیا کہ ان کے اندر نہایت باریک جان دار ہیں اور ان جان داروں میں روحیں ہیں۔ لہٰذا اصلیتِ تخلیق کے اعتبار سے ان میں اور انسانوں میں کوئی فرق نہیں ہے، کیوں کہ ان کی اور انسانوں کی روحیں ایک ہیں اور یہ ساری دنیا روحوں کی بے شمار تبدیلیوں میں سے گزر رہی ہے۔[16]

ہندومت میں تین رویے یا بنیادی زاویے موجود ہیں۔ پہلا زاویہ ان کے ہاں یہ ہے کہ جو ویدوں کی تعلیمات سے ماخوذ ہے، یعنی ویدی تعلیمات۔ یہ زاویہ یوں ہے کہ انسان کو قربانی دینی چاہیے، نیک کام کرنے چاہییں، سرائیں بنوانی چاہییں، کنویں کھدوانے چاہییں وغیرہ۔ دوسرا

Marfat.com

تصور جو اپنشدوں کی تعلیمات کے زیر اثر سامنے آیا ہے، اس کے مطابق عمل پر علم کو ترجیح دی گئی ہے۔ لہٰذا فکر و فلسفے کے مسائل، تخلیق کائنات کے مختلف رویے، خدا، انسان، کائنات، تصورِ وقت، تصورِ مکان، تصورِ حسن و عشق اور اس نوعیت کے بنیادی مسائل کا اپنشدوں کے زمانے میں ظہور ہوا۔ اپنشد، ویدوں کی تفسیریں ہیں۔ ان تفسیروں میں ایسے فلسفیانہ مواعظ ہندومت میں داخل ہوئے کہ جن میں علم کو عمل پر فوقیت دی گئی۔ تیسری صورت کا درجہ بھگوت سے اخذ شدہ معاملات اور مسائل تک محدود ہے۔ ہندی افکار و نظریات میں علم اور عمل دونوں پر جذبات کو ترجیح دی گئی ہے۔ جذبات کے ذریعے انسانی زندگی کے مختلف معاملات اور مسائل کا تعین کرنے میں یا اس کی معنویت کو اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ڈاکٹر مہر عبدالحق مزید کہتے ہیں:

> ہندو معاشرے میں تصوف اور ترک علائق کے مسلک کو بے پناہ مقبولیت حاصل ہونے لگی تو زمین کی مٹی اور مادیت کی آلائش سے چمٹی ہوئی براہمنیت کے لیے بھی یہ ناممکن ہوگیا کہ اس کی جانب سے آنکھیں بند کر لے۔ چنانچہ آریاؤں کے سماجی نظام میں دنیا تیاگ دینے والے لوگوں اور دربدر پھرنے والے سادھوؤں کے لیے بھی جگہ نکالنی پڑی۔ اس کے لیے انھوں نے زندگی کے چار مدارج کا اصول وضع کر لیا اور اسے دھرم سوتر کے نام سے پہلی دفعہ دنیا میں پیش کر دیا۔ بعض ابتدائی زمانے کے صوفیوں کی تعلیمات، مباحثات اور اقوال کو جمع کر کے انھیں براہمنا کے ساتھ بطور ضمیمہ لگا دیا گیا اور ان کا نام اپنشد رکھ دیا گیا۔ مزید وقفے کے بعد تصوف کی عملی تربیت کے لیے کچھ جسمانی ورزشیں تجویز کی گئیں اور ان کا نام "یوگا" (ملاپ) رکھا گیا۔ چند صوفیانہ نوعیت کی نظمیں بھی اپنشدوں میں شامل کر لی گئیں اور اس طرح یوگا ایک الگ فکری نظام کے طور پر تشکیل پا گیا۔ قدامت پرست کٹر ہندو نظام نے اسے بھی اپنا ایک جزو مان لیا۔ اس طرح ہندو مت نے گویا ایک نئی سمت اختیار کر لی تھی اور یہ...... بدھ مت اور جین مت کی سمت تھی۔[۱۷]

ہندووانہ تصورات میں جو شخصی اور ذاتی رویے ملتے ہیں، انھوں نے ان کے پورے نظام فکر و عمل کو متاثر کیا ہے۔ ان کے کسی بھی تصور کو لیں، تو اس کی معنویت، شخصی رویے سے معنوی اور فکری حوالوں کا اکتساب کرتی ہے۔ جیسے کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ ان کے، یعنی ہندوؤں کے ہاں، حرکت کی معنویت واضح نہیں ہے۔ ہندو معاشرہ نہایت ٹھہرا ہوا اور پرسکون ہے۔ اس کے اندر حرکت اور ارتقا کے مظاہر موجود نہیں ہیں۔ اس کے تمام تصورات سکونی ڈھانچے سے ماخوذ ہیں۔ ان کا تصور وقت دوری ہے، ایک چکر میں چل رہا ہے۔ جو معاشرہ سفر آشنا نہ ہو، یا جس تہذیب اور مذہب میں سفر وسیلۂ ظفر نہ رہا ہو، یا وہ سمندر پار کرنا یا اپنے مخصوص جغرافیے سے باہر

Marfat.com

نکلنا پاپ سمجھتے ہوں، وہاں حرکت، سفر، ارتقا اور اس نوعیت کے وہ تمام معاملات، جن سے اس پر سکون اور ٹھہری ہوئی زندگی میں ہلچل پیدا ہو جائے، وہ بے معنی ہو تو وہاں تمام رویے ایک دائرے میں گردش کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ لہٰذا ہندو دوانہ تصور وقت کو ایک رہٹ سے تشبیہ دی جاتی رہی ہے۔ ان کا وقت ایک دائرے کے اندر چکر لگا رہا ہے۔ جہاں دوری یا دائروی تصور زمان موجود ہو، وہاں زندگی ایک دائرے میں سمٹ آتی ہے۔ لہٰذا ان کے ہاں پیدائش، موت اور دوسرے رویوں کے بارے میں بھی یہی تصور موجود ہے۔

مثلاً مختلف تہذیبوں اور مذاہب میں مرنے کے بعد اگلی زندگی کا ایک تصور پایا جاتا ہے۔ ہندومت میں یہی تصور، تناسخ کی شکل میں موجود ہے۔ ان کے خیال میں ایک روح جب دنیا میں آتی ہے، تو اس زندگی کے اعمال کی روشنی میں اسے ایک اور جنم درپیش ہوتا ہے۔ یعنی جزا و سزا کا تعلق اس کے اگلے جنم سے ہے، جو اسی دنیائے آب و گل میں وقوع پذیر ہوگا۔ یعنی اگر اعمال اچھے نہیں ہیں تو وہ دنیا کی نظر میں ناپسندیدہ ذی روح کی شکل میں رونما ہوگا اور اگر اعمال اچھے ہیں تو دنیا کی نظروں میں پسندیدہ روپ میں ظاہر ہو کر صلہ پائے گا اور یہ سلسلہ ہر جنم کے اعمال کی جزا کے طور پر اگلے جنم در جنم کے نہ ختم ہونے والے سلسلوں میں جاری و ساری رہے گا۔

تصور تاریخ کو لیں تو ہندو تہذیب میں وہ بھی ایک انتہائی محدود جغرافیائی دائرے میں بند رہتے ہوئے، انتہائی بے معنی رویوں پر مشتمل ہے۔ جس تہذیب کا تصور زمان و مکاں صحیح نہ ہو، جس تہذیب میں حرکت و عمل کے رویے موجود نہ ہوں، جہاں زندگی کے اندر بتدریج ارتقا موجود نہ ہو، جہاں زندگی سفر آشنا نہ ہو، وہاں تصور تاریخ اپنے اصل تصور حقیقت کے بنیادی معنی اور مفہوم میں سامنے نہیں آتا۔ لہٰذا ہندومت تہذیب کا جو تصور تاریخ متشکل ہوتا ہے، وہ اپنے تصور زمان و مکاں کی روشنی میں اسی دائروی سلسلے میں مربوط ہے۔ اس ارتباط و انسلاک کی وجہ سے، اس کے اندر ہمہ گیری اور آفاقیت کے رویے پیدا نہیں ہو سکتے یا نہیں ہوئے۔ ان تصورات اور رویوں کے متشکل نہ ہونے کے سبب تاریخ اپنے کلی اور اساسی و بنیادی رویوں میں متشکل نہیں ہوئی۔

ہندومت کے ہاں رب الارباب مختلف دیوتاؤں کی صورت میں اترتا ہے۔ مثلاً ان کے تین بنیادی دیوتا (۱) برہما (۲) وشنو اور (۳) اندر ہیں۔ ان تین کو بھی مزید اوتاروں کی شکل میں منقسم کیا گیا ہے۔ ہندوؤں کے ہاں بنیادی اوتار دس ہیں اور وہ مختلف حیوانی صورتوں میں متشکل ہوتے ہیں۔ یعنی عجیب و غریب صورت، اس تہذیب میں موجود ہے، جس کے باعث زندگی کی

Marfat.com

وہ بنیادی قدر ہی وجود پذیر نہیں ہوئی، جو انسانی زندگی اور اس سے متعلق رویوں کو ارتقائی صورت میں پیش کر سکے۔

ہندومت میں روح کی تہذیب کے لیے جو طریقے موجود ہیں، وہ بھی عجیب و غریب نوعیت کے ہیں۔ مثلاً یوگا اور یوگا سے متعلق دیگر طریقے اس قدر انوکھے ہیں کہ ان سے انسانی طبائع لگا نہیں کھاتیں۔ روح کی تہذیب اور اسے منزہ کرنے کے لیے جسم پر ظلم کرنے یا ناپاک رکھنے اور اس کے ساتھ کسی بھی نوع کا برا سلوک کرنے کے طریقے یقیناً انسان کے اجتماعی مزاج سے کسی طور بھی ہم آہنگ نہیں ہیں۔ ان طریقوں سے روح میں قطعاً کوئی ارتقاع نہیں ہوتا۔

تخلیق کا تصور ہو، وقت کا تصور ہو، تاریخ کا تصور ہو یا زندگی کا کوئی بھی زاویہ ہو، ہندومت اپنے بنیادی اور اساسی، دائروی اور دوری تصور کے باعث زندگی کی خوبصورتیوں اور رنگینیوں سے محروم رہتا ہے کہ جو حرکت اور سفر کو اپنانے اور اسے زندگی کی بنیادی قدر قرار دینے سے پیدا ہو سکتی ہیں۔ ہندومت کی انھیں جہتوں میں فکری اور عملی سفر آشنائی کی بنا پر یہ تہذیب اپنے ایک ایسے دائرے میں سمٹ کر رہ جاتی ہے کہ جہاں تاریخ اور اس کا بنیادی اور حقیقی تصور اجاگر نہیں ہو پاتا۔

جغرافیہ، تاریخ کے زیر اثر ہو تو تاریخ کے تصور کو اپنے آفاقی دائرے میں سفر آشنا رہنے، اپنی حقیقی قدروں کا تعین کرنے اور تفکر کرنے میں آسانی رہتی ہے لیکن جہاں جغرافیہ، تاریخ پر غالب آ جائے، وہاں تاریخ اپنی معنویت کھو دیتی ہے۔ ہندومت کی تہذیب ایک مخصوص اور محدود دائرے میں گردش کناں رہتی ہے اور باہر نکلنا اس کے لیے ممکن نہیں ہے۔ اس گردش سے باہر نکلنا پاپ خیال کیا جاتا ہے، سو جو تہذیب ایک مخصوص جغرافیے کی حامل ہو اور فکری و عملی سطح پر اسی کی قائل ہو تو اس کا تصور تاریخ کبھی بھی حقیقت آشنا نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اس قدر پر کہ تاریخ اور جغرافیہ انسانی زندگی کے لیے لازم و ملزوم ہوتے ہیں، یقین رکھتے ہوئے یہ مدنظر رکھنا بھی ضروری ہے کہ تاریخ وہ روحانی عمل ہے کہ جسے بہ ہر حال جغرافیائی یعنی مادی رویوں پر غالب ہونا چاہیے۔ جہاں مادہ، روح پر غالب آ جائے، وہاں زندگی آفاقیت اور ہمہ گیریت کے بجائے، محدودیت سے ہم کنار ہو جاتی ہے۔ سو ہندومت ایک مخصوص دائرے میں رہتے ہوئے، چوں کہ باہر نکلنا پاپ سمجھتا ہے، لہٰذا ایک مخصوص جغرافیائی حد بندی کا شکار ہے۔ اس تحدید کے باعث یہ تہذیب، تاریخ کے اس آفاقی تصور حقیقت کو پانے سے قاصر رہی ہے اور آئندہ بھی رہے گی، جب تک کہ اس کا جغرافیائی ماحول موجود ہے اور یہ اسے توڑ کر باہر نہیں نکلتی۔

Marfat.com

## (۵)

عمانویل کانٹ (Immanuel Kant) کے تصورات میں بنیادی حوالہ تصور ریاست کا ہے اور اس کا تصور تاریخ، اس کے تصور ریاست سے صورت پذیر ہوتا ہے۔ کانٹ نے افلاطون کے تصور ریاست کے برعکس ایک نیا تصور ریاست پیش کیا۔ اس نے افلاطون کے اس تصور سے بھی اختلاف کیا ہے کہ ریاست کا سربراہ کسی فلسفی کو ہونا چاہیے۔ اس کے نزدیک فلسفے کا بنیادی مقصد استدلال واستناد کے ذریعے حکمت اور دانائی کے سوالات کی تلاش ہے اور حقیقت مطلقہ تک پہنچنے کی کوشش اور کاوش ہے کہ جس کے ذریعے انسان مادی عوامل سے بلند ہو کر روحانی دنیا میں قدم رکھ سکتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ایک فلسفی کو زیادہ سے زیادہ ایک ریاست میں اقتدار ریاست کے مشیر کے طور پہ کام کرنا چاہیے اور اس مشاورت کے بدلے اسے مالی فوائد کے بجائے اپنے روحانی ارتقاع پر نظر رکھنی چاہیے۔ سربراہ مملکت کی مشاورت کے ضمن میں اسے بہتر اور اچھے معاملات میں اس کا معاون و مددگار رہنا چاہیے، تاکہ بنی نوع انسان کے لیے آسانیاں فراہم کی جاسکیں، اس سلسلے میں قاضی قیصر الاسلام کا موقف یہ ہے کہ:

کانٹ نے افلاطون کے اس دعویٰ کو بھی مسترد کر دیا کہ ایک ''عمدہ ریاست'' کا قیام اس وقت تک ممکن ہی نہیں، جب تک کہ اس ریاست کا سربراہ کوئی فلسفی نہ ہو، یا پھر اس ریاست کے سربراہ کو فلسفی ہونا چاہیے وغیرہ۔ اس کے بجائے کانٹ نے یہ تجویز کیا کہ فلسفیوں کو کرسیِ اقتدار کے حصول کی کوشش سے باز رہنا چاہیے اور صرف سربراہ مملکت کے مشیر کار کی حیثیت سے ہی ریاستی کاروبار میں ملوث ہوئے بغیر، ایک غیر جانب دار نگران کار کے طور پر اپنے مفید مشوروں سے سربراہ مملکت کو مستفیض کرتے رہنا چاہیے، کیوں کہ ریاستی امور میں ملوث ہوئے بغیر ہی یہ مشیران ریاست، ریاست کی سیاسی حالت کا صحیح اندازہ اور تجزیہ کر سکتے ہیں اور وہ اس لیے کہ ہوس اقتدار بسا اوقات افراد کی نیتوں میں فتور کا باعث بن کر حالات کو بگاڑ سکتی ہے اور اس کی سیاسی روشن ضمیری و بصیرت حرف ملامت اس کے کردار کو داغ دار بنا سکتی ہے۔ قصہ مختصر یہ کہ کانٹ کے نزدیک ایک حقیقی فلسفہ، مدرسی مفہوم میں ایک فکری نظام نہیں ہے بلکہ اس کے قول کے مطابق فلسفے کا اپنا ایک دنیاوی مفہوم ہے، یعنی فلسفہ عقل و استدلال کے مطلق مقاصد پر ایک ایسا نظام تفلسف ہے، جس کے ذریعہ انسان مطلق مقاصد و غایات کا انتخاب عمل میں لاتا ہے۔[۱۸]

کانٹ نے مذکورہ تصور ریاست کے ساتھ ساتھ تصور تاریخ کے معاملات پر بھی اظہار

Marfat.com

خیال کیا ہے۔ چوں کہ اس نے تصورِ ریاست کی تدوین میں روحانی رویوں کی برتری کو بنیادی اہمیت دی ہے اور مالی منفعت یا مالی مفادات کی بحث بھی چھیڑی ہے۔ کانٹ کے تصورِ روح کے حوالے سے امین احسن اصلاحی کا موقف اہم ہے:

عظیم فلسفی کانٹ(Immanuel Kant) (۱۷۲۴ء-۱۸۰۴ء) کا کہنا ہے کہ تمام نیکیوں اور اچھائیوں کا سرچشمہ روح ہے اور یہی اخلاقی زندگی کی بنیاد ہے۔ چوں کہ اس زندگی میں انسان کے لیے اخلاقی قوانین کی مکمل پاس داری ممکن نہیں ہوتی اور وہ کسی نہ کسی مرحلہ میں بھٹک جاتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ انسان کے مرنے کے بعد روح باقی رہے تاکہ اس کی خامیاں دور ہوسکیں اور وہ تکمیل کے آخری مراحل طے کر کے اخلاقی قوانین کے مکمل طور پر تابع ہو جائے۔[۱۹]

وہ مادی یا معاشی ضرورتوں اور منفعتوں یا فوائد کے برعکس روحانی ارتقاع کو بنیادی اہمیت دیتا ہے۔ اس کے تصورِ تاریخ میں بھی روحانی رویے کارفرما ہیں۔ اس کے تصورِ تاریخ میں بشریاتی علم کے رویے بھی باہم آمیخت ہوتے ہیں، وہ فرد کی انفرادی زندگی سے قوم یا معاشرے کی اجتماعی زندگی کا سراغ پاتا ہے۔ وہ فرد سے اجتماع کی طرف یا فرد سے معاشرے کی طرف متشکل ہوتے رویوں کو تاریخ کے دھارے میں لا کر تصورِ تاریخ کا مطالعہ کرتا ہے لہٰذا کانٹ کے تصورِ تاریخ کو سمجھنے کے لیے اس کے تصورِ ریاست اور تصورِ ریاست کے ساتھ ساتھ علم بشریات کا مطالعہ بھی بہت ضروری ہے۔ بشریات کے علم کو اس کے دیگر تصورات کی تفہیم کے بغیر سمجھا نہیں جاسکتا کہ اس کی علم بشریات یا اینتھروپالوجی سے کیا مراد ہے۔ کانٹ تاریخ کی مختلف مدارج میں تقسیم کا قائل ہے:

According to Kant, there are two types of history (Geschichte).Empirical history, roughly speaking, is a record of past evetns written without preconceptions. Empirical historians simply look to past actions and ideas and draw their conclusions from the evidence, they have found. in contrast, rational historians try to find an intelligible pattern in the apparently chaotic human past. Ostensibley, the rational historian's task seems difficult, because world history appears to be woven together from folly, childish vanity, even from childish malice and destructiveness' (*'Idea for a Universal History from a Cosmopolitan Point of View', in Kant: On History*, p.12) Anyone who looks to the past expecting to see examples of wisdom and virtue will be sorely disappointed. There is some purpose to this folly, however, even though individuals may be unaware of it (ibid,). According to Kant, human possess a number of potentialities. As nature creates nothing in vain, we must assume that these

Marfat.com

potentialities develop. Potentialities such as reason, however, may take more than the lifetime of a single individual to develop. We must therefore further assume that nature has some means of helping people to realise these potentialities over a long period of time (ibid., pp. 13-14). Echoing Plato and Hobbes, Kant claims that this means is humanity's unsocial sociability' (ibid,.pp. 15-16). People seek isolation but need to associate with others in order to survive and thrive. people can thus neither tolerate nor withdraw from others.[20]

بنیادی طور پر کانٹ کے ہاں چار سوالات ہیں اور یہی سوالات اس کی فلاسفی کی روح ہیں۔انھیں سوالوں سے اس کے نظریات متشکل ہوتے ہیں۔وہ سوالات یہ ہیں:

''۱- میں کیا جان سکتا ہوں؟(مابعد الطبیعیات)

What can I know ? (Metaphysics)

۲- مجھے کیا کرنا چاہیے؟(اخلاقیات)

What ought I to do?(Ethics)

۳- مجھے کس چیز کی توقع باندھنا چاہیے۔(مذہب۔حیات مابعد)

What may I hope for ?(Religion)

۴- خود انسان ہے کیا؟(علم البشریات)

What is man?(Anthropology)[۲۱]

ان سوالات کی بنیادی روح یا خلاصہ یہ ہے کہ انسان عرفان ذات کے کن مراحل سے گزر کر زندگی کی تعبیر کو کن خطوط پر استوار کر سکتا ہے۔ مابعد الطبیعیات، مذہب، اخلاقیات اور علم بشریات کی روشنی میں انسانی شخصیت کی انفرادی تعبیر کس طرح متعین ہو سکتی ہے۔انسانی تعبیر کی انفرادی توجیہ کے تعین کو اہمیت دینے میں کانٹ نے جو سرگرمی دکھائی ہے، اس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ اگر ایک فرد کی تعمیر اور تشکیل ذات کے معاملے کو پیش نظر رکھا جائے اور اس کی حتمی تربیت کا ایسا نظام وضع کیا جائے، جو اسے روحانیات، مذہب، اخلاقیات اور علم بشریات کے تناظر میں سے گزار کر ایک ایسے معاشرے کا فرد بنا دے، جس پر روح کی حکمرانی بھی ہو اور مذہب کی بھی، جس پر اخلاقیات کی گرفت بھی ہو اور بشریاتی رویوں کی بھی، تو اس سے ایک ایسے معاشرے کا تعین اور تشکیل کرنے میں معاونت ملے گی کہ جو تاریخ انسانی کو ایک ایسی سمت میں رو بہ سفر یا رو بہ عمل رکھنے میں کارگر ہو گی، جس سے انسانی تاریخ مادی رویوں سے ابھر کر روحانی رویوں کی اس یک جائی سے عبارت ہو سکتی ہے، جس سے تاریخ محض واقعات کا روزنامچہ نہیں بن سکتی، بلکہ اس

Marfat.com

سے اوپر اٹھ کر ایک ایسے علم کا پیش خیمہ قرار پائے گی، جس سے انسانی زندگی نئے آفاق کی دریافت اور تلاش میں سرگرم عمل رہ کر حقیقت مطلقہ کے اس تصور تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش اور کاوش کرے گی، جو مذاہب انسانیت کا بنیادی اور حقیقی مقصد ہے۔ آغا افتخار حسین کی کتاب قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ سے مندرجہ ذیل اقتباس کانٹ کے تصور تاریخ کو بڑی عمدگی سے واضح کر رہا ہے:

تاریخ کا مطالعہ کرنے سے کانٹ نے یہ تاثر لیا ہے کہ انسان پر زیادہ تر ظلم ہی ہوتا رہا ہے۔ غریب کا صدیوں استحصال ہوتا رہا اور بیشتر ملکوں میں اب بھی (یعنی اٹھارہویں صدی میں بھی) یہ ہو رہا ہے۔ یہ سراسر ناانصافی ہے اور قانون اخلاق کے منافی۔ یہ قدرت کا منشا نہیں ہوسکتا، چنانچہ کانٹ نے یہ نظریہ پیش کیا کہ تاریخ آہستہ آہستہ ظلم اور استحصال سے عدل و مساوات کی طرف بڑھ رہی ہے۔ انسان میں بعض پوشیدہ صلاحیتیں موجود ہیں، جو رفتہ رفتہ ظاہر ہو رہی ہیں۔ انسان کو عدل و انصاف کی ضرورت کا احساس زیادہ سے زیادہ ہو رہا ہے۔ سب انسان ذہنی طور پر برابر نہیں لیکن ہر انسان کو اس کی صلاحیتوں کو نشو و نما دینے کا موقع مساوی طور پر ملنا چاہیے۔ یہ صلاحیتیں، جن کی بنیاد اخلاق ہے، زیادہ سے زیادہ اجاگر ہو رہی ہیں، تاریخ کا رخ اسی سمت میں ہے۔ انسان زیادہ سے زیادہ روادار اور جمہوریت پسند ہوتا جا رہا ہے، یہ تاریخ کا ترقی پسند نظریہ ہے، جو اٹھارویں صدی میں مقبول تھا اور کانٹ نے اس کی تائید کی۔ البتہ کانٹ نے اس تاریخی عمل کو جاری رکھنے کے لیے بعض لوازمات پر زور دیا ہے۔ اس نے کہا کہ مذہب انسان کے لیے رحمت بن کر آیا ہے۔ بقول کانٹ حضرت مسیحؑ نے زمین پر خدائی حکومت قائم کرنے کی کوشش کی لیکن ان کے مقصد کو غلط سمجھا گیا اور ہم پر خدا کی حکومت کے بجائے پادری کی حکومت قائم ہوگئی۔ اسی طرح کانٹ سامراج اور نوآبادیت اور ہر قسم کے استحصال کا مخالف ہے۔ اس نے جمہوریت اور آزادی کی ضرورت پر زور دیا، جن کے بغیر ترقی کا عمل سست پڑ جاتا ہے۔ اس طرح کانٹ قوموں کو مجبور محض قرار نہیں دیتا۔ ترقی کے عمل کو جاری رکھنے میں انسان کی مساعی کو بہت دخل ہے۔[۲۲]

کانٹ کے تصور تاریخ میں بنیادی طور پر وہ سارے رویے ہمیں دکھائی دیتے ہیں، جو مسلمان فلاسفہ کے ہاں بھی موجود ہیں۔ اگر کچھ خرابی ہے تو یہ کہ وہ تاریخ کے بنیادی اور کلی تصور کو مختلف علوم و فنون کے مرحلے میں سے گزارنے کے بعد ایک فرد کی تشکیل کرتا ہے۔ علم اخلاقیات ہو یا علم بشریات ہو یا علم مابعد الطبیعیات ہو، یہ انسان کے نفسی، ذاتی اور موضوعی رجحانات کی تعبیر و تشکیل کرتے ہیں لیکن مذہب انسان کی تمام زندگی کے رویوں پر اسی طرح سے اثر انداز

Marfat.com

ہوتا ہے، جس طرح کہ وہ معاشرے کی مجموعی صورت پذیری میں، لہٰذا کسی بھی فرد یا معاشرے کی تشکیل میں مذہب کا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ دیگر علوم وفنون اس کے معاون تو ہو سکتے ہیں لیکن ان کی حیثیت اساسی اور بنیادی نہیں ہو سکتی۔

کانٹ کے ہاں چار علوم کی حیثیت اساسی ہے، جن میں مذہب کا نمبر دوسرا ہے۔ مذہب پر روحانی یا مابعد الطبیعیاتی رویے فوقیت رکھتے ہیں لہٰذا جہاں مذہب پر دوسرے کسی ایک یا ایک سے زائد علوم کو برتری حاصل ہو، وہاں مذہب اپنی ثانوی حیثیت کے باعث وہ کردار ادا نہیں کر سکتا، جسے عرف عام میں ضابطۂ حیات یا نظام حیات کہا جا سکتا ہے۔ لہٰذا جہاں فرد کی تشکیل یا معاشرے کی تشکیل یا معاشرے اور فرد کے باہمی تشکیلی تناظر میں تصور تاریخ کے اخذ و تشکیل کے عمل میں تاریخ کا تصور بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ تاریخ کے تصور کی یہ تاثر پذیری حقیقی علم کے اس بنیادی سرچشمے سے مملو نہیں ہوتی بلکہ اس کے بجائے وہ مختلف علوم کے ایک مدرسانہ نصاب کی صورت میں سامنے آتی ہے۔

مذہب، زندگی کے تمام رویوں میں رہ نمائی اور ہدایت کا کام سرانجام دیتا ہے۔ اس کی حیثیت نصابی کتاب جیسی بالکل بھی نہیں ہے۔ لیکن اگر مذہب سے نصابی کتاب کا کام لیا جائے تو مذہب کی الہامی صورت متاثر ہوتی ہے۔ کیا یہ ضروری ہے کہ کانٹ کے بتائے ہوئے چاروں علوم وفنون کے نصابی عمل سے گزرنے کے بعد کسی فرد کی انفرادی شخصیت کا بہتر اظہار یہ ممکن ہو سکے۔ مذہب وجدانی عمل کا نام ہے۔ یہ انسان کی تشکیل اور صورت گری میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، لیکن جس تاریخی تناظر کو ابھارنے اور جس طرح معاشرے کی تشکیل میں کانٹ نے مختلف علوم کے مراحل اور مختلف مراحل حیات کا ذکر کیا ہے، یہ ایک حیاتیاتی پراسیس ہے۔ تو کیا ایک حیاتیاتی عمل سے گزرنے کے بعد ایک انسان اپنی ذات کی تلاش کے اس انتہائی مقام پر پہنچ سکتا ہے، جسے عرفان ذات یا انکشاف ذات کے مرحلے سے تعبیر کیا جا سکے۔ یقیناً ایسا ممکن نہیں ...... اگر کوئی آدمی ایک مخصوص نصاب تعلیم یا نظام تربیت میں سے گزرنے کے بعد انسانیت کے اس اعلا درجے تک نہیں پہنچ سکتا، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے زیر اثر اور زیر بحث آنے والے علوم وفنون کے تربیتی یا نصابی مراحل میں کسی چیز کی کمی رہ گئی ہے اور وہ کمی صرف یہ ہے کہ مذہب کو تدریسی یا نصابی ضرورتوں کے مطابق متشکل نہ کیا جائے بلکہ اسے زندگی کے تمام تر رویوں میں اس انداز سے اثر انداز کیا جائے کہ وہ انسانی زندگی کو اپنی لپیٹ میں لے لے اور

Marfat.com

اس انسانی زندگی کے مذہبی معاملات کے حصار میں آ جانے کی وجہ سے انسانی زندگی مادی آلائشوں سے پاک اور منزہ ہو کر روحانی ارتقاع کی اس منزل کی طرف گامزن ہو جاتی ہے، جو تمام مذاہب کا بنیادی خاصہ ہے۔

کانٹ کے ہاں اس حیاتیاتی عمل کی وجہ سے مذہبی رویوں کی اس ارتقائی کیفیت کا ادراک اور اظہار نہیں ہو سکتا۔ اس کی کی وجہ سے، اس کے تصورِ تاریخ میں وہ رویے پیدا نہیں ہو سکتے یا نہیں ہو سکے، جو اسے مغربی فلاسفہ سے علیحدہ متشکل کرانے میں بنیادی کردار ادا کرتے۔ ڈاکٹر محمد معروف کے چند اقتباسات علامہ اقبال اور کانٹ کے درمیان فکری ابعاد کی بہت خوبصورت نشان دہی کرتے ہیں:

However, what is fundamentally different between Kant and Iqbal is the former's rejection of metaphysics as an impossibility. It was one of the ultimate conclusions drawn by Kant on the basis of his premises in the First Critique. He rejected the possibility of "Rational Cosmology"; "rational psychology" and "rational theology" which ultimately led him to the rejection of all metaphysical knowledge. But his conclusions were based on his initial supposed bifurcation between "Phenomenon" and "noumenon"., and that between, what he called, "sensible intuition" and intellectual intuition", which led him to the dogmatic conclusion that the "noumenon" was unknowable to the human reason. Iqbal, on the other hand, as said before, was led to emphasis the need for a rational or metaphysical basis for religion. He says, science may ignore a rational metaphysics; indeed, it has ignored it so far. Religion can hardly afford to ignore the search for a reconciliation of the oppositions of experience and a justification of the environment in which humanity finds itself. Thus for Iqbal what religion lacks today is a metaphysical foundation, and herein lies the fundamental difference between Kant and Iqbal.[23]

## (۲)

ہیگل (George Wilhelm Friedrich Hegel) نے کانٹ کے نظامِ فکر و فلسفہ اور مغرب کے قدیم فلسفیوں کے افکار و نظریات کے باہمی امتزاج پر اپنے فکر و فلسفہ کی بنیاد رکھی۔ لیکن اس نے محض ان فلسفیوں کے افکار کو یا کانٹ کے نظامِ فکر و فن کو اپنانے کی کوشش نہیں کی۔ یعنی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس نے کانٹ اور یونان کے قدیم فلسفیوں کے افکار سے اخذ و استفادہ کرنے کے بعد اپنے خیالات و تصورات کی روشنی میں ایک ایسا نظامِ فکر و فلسفہ مدون کیا، جس پر

Marfat.com

اس کے اپنے تعقلات کی روشنی سایہ فگن ہے۔ ہیگل کے تصورات میں بنیادی حیثیت اس کے تصور حقیقت مطلقہ کو حاصل ہے، جسے وہ کائنات کی بنیادی اکائی قرار دیتا ہے۔ اس کے دیگر تمام تصورات، چاہے ان کی نوعیت سیاسی ہو یا اخلاقی، چاہے وہ ریاست سے متعلق ہوں یا مجرد فلسفے کے مسائل ہوں، اس کے اندر جو روح کارفرما ہے، وہ اس کے تصورات حقیقت مطلقہ سے مستنیر ہے۔ اس کے دیگر تصورات کی طرح، اس کا جدلیاتی فلسفہ اور تصور ریاست بھی اس کے اسی تصور حقیقت مطلقہ سے روشنی کشید کر رہا ہے۔ اسی تصور حقیقت مطلقہ کا مظہر اس کا تصور تاریخ بھی ہے۔ ہیگل کے ہاں تاریخ اور سیاست کا دھارا بنیادی حیثیت کا حامل ہے۔ اس کے ہاں یہ دونوں رویے آزاد عقلی صورت میں روبہ عمل رہتے ہیں۔ سیاست کا نظام فکر و عمل اور تاریخ کا مجرد تصور دونوں کے ضمن میں وہ انسان کے افکار و نظریات کے آزاد عوامل کی کارفرمائی کو بنیادی اہمیت و حیثیت دیتا ہے۔ اس کے ہاں تاریخ کے تصور پر انسانی تعقل کی گرفت، اس تصور کے لیے موت کے مترادف ہے۔ وہ انسانی تصور فطرت اور تصور تاریخ کو ایک ایسے نئے آہنگ میں متشکل کرنے کے لیے کوشاں ہے کہ جو اسے حقیقت مطلقہ کے زیر اثر ایک ایسی تعبیر عطا کرے، جس کی روشنی میں ایک ماورائی قوت پورے کائناتی نظام کے پس منظر میں موجود ہو۔ اس کا اپنا ایک اقتباس ملاحظہ کریں:

> The only Thought which Philosophy brings with it to the contemplation of history, is the simple conception of Reason; that reason is the Sovereign of the World; that the history of the world, therefore, presents us with a rational process. This conviction and intuition is a hypothesis in the domain of history as such. In that of philosophy it is no hypothesis. It is there proved by speculative cognition, that reason-and this term may here suffice us, without investigating the relation sustained by the universe to the Divine Being-is substance, as well as infinite power; its own Infinite Material underlying all the natural and spiritual life which it originates, as also the Infinite form-that which sets this material in motion. On the one hand, reason is the substance of the Universe; viz., that by which and in which all reality has its being and subsistance.[24]

ہیگل ہی کی بات کو اسی کے حوالے سے مندرجہ ذیل اقتباس میں بڑے موثر پیرائے میں آگے بڑھایا گیا ہے، ملاحظہ کیجیے:

> The unfolding of freedom in the Philosophy of History embodies Hegel's logic of the dialectic. In the dialectic, as we explore an idea (thesis) we arrive at its limits and are necessarily drawn to a consideration of a

Marfat.com

diametrically opposed antithesis. The ensuing conflict between the thesis and antithesis leads to the contemplation of a new idea or synthesis which in turn may be taken as a thesis of another dialectical triad. For example, in The philosophy of history, the customary morality of the Greeks forms the starting point of a dialectical movement. The inadequacy of this 'thesis' was demonstrated by Socrates, who encouraged the Greeks to embrace independent thought. Customary morality collapsed, and individual freedom triumphed. Individual freedom is the 'antithesis' of customary morality. But this freedom is too abstract. Thus we can see that customary morality and individual freedom are too one-sided.They must be united in a manner that preserves the strong points of each.[25]

وہ ایک ایسی حقیقت مطلقہ کا یقین رکھتا ہے کہ جو اس کائنات کے عمل کے پس منظر میں موجود ہے اور جس کی وجہ سے اس کائنات کا نظام عمل رو بہ سفر رہتا ہے۔ وہ اسے خدا سے بھی تعبیر کرتا ہے اور اس کی یہ تعبیر اس کے تصور تاریخ کو مذہبی روایات کے تناظر میں متشکل کرتی ہے۔ جدلیات کا جو تصور ہیگل نے پیش کیا ہے، اس پر بات کرنے سے قبل آغا افتخار حسین کی کتاب میں سے ایک اقتباس ملاحظہ کریں کہ اس سے بات ذرا واضح انداز میں آگے بڑھتی ہے:

اب ذرا ہیگل کے فلسفۂ تاریخ کے اہم مضمرات پر غور فرمائیے:

پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئی شے، کوئی تصور اور کوئی واقعہ جامد نہیں ہے۔ ہر شے حرکت میں ہے۔ ہر تاریخی واقعہ ایک گزشتہ واقعے کا نتیجہ اور آنے والے واقعے کا پیش خیمہ ہے۔ کوئی شے ''آخری'' شے نہیں ہے۔ ''چناں نماند چنیں نیز ہم نہ خواہد ماند''۔ نہ کسی قوم کا عروج ہمیشہ رہے گا، نہ زوال۔ لیکن ہیگل کے نزدیک اس کا مطلب یہ نہیں کہ انسان یا کوئی قوم عروج و زوال کے بارے میں بالکل مجبور محض ہے۔ ہیگل نے انسان کو ''آزاد'' قرار دیا ہے، مجبور نہیں۔ انسان کی آزادی اسی وقت بار آور ہو سکتی ہے، جب وہ مشکلات اور ناسازگار حالات کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو، جب وہ رکاوٹوں کو دور کر سکے۔ تاریخ کی حرکت ہیگل کی نظر میں کچھ اس طرح ظہور پذیر ہوتی ہے کہ جب کوئی قوم ترقی کرتے کرتے ایک ایسی منزل پر پہنچ جاتی ہے، جہاں اس کی تمام صلاحیتیں بروئے کار آ جائیں تو یہ ایک اہم منزل ہوتی ہے۔ اس منزل پر پہنچ کر قانون جدلیت کے تحت ''نفی'' کا عمل شروع ہوتا ہے۔ یعنی یہ کہ قوم یہ محسوس کرتی ہے کہ اس کی تمام صلاحیتیں ابھر کر سامنے آ گئیں اور اس نے ایک خاص قسم کا طرز زندگی حاصل کر لیا۔ اب باقی کیا رہا؟ منزل تو حاصل ہو گئی، اب آگے تو کوئی منزل نہیں ہے۔ اس تصور کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قوم آہستہ آہستہ اپنے طرز زندگی سے اکتا جاتی ہے۔ ایک خاص طرز زندگی حاصل کرنے کے کچھ عرصے

Marfat.com

بعد اس میں جاذبیت باقی نہیں رہتی۔ جن قوانین اور اصولوں کو قوم نے عرصے کی جدوجہد کے بعد پروان چڑھایا تھا، وہ اسے فرسودہ معلوم ہونے لگتے ہیں اور آخر کار اس کے پاؤں کی زنجیر بن جاتے ہیں۔ اس طرح ایک تاریخی تصور کی نفی ہو جاتی ہے۔

اب دو صورتیں پیش آتی ہیں یا تو قوم اس نظام زندگی کو فرسودہ قرار دینے کے بعد اس کے خلاف ردعمل کا مظاہرہ کرتی ہے۔ اس کی خامیاں معلوم کر کے انھیں دور کرتی ہے، نئے حالات کے مطابق نئے قانون اور نئے اصول وضع کرتی ہے اور جو رکاوٹیں سامنے آئیں، انھیں دور کرتی ہے اور اس طرح ''منفی'' کیے ہوئے تصور کے ردعمل سے ایک نیا تصور یعنی مثبت تصور یا طرز زندگی پیدا کر لیتی ہے اور تاریخ کی ایک نئی منزل کی طرف گامزن ہو جاتی ہے۔ دوسری صورت میں وہ پرانے نظام کو فرسودہ قرار دینے کے باوجود اس کے خلاف ردعمل نہیں کرتی۔ وہ حالات پر قناعت کرتی ہے، تبدیلی نہیں لاتی اور پرانے نظام کے نقائص باقی رہتے ہیں اور ''منفی'' تصور منفی ہی رہتا ہے۔ اس طرح ایک لحاظ سے تصور کی ''موت'' واقع ہو جاتی ہے اور شاید قوم کی بھی۔

ہیگل کے نزدیک تاریخ کا عمل اور قوم کی زندگی اسی وقت ممکن ہے، جب جدید قدیم کی جگہ لیتا ہے۔ ایک تصور یا واقعہ ارتقا پذیر ہو کر اپنی نفی کرے اور اس نفی کے بعد دوسرا مثبت تصور یا واقعہ ظہور پذیر ہو اور پھر ان مثبت اور منفی تصورات اور واقعات کے اتصال سے ایک نیا تصور پیدا ہو۔ اس طرح عمل اور ردعمل کا سلسلہ جاری رہے اور بقول ہیگل ''روح عصر خود اپنی ذات سے مسلسل برسرپیکار رہے۔'' جہاں ایسا نہیں ہوتا، وہاں تاریخ کی حرکت رک جاتی ہے یا دوسرے الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ جو قومیں تاریخ کی اس حرکت میں حصہ نہیں لیتیں، انھیں تاریخ نظر انداز کر کے آگے بڑھ جاتی ہے، یہی جدلیت انسانی تاریخ کا مقسوم ہے۔[۲۶]

اس کا فکر و فلسفہ، مادی تعبیر کے اس کلی دائرے میں سرگرم کار نہیں رہتا بلکہ مادیت کی جدلیات سے نکل کر مذہب کی اس معنوی تفہیم سے ابھرتا ہے، جس کے پیچھے یا جس کے فکری تناظر میں یا پس منظر میں ایک خدائے مطلق کی ذات موجود ہوتی ہے۔ اس ذات کی موجودگی اس کے تصور تاریخ کو مادیت کی جدلیات میں گم ہونے سے بچا کر اسے مذہبی تیقن کے سلسلے میں پابند رکھتی ہے لیکن وہ اس کو مذہبی دائرے میں رکھنے کے باوجود اس کی اس سطح پر روحانی تعبیر پیش نہیں کرتا، جب کہ تاریخ کے مسلم مفکرین مثلاً ابن مسکویہ، ابن خلدون یا دیگر کے ہاں تاریخ کا تصور روحانی نظام کے زیر اثر رہتا ہے۔ لیکن ان مسلم فلاسفہ کے برعکس ہیگل کے ہاں مذہبی تصورات کی موجودگی کے باوجود تاریخ کے تصور کی اور حقیقت مطلقہ کی مادی تعبیر موجود ہے۔ اس مادی رویے کی

Marfat.com

موجودگی میں اس کا تصور تاریخ مادی اسباب و عوامل سے آگے نکل کر ان روحانی رویوں کو اپنے حصار میں نہیں لے سکتا یا نہیں لیتا، جو اس کے برعکس مسلم مفکرین کے ہاں دکھائی دیتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ صرف اس تصور کی مادی تعبیر ہے۔ اگر وہ اس تصور کی مادی تعبیر سے بچ کر نکلنے میں کامیاب ہو جاتا، تو اس کا تصور حقیقت مطلقہ مادی کے بجائے روحانی رویوں پر استوار ہوتا اور صرف اس ایک تصور کے روحانی رویوں پر استوار ہونے کی وجہ سے اس کے تصورات ہائے تاریخ، جمالیات، سیاست، ریاست اور ادب میں روحانی نظام فکر کی آمیزش ضروری تھی۔ اس پس منظر میں، اس کا تصور تاریخ زیادہ معنوی اور فکری پھیلاؤ سے مملو ہو جاتا، جو اب مادی جدلیات سے وابستگی کے سبب، اپنے معنوی تناظر کی اس وسعت سے ہم کنار نہیں ہو رہا، جسے صرف روح کی آمیزش سے، اس کے معنوی آفاق کو پھیلایا جا سکتا تھا۔ ہیگل کے فلسفۂ تاریخ کے بارے میں قاضی قیصر الاسلام نے بہت مختصر مگر انتہائی نپے تلے اور جامع الفاظ میں یوں اظہار خیال کیا ہے:

> ہر ریاست اپنے بطن میں مطلق تصور کے کچھ نہ کچھ پہلوؤں کو ضرور شامل رکھتی ہے، کیوں کہ مطلق تصور خود کو زمانی وقوعات کی صورت میں ظاہر کرتا رہتا ہے۔ جو قوم غالب قوم کی حیثیت سے تاریخ عالم کے ہر دور میں چھائی نظر آتی ہے، وہ ہی قوم دراصل اس امر کی بھی غماز ہوتی ہے کہ اس کے اندر تصور مطلق کے غالب عناصر موجود ہیں...... اور کسی باعث وہ اقوام میں ممتاز قوم کی حیثیت سے ابھر کر سامنے آتی ہے اور بالآخر یہی قوم اپنے اسی ممتاز تاریخی سفر کے ذریعہ روح عالم سے جا ملتی ہے۔ اپنے اپنے متعلقہ ادوار سے تعلق رکھنے والے غیر معمولی ذہانت اور صلاحیتوں کے حامل وہ افراد جو یکے بعد دیگرے ایک دوسرے پر غالب ہو کر تاریخ کے محیط پر سفر کرتے رہتے ہیں، دراصل یہی وہ عہد ساز شخصیتیں ہوا کرتی ہیں، جو تاریخ سازی کے عمل میں اپنا موثر کردار ادا کرتی ہیں...... اور اس طرح بالآخر ایک تاریخ بنتی چلی جاتی ہے۔ لہٰذا ہیگل کہتا ہے کہ تاریخ عالم اور سیاسی تاریخ دونوں ہی اساسی حیثیت کی حامل ہیں اور ایک دوسرے سے بڑی مماثلت رکھتی ہیں۔ تاریخ کے یہ دونوں ہی دھارے یعنی تاریخی اور سیاسی دھارے، آزاد عقلی تفاعل کی رہنمائی میں تاریخی واقعات کی ایک رو دھارے کو آگے کی جانب بڑھاتے رہتے ہیں۔ چنانچہ یہ کہنا درست نہیں کہ تاریخ کا تعین یونہی الل ٹپ طور پر اتفاقاً ہوتا چلا جاتا ہے۔ بلکہ یہ تعقل کی عقدہ کشائی کے نتیجے میں ظہور کرتی ہے اور اس طرح گویا ''تصور''، ''تعقل'' کے روپ میں ڈھلتا چلا جاتا ہے۔ آزادی ایک ایسا تصور ہے جو خارجی اور مظہری پیکروں میں ظاہر ہوتا ہے...... یہ عقل کے آئیڈیل کے مطابق ہی خود کو واقعیت کا روپ دیتی رہتی ہے۔

Marfat.com

آزادی کا تصور جو خدا کے ارادے یا الوہی ارادے سے مربوط ہوتا ہے۔ یہی تصور آزادی، الوہی ارادے کے مقاصد کو بھی عالمی تاریخ کے وسیلے سے پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے۔ اس سلسلے میں ہیگل کا نقطۂ نگاہ انتہائی رجائیت کا حامل نظر آتا ہے۔ کیوں کہ اس نقطۂ نظر کے تحت یہ کائنات ایک ایسے خدا کی تخلیق تصور کی جاتی ہے، جو معقول ہے اور ایک معقول نصب العین کی جانب نشان دہی بھی کرتا نظر آتا ہے (تصور مطلق...... خدا/الہ) اور جو ایک ایسی راہ عمل (تاریخی واقعات) پر چلنے کی تلقین کرتا ہے۔ جو اس معقول مقصد کے حصول کے لیے مناسب عمل ہے۔ یہ مفروضہ کہ خدا اس کائنات کے گنبد بیضوی پر سایہ کیے ہوئے ہے، ہیگل کو اس ایقان کی جانب لے جاتا ہے کہ اس کائنات میں جو کچھ بھی پیش آرہا ہے، وہ سب ہی کچھ درست اور برحق ہے...... یعنی یہ خیر، یہ عقل اپنی انتہائی مادی شکل میں، خدا ہی ہے...... اور خدا ہی اس کائنات کا ناظم و ناسخ ہے۔[۲۷]
علامہ اقبال کا یہ شعر ہیگل کے فکری اور علمی مقام و مرتبے کے بارے میں بہت واضح اشارات کا حامل ہے:

ہیگل کا صدف گہر سے خالی
ہے اس کا طلسم سب خیالی[۲۸]

(۷)

کارل مارکس (Carl Heinrich Marx) کے تصور تاریخ کو سمجھنے کے لیے اس کے اس بنیادی سوال کو سمجھنے کی ضرورت ہے، جو کہ وہ اپنی کتاب ''داس کیپٹل'' میں اٹھا چکا ہے۔ وہ سوال یہ ہے کہ انسان کی بنیادی ضروریات کیا ہیں؟ اس کے جواب میں اس نے کہا ہے کہ انسان کی بنیادی ضرورت یہ ہے کہ وہ زندہ رہنا چاہتا ہے اور اپنی نسل کو مسلسل رکھنا چاہتا ہے، زندہ دیکھنا چاہتا ہے۔ اگر تو اس کا جواب یہیں تک محدود رہتا تو یہ اس کے تصور تاریخ کی روحانی اقدار کو باہم آمیخت کر کے تشکیل انسانیت کے اس بنیادی رویے کی طرف گامزن رکھتا، جو تخلیق کائنات کا اصل اصول ہے۔ لیکن اس نے اس جواب کی تشریحات کے ضمن میں جن مادی عوامل کا ذکر کیا ہے، انھوں نے انسان کی معاشی، معاشرتی، سماجی اور سیاسی ضرورتوں کے تعین کے ساتھ ساتھ، انسان کی فکری سرگرمیوں کا دائرہ، روحانیت کے بجائے، مادیت کی طرف بڑھا دیا ہے۔ انسان کی ضروریات کے اس بنیادی سوال کے تناظر میں بتائے گئے جواب کا مادی ضرورتوں کے ساتھ انسلاک دراصل تاریخ کے دھارے کو روحانیت سے نکال کر مادیت کے ان اندھیروں میں گم کرنے کے مترادف ہے، جو ہمیں کارل مارکس کے ہاں دکھائی دیتا ہے۔

Marfat.com

کارل مارکس نے تاریخ کو انسانی معاشرے کی ان بنیادی کیفیتوں کا آئینہ دار کہا ہے، جن پر انسانی زندگی کی حیاتیاتی تشکیل و تعبیر ہوئی ہے۔ وہ انسانی معاشرے کو دو مختلف درجات میں تقسیم کرتا ہے۔ پہلا درجہ اس کے نزدیک معاشی اقدار سے متعلق ہے اور دوسرا درجہ سیاسی رویوں سے عبارت ہے۔ کارل مارکس کے تصور جدلیاتی مادیت کے حوالے سے قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ میں سے یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

> کارل مارکس کے فکر میں وہ گہرائی نہیں ملتی جو کانٹ یا ہیگل کے ہاں ملتی ہے لیکن مارکس کے فکر کی گیرائی نے انسانی زندگی کے بیشتر پہلوؤں کا احاطہ کرلیا۔ اس نے اپنے افکار عملی زندگی پر اس طرح منطبق کیے اور انھیں اس طرح عام فہم انداز میں پیش کیا کہ وہ بہ ظاہر کانٹ اور ہیگل کے افکار سے کہیں زیادہ موثر ثابت ہوئے۔ یوں مارکس، ہیگل کا خوشہ چیں ہے اور بہت حد تک اس سے متفق ہے۔ لیکن ہیگل نے جس قانون جدلیت کو زیادہ تر فکری اور تصوراتی دنیا تک محدود رکھا تھا (مادی دنیا کے بارے میں محض اشارے کیے تھے)، مارکس نے اسی قانون جدلیت کے ذریعے پورے طور پر مادی دنیا کی تشریح کی اور دعویٰ کیا کہ جدلیت کا قانون، مادی دنیا میں بھی جاری وساری ہے۔ اس لیے مارکس کے فلسفے کو ''جدلیاتی مادیت'' کہا جاتا ہے۔[۲۹]

بات واضح نہیں ہوگی جب تک کہ جدلیاتی مادیت کے اساسی قوانین نہ دیکھ لیے جائیں، لہٰذا اس حوالے سے ''روایاتِ فلسفہ'' سے یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

> (۱) کوئی شے قطعی، حکمی اور مطلق نہیں ہے۔ سب اشیا ہمہ وقت حرکت و تغیر میں ہیں۔ انجلس کہتا ہے:
>
> مادے کا بغیر حرکت کے تصور کرنا اتنا ہی محال ہے، جتنا کہ حرکت کا بغیر مادے کے تصور کرنا۔''
>
> یہی جدلیاتی مادیت پسندی کا پہلا قانون ہے۔ اس کی رو سے کوئی شے اپنی جگہ پر قائم نہیں رہتی۔ ہر شے، ہر وقت بدلتی رہتی ہے۔ ہر شے کا ماضی ہے، حال ہے، مستقبل ہے۔ کائنات کی کوئی شے اس عمل تغیر سے محفوظ نہیں ہے۔
>
> (۲) کائنات میں اشیا ایک دوسرے سے الگ تھلگ موجود نہیں ہیں بلکہ ہر شے دوسری پر اثر انداز ہو کر اس میں تغیر پیدا کر رہی ہے۔
>
> اس قانون کا اطلاق انسانی معاشرے اور علوم پر کیا جائے تو مفہوم ہوگا کہ سیاسیات، معاشیات، ادبیات، فنون لطیفہ وغیرہ کا آپس میں گہرا تعلق ہے اور ان کے عوامل و موثرات ایک دوسرے میں نفوذ کیے ہوئے ہیں۔ جدلی مادیت پسند کہتے ہیں کہ بورژوا اہل علم، ادب و علم کے مختلف

Marfat.com

شعبوں کو ایک دوسرے سے الگ الگ کر کے ان کا مطالعہ کرتے ہیں، اس لیے انتشار فکر کے شکار ہو جاتے ہیں۔

(۳) تیسرا قانون اضداد وہی ہے جو ہیگل کی جدلیات کا بھی اصل اصول ہے۔ یعنی ہر شے کے بطون میں اس کی ضد موجود ہے، جو بالآخر اس کی نفی کا باعث ہوتی ہے۔ یہی تضاد نیچر اور معاشرے میں عمل ارتقا کا محرک ہے۔ اشیا ہر کہیں اپنی اضداد میں بدلتی جا رہی ہیں۔ مثبت اور منفی میں ہر وقت کشمکش جاری رہتی ہے۔ تمام تغیر و تبدل اسی کشمکش کا نتیجہ ہے۔ اشیا متغیر ہوتی ہیں، کیوں کہ ان میں مثبت اور منفی کا تضاد موجود ہے۔

(۴) چوتھا قانون یہ ہے کہ ہر اثبات میں اس کی نفی موجود ہوتی ہے اور ہر نفی کی نفی ہو جاتی ہے۔ جس سے اثبات کا عمل دوبارہ شروع ہو جاتا ہے۔ جدلی مادیت پسندوں نے اس عمل کی معاشرتی ترجمانی یوں کی ہے کہ زرعی انقلاب کے بعد جاگیردارانہ نظام معاشرہ قائم ہوا۔ جاگیرداروں کو اپنا کام چلانے کے لیے روپے کی ضرورت تھی جو تاجر فراہم کرتے تھے۔ محنت و مشقت کا کام مزارعوں اور غلاموں کے سپرد تھا۔ یہ اس معاشرے کا اثباتی پہلو ہے لیکن اسی میں اس کی نفی بھی مضمر تھی۔ مرور زمانہ سے تجارت پیشہ طبقے نے اتنی قوت حاصل کر لی کہ انھوں نے جاگیرداروں کو کچل دیا۔ اب طاقت تاجروں یا بورژوا کے ہاتھوں میں آ گئی، صنعتی انقلاب کے بعد جا بجا کارخانے کھل گئے، جن میں کام کرنے کے لیے مزدوروں کی ضرورت تھی۔ مزدور اپنی وجہ معاش کے لیے سرمایہ دار کا محتاج تھا کیوں کہ جب تک وہ اپنی قوت بازو اس کے ہاتھ نہ بیچتا، اسے فاقے کرنا پڑتے تھے۔ چنانچہ مزدور کا مقام سرمایہ دارانہ نظام میں وہی ہے، جو جاگیردارانہ نظام میں مزارعوں یا غلاموں کا تھا۔ جاگیرداروں کی نفی بورژوا نے کی تھی۔ بورژوا کی نفی مزدور کریں گے۔ اس طرح نفی کی نفی ہو جائے گی اور معاشرہ انسانی ترقی کے راستے پر ایک قدم اور آگے بڑھائے گا۔[۳۰]

ہم دیکھتے ہیں کہ جب انسانی معاشرہ دو رویوں، یعنی معاشی اقدار اور سیاسی روایات پر استوار ہے اور دونوں رویے اپنی کلیت میں انسانی ضروریات کا مکمل ادراک نہیں کر پاتے تو ایسے فکری و معنوی تصور سے ابھرنے والا تصور تاریخ بھی ناقص ٹھہرتا ہے۔ سیاست اور معاش...... انسان کی بنیادی اور اساسی ضرورت نہیں ہے۔ انسان محض معاش اور سیاست کے باہمی تال میل سے پیدا ہونے والے رویوں کے زیر اثر زندگی نہیں گزار سکتا، اسے اپنی جذباتی زندگی کی تہذیب اور ترتیب میں کچھ ایسے فکری، روحانی اور مذہبی عناصر کی بھی ضرورت ہوتی ہے، جو اسے زندگی کے معاملات میں خوشی اور سرگرمی عطا کر سکیں۔ اگر معاملہ معاش اور سیاست تک محدود ہے تو

Marfat.com

معاشرے کا ایک بہت بڑا طبقہ معاشی اعتبار سے زندگی کے خط سے نیچے زندگی گزارتا ہے اور چند افراد کے علاوہ معاشرے کے تقریباً تمام لوگ سیاست سے غیر متعلق ہوتے ہیں۔ کوئی ایسا رویہ اور قرینہ نہیں ہوتا کہ جو انسانوں کی ایک کثیر تعداد کے دکھوں کا مداوا کر سکے۔ معاش اور سیاست انسانی زندگی کو ہیجان اور بے چینی و بے قراری سے دوچار کرتے ہیں۔

کارل مارکس نے اپنی کتاب داس کیپیٹل میں انسان کے تمام دکھوں کا مداوا معاش اور سیاست میں ڈھونڈنے کی کوشش کی ہے، حالانکہ انسان کے تمام دکھوں کا باعث ہی یہ دو رویے ہیں۔ اس مذہب کو افیون کہا ہے، حالانکہ مذہب انسان کی وہ بنیادی سرگرمی ہے، جو اس کے دکھوں کا مداوا یا تسکین، اس کے وجدانی رویوں کے تناظر میں اس طرح سے فراہم کرتی ہے کہ معاش کی تنگی یا سیاست کی شدت بھی اس کی جذباتی زندگی کو اپنی گرفت میں نہیں لے سکتی۔ انسان مالی طور پر تنگ دستی کا شکار رہتے ہوئے بھی اور سیاست کے جبر میں گرفتار ہوتے ہوئے بھی اچھی زندگی گزار سکتا ہے، بشرطے کہ اس کے پاس روحانی اور مذہبی نظام موجود ہو۔ اگر یہ نظام موجود نہ ہو تو سیاست اور معاش تو انسانی زندگی کو ایسی دلدل میں دھکیل دیتے ہیں کہ انسان اپنی بصارت اور بصیرت دونوں گم کر بیٹھتا ہے یا گم کر سکتا ہے۔ انسان اپنی کلیت اور فکری معنویت سے متصف نہیں ہو سکتا، جو اس کی زندگی کے اندر ایک ایسی سرگرمی کو جنم دیتی ہیں کہ جس سے اس کی زندگی کا تسلسل نہ صرف قائم رہتا ہے بلکہ اس کی نسل کا تسلسل بھی قائم رہ سکتا ہے۔

## (۸)

برگساں (Henry Bergason) نے براہ راست تصورِ تاریخ پر روشنی نہیں ڈالی لیکن مغربی فلسفیوں میں وہ واحد ایسا فلسفی ہے، جس کے تصورات سے علامہ اقبال کو بنیادی شغف رہا ہے۔ اس کے ہاں تصورِ زمان و مکاں کی حیثیت بنیادی ہے اور اس فلسفی سے علامہ اقبال کی دلچسپی کا باعث اس کے تصوراتِ ہائے زمان و مکاں تھے اور اس کے ساتھ ساتھ جو اس نے تخلیقی ارتقا کا تصور پیش کیا ہے، اس کے زیرِ اثر ضمنی اور ذیلی سطح پر تاریخ کے کچھ ایسے پہلو نمودار ہوتے ہیں کہ جن کو زیرِ بحث لایا جا سکتا ہے۔

علامہ اقبال کی دلچسپی اس کے تصوراتِ زمان سے ہے اور برگساں نے زمان کے تصورات پر اس درجے غور و فکر کیا کہ اس کی زندگی کا تیس چالیس سالہ زمانہ صرف اس ایک نکتے پر غور و فکر

Marfat.com

کرتے ہوئے گزرا کہ زمان کیا ہے اور اس کا اس کائنات میں کیا مقام و مرتبہ ہے۔ لہٰذا اس کے ہاں پائے جانے والے دیگر فلسفیانہ مسائل بھی براہ راست اسی مسئلے سے وابستہ ہیں۔ چاہے وہ مذہبی تعبیر و توجیہ کا مسئلہ ہو یا تخلیقی ارتقا سے متعلق اس کے تصورات ہوں، یہ تمام تصورات اس کے تصور زمان سے پھوٹتے ہیں۔ ان تصورات کے ذیلی اور فنی حوالوں سے اس کا تصور تاریخ نمایاں ہوتا ہے۔ اس نے اپنے تصور تخلیقی ارتقا میں تاریخ کی اس بنیادی اہمیت کا ادراک کیا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ انسان ایک جامد اور سکوت آشنا مذہب میں جنم لیتا ہے لیکن اگر اس کے فکری عوامل تحرک آشنا ہوں تو اس کا مذہب بھی حرکت کا آئینہ دار بن جاتا ہے۔ اس نے جمود آشنا مذہب کی تعبیر کرتے ہوئے کچھ اس نوعیت کی باتیں کی ہیں کہ انسان بنیادی طور پر سہولت پسند ہے اور جمودی یا جمود آشنا مذہب، اساطیری اور داستانوی عناصر پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ رویے انسانی تعقل کو اپنی گرفت میں رکھتے ہیں اور انسان اپنے بنیادی رویوں میں اساطیری اور داستانوی عناصر میں گم رہ کر سکون محسوس کرتا ہے لہٰذا وہ اس فکری اور حرکی تصور سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کرتا ہے، جو اسے عمل آشنا ہونے پر مائل کرے۔ سو ہر وہ فلسفی...... جو جمود آشنا مذہب سے حرکت آشنا مذہب کی طرف گامزن ہوتا ہے، اس کے ذہنی اور فکری رویے اس تحریک کو تخلیق کے اس بنیادی رویے سے متشکل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جو آفرینش کائنات سے زندگی کے لمحۂ موجود تک کی ایک تخلیقی سرگرمی یا تخلیقی حرکت کے طور پر روبہ عمل ہے۔ علامہ اقبال نے برگساں کے تصور حرکت اور تخلیقی رویے کے حوالے سے لکھا ہے کہ:

> برگساں کے نزدیک حقیقت ایک مسلسل بہاؤ (Flow) کا نام ہے۔ ایک مسلسل اور دائمی تکوین Becoming کا نام...... گویا برگساں حقیقت کا ادراک جس طرح کرتا ہے، اس کے مطابق حقیقت نام ہے مسلسل پیش قدمی کرنے والی تخلیقی حرکت کا۔[۳۱]

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ فلسفی جو تخلیقی سرگرمی اور تخلیقی تحرک کے تصورات رکھتا ہو، اس کے ہاں انسانی زندگی کے بنیادی رویوں میں تاریخ کا ضابطہ یا ضابطۂ اخلاق کبھی جمودی رویوں سے مملو نہیں ہوسکتا۔ جس فلسفی یا مفکر کے ہاں تاریخ حرکی اور تخلیقی سچائی اور اکائی کی صورت میں متشکل ہوتی ہے، وہاں وہ ان مذہبی قدروں کی آئینہ دار بن جاتی ہے، جو اسے حرکت آشنا رکھتی ہیں۔ برگساں نے اپنی کتاب اخلاقیات اور مذہب کے دو ماخذ میں بھی جن تصورات کا اظہار کیا ہے' اس کے زیر اثر تاریخ کی وجدانی سچائی کا ادراک ہوتا ہے، جو مذہب اور اخلاقیات کے ماخذات کی روشنی میں متشکل ہوتی ہیں۔

Marfat.com

قاضی قیصر الاسلام کے مطابق برگساں کے فلسفۂ مذہب کی ایک جھلک ملاحظہ کریں:

برگساں کے نظامِ فکر میں ہمیں جگہ جگہ ایک اپنے انداز کی ثنویت یا دوئیت نظر آتی ہے۔ چنانچہ اس کی مابعد الطبیعیات میں ذہن اور مادے کی ثنویت ملتی ہے۔ اس کے نظریۂ علم میں عقل و وجدان کی ثنویت موجود ہے (یا جسے عقل و جبلت / وجدان بھی کہہ سکتے ہیں) اس کے نظریۂ اخلاق میں پابند اور آزاد اخلاقی رویوں کی ثنویت نظر آتی ہے۔ اسی طرح اس کے فلسفۂ مذہب میں بھی...... ایک طرح کی ثنویت کارفرما ہے۔ یعنی ایک طرف تو اس کے یہاں ساکت و جامد مذہبی رویے ملتے ہیں تو دوسری طرف مذہب کی حرکی قوتیں باہم ثنویت تشکیل دیتی ہیں۔

۱۔ جامد و ساکت مذہب ...... مذہب کی پہلی صورت اساطیری قصص پر مشتمل عقائد کے مختلف سیٹوں سے تعلق رکھتی ہے، جو انسانی ذہن کی ایجادگری کا نتیجہ ہے، یہ مذہب اسے ورثے میں ملتا ہے۔ اس مذہب کے ذریعہ زندگی کی مختلف الجھنوں سے نجات کی راہیں تلاش کی جاتی ہیں، مثلاً اس اساطیری مذہب کے ذریعہ انسان اپنے سر پہ منڈلاتی موت کے خلاف نفسیاتی خوف کو دور کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ صرف انسان ہی وہ ہستی ہے، جو مذہبی اساطیر کو جنم دیتا رہتا ہے اور یہ جانتا ہے کہ شدید بیماری پر کیوں کر قابو پایا جا سکتا ہے۔ جب کہ اس کے برعکس تحت انسانی نوعیت کی تمام انواع حیات بالکل پرسکون زندگی گزارتے رہتے ہیں گویا یہ ناقابل فنا اور ابدی ہوں۔ انسان کہ جو اپنے مستقبل سے خوف زدہ رہتا ہے، مذہبی اساطیر تشکیل دیتا رہتا ہے تاکہ وہ اپنے مقدر سے مبارزت کے عمل کے ذریعہ اس طرح سرگرم پیکار رہ سکے کہ اپنے خودغرضانہ مفادات کی تکمیل میں ہمہ وقت کھویا رہے اور دوسروں کی بھلائی کے لیے کبھی کوئی کام انجام نہ دے سکے۔

۲۔ حرکی قوتوں کا حامل مذہب:...... یہ مذہب ایسے عقائد پر مشتمل ہوتا ہے کہ جو قوتِ حیات و جوشِ حیات کی تحریک پر وجود میں آتے ہیں، ان عقائد کا انحصار انسانی ارادے اور الوہی ارادے کی بین شناخت ہوا کرتا ہے اور ان ہر دو ارادوں کے اتحاد کے عمل سے ایک وحدت سری وجود پا جاتی ہے۔ جیسا کہ سینٹ پال اور سینٹ فرانسس کے متصوفانہ تجربات میں دیکھنے میں آتی ہے۔ یعنی ان سینٹس (Saints) کی روح کو ایک عجب سی غیر معین آواز سنائی تو دیتی رہتی ہے مگر یہ کہاں سے آتی ہے۔ اس کا انھیں کوئی علم نہیں ہوتا۔ تاہم اتصال الٰہیہ کے ذریعہ وحدت ذات کی لذت سے یہ صوفیا بہرہ مند ہونے لگتے ہیں۔ ایک صوفی اپنے ناقابل تقسیم عشق کے تجربے سے گزر کر پوری انسانیت کو اپنی ذات میں سمیٹ لیتا ہے اور بنی نوع انسان کے لیے نئی اقدار کا اعلان کرتا ہے تاکہ وہ اس راہ نیک پر چل کر ترقی کی منزلیں طے کرتی رہے اور پھر اس طرح

Marfat.com

انسانی فرد تطہیر نفس اور تنویر فکر کے عمل سے گزر کر خدا اور لافانیت کے رمز سے واقف ہو جائے۔ ایک صوفی ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ خود کو خداؤں کے مرتبے تک کیوں کر پہنچایا جا سکتا ہے، کیوں کہ کائنات کا بنیادی وظیفہ ہی یہ ہے کہ وہ خدا کو ساخت کرنے کی ایک مشین ہے۔ برگساں نے اپنی تصنیف تخلیقی ارتقا میں یہ بتایا ہے کہ خدا ہی عشق ہے مگر اس نے اپنی دوسری کتاب اخلاقیات اور مذہب کے دوماخذ میں یہ کہا ہے کہ الوہی عشق کی بجائے خود خدا ہے اور تخلیقی عشق کے ذریعہ ہی یہ کائنات عالم وجود میں آئی ہے...... یعنی دوسرے الفاظ میں یہ دنیا عشق الٰہی کا ہی اظہار ہے۔[۳۲]

ایک سچائی خدا ہے اور دوسری عشق۔ اس عشق کو وہ مختلف ناموں سے تعبیر کرتا ہے۔ کہیں یہ اکائی تخلیق کی حرکی صورت بن جاتی ہے، جس سے یہ نظام کائنات روز بہ روز، ہر لمحے ایک نئی صورت اوڑھے ہمارے سامنے آتا ہے۔ گویا دوسرے لفظوں میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا یہ فلسفہ علامہ اقبال کے اس شعر کی تعبیر ہے کہ:

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید
کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کن فیکون![۳۳]

اس صدائے کن فیکون کا عمل یا مادی اظہار انسانی زندگی کے حرکت آشنا ہونے سے عبارت ہے اور برگساں کے نزدیک یہی عشق ہے اور یہی جذبہ تخلیقی ہے اور یہی تخلیقی حرکت ہے اور یہی تخلیقی ارتقا۔ جس فلسفی کے ہاں تخلیقی سرگرمی موجود ہے، اس کے ہاں تاریخ کی معنی آفرینی کبھی جمود کا شکار نہیں ہو سکتی۔ فلسفۂ تاریخ میں بہت کچھ ہوتے ہوئے بھی ایک آنچ کی کمی رہ جاتی ہے اور وہ آنچ صرف یہ ہے کہ اس کا فلسفۂ تاریخ، وحی کے بنیادی تصور سے لگا نہیں کھاتا۔

(۹)

شپینگلر (Oswald Spengler) ایسا مغربی فلسفی ہے جس نے علامہ اقبال کو اپنے بعض فکری رویوں کے باعث بہت زیادہ متاثر کیا۔ اس کی کتاب زوال مغرب بنیادی اہمیت کی حامل ہے اور اسی کتاب میں شپینگلر نے اپنے تصور تاریخ کو مختلف رویوں اور مختلف حوالوں سے اجاگر کیا ہے۔ اس نے اس کتاب میں تہذیبوں کے عروج و زوال کی داستان بیان کی ہے اور اس داستان میں اس نے انسانی زندگی اور تصور تاریخ کے ان مراحل کا ذکر کیا ہے کہ جن کے گزرنے کے بعد کوئی بھی قوم، معاشرہ یا تہذیب اپنے تاریخی تناظر میں، اپنے بنیادی تصور تاریخ کے زیر

Marfat.com

اثر رہتے ہوئے عروج حاصل کرتے ہیں۔ اس نے یہ بھی بتایا ہے کہ کوئی قوم، معاشرہ یا تہذیب کن حوالوں سے زوال کا شکار ہوتی ہے۔ جابر علی سید لکھتے ہیں:

سپنگلر کی شہرۂ آفاق تصنیف کا اصل نام *Der Untergang Des Oberlandes* ہے، جس کا انگریزی ترجمہ ہے *The Decline of the West*۔ اس کا اُردو بدل زوال مغرب ہوگا۔ زوال مغرب ۱۹۱۸ء میں شائع ہوئی اور فوراً ہی زبردست مقبولیت حاصل کر لی۔ اس میں مغربی تہذیب کے زوال کی خبر دی گئی تھی اور اس کی ایک علامت تجریدی آرٹ بھی قرار دی گئی تھی۔ اس کے علاوہ زوال مغرب اکثر چونکا دینے والے نظریات پر مشتمل تھی۔ مثلاً:

۱۔ کوئی نئی تہذیب کسی گزشتہ تہذیب سے متاثر نہیں ہوتی بلکہ اپنی ذات اور خدوخال میں منفرد ہوتی ہے۔

۲۔ انسانی تہذیب کی بہار قرونِ وسطیٰ کا عہدِ فتوت (Age of Chivalry) تھی جس کے بعد خزاں کا دور شروع ہو گیا۔

۳۔ مغربی تہذیب کھوکھلی ہو چکی ہے۔ اس نے اپنی روح مشین کے میفسٹوفلیس کے ہاتھ بیچ دی ہے۔

۴۔ مغربی تہذیب کے کھوکھلے پن کی ایک علامت تجریدی آرٹ بھی ہے۔ اس میں قوت اور صلابت کا نام و نشاں تک نہیں ہے۔[۳۴]

شپینگلر کے نزدیک جب بھی کوئی قوم اپنے بنیادی تصورِ تاریخ کے اس مدار سے نکلتی ہے، جس کے گرد اس قوم، معاشرے یا مذہب کا حوالہ حرکت آشنا رہتا ہے، تو اسے زوال آ گھیرتا ہے۔ یعنی زوال کے لیے کسی قوم، معاشرے یا تہذیب کا اپنے تصورِ تاریخ سے انحراف بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ لہٰذا اس کتاب میں تصورِ تاریخ پر گفتگو کرتے ہوئے شپینگلر نے کہا ہے کہ تاریخ، تہذیب کی ان جمالیاتی کیفیتوں کے اظہار کا نام ہے، جو کسی بھی تہذیب کو ماضی سے مستقبل کی طرف سرگرم کار رکھنے میں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ وہ اس عمل کی تعبیر اور تشریح بھی کرتا ہے اور اس کی ضرورت اور معنویت پر زور بھی دیتا ہے کہ کوئی تہذیب اپنی معاصر دوسری تہذیب سے یا کوئی قدیم تہذیب کسی جدید تہذیب سے کیوں کر مختلف ہو سکتی ہے۔ وہ تہذیبوں کے اختلافات اور ان کے اشتراکات پر بھی گفتگو کرتا ہے۔ وہ تہذیبوں کے درمیان مکالمے اور ان کے درمیان متصادم رویوں سے بھی باخبر ہے۔ اسے معلوم ہے کہ تہذیبوں کے درمیان ہزار ہا اختلافات

Marfat.com

ہوتے ہوئے بھی ایک قدر مشترک ہوتی ہے۔ وہ ان مختلف مراحل اور مدارج کا ذکر کرتا ہے، جن کی روشنی میں کوئی بھی تہذیب اپنے تصور تاریخ کی روشنی میں عروج کے درجوں پر متمکن ہوتی ہے۔ اس کے نزدیک تاریخ کے ان مدارج پر متمکن ہونے کی بنیادی شرط یہ ہے کہ جب کوئی قوم اپنے ماضی کی اقدار، اقدار حیات، تہذیبی زندگی کے رویوں اور معاشرتی زندگی کے رویوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے اپنی تہذیب کے تصور تاریخ کی روشنی میں سرگرم کار رہتی ہے تو مدارج حیات میں اس کا پھیلاؤ اور نئے آفاق کی تلاش اس کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ لیکن جب بھی کوئی تہذیب اپنے تصور تاریخ سے ہٹ جائے یا اس کا تصور تاریخ اس کے پیش نظر نہ رہے، وہ قوم اپنے مدارج پر گامزن نہ رہ کر زوال آشنا ہو جاتی ہے۔ آغا افتخار حسین کے بقول:

شپینگلر کے نزدیک تاریخ تہذیبوں کے سلسلے کا نام ہے۔ ہر تہذیب کی اپنی خصوصیات ہوتی ہیں۔ جن کا اظہار اس کے ہر عمل میں ہوتا ہے اور اس طرح ہر تہذیب باقی تہذیبوں سے مختلف ہوتی ہے لیکن ان اختلافات کے باوجود تمام تہذیبوں میں ایک قدر مشترک ہوتی ہے۔ تمام تہذیبیں ان مدارج سے گزرتی ہیں، جن سے کوئی جان دار گزرتا ہے۔ مثلاً بچپن، جوانی، بڑھاپا اور موت۔ ہر تہذیب کا پہلا دور وحشیانہ یا جہالت کا دور ہوتا ہے۔ اس کے بعد وہ تہذیب ترقی کر کے ایک سیاسی نظام اختیار کر لیتی ہے اور علوم و فنون میں ترقی ہوتی ہے۔ شروع شروع میں علوم و فنون ذرا ادنیٰ درجے کے ہوتے ہیں۔ اس کے بعد کلاسیکی دور آتا ہے اور پھر عروج پر پہنچنے کے بعد زوال شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد پھر وحشیانہ دور واپس آ جاتا ہے اور آخر میں اس تہذیب کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ شپینگلر اصرار کرتا ہے کہ ہر تہذیب اور ہر قوم کے لیے ان مدارج سے گزرنا اور آخر میں مر جانا ضروری ہے۔ یہی نہیں، شپینگلر کہتا ہے کہ نہ صرف ان مدارج سے گزرنا اٹل ہے بلکہ ہر دور کی موت بھی متعین ہے۔ ہم حساب لگا سکتے ہیں کہ کون سا دور کتنا ہونا چاہیے، اس میں سے کتنا گزر گیا، کتنا باقی ہے۔ گویا یہ پیش گوئی کی جا سکتی ہے کہ کوئی تہذیب کتنی مدت میں جوان سے بوڑھی ہو جائے گی اور کب تک مر جائے گی۔ شپینگلر کے نزدیک مغربی تہذیب اپنے آخری دور میں ہے۔[۳۵]

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا تمام تہذیبیں اسی اصول کے تحت عروج کے درجات پر فائز ہوتی ہیں اور اسی اصول کی روشنی میں زوال آشنا ہو سکتی ہیں؟ جو بنیادی اعتراض یہاں پر پیدا ہوتا ہے، وہ یہ ہے کہ جس رویے کی طرف اس فلسفی نے اپنی مایہ ناز کتاب میں اشارہ کیا ہے، اس میں ایک بنیادی غلطی یا تسامح موجود ہے کہ اگر شپینگلر کے تصور تاریخ کی اس حقیقت کو مان لیا جائے

Marfat.com

تو اس کا تصور تاریخ روحانیت کے بجائے حیاتیاتی عوامل کا مظہر بن جاتا ہے لہٰذا اس حیاتیاتی پس منظر کی وجہ سے اس کے روحانی رویے متاثر ہوتے ہیں۔ روحانی رویوں کی اثر پذیری کی وجہ سے تصور تاریخ کا متاثر ہونا بنیادی شرط ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی تہذیب، کسی بھی عہد میں، یا کوئی بھی قوم یا معاشرہ کسی بھی دور میں، ایک ہی طرح سے عروج کی بلندیوں تک پہنچتا ہے اور بالکل ایک ہی طرح سے زوال آشنا ہو جاتا ہے، حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوتا۔ جب ہم اس تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ مختلف زمانوں میں تاریخ کے اسباب و عوامل، تاریخ کے عروج و زوال کی داستانیں مختلف طرح سے وقوع پذیر ہوتی ہیں۔ واقعات کا مختلف طرح سے وقوع پذیر ہونا دراصل اس کے وجدانی یا مابعد الطبیعیاتی تناظر کا اظہار یہ ہے اور لگے بندھے فطرت کے قوانین کی روشنی میں اس کا ایک طرح سے نمود پذیر ہونا ان مادی عوامل کا شاخسانہ ہے، جس کا اظہار ہم دن رات بدلتے ہوئے تناظر میں بہ آسانی دیکھ سکتے ہیں۔ لہٰذا تاریخ دن رات کا بدلنا نہیں ہے، یہ حالات اور واقعات کی صورت گری کا نام نہیں ہے، یہ ان حالات اور واقعات سے بڑھ کر کسی اور چیز کا نام ہے اور اس سے بھی بڑھ کر تصور تاریخ کا درجہ ہے، جس سے انسانی زندگی یا تہذیبوں کے مختلف رویوں کی تصویر کشی ہوتی ہے۔ علامہ اقبال کے شپینگلر سے اختلافات کے حوالے سے ڈاکٹر وزیر آغا کے مضمون میں سے یہ اقتباس انتہائی برمحل ہے:

> اپنے خطبات میں علامہ اقبال نے شپینگلر کے اس نظریے کو تو مان لیا کہ مغربی کلچر اصلاً کلاسیکی کلچر کی ضد تھا تاہم انھوں نے شپینگلر کی اس بات کو نہیں مانا کہ ہر کلچر ایک جزیرے کی طرح باقی کلچروں سے کٹا ہوتا ہے۔ اس سے علامہ اقبال کا مقصود فقط اس بات کا اظہار تھا کہ اسلامی کلچر ہی نے مغربی کلچر کو کروٹ دی ہے اور اگر شپینگلر کو مغربی کلچر، کلاسیکی کلچر کی ضد نظر آیا ہے تو مغربی کلچر کا یہ وصف بھی دراصل اس بغاوت ہی کا نتیجہ ہے، جو مسلمان نے یونانی افکار کے خلاف کی تھی۔ مراد یہ کہ مغربی تہذیب اور اس کی ''جہت'' مغربی علوم اور ان کا پھیلتا ہوا افق، مغربی انداز فکر اور اس کا استقرائی اور تجزیاتی انداز ...... یہ سب کچھ مغربی تہذیب کے فروغ سے پہلے اسلامی تہذیب میں موجود تھا اور وہیں سے سلطنت کی طرح دست بدست ہوتا ہوا مغرب کے ہاتھوں میں آیا۔ اقبال کہتے ہیں کہ یہ بات شپینگلر کے لیے قابل قبول نہیں ہو سکتی تھی، کیوں کہ اگر وہ اس بات کو مان لیتا تو اس کا وہ سارا نظریہ ہی باطل قرار پاتا، جو نہ صرف مختلف ثقافتوں کے درمیان ایک مستقل خلیج قائم رکھنے کا داعی ہے، بلکہ ثقافتوں کے ایک دوسری پر اثرات مرتسم کرنے کی حقیقت کو بھی نہیں مانتا۔[۳۶]

Marfat.com

جابر علی سید نے علامہ اقبال اور شپینگلر کے اتفاق و اختلاف کو بہت خوبصورت اور دل پذیر انداز میں سمیٹا ہے:

خدایان بحر و بر، شپینگلر جیسے مفکرین تاریخ بھی ہو سکتے ہیں اور ابن خلدون، گبن، ٹائن بی، ہیگل، فیور باخ، شلیئر مارخر، مارکس اور اقبال بھی۔ اور اقبال کا شپینگلر سے متاثر ہونا اتنا ہی ممکن، منطقی اور قرین قیاس ہے۔ جتنا اس کا زوال مغرب، سے ایک خاص مذہبی نکتے پر بے زاری کا اظہار کرنا اور اس کے خلاف اپنے ایک لیکچر کا اہم تتمہ تحریر کرنا۔ دونوں رویوں میں کوئی فطری اور منطقی تضاد نہیں ہے، بلکہ یہ ایک بڑے مفکر اور حوصلہ مند مسلمان فلسفی کی توازن پسندی اور جامعیت کا معمولی سا ثبوت ہے۔[۳۷]

شپینگلر کے تصور تاریخ میں بہت سے رویے درست انداز میں موجود ہیں۔ مگر ایک رویہ بلکہ بنیادی رویہ، جسے ہم اس کی فکری کوتاہی سے تعبیر کر سکتے ہیں، یہی ہے کہ اس کے تصور تاریخ کی بنیاد، اس حیاتیاتی عمل پر ہے، جسے روحانی ارتفاع میسر نہیں ہے اور اس روحانی ارتفاع کے میسر نہ ہونے کی وجہ سے تصور تاریخ، مادیت کی گتھیوں میں الجھ کر رہ جاتا ہے اور مادیت کے معاملات میں اس انداز سے الجھ جانے کے سبب حقیقت کی وہ تعبیر ہاتھ نہیں آتی، جو دراصل انسانی رویے اور انسانی عمل کی یا انسانی تخلیق کی بنیادی اکائی ہے۔ یا ہم اسے انسانی تخلیق کا بنیادی سبب قرار دیتے ہیں، جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہوتا ہے کہ:

ترجمہ: ''میں نے جنات اور انسانوں کو محض اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ صرف میری عبادت کریں۔''[۳۸]

شپینگلر کے تصور تاریخ میں جو خامیاں در آئی ہیں، ان میں سے چند ایک کی جھلک اس اقتباس میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے:

شپینگلر کے نزدیک تاریخ کا عمل جبری ہے، اسی طرح وہ تاریخی جبریت کا قائل ہے۔ اسی لیے اس کی شہرۂ آفاق تصنیف زوال مغرب پر پژمردگی اور مایوسی چھائی ہوئی ہے۔ وہ تمدن کے تنزل پذیر مرحلے کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ بڑے بڑے شہر ابھر آتے ہیں اور شہریوں کا تعلق دیہات سے منقطع ہو جاتا ہے۔ سیم و زر کی پرستش عام ہو جاتی ہے اور مقصود بالذات دولت اور حکومت لازم و ملزوم ٹھہرتے ہیں۔ ادب و فن میں تخلیقی روح فنا ہو جاتی ہے اور احیائے مذہب کی کوششیں عام ہو جاتی ہیں۔ اس طرح تخلیقی عنصر کا فقدان تمدن کے خاتمہ کا اعلان کرتا ہے۔ شپینگلر کی تصنیف میں تمدن مغرب کے زوال کا تجزیہ اہم نہیں ہے۔ اہم حقیقت یہ ہے کہ اس کے سامنے تمدن کے زوال کے اسباب کی کوئی سائنسی توجیہ نہیں تھی اور تنزل کے

Marfat.com

اس تسلسل کو توڑنے کا کوئی قانون اور انحطاط کے اعادہ سے نجات کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ اس لیے اس کا تاریخی تجزیہ ایک بیان محض بن کر رہ گیا ہے۔[۳۹]

یہ بات دراصل اس تصورِ تاریخ کو سمجھنے کے لیے بنیادی فریم ورک مہیا کرتی ہے۔ انسانی زندگی کا بنیادی مقصد ذریعۂ معاش کی تلاش نہیں ہے، انسانی زندگی کی بنیادی قدر یا اکائی روزمرہ زندگی کے معاملات کی جدلیاتی یا مادی تعبیر نہیں ہے، بلکہ انسان کی تخلیق کا بنیادی مقصد، قرآن کے نزدیک اور علامہ اقبال کے الفاظ میں، ان کی نظم ''تخلیق'' میں کچھ یوں جلوہ گر ہے:

جہانِ تازہ کی افکارِ تازہ سے ہے نمود
کہ سنگ و خشت سے ہوتے نہیں جہاں پیدا
خودی میں ڈوبنے والوں کے عزم و ہمت نے
اس آبِ جو سے کیے بحرِ بے کراں پیدا
وہی زمانے کی گردش پہ غالب آتا ہے
جو ہر نفس سے کرے عمرِ جاوداں پیدا
خودی کی موت سے مشرق کی سرزمینوں میں
ہوا نہ کوئی خدائی کا رازداں پیدا
ہوائے دشت سے بوئے رفاقت آتی ہے
عجب نہیں ہے کہ ہوں میرے ہم عناں پیدا[۴۰]

اگر اسے حیاتیاتی، مادی یا حسیاتی عمل کا مرہونِ منت قرار دیا جائے تو پھر اس کے اندر تخلیق کی وہ سرگرمی یا اس کی ارتقائی کیفیت یا تاثر پذیری یا وسعت آشنائی پیدا نہیں ہو سکی، جسے ہم آفاقیت یا ہمہ گیریت سے تعبیر کرتے ہیں۔

تاریخ معاشی پیداوار کی کہانی نہیں ہے اور نہ ہی وہ سیاست کی غلام گردشوں کی داستان ہے۔ تاریخ انسان کے داخلی اور خارجی رشتوں کے ان مطالعاتی افادات کا نام ہے، جو اس کے جسم اور روح کی یکتائی سے متشکل ہوتے ہیں۔ اگر تاریخ اور تاریخ کا تصور صرف خارجی معاملات کی تعبیر اور تفہیم سے متعلق ہو جائے تو اس کے روحانی اور داخلی رشتے کمزور پڑ جاتے ہیں۔ اگر تاریخ محض باطنی کیفیات کے اظہاریوں سے عبارت ہو جائے تو خارجی زندگی کا تمام تر سرمایہ بے معنی ہو کر رہ جائے گا۔ لہٰذا داخل اور خارج کی باہمی یک جائی یا مادے اور روح کی

Marfat.com

باہمی کیفیات کا انسلاک اس حقیقی تصور تاریخ میں اجالنے میں بنیادی کردار ادا کر سکتا ہے، جو انسانی زندگی میں ہبوط آدم سے لے کر آج تک مروج ہے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ مغرب کے تصور تاریخ میں ایک بنیادی خرابی رہی ہے۔ تھیلیز سے لے کر عہد جدید کے فلاسفہ تک جن لوگوں بھی نے تاریخ پر اپنے نظریات اور خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ تصور تاریخ کی اس بنیادی سچائی اور صداقت کو پانے اور اجالنے میں ناکام رہے ہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان کی توجہ تاریخ اور تصور تاریخ کے کسی ایک عنصر پر زیادہ رہی ہے اور دوسرے پر کم یا بالکل نہیں۔ جہاں پر بھی انھوں نے روح کی وجدانی کیفیتوں کو مرکز نگاہ بنایا ہے، وہاں اس کا مادی پہلو متاثر ہوا ہے اور جہاں انھوں نے صرف مادی رویوں کی کارگزاریوں کو تاریخ کے تصور کا نام دیا ہے، وہاں روحانیت کا سایہ میسر نہ ہونے کی وجہ سے اس کی بنیادی اقدار متاثر ہوئی ہیں۔

علامہ اقبال مغرب کے فلسفیوں کے اجزا سے، اجزائے ترکیبی سے جزوی طور پر متاثر ہوئے ہیں اور انھوں نے کہیں کہیں ان سے اخذ و استفادہ بھی کیا ہے۔ لیکن پوری تہذیب کے کسی بھی فلسفی کی تمام فکری اساس سے کلیت کے ساتھ ان کا متاثر ہونا ممکن نہیں رہا۔ کوئی بھی مفکر، فکر اور تصور تاریخ اپنی کلیت کے ساتھ علامہ اقبال کو متاثر نہیں کر سکا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان کے تصور ہائے تاریخ کی بنیاد ان داخلی اور خارجی رشتوں پر استوار نہیں ہے، جن سے انسانی زندگی متشکل ہوئی ہے اور جن پر انسانی زندگی کا نظام قائم ہے۔

❁…❁…❁

## حوالے و حواشی

۱- محمد حسن عسکری، جدیدیت، نقوش پریس، لاہور، ۱۹۷۹ء، ص ۲۲-۲۴۔

2- Guthrie, W. K. C., *The Greek Philosophers*. Methren Co Ltd., London, 1976, p-212.

۳- علی عباس جلالپوری، روایات فلسفہ، المثال، لاہور، ۱۹۶۹ء، ص ۳۰۔

۴- ایضاً، ص ۱۰۔

Marfat.com

۵- ایضاً،ص ۴۵۔
۶- عائشہ بیگم،تاریخ اور سماجیات،قومی کونسل برائے فروغ اُردو،نئی دہلی،۲۰۰۳ء،ص ۱۹۔
۷- غلام جیلانی برق،ڈاکٹر،یورپ پر اسلام کے احسانات،شیخ غلام علی اینڈ سنز،لاہور،۱۹۷۵ء، ص ۲۸،۲۹۔
۸- رابرٹ بریفالٹ،تشکیل انسانیت،اُردو ترجمہ عبدالمجید سالک،مجلس ترقیِ ادب،لاہور،۱۹۹۴ء،ص ۲۳۵۔۲۶۱۔
۹- قیصر الاسلام،قاضی،تاریخ فلسفۂ مغرب،حصہ اوّل،نیشنل بک فاؤنڈیشن،اسلام آباد، ۲۰۰۲ء، ص ۳۱۳،۳۱۴۔
۱۰- بشیر احمد ڈار،حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق،ادارۂ ثقافت اسلامیہ،لاہور،۱۹۹۵ء،ص ۲۸۔
۱۱- نصیر احمد ناصر،ڈاکٹر،سرگزشت فلسفہ،حصہ اوّل،فیروز سنز،لاہور،۱۹۹۱ء،ص ۷۵،۷۶۔
12- Nigosian, S. A., *World Religions,* McMillan Press, New York, 2000, p-129,130.
۱۳- بشیر احمد ڈار،حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق،ص ۱۸،۱۹۔
۱۴- ایضاً،ص ۱۳۳۔
۱۵- ایضاً،ص ۱۵۰،۱۵۱۔
۱۶- مہر عبدالحق،ڈاکٹر،ہندو صنمیات،بیکن بکس،ملتان،۱۹۹۳ء،ص ۲۱،۲۲۔
۱۷- ایضاً،ص ۲۷۔
۱۸- قیصر الاسلام،قاضی،تاریخ فلسفۂ مغرب،حصہ اوّل،ص ۳۴۶،۳۴۷۔
۱۹- امین احسن اصلاحی،فلسفے کے بنیادی مسائل،فاران فاؤنڈیشن،لاہور،۱۹۹۱ء،ص ۱۹۰۔
20- Warrington, Hughes, *Fifty Key Thinkers of History,* Routledge, London, 2000, p-180.
۲۱- قیصر الاسلام،قاضی،تاریخ فلسفۂ مغرب،حصہ اوّل،ص ۳۴۷۔
۲۲- آغا افتخار حسین،قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ،مجلس ترقی ادب، لاہور،۱۹۹۲ء،ص ۹۱۲۔
23- *Iqbal Review,* Iqbal Academy Pakistan, Lahore, October 1983, p-72.
24- Hegel, George Welhelm Friedrich, *The Philosophy of History,* Dores Publications, New York, 1956, p-9.
25- Warrington, Hughes, *Fifty Key Thinkers of History,* p-140.
۲۶- آغا افتخار حسین،قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ،ص ۱۹۶،۱۹۷۔

Marfat.com

۲۷- قاضی قیصر الاسلام، قاضی، تاریخ فلسفۂ مغرب، حصہ اوّل، ص ۳۸۷۔
۲۸- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص ۴۸۰۔
۲۹- آغا افتخار حسین، قوموں کے شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ، ص ۱۹۸۔
۳۰- علی عباس جلالپوری، روایات فلسفہ، ص ۱۴۲، ۱۴۳۔
۳۱- محمد اقبال، مطالعۂ بیدل: فکر برگساں کی روشنی میں، ترتیب و ترجمہ: ڈاکٹر تحسین فراقی، یونیورسل بکس، لاہور، ۱۹۸۸ء، ص ۲۹، ۳۰۔
۳۲- قیصر الاسلام، قاضی، تاریخ فلسفۂ مغرب، حصہ اوّل، ص ۴۶۴، ۴۶۵۔
۳۳- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۳۲۰۔
۳۴- جابر علی سید، اقبال: ایک مطالعہ، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۱۲۹، ۱۳۰۔
۳۵- آغا افتخار حسین، قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ، ص ۳۰۶۔
۳۶- وحید قریشی، ڈاکٹر، (مرتب)، منتخب مقالات: اقبال ریویو، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۸۳ء، ص ۱۷۶۔
۳۷- جابر علی سید، اقبال: ایک مطالعہ، ص ۱۳۴۔
۳۸- تفسیر احسن البیان، اردو ترجمہ: مولانا محمد جونا گڑھی، دارالسلام پبلشرز، ریاض، سعودی عرب، ۱۹۹۸ء، ص ۱۲۲۸۔
۳۹- ثاقب رزمی، سائنسی فکر اور ہم عصر زندگی، نگارشات، لاہور، ۱۹۸۸ء، ص ۲۰۸، ۲۰۹۔
۴۰- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۵۶۲، ۵۶۳۔

Marfat.com

باب چہارم

# علامہ اقبال کا تصورِ تاریخ

علامہ اقبال برصغیر میں پیدا ہونے والے چند بڑے مفکرین میں سے ایک ہیں۔ وہ اتنے بڑے مفکر ہیں کہ ان کے تمام تر علمی اور فکری موضوعات کا احاطہ ایک جست میں تو شاید ممکن ہی نہیں اور یہ ایک شخص کے بس کی بات بھی نہیں کہ وہ ان کے افکار کی تمام جہتوں کا ادراک کر سکے۔ ہر دور میں مختلف الخیال لوگوں نے اپنے اپنے انداز اور اپنے اپنے مطالعاتی افادات کے اعتبار سے فکر اقبال کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ کوئی شخص بھی مجموعی حوالے سے فکر اقبال کی تفہیم اور ترویج کا دعوے دار نہیں ہو سکتا۔ فکر و کلام اقبال کی بے پناہ جہتیں ہیں۔ کوئی بھی اپنے ذوق کے مطابق ان کی شاعری کے کسی ایک رخ پر زیادہ مطالعہ کر لیتا ہے لیکن دوسری بے پناہ جہتیں رہ جاتی ہیں۔ علامہ اقبال، مغرب و مشرق کے اتنے بڑے جامع ہیں کہ ان کے ہاں یہ دونوں دھارے باہم ملتے ہوئے، واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ اس لیے اقبالیاتی فکر کی تفہیم و تشریح کے لیے بیک وقت کئی ایک علوم و فنون میں مہارت لازمی امر ہے۔ بیسویں صدی میں اقبالیات میں جو ماہرین سامنے آئے، وہ اپنی تمام تر علمی و فکری جامعیت کے باوجود اقبال کی کلی تفہیم کا حق ادا نہیں کر سکے۔

عام طور پر صاحبان علم اقبال کے بنیادی تصورات سے واقفیت رکھتے ہیں، جیسے تصورِ خودی و بے خودی، تصور مرد مومن، تصور عشق و عقل اور چند دوسرے تصورات۔ مگر بعض تصورات اقبال پر توجہ نہیں دی گئی، جو حقیقتاً فکر اقبال میں بنیادی اور اساسی نوعیت کے حامل ہیں۔ مثال کے طور پر ان میں سے ایک تصور تاریخ ہے۔ غالباً فکر اسلامی کی تاریخ میں علامہ اقبال پہلے مفکر ہیں، جنھوں نے علم اور اس کے مالہ و ماعلیہ کو سمجھنے کے لیے قرآن مجید کو بنیاد بنایا۔ اس حوالے سے روز گار فقیر اور تشکیلِ جدید الٰہیات اسلامیہ سے ایک ایک اقتباس ملاحظہ کریں:

ڈاکٹر صاحب (علامہ اقبال) اپنی میکلوڈ روڈ والی کوٹھی میں قیام فرما تھے، اس زمانے میں ڈاکٹر صاحب کی قیام گاہ پر ایک نئے ملاقاتی آئے، ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ اتنے میں انھوں

Marfat.com

نے ڈاکٹر صاحب سے ایک سوال کر دیا، کہنے لگے ''آپ نے مذہب، اقتصادیات، سیاسیات، تاریخ اور فلسفہ وغیرہ علوم پر جو کتابیں اب تک پڑھی ہیں، ان میں سب سے بلند پایہ اور حکیمانہ کتاب آپ کی نظر سے کون سی گزری ہے؟'' ڈاکٹر صاحب اس سوال کے جواب میں کرسی میں سے اٹھے اور نووارد ملاقاتی کی طرف ہاتھ کا اشارہ کیا کہ تم ٹھہرو میں ابھی آتا ہوں، یہ کہ کر وہ اندر چلے گئے، دو تین منٹ میں واپس آئے تو ان کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی۔ اس کتاب کو انھوں نے اس شخص کے ہاتھوں پر رکھتے ہوئے فرمایا ''قرآن مجید''[1]

''لہٰذا اس سے بڑی غلط بیانی اور کیا ہو سکتی ہے کہ قرآن پاک میں کوئی ایسا خیال موجود نہیں جو فلسفۂ تاریخ کا سرچشمہ بن سکے، حالانکہ بہ نگاہ حقیقت دیکھا جائے تو ابن خلدون کا مقدمہ سرتاسر اس روح سے معمور ہے، جو قرآن کی بدولت اس میں پیدا ہوئی، وہ اقوام وامم کے عادات وخصائل پر حکم لگاتا ہے تو اس میں بھی زیادہ تر قرآن پاک ہی سے استفادہ کرتا ہے۔[2]

گویا ان کے نظریۂ علم کی تشکیل میں قرآنی تعلیمات کو بنیادی اور اساسی اہمیت حاصل ہے۔ قرآن کریم میں علم اور حصول علم کے ذرائع کو تین بڑے مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے:

۱- انسانی داخلیت

۲- فطرت اور کائنات کا مشاہدہ

۳- تاریخ

انسانی داخلیت میں وہ تمام رویے آتے ہیں، جو انسانی ضمیر سے متعلق ہیں۔ مثلاً وجدانی اور مکاشفاتی تجربات، علوی جذبات اور فکری محسوسات وغیرہ۔ قرآنی نظریۂ تعلیم کا دوسرا مرحلہ کائنات صغیر یعنی انسانی ضمیر کے باہر پھیلے ہوئے ماحول کے مشاہدے پر مبنی ہے۔ قرآن کریم میں ارکان اسلام کی تعلیمات کے بعد سب سے زیادہ زور مشاہدۂ کائنات اور تسخیر کائنات پر دیا گیا ہے۔ گویا انسان کے داخل اور خارج کے باہمی اتصال سے علم کے دو ذرائع حاصل ہوتے ہیں اور یہی وہ بنیادی ذرائع ہیں، جو حصول علم کی مجموعی قدر و قیمت کا تعین کرتے ہیں۔ علامہ اقبال کے خیال میں:

اس لحاظ سے دیکھا جائے تو یوں نظر آئے گا، جیسے پیغمبر اسلام کی ذات گرامی کی حیثیت دنیائے قدیم اور جدید کے درمیان ایک واسطہ کی ہے۔ بہ اعتبار اپنے سرچشمۂ وحی کے، آپ کا تعلق دنیائے قدیم سے ہے، لیکن بہ اعتبار اس کی روح کے دنیائے جدید سے۔ یہ آپ ہی کا وجود ہے کہ زندگی پر علم وحکمت کے وہ تازہ سرچشمے منکشف ہوئے، جو اس کے آئندہ رخ کے

Marfat.com

عین مطابق تھے۔ لہٰذا اسلام کا ظہور جیسا کہ آگے چل کر خاطر خواہ طریق پر ثابت کر دیا جائے گا، استقرائی عقل کا ظہور ہے۔ اسلام میں نبوت چوں کہ اپنے معراج کمال کو پہنچ گئی ہے لہٰذا اس کا خاتمہ ضروری ہو گیا۔ اسلام نے خوب سمجھ لیا تھا کہ انسان ہمیشہ سہاروں پر زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ اس کے شعور ذات کی تکمیل ہو گی تو یوں ہی کہ وہ خود اپنے وسائل سے کام لینا سیکھے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اگر دینی پیشوائی کو تسلیم نہیں کیا، یا موروثی بادشاہت کو جائز نہیں رکھا، یا بار بار عقل اور تجربے پر زور دیا، یا عالم فطرت اور عالم تاریخ کو علم انسانی کا سرچشمہ ٹھہرایا تو اس لیے کہ ان سب کے اندر یہی نکتہ مضمر ہے، کیوں کہ یہ سب تصور خاتمیت ہی کے مختلف پہلو ہیں۔ لیکن یہاں یہ غلط فہمی نہ ہو کہ حیات انسانی اب واردات باطن سے، جو بہ اعتبار نوعیت، انبیا کے احوال و واردات باطن سے مختلف نہیں، ہمیشہ کے لیے محروم ہو چکی ہے۔ قرآن مجید نے ''انفس و آفاق'' دونوں کو علم کا ذریعہ ٹھہرایا ہے اور اس کا ارشاد ہے کہ آیات الٰہیہ کا ظہور محسوسات و مدرکات میں، خواہ ان کا تعلق خارج کی دنیا سے ہو یا داخل کی، ہر کہیں ہو رہا ہے۔[۳]

علم کا تیسرا ذریعہ، تاریخ انسان کی داخلی اور خارجی کشمکش سے جنم لیتا ہے۔ یہ ذریعہ، کائنات کبیر اور کائنات صغیر [انسان] سے اس قدر جڑا ہوا ہے کہ ان دونوں کے بغیر اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ تاریخ ایک طرف کائنات سے مربوط ہے اور دوسری طرف انسان کے ساتھ اور ان دونوں کی باہمی یک جائی سے اس کے فکری اصول مرتب ہوئے ہیں۔ جبھی تو یہ ذریعہ انسانی شعور کی کلی روایت کا آئینہ دار بھی ہے۔ اقبال کے بقول:

قرآن پاک نے تاریخ کو ایام اللہ سے تعبیر کیا اور اسے علم کا ایک سرچشمہ ٹھہرایا ہے۔[۴]

علم کا یہ تیسرا ذریعہ ہبوط آدم سے لے کر زندگی کے مختلف ادوار سے ہوتا ہوا ابد کی طرف رواں دواں ہے۔ اسلام سے ماقبل تاریخ کو کسی بھی مذہب اور ملت میں علم کا اساسی ذریعہ قرار نہیں دیا گیا تھا، بلکہ داخل و خارج کے باہمی آہنگ سے مرتب رویے کو ہی علم کی بنیاد سمجھا گیا اس لیے ان ملتوں اور مذاہب میں تاریخ کی اس طرح صورت گری نہیں ہوئی، جس طرح اسلامی نظام فکر میں اس کی بنیادی حیثیت کو دریافت کیا گیا ہے۔ اسلام میں تاریخ کو بنیادی اور اساسی ذریعۂ علم قرار دے کر اس کی اصولی صورت کا تعین کیا گیا ہے اور تاریخ کو محض حوادث کائنات اور سلسلۂ روز و شب ہی سے مربوط نہیں کیا گیا، بلکہ اسے فکر اسلامی کی روایت پر اس اصل اصول سے تعبیر کیا گیا، جو حقیقی تصور زندگی کی بنیاد ہے۔ تاریخ کے مختلف نظریات کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اقبال سے قبل کسی بھی مسلمان مفکر نے تاریخ کو ذریعۂ علم نہیں سمجھا۔ بنوامیہ کے

Marfat.com

عہد سے لے کر، عہد جدید تک چوں کہ مسلم معاشرے میں خلافت کا نظام مروج نہیں رہا، اس لیے ملوکیت کی اثر اندازی نے اسلامی تصور حقیقت کو تاریخ سے مربوط نہیں رہنے دیا۔ ان ادوار میں آنے والے مسلم مفکرین، تاریخ کے تصور کو جس زاویۂ نظر سے دیکھتے رہے، وہ قرآن کے تصور تاریخ سے براہ راست مستفاد نہیں رہا۔ ابن خلدون جیسے تاریخ کے مایہ ناز فلسفی کے ہاں بھی، تاریخ بنیادی ذریعۂ علم نہیں، بلکہ وہ بھی تاریخ اور تاریخی شعور کو ثانوی اہمیت دیتے ہیں۔ علامہ اقبال نے پہلی بار اس ذریعۂ علم [تاریخ] کو نہایت جرات اور بے باکی کے ساتھ پیش کیا۔ علامہ اقبال کے نزدیک:

> قرآن پاک کو تاریخ سے اس لیے دلچسپی ہے کہ وہ علم کا ایک سرچشمہ ہے تو صرف اس حد تک نہیں کہ اس کا سلسلہ، تاریخی تعمیمات سے آگے نہ بڑھے۔ اس کے برعکس قرآن مجید نے تاریخی تنقید کا ایک بنیادی اصول قائم کیا کیوں کہ بطور ایک علم...... تاریخ کا دارومدار اس بات پر ہے کہ اس کا مواد جن واقعات سے تیار کیا جاتا ہے، ہمیں ان کی صحت کا یقین ہو۔[۵]

تاریخ پر زور دینے اور اسے تیسرا درجہ علم قرار دینے سے فکر انسانی کے تسلسل اور تفکر کی روایت میں حرکت کے اصول کی افادیت جلوہ گر ہوتی ہے اور حرکت ہی کائنات کا وہ اصل اصول ہے، جس سے انسانی زندگی عمل کی رعنائی سے مشک بار رہتی ہے۔ اگر حرکت اور عمل کی کارفرمائی ختم ہو جائے، تو تاریخ کی تصوری اور عملی حیثیت جمود کا شکار ہو جاتی ہے اور یوں کسی بھی قوم کا زوال آشنا ہو جانا فطری بات ہے۔ قرآنی تعلیمات کا بنیادی مطمع نظر، عمل کی قوتوں کو متحرک رکھنا ہے۔ اس لیے وہ تاریخ کو بطور ذریعۂ علم متعارف کراتا ہے، تاکہ اس کی اہمیت کا ادراک کیا جا سکے۔ علامہ اقبال نے اس لیے تاریخ کی اس عملی تعبیر کو اہمیت دی، کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ یہی وہ ذریعہ ہے، جس کے توسط سے تصور حرکت اور عمل کے اصول و ضوابط متشکل ہو سکتے ہیں اور تاریخ کی اثر پذیری اپنی ہمہ جہتی کے ساتھ سامنے آتی ہے۔ اس سے تاریخ اپنے اخلاقی، روحانی اور مابعد الطبیعیاتی مراحل کے مجموعی تناظر سے ہم آہنگ ہوتی ہے، یا اسے ہونا چاہیے۔ اشپینگلر اور علامہ اقبال کے ہاں تصور تاریخ کے ضمن میں، ایک ہی رویہ مشترک ہے اور وہ ہے تاریخ اور تہذیب کے عروج اور زوال کی کہانی، کیوں کہ بقول ڈاکٹر اسلم انصاری:

> اقبال نے اس (اشپینگلر) کے اس خیال کو ضرور اہمیت دی کہ تہذیبوں کی بھی ایک عمر طبیعی ہوتی ہے اور وہ نامیاتی وحدتوں کی طرح نشوونما پاتی ہے اور اپنے انجام کو پہنچتی ہے۔[۶]

Marfat.com

علامہ اقبال کے ہاں تاریخ کا تصور، قرآن کے نظریۂ علم کی روشنی میں صورت پذیر ہوتا ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ علامہ اقبال کا تصور تاریخ اس وقت تک نہیں سمجھا جا سکتا، جب تک کہ ان کا تصور زمان و مکاں اپنے مجموعی فکری تناظر میں نہ سمجھ لیا جائے اور تصور زمان و مکاں اس وقت تک سمجھ نہیں آ سکتا، جب تک کہ انسانی تقدیر کے مسئلے کی تفہیم نہ کر لیں۔ گویا جب ہم علامہ اقبال کے تصور تاریخ پر غور کریں گے تو ہمارے لیے ضروری ہوگا کہ ہم پہلے ان کے تصور زمان و مکاں اور تصور تقدیر کا ادراک کر لیں، کیوں کہ بقول عالم خوندمیری:

مشرقی فکر میں اقبال کی معنویت اور عصریت کا راز یہی ہے کہ انھوں نے انسانی وجود کے ان دونوں ابعاد زمان و مکاں اور تقدیر کے تضاد کو دور کرنے کی کوشش کی اور انسان کو من حیث الکل اپنی فکر اور فن کا نصب العین بنایا۔ اسی معنی میں ان کی فکر، مشرق اور مغرب، روحانیت اور مادیت، انفس و آفاق، الوہیت و انسانیت، قدسیت و دینویت، ابدیت اور تاریخ کا نقطۂ اتصال بن جاتی ہے۔[۲]

دنیا میں توحید کے سوا ہر شے، ہر جگہ اور ہر مقام پر دوئی کی صورت میں ملتی ہے۔ تضاد زندگی ہے اور زندگی تضاد۔ رات ہے تو دن بھی ہے، سردی ہے تو گرمی بھی ہے، کبھی خوشی ہے تو ساتھ غم بھی ہے، کہیں شر ہے تو ساتھ خیر بھی موجود ہے، کہیں نیکی ہے تو کہیں بدی، کہیں پیغمبر مبعوث ہوتے ہیں اور کہیں بدکردار بے شمار۔ یہ کائنات کا نظام ہے، یہ سلسلۂ روز و شب ہے، جو ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا۔

اس نظام فکر کے اثرات ہمیں دو تہذیبوں میں دکھائی دیتے ہیں:

۱۔ مشرق کی تہذیب میں

۲۔ مغرب کی تہذیب میں

ویسے تو تاریخ کے مختلف ادوار میں کتنی ہی تہذیبیں دنیا میں پیدا ہوئیں، پھلی پھولیں، عروج پایا، زوال آیا اور مٹ گئیں اور مٹتی چلی جا رہی ہیں لیکن مذکورہ دو تہذیبیں صدیوں سے موجود ہیں۔ طویل عرصے سے ان دونوں تہذیبوں کا ٹکراؤ اور مکالمہ چلتا آ رہا ہے۔ ان میں تصادم بھی رہا اور ایک دوسرے کو متاثر بھی کرتی آ رہی ہیں۔ مشرق کی تہذیب، مذاہب اور روحانیات کی تہذیب ہے۔ مغرب کی تہذیب، روحانیت کے برعکس عقلیات پر بنیاد ابھارتی ہے۔ مشرق میں ہمیشہ سے روح کی حکمرانی رہی ہے، ایسے علوم و فنون رائج رہے ہیں، جن کا تعلق روحانیت سے ہے، لیکن مغرب کی تہذیب میں علوم و فنون مادی رویوں سے فروغ پاتے ہیں۔ مشرق کائنات کا

Marfat.com

مطالعہ، اس حوالے سے کرتا رہا ہے کہ یہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے، جب کہ مغرب میں اس کا مطالعہ بے غرضی پر مبنی رہا ہے۔ مشرق اگلی دنیا پر یقین رکھ کر اس دنیا کی مقصدیت کا ادراک کرتا رہا ہے لیکن مغرب نے اسی دنیا کو نصب العین قرار دے کر اسے مطالعہ کرنے کی طرح ڈالی ہے۔

زمانۂ قدیم سے فلسفیوں کے ہاں جو سوالات پیدا ہوئے ہیں، ان میں اہم تر سوال یہ رہا ہے کہ آیا:

مادہ قدیم ہے یا حادث؟

فلسفے کے باقی سوالات بھی اسی نقطے کے گرد گردش کرتے رہے ہیں، یعنی:

مادہ کیا ہے؟

یہ خیر ہے یا شر؟

کن سے قبل اس کی کیا صورت تھی؟

مادے اور روح کے مابین کیا رشتہ ہے؟

یہ دونوں ایک ہیں یا مختلف؟

وقت کی تعبیر مادی ہونی چاہیے یا روحانی؟

انسانی تقدیر مادے سے وابستہ ہے یا روح سے؟

مختلف ادوار میں فلسفی ان سوالوں کے مختلف جواب دیتے آئے ہیں اور یہ سوال اور مسائل آج بھی اسی طرح تازہ ہیں جیسے کہ کل تھے۔ علامہ اقبال کے ہاں بھی انھیں سوالات سے ان کے افکار کی کونپلیں پھوٹتی ہیں اور برگ و بار لاتی ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ وہ ان مسائل کے تناظر میں زمان و مکاں اور انسانی تقدیر کی کیا تعبیر پیش کرتے ہیں اور ان مسائل کے توسط سے تصور تاریخ کی تفہیم کے سلسلے میں کیا کام لیتے ہیں۔ انسانی وجود، تقدیر کی جامعیت کا ادراک اس وقت ہی کرسکتا ہے، جب وہ خارجی اور داخلی تقاضوں کی یک جائی کی تہذیب کو مرتب کرسکے، کیوں کہ داخل اور خارج کی علیحدہ علیحدہ معنویت، تاریخ کے فکری ماحول کو اس کے مجموعی حوالے سے متشکل نہیں کرسکتی۔ انفس و آفاق کا یہی امتزاجی رویہ ہے کہ جہاں انسانی تقدیر، تاریخ کی آفاقیت اور دوامیت کی طرف مائل پرواز رہتی ہے۔ ڈاکٹر عالم خوندمیری کے بقول:

سماجی قانون...... اخلاقی روح سے معمور ہو جاتا ہے اور احسان کو اپنی منزل بناتا ہے۔ روح مادے کی تطہیر کرتی ہے اور آزادی...... انسان کے مجموعی وجود کی آزادی بن جاتی ہے، جہاں

Marfat.com

دنیا...... دین کی تنقیص نہیں کرتی بلکہ اس کی رفیق بن جاتی ہے اور دین...... دنیا کو بہ چشم حقارت نہیں دیکھتا بلکہ اسے نئی معنویت عطا کرتا ہے۔ روح...... جسم کو اپنے لیے قید خانہ تصور نہیں کرتی بلکہ جسم...... روح کے مقاصد کے حصول کا ایک وسیلہ بن جاتا ہے۔ انسانی وجود...... دونوں صورتوں میں جب کہ وہ صرف عمودی بعد میں پرواز کرتا رہے، یا صرف افقی بعد میں سفر کرتا رہے [اپنے آپ سے] بیگانگی کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہ بیگانگی اسی وقت دور ہو سکتی ہے، جب انسانی وجود ان دونوں ابعاد کے تقاضوں میں توازن قائم رکھ سکے۔[۸]

علامہ اقبال کے نزدیک انسانی وجود صرف داخلی یا خارجی رویوں سے اپنے آپ کو دریافت نہیں کر سکتا، بلکہ وہ ان دونوں کی یک جائی سے اپنے وجود کی شناخت کو ممکن بناتا ہے۔ اسی لیے ان کے خیال میں وجود کی بازیافت یا اس کا عرفان مراقبے یا محض روحانی تجربے سے ہاتھ نہیں آتا، بلکہ وجود کی حقیقی دریافت کا عمل خارج اور باطن کے امتزاج ہی سے ممکن ہو سکتا ہے۔ اس فکری مقام پر فکرِ اقبال کا راستہ تصوف کے روایتی نظامِ فکر سے مختلف ہو جاتا ہے، کیوں کہ ان کے ہاں فلسفۂ خودی کا ابتدائی مقام معرفتِ ذات سے آغاز کرتا ہے۔ وہ نفیِ ذات کے بجائے اثباتِ وجود کے قائل ہیں۔ خودی کے مراحل سے گزر کر وجود، وجودِ واجب سے پیوست نہیں ہوتا، بلکہ وہ خود بقا اور دوام و ابدیت سے ہم کنار ہو جاتا ہے۔ بقول ڈاکٹر وحید قریشی:

فلسفۂ تاریخ کے سلسلے میں اقبال مغربی حکما سے الگ نقطۂ نظر رکھتے ہیں۔ تاریخ کی حیاتیاتی تعبیر سے لے کر افکار کے تصادم اور طبقات کے تصادم تک جتنے بھی فلسفۂ تاریخ کے نظریات ہمارے سامنے آئے ہیں، ان میں ایک رجحان یہ دکھائی دیتا ہے کہ صرف Collective Impersonal یعنی اجتماعی غیر ذات ہی ایک حقیقت ہے اور افراد کا الگ وجود محض طلسم کا حکم رکھتا ہے۔ سائنسی معلومات نے سوسائٹی کو ایک عالمِ نمو اور فرد کو فقط ایک نامیہ ثابت کیا ہے۔ اس سے یہ سوال لازماً پیدا ہوتا ہے کہ کائنات میں انسان کی حیثیت کیا ہے؟ آیا وہ حالات و حوادث کے مقابلے میں ایک تنکے کی حیثیت رکھتا ہے یا نظامِ کائنات میں اسے کچھ اختیار بھی حاصل ہے؟ یہ صورتِ حال ہمیں جبر و اختیار کے مسائل سے دوچار کرتی ہے۔ دوسری طرف کائنات کی اہمیت ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ آیا اس کائنات کی تہ میں کچھ بندھے ٹکے اصول کارفرما ہیں یا نہیں، یہ مرحلہ ہمیں تاریخ کے بنیادی مسائل سے دوچار کر دیتا ہے۔ کیا انسان محض شر یا محض خیر ہے؟ کیا واقعات، زمان و مکاں کی نظم و ترتیب کی ضابطے کے مطابق چل رہے ہیں؟ فلسفۂ تاریخ انھیں مسائل کے گرد گھومتا رہا ہے۔ مغربی مفکرین خصوصاً شپینگلر کی رائے میں زندگی کے مظاہر مختلف اوقات میں

Marfat.com

زمان ہی سے متعین ہوتے ہیں اور انسانی جدوجہد اس کا محض ایک نتیجہ ہے۔ گویا اس طرح انسان کی ہستی۔ کائنات میں کوئی نتیجہ خیز تبدیلی کر نہیں پاتی۔ اقبال اپنے نقطۂ نظر کو قرآن کی تعلیمات کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ وہ فرد کو اتنا حقیر، بے حقیقت اور واقعات کے سامنے بے دست و پا نہیں گردانتے، وہ اسے نیابت الٰہی کا حق دار قرار دیتے ہیں اور اسی نکتے سے ان کا نظریۂ خودی تقویت پاتا ہے اور یہیں سے فلسفۂ تاریخ کے بارے میں ان کا نظریہ واضح ہوتا ہے۔[9]

علامہ اقبال نے مشرق سے بھی استفادہ کیا اور مغرب سے بھی۔ انھوں نے دونوں تہذیبوں کے فکر و فلسفہ کے بہترین عناصر کا مطالعہ کیا اور پھر جہاں جہاں مناسب سمجھا ان سے استفادہ کیا۔ ڈاکٹر محمد رفیع الدین حضرت علامہ کے اضطراب کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

تاریخ کی حرکت مستقبل میں جس انسان کو وجود میں لا رہی ہے، اقبال اس کے فراق کے درد سے بے تاب ہے اور اس کے جلد آنے کی آرزو کرتا ہے، اے لیل و نہار کے سیاہ و سفید گھوڑے پر سوار ہو کر آنے والے انسان کامل جلد آ۔ اے وجود کی آنکھوں کے نور جلد آ۔ کائنات کی رونق بن اور ہماری آنکھوں میں آباد ہو۔ قوموں کی باہمی لڑائیوں کے شور کو خاموش کر اور اپنے پیغام امن کے سریلے راگ کو ہمارے کانوں کی جنت بنا:

اے سوار اشہب دوراں بیا
اے فروغ دیدۂ امکاں بیا
رونق ہنگامۂ ایجاد شو
در سواد دیدہ ہا آباد شو
شورش اقوام را خاموش کن
نغمۂ خود را بہشت گوش کن

ظاہر ہے کہ اقبال کا مطلب یہ ہے کہ مستقبل کا انسان کامل وہ انسان ہوگا جو خدا کی محبت کو درجۂ کمال پر پہنچائے گا اور عملی زندگی میں خدا کی صفات حسن و کمال کو آشکار کرے گا۔ جس سے انسانی معاشرہ تمام نقائص سے پاک ہو جائے گا۔ یہی انسان کا ماہ کامل بنتا ہے، جس کے خیال سے ستارے بھی سہمے ہوئے ہیں۔ یہی اس کی فطرت ہے، جسے وہ بالآخر پا کر رہے گا۔ اقبال کے اس نظریۂ تاریخ سے تقدیر امم پر روشنی پڑتی ہے اور یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کون سی قوم ہوگی جو نظریات کی جنگ میں سلامت رہے گی اور وہ کون سی قومیں ہوں گی، جو اس جنگ میں مٹ کر فنا ہو جائیں گی۔ لیکن اگر کوئی اقبال سے پوچھے کہ اس نے عمل تاریخ کی منزل مقصود کا یہ نظریہ کہاں

Marfat.com

سے لیا ہے تو وہ کہتا ہے کہ یہ نظریہ قرآن میں موجود ہے، بشرطے کہ کوئی شخص قرآن کو خود قرآن کی روشنی میں سمجھے اور امام رازیؒ کی طرح دوراز کار منطقی موشگافیوں میں پڑ کر قرآن کے اصل مطلب کو اپنی نظروں سے اوجھل نہ کردے:

چوں سرمۂ رازی را از دیدہ فروشستم
تقدیر امم دیدم پنہاں بکتاب اندر[۱۰]

زمان ...... فکر اقبال کا اساسی موضوع رہا ہے۔ خطبات (تشکیل جدید الہیات اسلامیہ) میں انھوں نے اسے امت مسلمہ کے لیے موت وحیات کا مسئلہ کہا ہے۔ ''اسلامی ثقافت کی روح'' میں سے یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ جس تہذیب وثقافت کی یہ روش ہوگی، اس کے لیے زمان ومکاں کا مسئلہ زندگی اور موت کا مسئلہ بن جائے گا۔[۱۱]

یہ مسئلہ ہر دور میں فکر اقبال پر حاوی رہا ہے۔ انھوں نے نہایت اجمال کے ساتھ اس موضوع پر بحث کی ہے، لیکن جہاں بھی وہ اس موضوع کو زیر بحث لائے ہیں، اس کے فکری رویوں کے تمام تر پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی سعی کرتے ہیں۔ فکر اقبال کے ارتقا کے مختلف ادوار میں یہ مسئلہ مختلف اور متنوع رنگوں سے ان کے پیش نظر رہا ہے۔ وہ ہمیشہ اس مسئلے کے بین السطور، نفس انسانی اور انسانی تقدیر کے ضمن میں قدریت کے قائل تھے اور چاہتے تھے کہ نفس انسانی کی مکاشفاتی تعبیر کو زمانے کی رفتار کے ساتھ اس طرح مربوط کردیا جائے، تاکہ انسانی تقدیر کائناتی جبر سے آزادی حاصل کرسکے۔ علامہ اقبال تصور وقت کی تاریخ اور اس کے فلسفیانہ رویوں سے دلچسپی نہیں رکھتے تھے بلکہ ان کا مقصد تو روحانی تجربے اور تاریخ کے مابین اس ربط کی تلاش ہے، جو شکست زمان کو جنم دیتا ہے۔ اقبال کا تصور وقت انسانی تقدیر کے ان تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے، جن سے کائناتی رویے اپنی تمام ابعاد کے ساتھ مرتب ہوتے ہیں۔ علامہ اقبال کا تصور تاریخ ...... ان کے فلسفۂ خودی کے ساتھ جڑا ہوا ہے، خودی، وقت اور تقدیر کے مسائل کے تناظر میں اپنے مختلف اور متنوع پہلو آشکار کرتی ہے۔ عثمان رمز رقم طراز ہیں:

Iqbal's philosophy of history is constructed on the corner stores of Ultimate Ego Prophethood Individual Ego of the nation and Stability of he individual Ego. The idea of 'Ego' is a system in Iqbal. It is co-extensive with Islam. Islam helps creating 'Ego' and ' Ego' is stabilized by Islam. Without Islam ' Ego' can hardly be realized. Whole history is the history

Marfat.com

of the realization of ' Ego'. The ups and downs of history are related with the corresponding stability and instability of the ' Ego'.

In *Asrar-e-Khudi*. Iqbal presents his reading of the history of Muslims, In this opinion the cause of the downfall of this millat- lies in the fact it lost it "khudi" which was a proud possession of its ancestors. The millat allowed itself to be deceived by the " flock of sheep" that is the Ajmi nations' The Ajmi nations and realized in full that they could not then, rise to the standard of the muslim millat, as such they conspired to pull down the millat to their own status if life. To achieve this end the 'Ajmis preached the 'gospel' of non- violence and the philosophy of the negation of self. Like the sheep of jungle, the Ajmis precepted the muslims the lions-- to surrender their ' Ego' to humility, modesty and lonliness of mind. The sheep further advised the lions to give up the habit it loved by God. This sheepiness was adopted by the fatigued lions which ultimately resulted in atrophy of action. The muslim millat likewise was pursuaded by the Ajmis to sheepiness, and as a result of that philosophy of easy-going life the muslims had to lose the spirit of jehed. The loss of the spirit of jehad consequently led to a loss of will-power, determination and action. The muslim got entangled in splitting hairs in the names of academic discussion and stood mesmarised by the creed of 'Ruhbaniyan' All these factors combined together led to the downfall of the mulsim.

دل بتدریج از میان سینہ رفت
جوہر آئینہ از آئینہ رفت[۱۲]

ہر دور میں، ہر تہذیب کا توحید کے بارے میں مختلف تصور رہا ہے۔ جیسے خدا کے بارے میں، مغرب اور مشرق کا تصور جدا ہے۔ عیسائیوں، مسلمانوں، ہندوؤں اور یہودیوں وغیرہ کے خدا کے بارے میں تصورات جدا ہیں۔ چھوٹی سے چھوٹی چیز کے بارے میں ہر تہذیب، اپنا جداگانہ تصور رکھتی ہے۔ ایسے ہی تصور تقدیر کے بارے میں تمام تہذیبیں، علاقے، براعظم اور خطے جداگانہ تصورات رکھتے ہیں۔ مسلمانوں میں رسول اکرمؐ کے عہد میں اگر دیکھیں تو تقدیر کا تصور خالصتاً اسلامی تھا۔ لیکن خلفائے راشدینؓ کے بعد، اس اسلامی تصور میں ایک بنیادی تبدیلی واقع ہوئی۔ ابھی بہت سے صحابہ کرامؓ موجود تھے کہ ایک بہت بڑا سانحہ، ۶۱ھ میں رونما ہوا۔ کربلا جیسا بڑا سانحہ پیش آیا اور حضرت امام حسینؓ جیسی عظیم المرتبت ہستی شہید ہو گئی۔ مخالفین نے کہا کہ یہ تو خدا کی تقدیر تھی، ایسے ہی ہونا لکھا جا چکا تھا، سو جیسا ہونا لکھا تھا، ہو گیا۔ یہ بات جب اس عہد کے ایک جلیل القدر بزرگ اور صوفی حضرت حسن بصریؒ (پ ۶۴۲ء: م

Marfat.com

۲۸۷ء) تک پہنچی تو انھوں نے اس کا یوں جواب دیا کہ ایسا کہنے والے خدا کے دشمن ہیں اور خدا کے یہ دشمن جھوٹ بولتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے ہمیں زمین پر اپنا خلیفہ بنایا:

تم میں سے ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کیے ہیں، اللہ تعالیٰ وعدہ فرما چکا ہے کہ انھیں ضرور ملک کا خلیفہ بنائے گا، جیسے کہ ان لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا، جو ان سے پہلے تھے اور یقیناً ان کے لیے ان کے اس دین کو مضبوطی کے ساتھ محکم کر کے جما رہے گا، جسے ان کے لیے وہ پسند فرما چکا ہے اور ان کے اس خوف وخطر کو وہ امن وامان میں بدل دے گا، وہ میری عبادت کریں گے، میرے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ ٹھہرائیں گے۔ اس کے بعد بھی جو لوگ ناشکری اور کفر کریں وہ یقیناً فاسق ہیں۔[۱۳]

اور احسن تقویم کہا ہے:

یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا۔[۱۴]

یعنی سب سے زیادہ حسین انسان کو بنایا، پھر قرآن میں یوں بھی فرمایا کہ میں نے بنی آدم کے سر پر عظمت کا تاج رکھ دیا ہے:

یقیناً ہم نے اولاد آدم کو بڑی عزت دی اور انھیں خشکی اور تری کی سواریاں دیں اور انھیں پاکیزہ چیزوں کی روزیاں دیں اور اپنی بہت سی مخلوق پر انھیں فضیلت عطا فرمائی۔[۱۵]

اگر انسان، زمین پر خدا کا نائب ہے، پھر حسین ترین ہے اور عظمت کا تاج بھی اس کے سر پہ رکھ دیا گیا ہے تو یہ کیا کہ وہ مجبور محض ہے، صرف تقدیر کے تابع ہے، اس کے ساتھ جو ہونا ہے، لکھ دیا گیا ہے اور اس کے ہاتھ باندھ دیے گئے ہیں، تو وہ کا ہے کا نائب ہے؟ کہاں کا خلیفۃ اللہ ہے؟ اور عظمت کا تاج کس کام کا؟ علامہ اقبال نے کہا ہے:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے[۱۶]

علامہ اقبال نے یہ شعر کہتے وقت بہت تفکر کیا ہے، وجدانی قوتیں استعمال کی ہیں، علوم عالم اور قرآن کا عمیق مطالعہ کرنے کے بعد ان کی وضاحت کی ہے۔

علامہ اقبال نے اپنے پانچویں خطبے ''اسلامی ثقافت کی روح'' میں شعور ولایت اور نبوت کے ذیل میں تاریخی تصور کے مبادیاتی اصولوں کو اجاگر کیا ہے۔ جب وہ کہتے ہیں:

نبی کی باز آمد تخلیقی ہوتی ہے۔ وہ ان واردات سے واپس آتا ہے تو اس لیے کہ زمانے کی رو میں

Marfat.com

داخل ہو جائے اور پھران قوتوں کے غلبہ وتصرف سے جو عالم تاریخ کی صورت گر ہیں، مقاصد کی ایک نئی دنیا پیدا کرے۔[۱۷]

اور پھر علامہ اقبال جب نبوت کے مالہ و ماعلیہ کی تشریح اپنے معروف مضمون ''قومی زندگی'' میں بہت خوبصورت اور دل پذیر انداز میں کرتے ہیں:

آوازِ نبوت کا اصلی زور اور اس کی حقیقی وقعت عقلی دلائل اور براہین پر مبنی نہیں ہے، بلکہ اس کا دار و مدار اس روحانی مشاہدے پر ہے، جو نبی کے غیر معمولی قوا کو حاصل ہوتا ہے اور جس کی بنا پر اس کی آواز میں وہ ربانی سطوت و جبروت پیدا ہو جاتا ہے، جس کے سامنے انسانی شوکت ہیچ محض ہے۔ یہ ہے نمود مذہب کا اصلی راز جس کو سطحی خیال کے لوگوں نے نہیں سمجھا۔[۱۸]

تو دراصل تاریخ کے اس تخلیقی عمل کی باز آفرینی کے اصول کی تشکیل کرتے ہیں، جو نبی کے روحانی تجربے سے پھوٹتی ہے، کیوں کہ شعور نبوت، شعور تاریخ کا منبع و مخزن ہے اور یہی مخزن، تاریخ کو معنویت عطا کرتا ہے۔ وقت کا بہاؤ، تاریخی شعور کے جس بعد کو آشکار کرتا ہے، وہ ابدنشاں بن جاتا ہے۔ علامہ اقبال کے فلسفے میں نبی کریمؐ کی ذات گرامی زندگی کا استعارہ ہے۔ واقعہ معراج نہ صرف شکست زمان کا پیش خیمہ ہے، بلکہ موت کی شکست کا آئینہ دار بھی ہے۔ علامہ اقبال نے شاعری اور خطبات میں اس تصور کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ علامہ اقبال کے نزدیک بقول مولانا شبیر احمد غوری:

زندگی اور آخرت کا فرق نظام زمان و مکاں کی انقلابی تبدیلی میں مضمر ہے۔ حیات بعد الموت ایک مختلف زمانی مکانی نظام ہے، جس میں شخصیت ایک مختلف انداز میں اپنے نشو و نما کو جاری رکھتی ہے اور اس طرح ارتقائے شخصیت کے عمل کا تسلسل باقی رہتا ہے۔ اس وجدان نے کسی کے بغیر نشو و نما کے معنی خیز اصول کی جانب اس کی رہ نمائی کی۔[۱۹]

علامہ اقبال عام شاعروں کی طرح ترنگ میں آ کر شعر نہیں کہتے، بلکہ وہ کبھی سوز و ساز رومیؒ کی کیفیت سے دوچار ہوتے ہیں تو کبھی پیچ و تابِ رازیؒ سے گزرتے ہیں، تب جا کر شعر کہتے ہیں۔ علامہ اقبال اور فکر اقبال کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے تو انھیں عام شاعروں سے جدا رکھ کر دیکھنا پڑتا ہے، تب جا کر کوئی نکتہ ہاتھ آنے کا امکان پیدا ہوتا ہے۔ علامہ اقبال جب کوئی خیال پیش کرتے ہیں تو ایک جہانِ معانی اس کے پس منظر میں موجود رہتا ہے اور قرآن و حدیث ان کے پیشِ نظر ہوتے ہیں۔ وہ دنیا کے کسی بھی فلسفی، کسی بھی شاعر سے اخذ و استفادہ کرتے ہیں تو قرآن و حدیث ان کے پیشِ نظر رہتے ہیں۔

Marfat.com

علامہ اقبال دوسرے مذاہب، تہذیبوں سے علم کے موتی جمع کرتے ہوئے اس لیے نہیں گھبراتے کہ پیغمبر اسلام کا ارشاد گرامی ہے کہ تمہیں خیر، اچھائی، نیکی جہاں سے ملے، لے لو، کہ یہ مومن کی متاع گم گشتہ ہے۔ یہ وہ کھویا ہوا مال ہے، جو کسی بھی فلسفی یا شاعر میں نظر آ سکتا ہے، کیوں کہ انبیائے کرامؑ کی متاعِ گم گشتہ میں سے کچھ چیزیں اپنی اصل شکل میں مل بھی سکتی ہیں، باوجود اس کے کہ امتدادِ زمانہ سے وہ مسخ ہو چکی ہیں۔ جو چیزیں اصل شکل میں موجود ہیں، وہ دراصل اسلام ہے۔ اقبال نے اگر عالمی فلاسفہ اور ذہین و فطین لوگوں سے استفادہ بھرپور طریقے سے کیا ہے تو اس سلسلے میں قرآن و حدیث سے روگردانی نہیں کی۔

اگر ہم ہر صدی کو فکری سطح پر متعین کرنے کی کوشش کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر صدی کسی نہ کسی فکری رویے کے لیے مخصوص رہی ہے۔ تاریخ کے مختلف ادوار کا جائزہ لیں اور پیغمبر اسلامؐ سے پہلے کی اور بعد کی دنیا کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ''اقرا'' کا اعلان دراصل ایک عظیم انقلاب کا پیش خیمہ تھا:

پڑھ اپنے رب کے نام سے، جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا۔ تو پڑھتا رہ، تیرا رب بڑا اکرم والا ہے، جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا، جس نے انسان کو وہ سکھایا، جسے وہ نہیں جانتا تھا۔[۲۰]

اس سے فکرِ انسانی میں یہ تبدیلی آئی کہ دنیا دو حصوں میں تبدیل ہو گئی۔ ایک انقلاب سے پہلے کی اور دوسری انقلاب سے بعد کی دنیا۔ علامہ اقبال نے اس صورتِ حالات کو یوں بیان کیا ہے:

آیۂ کائنات کا معنیٔ دیریاب تو
نکلے ترے تلاش میں قافلہ ہائے رنگ و بو[۲۱]

یوں دوسرے معنوں میں چھوٹے چھوٹے انقلابات، مختلف صدیوں کو ایک دوسرے سے ممیز کرتے ہیں۔ مثلاً آئن سٹائن کی *Theory of Relativity* نے ایک بہت بڑے انقلاب کو جنم دیا اور سائنس دان بھی حیرت زدہ رہ گئے۔ یہ انقلاب ایک دم تو نہیں آ جاتے، پہلے ان کے لیے فضا بنتی ہے۔ جس میدان میں کسی بڑی فکر کے آدمی نے آنا ہوتا ہے، وہاں پہلے کچھ علامتیں رونما ہوتی ہیں تو پھر کہیں جا کر وہ شخصیت جلوہ گر ہوتی ہے، جس کے لیے برسوں نہیں بلکہ صدیوں سے فضا تخلیق ہو رہی ہوتی ہے۔

علامہ اقبال کوئی عام شاعر اور فلسفی نہیں، بلکہ انھوں نے اُردو اور فارسی ادب میں انقلاب بپا کیا۔ خام مواد کی تیاری میں کئی صدیاں صرف ہوئیں، مختلف ادوار میں شاعر اور فلسفی آتے

Marfat.com

رہے، جب زبان ایک ایسے زاویے پر آ کر رکی، جہاں کہ اسے ایک جامع کی ضرورت تھی، تا کہ وہ ہزار سالہ صورتِ حالات کو تبدیل کرے۔

علامہ اقبال سے کچھ عرصہ قبل انیسویں صدی کا ایک نابغہ غالب ہے۔ غالب بہت ہی باکمال شاعر اور فکری سطح پر بھی جلیل القدر ہستی ہے۔ فکر غالب کی نمایاں ترین خوبی بے قراری اور اضطراب ہے۔ رشید احمد صدیقی نے کہا ہے کہ:

مجھ سے اگر پوچھا جائے کہ ہندوستان کو مغلیہ سلطنت نے کیا دیا؟ تو میں بے تکلف یہ تین نام لوں گا! غالب، اُردو اور تاج محل۔ یہ ہندوستان کی تہذیبی پیداوار ہیں۔[۲۲]

محاسن کلام غالب کے مصنف ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری نے کہا کہ:

ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں، مقدس وید اور دیوان غالب۔[۲۳]

غالب، اقبال سے پہلے آتا ہے اور انیسویں صدی عیسوی کا ہندوستان میں سب سے بڑا شاعر ہے۔ مغرب میں اسی صدی میں اس کا مدمقابل گوئٹے ہے، جو شاعر بھی ہے اور ڈراما نگار بھی۔ اس کا طرز فکر بھی اضطراب اور بے قراری سے عبارت ہے۔ علامہ اقبال نے تو گوئٹے کے دیوان مغرب کا ٹھیک ایک صدی بعد جواب پیام مشرق کی شکل میں دیا۔ علامہ اقبال نے غالب اور گوئٹے کو ملا دیا۔ ایک نظم مرزا غالب کے بارے میں کہی اور یوں فرمایا:

آہ! تو اجڑی ہوئی دلی میں آرامیدہ ہے
گلشن ویمر میں تیرا ہم نوا خوابیدہ ہے[۲۴]

علامہ اقبال دونوں سے متاثر ہوئے، دونوں سے اخذ و استفادہ کیا اور انھیں خراج عقیدت بھی پیش کیا۔ ان دونوں کے افکار میں موجود بے قراری یقیناً علامہ اقبال کو پسند آئی مگر اس دور تک آتے آتے بے قراری کو بھی قرار آنے لگا تھا۔ آئن سٹائن کی تھیوری سامنے آ چکی تھی، فکر انسانی میں بہت بڑا انقلاب بپا ہو چکا تھا۔ علامہ اقبال صرف بے قراری کو لے کر نہ تو بہت بڑے شاعر بن سکتے تھے، نہ مفکر، نہ متکلم اور نہ فلسفی۔ اب ضروری تھا کہ آئن سٹائن کی تھیوری اور زمان و مکاں کے بارے میں اس کے تصورات سے بڑھ کر کوئی نظریہ پیش کیا جائے۔

بیسویں صدی تو وقت کے وجدان کی صدی کے طور پر شناخت پا چکی تھی اور علامہ اقبال کی نمود سے ذرا پہلے، جب کہ وہ مغرب میں تعلیم حاصل کر رہے تھے کہ آئن سٹائن نے سائنس اور فکر کی دنیا میں انقلاب بپا کر دیا تھا۔ اس تھیوری نے مشرق و مغرب کے لوگوں کو بے پناہ متاثر کیا۔

Marfat.com

بعض لوگ تو محض ہر نئے فیشن سے متاثر ہوتے ہیں اور کچھ لوگ واقعتاً اپنے اندر تبدیلی لاتے ہیں، وہ جب اپنے باطن کو تبدیل کرتے ہیں تو اس کی لہریں پھر خارج پر اثر انداز ہونے لگتی ہیں۔

علامہ اقبال فکر انسانی کے عظیم انسان ہیں، بہت بڑا دماغ ہیں۔ جب مغرب میں سائنس اپنے عروج پر تھی، لیبارٹریز، سائنس دان اور معیار تعلیم بھی عروج پر تھا۔ ایسے میں تمام سائنس دان اور فکر انسانی کے علمبردار، آئن سٹائن کی تھیوری پر داد و تحسین کے ڈونگرے برسا رہے تھے، تو برصغیر کے صرف اور صرف دو فلسفیوں، علامہ اقبال اور سر شاہ سلیمان نے اس تھیوری کی تعریف کرتے ہوئے اس پر تنقیدی نظر بھی ڈالی۔ ان دونوں جلیل القدر ہستیوں نے اس کے بعض رویوں کا ابطال بھی کیا۔ دراصل آئن سٹائن کی تھیوری سے قبل رائج، تصور کائنات کے مطابق کائنات، تین بعد یعنی تین Dimensions پر مشتمل تھی۔ آئن سٹائن نے وقت اور مکان یعنی زمان و مکاں کو کائنات کا چوتھا بعد قرار دیا۔

علامہ اقبال نے سب سے پہلا اعتراض تو اس پر یہ کیا کہ اگر وقت اور مکان چوتھا بعد ہے تو وقت کی تخلیقی حیثیت متاثر ہوتی ہے۔ اس حوالے سے رسول کائناتؐ کی حدیث قدسی کا مطالعہ کریں کہ زمانے کو برا مت کہو، کہ میں خود زمانہ ہوں۔ اسرار خودی کے ''الوقت سیف'' والے حصے میں علامہ اقبال نے اس کا ذکر کچھ یوں کیا ہے:

زندگی از دہر و دہر از زندگی است
''لاتسبوا الدھر'' فرمان نبیؐ است [۲۵]

دہر کا لفظ قرآن مجید میں دو مرتبہ زمانے کے مفہوم میں ہی آیا ہے۔ چوں کہ علامہ اقبال، قرآن و حدیث سے اکتساب فیض کرتے ہیں، اس لیے وہ کسی بھی نظریے کو اسی میزان پر رکھ کر دیکھتے ہیں۔ مذکورہ حدیث کی تشریح و توضیح میں علامہ اقبال زمان کی تخلیقی حیثیت کے قائل نظر آتے ہیں۔ اس سلسلے میں متعدد دوسرے حوالوں کے علاوہ اسرار خودی میں ''الوقت سیف'' کے عنوان تلے ان کے کئی شعر مطالعہ کیے جا سکتے ہیں۔

علامہ اقبال کے کلام کا غور سے مطالعہ کیا جائے تو وقت کے حوالے سے ان کے ہاں تین رویے سامنے آتے ہیں:

۱۔ وقت بحیثیت خالق

مثلاً اسرار خودی میں ایک جگہ امام شافعیؒ کے قول جمیل سے استفادہ کرتے ہوئے اقبال نے کہا ہے:

Marfat.com

فکر او کوکب ز گردوں چیدہ است
سیف براں وقت را نامیدہ است[۲۶]

غور کیا جائے تو "میں ہی وقت ہوں" والا تصور ثابت کرتا ہے کہ وقت خالق ہے۔

۲- وقت بحیثیت مخلوق

قرآن میں اللہ تعالیٰ زمانے کی قسم اٹھاتا ہے کہ جسے وہ بہت عزیز رکھتا ہے۔ گویا اللہ، خالق ہے اور اس نے اپنی کسی تخلیق کی یا عزیز ترین تخلیق کی قسم اٹھائی ہے۔

۳- وقت کی نفی

تیسرا رویہ علامہ اقبال کے ہاں یہ ہے جس میں وہ یہ کہتے ہیں کہ:

"نہ ہے زماں، نہ مکاں، لا الہ الا اللہ"[۲۷]

تو گویا علامہ اقبال وقت کی کوئی حیثیت تسلیم ہی نہیں کرتے، اور ہے بھی ایسا ہی، مگر جب تک علامہ اقبال جیسا تجربہ کرنے والا عبقری نہ ہو، یہ راز ہاتھ نہیں آتا۔

آئن سٹائن نے کہا کہ کوئی بھی جسم یا مادہ، روشنی کی رفتار سے حرکت کرے تو وہ توانائی (Energy) میں تبدیل ہو جائے گا۔ علامہ اقبال نے اس کلیے کی وضاحت یوں کی کہ رسول اکرمؐ کا واقعۂ معراج دراصل اسی سائنسی اصول کے مطابق ممکن ہے۔ یہ بھی کہ یہ واقعہ دنیا میں صرف ایک مرتبہ رونما ہوا کہ رسول اکرمؐ نے یہ سفر غیر معمولی رفتار سے طے کیا اور بہ خیریت لوٹ بھی آئے:

سبق ملا ہے یہ معراج مصطفیٰؐ سے مجھے
کہ عالم بشریت کی زد میں ہے گردوں[۲۸]

پھر یہاں تک کہہ دیا کہ:

لوح بھی تو، قلم بھی تو، تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ، تیرے محیط میں حباب[۲۹]

اگر فکر اقبال کا بہ دقت نظر مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنے خطبات (تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ) میں تو مسئلہ ہی زمان و مکاں اور تقدیر کا اٹھایا ہے، مگر ہم نے خودی، عقل و عشق اور نہ جانے کن کن تصورات کو علامہ اقبال کا بنیادی مسئلہ قرار دے دیا اور دیتے چلے آ رہے ہیں۔ اس مسئلے پر تفصیلی بحث پچھلے ابواب میں آ چکی ہے۔ پروفیسر مرزا محمد منور نے اس حوالے سے لکھا ہے:

Marfat.com

حق یہ ہے کہ مطالعۂ قرآن کی بدولت کائنات اور اہل کائنات کے باب میں ایک مخصوص نظریہ اور رویہ عمل میں آ جاتا ہے، اور اگر ذرا گہری نظر سے دیکھا جائے اور اصول ثابتہ کی روشنی میں بعض نتائج تک پہنچنے کی کوشش کی جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ قرآن بہت سے علوم اسلامی کا سرچشمہ ہے، جن میں سے تاریخ ایک ہے۔[۳۰]

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ علامہ اقبال نے ٹائم اینڈ سپیس کا مسئلہ برگساں سے لیا، حالانکہ اقبال جب برگساں سے ملنے گئے اور گفتگو کے دوران میں علامہ اقبال نے ''لاتسبوا الدھر'' والی حدیث قدسی بیان کی تو برگساں اچھل پڑا۔ اس نے کہا کہ میں تیس سال اسی مسئلے پر سوچتا رہا اور اس نتیجے پر پہنچا ہوں۔ علامہ اقبال نے فرمایا کہ رسول کریمؐ نے یہ حقیقت چودہ صدیاں قبل بیان فرما دی تھی۔

پھر یہ کہ برگساں کے لیے تو وقت یعنی زمان کا مسئلہ بنیادی نوعیت رکھتا ہے مگر اقبال کے ہاں بنیادی ہوتے ہوئے بھی بنیادی نہیں ہے کہ وہ تو اس کے ذریعے سے تاریخ سمجھانا چاہتے ہیں۔ علامہ اقبال کے نزدیک تصور وقت کو سمجھے بغیر تاریخ سمجھ نہیں آتی۔ حکومتوں کے آنے جانے، رات اور دن کے سلسلوں کی تدوین، تاریخ نہیں ہے۔ اقبال کے ہاں، تاریخ اس لمحے کا نام ہے، جو لمحہ خود تاریخ بن جائے۔ دراصل یہی وہ ایک لمحہ ہے، جب وقت کو شکست ہو جاتی ہے۔

اسلامی تاریخ میں کربلا بھی وقت کو شکست دینے کا ایک غیر معمولی اور نمایاں واقعہ ہے کہ جس کے نتیجے میں امام عالی مقامؑ شہید ہو گئے۔ مولانا محمد علی جوہر نے فرمایا تھا کہ:

قتل حسینؑ اصل میں مرگ یزید ہے

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد[۳۱]

ٹیپو سلطانؒ نے جب کہا تھا کہ گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے تو یہ لمحہ تاریخ تھا۔ علامہ اقبال نے بہت سے مقامات پر سلطان شہید کا ذکر کیا ہے مگر جاوید نامے کے باب ''آں سوئے افلاک'' میں بڑے فکر انگیز مضامین و موضوعات باندھے ہیں۔ اسی باب میں سلطان شہید سے کہلوایا:

زندگی را چیست رسم و دین و کیش

یک دم شیری بہ از صد سال میش[۳۲]

پھر ان کے بارے میں کہا:

آں کہ گفتارش ہمہ کردار بود

مشرق اندر خواب و او بیدار بود[۳۳]

Marfat.com

علامہ اقبال نے سلطان شہیدؒ کو برصغیر کا آخری مسلمان قرار دیا، پھر تو غلاموں کا عہد شروع ہوتا ہے اور علامہ اقبال صرف رات دن کی تبدیلی کو تاریخ نہیں سمجھتے۔ بقول ڈاکٹر وحید قریشی:

واقعات تاریخی تسلسل کے ساتھ محض اپنا اعادہ نہیں کرتے، ان میں ترمیم اور اضافہ بھی ہوتا رہتا ہے۔ اقبال کے اس عقیدے کا ایک رشتہ ان کے تصور زمان و مکاں سے وابستہ ہے اور ان مسائل کے حل کے لیے وہ فلسفۂ تاریخ کو فلسفۂ تمدن کے پس منظر میں رکھ کر دیکھتے ہیں۔ دوسری طرف اس عقیدے کا رشتہ جبر و اختیار کے مسئلے سے بھی ہے، جو مسلمان حکما کے نزدیک اکثر اساسی اور اہم رہا ہے۔ تیسری طرف ارتقائے حیات اور انسانی خودی کی تربیت کے لیے بھی وہ اسی تصور کو رہ نما بناتے ہیں۔ زندگی ان کے ہاں مسلسل حرکت، متواتر جدوجہد اور حصول مقصد کے لیے ان تھک تگ و دو کا نام ہے۔ اس لگن کے بغیر زندگی کو وہ موت سے تعبیر کرتے ہیں۔ اعلیٰ مقصد (نیابت الٰہی) کی خاطر جدوجہد ان کی نظر میں لازمہ شرف انسانی ہے۔ اس کے حصول میں کام آنے والے عناصر کو وہ لبیک کہتے ہیں اور اس کے خلاف جانے والے عناصر (نفی خودی کے عناصر) کو رد کرنے کے قائل ہیں۔ دراصل انسان پیدائشی طور پر نیک ہے۔ حالات و واقعات اس میں بدی پیدا کرتے ہیں اور ان برے اثرات اور اچھے رجحانات میں امتیاز خود انسان کے اختیار میں ہے۔ ایسے میں انسان مجبور محض نہیں رہتا، وہ صاحب اختیار بھی ہو جاتا ہے اور واقعات کے دھارے پر اس کا اقتدار بھی تسلیم کرنا پڑتا ہے۔[۳۴]

علامہ اقبال تاریخ کی معنویت، عمرانی مسائل، اقتصادی عوامل، اخلاقی اقدار اور فنون لطیفہ کے فکری امتزاج سے مرتب کرتے ہیں۔ وہ صرف بادشاہوں کے روزنامچے لکھنے کو تاریخ نہیں کہتے، کیوں کہ ان کے افکار میں تاریخ کی اہمیت، زمانے کے تغیر و تبدل سے ہی وابستہ نہیں ہوتی، بلکہ یہ تو معاشرے کے بین السطور موجود نظام فکر و عمل سے وابستہ ہوتی ہے۔ جب وہ تاریخ کے مطالعے پر زور دیتے ہیں، تو ان کا مقصد اور مدعا محض بادشاہوں کے احوال اور جنگوں کے واقعات کا تجزیہ ہی نہیں ہوتا، بلکہ وہ اس کی وساطت سے قومی زندگی کے شعور کی ترویج اور فرد کی خودی کی تکمیل کے خواہاں ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر وحید قریشی نے علامہ اقبال کے تصور تاریخ کے ضمن میں نہایت اہم نکتے کی طرف توجہ دلائی ہے:

اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لیے دیگر علوم کی طرح وہ (اقبال) تاریخ کو بھی ایک خاص سانچے میں ڈھلا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں۔ مختلف ممالک کی تاریخ میں وہ قوموں کے عروج و زوال کے اسباب کی تلاش کرتے ہیں اور فرد کو معاشرے کے پس منظر میں دیکھتے ہیں۔ معیاری معاشرے

Marfat.com

کا ایک خاص ڈھانچہ ان کے ذہن میں ہے۔ تاریخ کا مطالعہ وہ اسی کے حوالے سے کرتے ہیں۔ مختلف تحریکات کے مطالعے میں وہ فرد کو بھی مناسب اہمیت دیتے ہیں اور تاریخی عوامل پر فرد جس حد تک اثر انداز ہو سکتا ہے، اس کی تلاش و جستجو بھی کرتے ہیں۔ فرد ان کے نزدیک حالات کا غلام نہیں، وہ حالات کو بدلنے کی قوت بھی رکھتا ہے۔ اس خیال کے زیر اثر جہاں جہاں انھیں انسانی خودی کی تکمیل کے مظاہر دکھائی دیتے ہیں، ان کا ذکر انھوں نے اپنی تحریروں میں کیا ہے۔ اورنگ زیب عالمگیر، سلطان ٹیپو، ابوذر غفاری، فاطمۃ الزہرا، حضرت علی کی ذات بابرکات اس تاریخی مطالعے میں بہت اہم ہیں۔ اس کے علاوہ مولانا روم، جمال الدین افغانی اور بعض دوسرے اکابر کے کارناموں کو بھی انھوں نے بغور دیکھا ہے۔ ان کے ہاں تاریخ محض بادشاہوں کے حالات یا محض واقعات کا روزنامچہ نہیں ہے۔ وہ عمرانی مسائل، اقتصادی عوامل، اخلاقی اقدار، فنونِ لطیفہ سبھی کو اس تاریخی مطالعے کا ضروری حصہ گردانتے ہیں۔ ان کے ہاں تاریخ ایک فکری اور روحانی تسلسل کا نام ہے۔ یہ محض انسانی ذہن کو جلا دینے ہی کا کام نہیں کرتی، انسان میں اعتماد اور یقین کے اوصاف بھی پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ اخلاقی خوبیوں کو راسخ کرنے کے لیے وہ تاریخ کے مطالعے کو ضروری قرار دیتے ہیں۔ مسلمانوں کے علاوہ دوسری اقوام کی تاریخ، خصوصاً یورپ کی تاریخ کے مطالعے کو بھی ضروری قرار دیتے ہیں۔ دوسری اقوام کی تاریخ، خصوصاً یورپ کی تاریخ اور اخلاقیات اکثر ان کے پیشِ نظر رہی ہے۔ اروپائی سیاست اور نسلی امتیازات کی تہ میں انھیں اخلاقی اور روحانی اقدار کی شکست و ریخت دکھائی دی۔ یورپ کی اس مادی ترقی کو (جو اخلاقی اور روحانی اقدار سے خالی ہے) اقبال انسانی ترقی کی معراج تسلیم نہیں کرتے۔ ان کے ہاں روحانی اقدار کے بغیر ترقی بہیمانہ عناصر کی حامل ہوتی ہے۔ وہ لینن کی خودی کو مانتے ہیں لیکن اس خودی پر یہ اعتراض ہے کہ وہ خودی مسلمان نہیں ہے۔[۳۵]

تاریخ کا مطالعہ، علامہ اقبال کے افکار میں محض افراد اور قوم کے علیحدہ علیحدہ مطالعے سے انجام پذیر نہیں ہو سکتا، بلکہ فرد اور قوم کے باہمی ارتباط سے صورت پذیر ہوتا ہے۔ مقامِ فکر ہے کہ ہم تاریخ کیوں نہیں بنتے؟ اس لیے کہ ہم وقت کے ساتھ چلتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ وقت کے ساتھ چلو، جو وقت کا ساتھ نہیں دیتا، وہ پیچھے رہ جاتا ہے، حالانکہ علامہ اقبال کے ہاں تو وقت مرکب ہے، راکب نہیں ہے۔ اگر علامہ اقبال کے تصورِ تاریخ پر غور کریں، تو اس تصور کے ساتھ ساتھ اقتصادی، عمرانی اور اخلاقی رویے بھی دیکھنے پڑتے ہیں، تب کہیں جا کر ان کا تصورِ تاریخ سمجھ آسکے گا۔ بقول پروفیسر مرزا محمد منور:

Marfat.com

گویا حضرت علامہ کے نزدیک تاریخ کے مطالعے کے لیے وسیع علم، تجربے اور پختہ عقل عملی کی ضرورت ہے۔ اس لیے کہ تاریخ میں انسانی معاشروں کے جملہ شعبے آجاتے ہیں۔ تاریخ احاطہ پسند علم ہے، جو پوری زندگی کو محیط ہے، فکری، عملی، حرفی، صنعتی، تجربی، ادبی، مالی، ملکی، سیاسی، اقتصادی، دینی، نظریاتی، صنمیاتی، الہیاتی...... غرض انسانی حیات کا کوئی شعبہ نہیں، جس کی روداد تاریخ نہ کہلائے، مگر یہ ساری ہمہ نوعی، ہمہ رنگی اور ہمہ جہتی کاوشیں الگ الگ کچھ بھی ہوں، کسی بھی درجہ بلندی کی مالک ہوں اور کیسے ہی باریک اور لطیف تجزیے کا ہدف کیوں نہ بنیں، اس وقت تک معانی و مفاہیم سے بخوبی سرمایہ دار نہیں ہوتیں، جب تک ان کے باہمی روابط و توافق کی حقیقت واضح نہ ہو، حیات کی کلیت کے حوالے اور تصور کے بغیر تاریخ کا رخ اور مرتبۂ ارتقا سمجھ میں نہیں آسکتا۔ ایک ناملائم سی مثال یہ ہے کہ اگر ہاتھی ایک کل کی حیثیت سے ہماری معلومات میں داخل نہ ہو تو اکیلی سونڈ دکھا کر کوئی ہمیں سونڈ کے کوائف و وظائف لاکھ سمجھاتا رہے، شرح صدر کے ساتھ کچھ پلے نہیں پڑے گا۔ اسی طرح زندگی کی کلیت سے کٹ کر نہ کوئی فلسفیانہ نظریہ سمجھ میں آسکتا ہے، نہ کوئی سیاسی انقلاب اور نہ کوئی اقتصادی تغیر۔[۳۶]

جو شخصیتیں تاریخ بنی ہیں، اگر ان کی زندگی اور کارناموں پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ علامہ اقبال کا تصور تاریخ درست ہے۔ پھر تقدیر کا مسئلہ تو علامہ کے ہاں تاریخ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ اقبال کا کہنا ہے:

ستارہ کیا مری تقدیر کی خبر دے گا
وہ خود فراخیٔ افلاک میں ہے خوار و زبوں[۳۷]

یعنی تقدیر ہم خود بنائیں گے اور وقت کو شکست دے کر تاریخ کا حصہ بنیں گے۔ اگر وقت کے آگے آگے بھاگتے رہیں گے تو پھر حال یہی ہوگا، جو ہو رہا ہے۔ فارسی اور اُردو لٹریچر میں تقدیر پرستی کے رویوں کو رد کر کے اقبال نے بہت بڑا انقلاب بپا کر دیا ہے، جس کا شاید ہمیں اس طرح احساس نہیں، جس طرح ہونا چاہیے۔ میر ہی کو دیکھ لیں:

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا[۳۸]

یاسیت پر مبنی تصور جو صدیوں سے ہماری شاعری ہی نہیں، زندگیوں کا حصہ بھی بن گیا تھا، علامہ نے اس کو رجائیت سے بدل دیا۔ علامہ اقبال نے انسان کو دیے گئے اختیار کی وضاحت کی اور سمجھایا کہ اگر ہم محض مجبور اور بے بس ہیں تو حساب کتاب کیوں ہے اور جزا و سزا کیسے ہے؟

Marfat.com

علامہ اقبال کے مطابق اللہ نے احسن تقویم پر پیدا کیا اور ہم اسفل السافلین میں جا پہنچے اور یہ رویہ علامہ کے تصورِ تاریخ کے بالکل برعکس ہے۔ مرزا محمد منور لکھتے ہیں:

حضرت علامہ کا بڑا معروف شعر ہے:

زمانہ ایک، حیات ایک، کائنات بھی ایک
دلیل کم نظری، قصۂ جدید و قدیم!

حضرت علامہ کے نزدیک زندگی ایک مسلسل ارتقائی حرکت کا نام ہے اور زندگی کے میدان عمل میں انسان کی محنت و کاوش کے باعث اس کے جوہر کھلتے ہیں، قرآن کریم کا ارشاد ہے:

"سبح لله ما فی السموت و ما فی الارض" [سورہ ۶۱، آیت ۱]

زمین و آسمان میں جو کچھ ہے، اللہ کی تسبیح میں مصروف ہے۔

دوسری جگہ آتا ہے:

"تسبح له السموات السبع و الارض و من فیهن، و ان من شیی الا یسبح بحمده ولکن لا تفقهون تبیحهم انه کان حلیماغفورا [سورہ ۱۷، آیت ۴۴]

ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی بھی ان میں موجود ہے، اسی کی پاکی (قدوسیت) بیان کرتے ہیں اور کوئی بھی شے ایسی نہیں، جو حمد کے ساتھ اس کی پاکی نہ بیان کرتی ہو، یہ الگ بات ہے کہ ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں، بے شک وہ بڑا حلم والا ہے، بڑی مغفرت والا ہے۔

آیت کے آخری حصے کا مطلب ہے کہ وہ نظر و دانش رکھنے والوں کو مہارت دیتا ہے۔ سزا دینے میں جلدی نہیں کرتا، اور جب کوئی راہ راست پر آجائے تو سابقہ خطاؤں سے درگزر کرتا ہے۔[۳۹]

علامہ اقبال کے تصورِ تاریخ میں انسان کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کائنات اور نظم کائنات کے تمام تر رنگ اسی کی بدولت ہیں۔ انسان وظیفہ کائنات اور مسجود ملائک ہے، زمین پر اللہ کا نائب اور خلیفہ ہے، وہ حسن تقویم ہے، اس کارگہ فکر و عمل کا وجود اسی کے دم سے وابستہ ہے، مگر یہ نہ تو ملائکہ کی طرح محض خیر ہے اور نہ ہی شیاطین کی طرح محض شر، خیر و شر کے مختلف رویے اس کی ذات سے وابستہ ہیں۔ اس کی سرشت میں نیکی کا عنصر بھی موجود ہے اور بدی کا بھی، اس کا دل حق و باطل کے مابین دھڑکتا ہے۔ وہ مجبور محض نہیں اور نہ ہی اسے کلی اختیار حاصل ہے، بلکہ وہ نیکی اور بدی میں سے، اپنے لیے جو بہتر سمجھتا ہے، اسے انتخاب کر سکتا ہے۔ اس کی فکری اور روحانی اصلاح کے لیے ہر دور میں پیغمبر مبعوث ہوئے۔ فکر و خیال کا ہر زاویہ اس کے سامنے کھلا ہے۔ وہ جیسے چاہے اور جس طرح چاہے، زندگی گزار سکتا ہے۔ اگر اس کی زندگی رحمانی

Marfat.com

تعلیمات کے زیر اثر بسر ہو، تو وہ خیر ہے اور شیطانی کاموں میں الجھ کر رہ جائے، تو پھر محض شر۔ کائنات کی یہ ساری تگ و دو اور ہنگامہ ہائے روزگار اس کی وجہ سے ہیں۔ یہی تاریخ کا خالق ہے اور خود تاریخ بھی۔ پروفیسر مرزا محمد منور کے الفاظ میں:

In other words, we may say that man is the measure for all things (not the measure of all things). He is the critic, the analyst, the judge, the umpire, and he guardian examiner. It is he who lauds. It is he who denounces. All worlds from atoms to celestial spheres, all beginnings and ends, all tastes and colours, all relations and proportions, in short, the whole world of perception and ideas is in reality the world or man. Man is the meaning and all other created existences; are absurdities if man is not there. Iqbal addresses God and lays bare the pride of man in humble words:

قصور وار، غریب الدیار ہوں، لیکن
ترا خرابہ فرشتے نہ کر سکے آباد

[I am guilty. I am alien.
Yet this desolate world of yours could not be inhabited and cultivated by your angels.]

نمی بینی کہ ما خاکی نہاداں
چہ خوش آراستم ایں خاکداں را

[ Do not you see that we clay-born things.
How pleasingly have decorated your Earth.]

It is all man's toil, his sweat and blood, which has made the world colourful, graceful and musical. Yet all done is just in a tiny speck of brilliance in relation to the universe. The worlds and heavens, trillions into trillions in number, are yet to be explored. Every breath taken consciously brings man face to face with awfuly immeasurable challenges. To know and to conquer is man's perpetual enterprise. It is all man's manifold history. And it is all in Time.[40]

علامہ اقبال کا تصور انسان بھی قرآن کریم کی تعلیمات سے ماخوذ ہے، کیوں کہ قرآنی پیغام کا مرکز و محور بھی انسان ہے۔ ان کے نزدیک انسان کائنات میں حقیر اور بے بس نہیں ہو سکتا، بلکہ حسن تقویم کا مظہر ہوتے ہوئے، وہ کائناتی نظام میں سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ علامہ کے افکار میں تاریخ کو بھی اسی لیے بنیادی حیثیت حاصل ہے کہ وہ انسان کے ساتھ براہ راست وابستہ ہے۔ رموز بے خودی میں جب وہ تاریخ کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو ان کے سامنے فکر و خیال کے تمام تر پہلو نمایاں ہوتے ہیں۔ مثلاً

Marfat.com

چیست تاریخ اے ز خود بیگانہ
داستانے قصۂ افسانہ
ایں ترا از خویشتن آگہ کند
آشنائے کار و مرد رہ کند
روح را سرمایۂ تاب است ایں
جسم ملت را چو اعصاب است ایں
ہمچو خنجر برفسانت می زند
باز بر روے جہانت می زند
وہ چہ ساز جاں نگار و دلپذیر
نغمہ ہائے رفتہ در تارش اسیر
شعلۂ افسردہ در سوزش نگر
دوش در آغوش امروزش نگر
شمع او بخت امم را کوکب است
روشن از وے امشب و ہم دیشب است
چشم پرکارے کہ بیند رفتہ را
پیش تو باز آفریند رفتہ را
بادۂ صد سالہ در مینائے او
مستی پارینہ در صہبائے او
صید گیرے کو بدام اندر کشید
طائرے کز بوستان ما پرید
ضبط کن تاریخ را پائندہ شو
از نفسہائے رمیدہ زندہ شو
دوش را پیوند با امروز کن
زندگی را مرغ دست آموز کن
رشتۂ ایام را آور بدست
ورنہ گردی روز کور و شب پرست

Marfat.com

سر زند از ماضیٔ تو حالِ تو
خیزد از حالِ تو استقبالِ تو
مشکن ار خواہی حیاتِ لازوال
رشتۂ ماضی ز استقبال و حال
موجِ ادراکِ تسلسل زندگی است
مے کشاں را شورِ قلقل زندگی است [۴۱]

تاریخ علامہ اقبال کے نزدیک صرف حالات و واقعات کا تسلسل نہیں، بلکہ اس کی معنو
کچھ اور ہے، تاریخ ماضی سے مستقبل کی جانب واقعاتی بوقلمونی کا پیہم رواں سلسلہ نہیں ہے
یہ حقیقت میں زندگی کی ہی علامتی اپیل ہے، جو ازل سے ابد کی طرف مائل بہ سفر ہے۔ مسجد ق
میں اس کے اسی علامتی نظام کی صدائے بازگشت ملتی ہے، جہاں انسان خود تاریخ کا مثیل بن
ہے۔ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی نہیں، بلکہ ہر دم تازہ اور جواں رہتی ہے۔ اس میں نت
اعمال کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ گویا تاریخ کا تسلسل، روز و شب کی تقویمی صورت سے مختلف
منفرد ہے۔ پروفیسر مرزا محمد منور کے بقول:

No doubt, every moment is a creative moment. Things are coming to life. Things are dying out. Every moment the universe is a new universe. Hence no human being can afford to be inert, neither physically nor mentally. One has constantly to be alert, up and doing. Time gives no special consideration and makes no concession to any individual or society. Those who capture the spirit of creation and change know what to do, how to do and when to do. They subjugate Time. Those who are otherwise are subjugated by Time. There are people who learn and conquer. There are people who do not learn and are trampled upon by others. Their affliction serves as a warning to those who follow. Moreover, it is not the knowledge of natural laws alone that leads man to the abode of reality. Development of spiritual faculties is also needed, otherwise our understanding of the world we live in will not be sound. Ideas will fall and ideals will crumble down to earth before long adding yet another sad chapter to the record book of human failures: failures caused by stubborn ambitions entertained by immature minds. But what history is otherwise.[42]

تاریخ زمانے کی طرح وہ سیلاب ہے، کہ جس میں رات اور دن کی تخصیص نہیں ہوتی بلکہ
میں انفرادیت تو زندگی اور موت کے علامتی رویوں سے انعکاس پذیر ہوتی ہے، یعنی تاریخ میں
چیزیں اہم ہوتی ہیں:

Marfat.com

۱۔ یا تو کوئی چیز زندہ ہے
۲۔ یا پھر کوئی چیز زندہ نہیں ہے

تیسری کوئی صورت اسے قبول نہیں ہوتی۔۔ اسی لیے علامہ اقبال کے ہاں قوموں کا عروج یا پھر زوال محض قوموں کی تقدیر کے ساتھ وابستہ نہیں ہوتا، بلکہ اس کی وابستگی تو بنیادی اقدار کے ساتھ ہوتی ہے۔ کسی قوم کی بنیادی اقدار کے بدلنے یا گھٹنے بڑھنے سے اس قوم کے عروج و زوال کے آثار رقم ہوتے ہیں۔

اقبال کی فارسی شاعری سے چند اقتباسات ملاحظہ کیجیے، جن میں علامہ کے تصور تاریخ کی جھلکیاں ملتی ہیں:

ملت نو زادہ مثل طفلک است
طفلکے کو در کنار مالک است
طفلکے از خویشتن نا آگہے
گوہر آلودۂ خاک رہے
بستہ با امروز او فرد اش نیست
حلقہ ہائے روز و شب در پاش نیست
چشم ہستی را مثال مردم است
غیر را بینندہ و از خود گم است
صد گرہ از رشتۂ خود وا کند
تا سر تار خودی پیدا کند
گرم چوں افتد بکار روز گار
ایں شعور تازہ گردد پایدار
نقشہا بردار و اندازد ازو
سرگزشت خویش را می سازد او
فرد چوں پیوند ایامش گسیخت
خود شناس آمد زیاد سرگزشت
سرگزشت او گر از یادش رود

Marfat.com

باز اندر نیستی گم می شود
نسخۂ بود ترا اے ہوشمند
ربط ایام آمدہ شیرازہ بند
ربط ایام است مارا پیرہن
سوزنش حفظ روایات کہن
چیست تاریخ اے ز خود بیگانہ
داستانے قصۂ افسانہ
ایں ترا از خویشتن آگہ کند
آشنائے کار و مرد رہ کند
روح را سرمایۂ تاب است ایں
جسم ملت را چو اعصاب است ایں
ہمچو خنجر برفسانت می زند
باز بر روئے جہانت می زند
وہ چہ ساز جاں نگار و دلپذیر
نغمہ ہائے رفتہ در تارش اسیر
شعلۂ افسردہ در سوزش نگر
دوش در آغوش امروزش نگر
شمع او بخت امم را کوکب است
روشن ازوئے امشب وہم دیشب است
چشم پر کارے کہ بیند رفتہ را
پیش تو باز آفریند رفتہ را
بادۂ صد سالہ در مینائے او
مستی پارینہ در صہبائے او
صید گیرے کو بدام اندر کشید
طائرے کز بوستان ما پرید

Marfat.com

ضبط کن تاریخ را پاینده شو
از نفسهائے رمیده زنده شو
دوش را پیوند با امروز کن
زندگی را مرغ دست آموز کن
رشتۂ ایام را آور بدست
ورنہ گردی روز کور و شب پرست
سر زند از ماضی تو حال تو
خیزد از حال تو استقبال تو
مشکن ار خواہی حیات لازوال
رشتۂ ماضی ز استقبال و حال
موج ادراک تسلسل زندگی است
مے کشاں را شور قلقل زندگی است[۴۳]

............

آنچہ در آدم بگنجد عالم است
آنچہ در عالم نگنجد آدم است
آشکارا مہر و مہ از جلوتش
نیست رہ جبریل را در خلوتش!
برتر از گردوں مقام آدم است
اصل تہذیب احترام آدم است[۴۴]

............

گفت حکمت را خدا خیر کثیر
ہر کجا ایں خیر را بینی بگیر
علم حرف و صوت را شہپر دہد
پاکی گوہر بہ نا گوہر دہد
علم را بر اوج افلاک است رہ
تا ز چشم مہر بر کندد نگہ

Marfat.com

نسخۂ او نسخۂ تفسیر کل
بستۂ تدبیر او تقدیر کل
دشت را گوید حبابے دہ دہد
بحر را گوید سرابے دہ دہد!
چشم او بر واردات کائنات
تا بہ بیند محکمات کائنات
دل اگر بندد بہ حق، پیغمبری است
ور زحق بیگانہ گردد کافری است!

............

علم را بے سوز دل خوانی شر است
نور او تاریکیٔ بحر و بر است!
عالمے از غاز او کور و کبود
فرودینش برگ ریز ہست و بود
بحر و دشت و کوہسار و باغ و راغ
از بم طیارۂ او داغ داغ!
سینۂ افرنگ را نارے ازوست
لذت شبخون و یلغارے ازوست
سیر واژونے دھد ایام را
می برد سرمایۂ اقوام را!
قوتش ابلیس را یارے شود
نور نار از صحبت نارے شود
کشتن ابلیس کارے مشکل است
زانکہ او گم اندر اعماق دل است!
خوشتر آں باشد مسلمانش کنی
کشتۂ شمشیر قرآنش کنی

Marfat.com

از جلال بے جمالے الاماں
از فراق بے وصالے الاماں!
علم بے عشق است از طاغوتیاں
علم با عشق است از لاہوتیاں!
بے محبت علم و حکمت مردہ
عقل تیرے بر ہدف ناخوردہ
کور را بینندہ از دیدار کن
بولہب را حیدر کرارؓ کن![۴۵]

............

از قیام بے حضور من مپرس
از سجود بے سرور من مپرس
جلوۂ حق گرچہ باشد شریک نفس
قسمت مردان آزاد است و بس
مردے آزادے چو آید در سجود
در طوافش گرم رو چرخ کبود
ما غلاماں از جلالش بے خبر
از جمال لازوالش بے خبر
از غلامے لذت ایماں مجو
گرچہ باشد حافظ قرآں مجو
مومن است و پیشۂ او آزری است
دین و عرفانش سراپا کافری است
در بدن داری اگر سوز حیات
ہست معراج مسلماں در صلوات
در نداری خون گرم اندر بدن
سجدۂ تو نیست جز رسم کہن

Marfat.com

عید آزاداں شکوہ ملک و دیں
عید محکوماں ہجوم مومنیں![46]

علامہ اقبال کے خطوط میں بھی کہیں کہیں تاریخ، تصور تاریخ اور فلسفۂ تاریخ کے حوالے سے منتشر اور بکھرے ہوئے خیالات ملتے ہیں، مگر جیسا کہ بار ہا یہ بات دہرائی جا چکی ہے کہ ہمیں علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی زیادہ جامع اور مکمل صورت ان کے خطبات، تشکیل جدید الٰھیات اسلامیہ میں ملتی ہے۔ تاہم سید نذیر نیازی کے نام لکھے گئے ایک خط میں ان کے اس سوال کا، کہ تحقیق کے لیے فلسفۂ تاریخ کا موضوع کیا تصوف اسلام سے بہتر نہیں رہے گا؟ جواب دیتے ہوئے لکھا:

میں تصوف پر تاریخ کو ترجیح دیتا ہوں۔[47]

علامہ اقبال کے اس جواب سے گو تصوف پر تاریخ کی برتری تو ثابت نہیں کی جا سکتی کہ یہاں بات موضوع تحقیق کی ہو رہی ہے، مگر علامہ اقبال کی تاریخ سے گہری وابستگی اور دلچسپی ضرور ظاہر ہو رہی ہے۔

یہاں ذرا سا توقف کر کے مختصراً یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ علامہ اقبال نہ صرف اسلامی دنیا بلکہ فلسفے کے تمام ادوار اور رجال میں سے واحد فلسفی ہیں کہ جنھوں نے تاریخ کو ایک سرچشمۂ علم یا ذریعۂ علم قرار دیا۔ پھر اسی حوالے سے دوسری اہم بات یہ ہے کہ علامہ اقبال کا یہ تصور خود ساختہ نہیں، نہ ہی کسی فلسفی کے تخیل کی پرواز ہے بلکہ قرآن حکیم اور احادیث رسول مقبولؐ کا عطا کیا ہوا تصور ہے، جس کے بارے میں اس قدر کھلے انداز میں پہلی مرتبہ علامہ اقبال نے گفتگو کی۔ پھر علامہ اقبال کے ہاں یہ بات بھی اولیات میں شمار ہونے کے لائق ہے کہ کسی مفکر نے علامہ اقبال کے علاوہ تاریخ کی حرکت کو مستقیمی قرار نہیں دیا، ورنہ ابن خلدون جیسا عبقری بھی قرآن کے نقطۂ نظر کو صحیح معنوں میں نہیں پا سکا۔ اس نقطے سے ذرا آگے بڑھیں تو جیسا کہ اس حوالے سے تفصیلی بحث دوسرے باب اور کئی دوسرے مقامات پر کی جا چکی ہے کہ علامہ اقبال دنیا میں واحد فلسفی ہیں کہ جن کے خیالات، تصورات اور نظریات صرف مجرد صورتوں میں ہی قرطاس کی زینت نہیں بنے، بلکہ باقاعدہ متشکل ہو کر دنیا کے سامنے آئے۔ ان کے تفکر اور جدوجہد کے نتیجے میں برصغیر میں ایک آزاد اور خود مختار اسلامی مملکت معرض وجود میں آئی۔ حقیقت یہ ہے کہ علامہ اقبال کے تصورات کی صورت پذیری کے لیے ایک تجربہ گاہ کی ضرورت تھی اور یہ تجربہ گاہ

Marfat.com

ان کے تصور پاکستان کی صورت میں ظاہر ہوئی۔ یہ تصور زمانے کے سرد و گرم میں محو سفر رہا اور بہت مختصر عرصے میں برصغیر کے مسلمانوں کی آرزو بن کر آزاد اور خودمختار مملکت اسلامیہ کی صورت میں دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ یہ مملکت دراصل علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی عملی صورت ہے اور ایسا فلسفے کی دنیا میں پہلی مرتبہ ہوا ہے کہ ایک عظیم مفکر کا تفکر اور تصور تاریخ، احوال و آثار کی جبریت کا شکار نہیں ہوا، بلکہ عملی طور پر ایک تجربہ گاہ کی صورت میں متشکل ہوا۔ اس تجربہ گاہ کے حوالے سے غلام احمد پرویز کی کتاب مجلس اقبال میں سے یہ اقتباس علامہ اقبال کے تصورات کی بہتر تشریح و توضیح کرتا ہے:

قارئین کو یاد ہوگا کہ پاکستان، حضرت علامہ اقبال کی وفات کے بہت عرصہ بعد وجود میں آیا تھا لیکن اس کا تصور انھوں نے الہ آباد کے خطبۂ صدارت (۱۹۳۰ء) میں پیش کیا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ وہ اپنی شہرۂ آفاق کتاب جاوید نامہ کی ترتیب و تدوین میں مصروف تھے۔ اس کتاب میں انھوں نے اپنی سیر افلاک کی داستان بیان کی ہے۔ وہ اس سیر میں فلک مریخ میں ''شہر مرغدین'' میں پہنچتے ہیں، جس طرح یہ شہر اور وادیاں تصوراتی ہیں، اسی طرح ان کے نام بھی حضرت علامہ کے خود ہی تراشیدہ ہیں۔ مرغدین کا نام اس حقیقت کی طرف رہنمائی کرتا ہے کہ یہ اس سرسبز و شادات بستی کا نام ہے، جس کا نظام، دین کی بنیادوں پر استوار ہے۔ بالفاظ دیگر حضرت علامہ نے اس میں یہ بتایا ہے کہ اگر دنیا کے کسی قطعہ میں دین کے اصولوں پر معاشرہ قائم ہو جائے تو وہاں کی زندگی کا نقشہ کیا ہوگا۔ چناں چہ حضرت علامہ نے پاکستان کی تجویز ہی اس لیے کی تھی کہ یہاں کے رہنے والے مسلمان اپنی زندگی کو قرآنی نظام کے مطابق بسر کر سکیں۔ اس لیے جو کچھ انھوں نے مرغدین کے متعلق کہا ہے، اس سے ان کا مقصود اس پاکستان کا معاشرتی نقشہ تھا، جو اس زمانہ میں ان کے ذہن میں گردش کر رہا تھا۔ چنانچہ اس داستان کا عنوان ہی انھوں نے ''گردش در شہر مرغدین'' تجویز کیا تھا۔[۴۸]

علامہ اقبال کا تصور تاریخ سب سے زیادہ علمی انداز میں ان کے خطبات تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ میں جلوہ گر ہوا ہے لہٰذا ان ساتوں مقالات کا تفصیلی جائزہ، علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے، تاہم اس سے قبل علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی یہاں وہاں جلوہ گری کا مختصر سا خاکہ ملاحظہ کریں۔ ڈاکٹر سید عبداللہ رقم طراز ہیں:

فلسفۂ تاریخ (اور علم العمران) کا مواد اقبال کی تقریباً سب ہی کتابوں میں پھیلا ہوا ہے۔ اس کی ابتدا رسالہ مخزن میں مضمون نگاری سے ہی ہو گئی تھی۔ اس نوع کا ایک مقالہ مخزن میں

Marfat.com

اکتوبر ۱۹۰۴ء میں شائع ہوا، جو تاریخ سے زیادہ علم العمران سے متعلق ہے۔ کچھ اور مضامین بھی قدیم دور کے ہیں۔ شاعری میں اسرار خودی، رموز بے خودی میں فلسفۂ تاریخ اور علم العمران ہر دو (شعری بندشوں کے باوجود) مربوط و مرتب ہیں۔ باقی منظوم کتابوں میں بھی خاصا مواد موجود ہے، لیکن خطبات کے کم سے کم دو خطبے ایسے ہیں، جن میں تاریخ اور علم العمران کی اساسیات مربوط صورت میں ہیں اور اگر سوشیالوجی میں معاشیات کو بھی شامل کیا جائے تو کتاب علم الاقتصاد بھی ہے۔

مقالات اقبال (مرتبہ سید عبدالواحد معینی) میں کم از کم تین مقالے:

(۱) قومی زندگی۔

(۲) ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر۔

(۳) خلافت اسلامیہ ہیں۔

جن کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ ان میں تاریخ کا سائنسی عقلی تصور، تاریخ اور علم العمران کا حیاتیاتی علوم اور طبعی قوانین سے گہرا تعلق اور مسلم معاشرت کی نئی تشکیل کے بارے میں سائنسی، علمی، معروضی انداز کے تجزیے اور نظریے جمع ہیں اور موجودہ مقالے کے حوالے سے کہا جاسکتا ہے کہ ان سب میں ابن خلدون کے افکار کی جھلک پائی جاتی ہے۔ خصوصی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ ان میں قومی و اجتماعی زندگی کے بارے میں علم الحیات کے نظریات، مثلاً زندگی کا ایک معرکۂ کارزار ہونا، قانونی تغیر، بقائے اصلح، تہذیب کے ارتقائی تسلسل اور ارتقائے قومی میں دینی عصبیت (بقول ابن خلدون) کی اہمیت، معاشرتی انقلاب میں نبوت کا مقام، ریاست و خلافت کی تمدنی بنیادیں، دنیا کی مختلف اقوام کی طبعی خصوصیات، مستقبل کے کلچر کی تشکیل میں کرداری نمونے، زراعت کو ایک کمتر پیشہ قرار دینا (بقول ابن خلدون) اور گروہ بندیوں کے محرکات جیسے تصورات موجود ہیں، جن کی تفصیل کے لیے ایک سے زیادہ مقالات کی ضرورت ہے۔[۴۹]

علامہ اقبال کے تصور تاریخ کو سمجھنے کے لیے ان کے خطبات (تشکیل جدید الهیات اسلامیه) کا بہ دقت نظر مطالعہ کرنا، بنیادی اور اساسی نوعیت کا حامل ہے۔ خطبات اقبال کی بہتر تفہیم کے بغیر اقبال کے تصور تاریخ کو نہیں سمجھا جاسکتا۔ علامہ اقبال نے مذکورہ خطبات میں تاریخ اور تصور تاریخ پر علیحدہ سے اظہار خیال نہیں کیا۔ لیکن ان کے ساتوں خطبے، تصور تاریخ، تاریخ بحیثیت علم اور تاریخ بحیثیت ذریعۂ علم کی خوش بو سے معطر ہیں۔ ان کے ہر خطبے میں بین السطور تصور تاریخ کی رو موجود ہے۔

مثال کے طور پر ان کا پہلا خطبہ ''علم اور مذہبی مشاہدہ'' میں انھوں نے علم اور اس کے بعد مذہبی مشاہدے کی توضیح و تشریح، تصور تاریخ کی روشنی میں انجام دی ہے۔

Marfat.com

علم کیا ہے؟
انسان کا علم سے کیا تعلق ہے؟
کائنات سے علم کا کیا رشتہ ہے؟
خدا اور علم کے مابین کیا ناتا ہے؟
پھر ان بنیادی سوالوں کا علم سے کس قدر اور کس نوعیت کا تعلق ہے؟

یہ دراصل اس خطبے کے بنیادی موضوعات ہیں۔ ان سوالوں کے جواب تلاشنا کسی بھی صورت میں ممکن نہیں، اگر تاریخ کو بحیثیت علم اور ایک ذریعۂ علم پیش نظر نہ رکھا جائے۔ علامہ اقبال نے اس خطبے میں علم کی تاریخیت کے مظاہر کو علم کی تفہیم اور تشریح کے ضمن میں برتا ہے۔ انھوں نے قرآنی علم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے لکھا کہ بہت کم مسلمان فلسفی علم کی اس روح کو پا سکے جو قرآن کا مقصود ازلی ہے۔ اس لیے کہ ابتدائے اسلام میں اکثر و بیشتر شارحین و مفسرین یونان کی طرف نکل گئے اور یونانی کتابوں کے تراجم، خاص طور پر ارسطو کے تراجم کے بعد اس فکری ماحول میں، کہ جب قرآنی علم کا مطالعہ آغاز ہوا، تو یونانی فکر کے وہ مسائل سامنے آئے جو اس بنیادی محور سے مفکرین کو ہٹا لے گئے، جو قرآن کی منہاج تھا۔ ہوا یوں کہ یونانی فکر میں علم کی حیثیت وجدانی تھی، اس میں ادراک، تجربہ اور مشاہدہ شامل نہیں تھا۔ قرآن نے بصارت و بصیرت اور سماعت پر بڑا زور دیا ہے۔ ضروری ہے کہ علم میں مشاہدے، مطالعے اور تجربے کی کیفیات بھی وجدانیات کے ساتھ ساتھ موجود ہوں تو علم کے حصول کی کلی صورت ممکن ہوتی ہے۔ جہاں مفکرین حواس کو علیحدہ کر دیں اور وجدان و کشف پر علم کی بنیاد رکھیں تو پھر علم کی مجموعی اور کلی صورت سامنے نہیں آ سکتی۔ سو یونانی تفکر کے پس منظر میں مطالعۂ قرآن کے اسی نوعیت کے مغالطے سامنے آتے ہیں۔ سب سے پہلی کوشش امام غزالیؒ کے ہاں دکھائی دیتی ہے۔ انھوں نے اس طرز فکر کے خلاف باقاعدہ مہم کا آغاز کر کے، قرآن کو اس کے تناظر سے ہٹا کر اس کو صحیح صورت میں سمجھنے کی کوشش کی، لیکن ہم انھیں بھی، ان کے فکر اور کام کو بھی، قرآن کے بنیادی علم کی روح قرار نہیں دے سکتے۔ ان کے ہاں عقل کی اہمیت و معنویت بہت زیادہ جلوہ گر ہے، جب کہ اس کے مقابلے میں وجدان اور کشف، دوسرے درجے پر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ انھوں نے یونانی فکر، یا نظام فکریات کے خلاف ردعمل میں وجدانی رویوں کو کمتر اہمیت دیتے ہوئے عقلی اور استدلالی قوتوں کو ابھار کر ایک نیا سلسلہ تو آغاز کیا لیکن ان کے ہاں عقل اور عشق یا وجدان یا

Marfat.com

کشف یا مذہبی تجربے کے باہمی امتزاج سے، اصل روح کو سمجھنے کی کوشش دکھائی نہیں دیتی۔ ان کے ہاں بھی افراط و تفریط کا رویہ ہمیں دکھائی دیتا ہے۔ مابعد مفکرین، مفسرین اور شارحین کا ایک سلسلہ نظر آتا ہے کہ جنھوں نے یا تو اس علم کو استدلالی حقائق کی روشنی میں جاننے، پرکھنے اور معلوم کرنے کی کوشش کی یا ان کا نقطۂ نظر بالکل وجدانی قدروں پر استوار ہوتا ہے۔ اس حوالے سے جو پہلی، بڑی اور باقاعدہ شخصیت ہمیں دکھائی دیتی ہے وہ حضرت شاہ ولی اللہؒ ہیں، جن کے ہاں عقلی و استدلالی رویوں کے ساتھ ساتھ وجدانی اور کشفی رویے بھی اپنی پوری قوت کے ساتھ موجود ہیں اور ان کے باہمی اشتراک اور ارتباط سے اس نظریۂ علم کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش اور کاوش ملتی ہے کہ جس کے پس منظر میں پوری انسانی تاریخ کا فکری اور تہذیبی ماحول موجود ہے۔
ڈاکٹر سید عبداللہ کے بقول:

ابن خلدون کا نصب العین صرف صحت واقعہ کا تعین (عقلی طریقے سے) اور فرد و اجتماع کی طبیعت (نیچر) اور اس کے تصرفات کا ایک نقشہ کھینچنا ہے اور بس۔ اس کے برعکس اقبال کے نزدیک اصلی مقصد ایک دینی معاشرتی نصب العین ہے، جس کی تجدید و تشکیل عصر حاضر کے حوالے سے مدنظر ہے۔ وہ محض ناظر یا روداد نگار نہیں بننا چاہتے، وہ تاریخ اور علم المعاشرہ کی مدد سے ایک ایسی سوسائٹی کی تشکیل چاہتے ہیں جو دین اسلام کے اصول پر مبنی ہو اور Pan-Human Society (وحدت بنی نوع) اس کی منزل ہو...... اس لحاظ سے اقبال پہلے بڑے مسلم مفکر ہیں، جو سائنسی، علمی بنیادوں پر مسلمانوں کی ثقافت کے شارح ہیں، بلکہ اس کے فلسفی، تشخیص کنندہ اور آگے کے رہنما ہیں...... بالائے عقیدت یہ ہے کہ مسلمانوں کے فلسفۂ تاریخ اور علم العمران میں اگر صرف چند بڑے ناموں کا شمار کرنا ہو تو ہم ابن خلدون، شاہ ولی اللہ دہلوی اور علامہ اقبال ہی کا نام لے سکتے ہیں...... مسلمانوں کے بڑے بڑے مورخین اپنے اپنے میدان میں جتنے عظیم کیوں نہ ہوں (جیسا کہ وہ واقعی تھے) حقیقت یہی ہے کہ مسلم علم الاجتماع میں اولیت ابن خلدون ہی کو حاصل ہوئی اور اس سلسلے کی آخری کڑی اقبال ہیں...... درمیان میں حضرت شاہ ولی اللہ بھی آتے ہیں، جن کی حکمت اجتماعی اپنے زمانے کی حدود تک تسلیم شدہ ہے لیکن یاد رہے کہ ہمیں تشکیل نو کے وقت اقبال کو ابن خلدون سے جدا رکھ کر پڑھنا پڑے گا کیوں کہ ابن خلدون کی حیثیت بانیوں کی ہے، جن کے خیالات پر بہت تنقیدیں ہوئیں، بہت اضافے ہوئے، بہت تبدیلیاں ہوئیں۔ لہٰذا آج کے دور کے لیے علم الاجتماع میں اقبال ہی ہمارے رہنما ہیں...... مسلمانوں کے فلسفۂ تاریخ اور علم العمران میں، خواہ وہ جس نوعیت کا بھی ہے، اقبال مسلم

Marfat.com

معاشرتی سلسلۂ فکر کی آخری کڑی ہیں، جس کی جداگانہ خصوصیات ہیں اور اسے اگرچہ ابھی تک منظم و مرتب نہیں کیا گیا مگر اچھی ترتیب و تنظیم کے ذریعے علامہ کے عمرانی افکار کو ایک مربوط نظام کی شکل دی جاسکتی ہے۔ تاریخ کے معاملے میں اقبال نے جو تصورات ہمیں دیے ہیں، بنیادی طور پر ان کا ماخذ قرآن مجید ہے...... علامہ اقبال نے (میری معلومات کے مطابق) راویان حدیث اور علم جرح و تعدیل کے حق میں لکھا ہے اور ان کی تعریف کی ہے۔ البتہ محض منقول کو کافی خیال نہیں کیا۔ بہر حال علامہ کے نزدیک صرف نقل یا خبر کافی نہیں، بلکہ ضروری ہے کہ امکان وقوع کے جملہ عقلی ذرائع کے استعمال کے علاوہ وقوع کے جملہ ٹھوس آثار سے بھی تائید حاصل کی جائے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں بار بار اقوام ماضیہ کے آثار و عمارات، بروج مشیدہ اور دیگر مادی ذرائع کے احوال معلوم کرنے اور سیر فی الارض اور مشاہدۂ عواقب اور اس سے عبرت حاصل کرنے کا ذکر آیا ہے...... علامہ کے نزدیک تاریخ اسی بنا پر ایک اہم ذریعۂ علم ہے۔ یہ نکتہ بھی قابل توجہ ہے کہ تاریخ چند منقطع واقعات و حادثات کا نام نہیں، بلکہ یہ زمان میں انسان کی مستقل اور مسلسل حرکت کا نام ہے اور ارتقا کا عمل اس کی زندگی کا ناگزیر حصہ ہے۔ یہ بھی نظر انداز نہ کیا جائے کہ ارتقا کے اس تصور میں علامہ نے حرکت میں تسلسل کے باوجود جست (زقند) کا بھی انکار نہیں کیا، جس کو اسرار الٰہی ہی کہا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ سوروکن وغیرہ اسے Superimposed Advance تسلیم کر کے ڈارونی علم حیات کے تصور ارتقا سے الگ راستہ اختیار کرتے ہیں۔ علامہ کے بھی تقریباً یہی خیالات ہیں۔ وہ جست کو تسلیم کرنے کے باوجود تاریخ کو استدام حرکت کے مترادف خیال کرتے ہیں...... بس یہ دو نکتے علامہ کے فلسفۂ تاریخ (اور علم العمران) کے اہم ستون ہیں اور اسی پر انھوں نے امت محمدیہؐ کے دوام کے عقیدے کی عمارت کھڑی کی ہے۔[۵۰]

علامہ اقبال نے اس پورے ماحول کو زیر بحث لانے کے بعد اسی فکر اور رویے کی ترجمانی کی جو ہمیں ان کے پہلے خطبے میں دکھائی دیتا ہے۔ اس میں انھوں نے حضرت شاہ ولی اللہؒ کی طرح دونوں رویوں کو باہمی امتزاج کے ساتھ بیان کر کے، ایک ایسے فکری رویے کی ترجمانی کی کہ جس سے تاریخ کا علم اپنی بھرپور معنویت اور اپنی تمام تر تہذیبی جمالیات کے ساتھ ہمارے سامنے آتا ہے۔

علم اپنے اندر مادی اور روحانی رویے رکھتا ہے اور دونوں کی یگانگت اور ارتباط سے وہ کلیت کا لباس پہنتا ہے اور اگر اس میں مادی یعنی وہ رویے جن کی بنیاد حواس خمسہ پر ہو، وجدانی رویوں کے زیر اثر نہ ہوں تو روحانی تجربہ، جسے علامہ اقبال نے مذہبی مشاہدے سے موسوم کیا ہے، وہ اپنی صحیح اور جاودانی قدروں کا اظہاریہ اور اشاریہ نہیں بن سکتا۔

Marfat.com

علامہ اقبال نے پہلے خطبے میں یہ بات دریافت کی ہے یا اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ مذکورہ دونوں رویوں کی یک جائی سے جو علم، مذہبی رویہ اور مشاہدہ سامنے آتا ہے، اس کی زیریں سطح میں اس کے تاریخ کے رویے اور تاریخ کے تصور کی بنیادی قدریں پوشیدہ ہوتی ہیں۔ ان قدروں کا تعین قرآنی علم کو سمجھے بغیر ممکن نہیں ہوتا اور تصور تاریخ کی تفہیم کے بغیر قرآنی علم کے سوتے کو دریافت نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا علم اور تاریخ، باہم لازم و ملزوم ہیں۔ ایک کے بغیر دوسرے کا تصور ممکن نہیں ہے۔ ایک کو سمجھنے کے لیے، ایک کی معنوی حدود کا تعین کرنے کے لیے، دوسرے کی ضرورت بہ ہر حال موجود رہتی ہے۔

اس طرح دوسرے خطبے میں جہاں علامہ اقبال نے مذہبی واردات کے انکشافات کے فلسفیانہ معیارات کا مطالعہ کیا ہے، وہاں انھوں نے مذہبی واردات کی ان فکری اور روحانی بنیادوں کو سمجھنے اور سمجھانے کی جو کوشش کی ہے، اس میں ان کا باطنی تجربہ بھی موجود ہے اور ان کا مادی تجربہ بھی۔ مادی تجربے یا مادے یا مادی زندگی کے رویے کو انھوں نے تین سطحوں پر تقسیم کیا ہے۔ اس خطبے میں:

۱- اس رویے کو مادی زندگی کا نام دیا ہے۔ پھر
۲- اسے زندگی کے متنوع رویوں سے تعبیر کیا ہے، یعنی تعبیر بطور زندگی کی ہے اور
۳- اس کے ذہنی اور شعوری رویوں کو بنیاد بنایا ہے۔

گویا یہ تین رویے ہیں:

۱- مادہ، مادے سے بڑھ کر
۲- زندگی اور زندگی سے بڑھ کر اس کا
۳- ذہنی اور شعوری سلسلہ۔

علامہ اقبال کے اس طرز کلام میں ان کے پیش نظر تین علوم رہے ہیں کہ جب وہ صرف مادے کی بات کرتے ہیں تو گویا وہ مادے کو اس کے طبیعیاتی اصول و ضوابط کی روشنی میں پرکھنا چاہتے ہیں۔ یہاں طبیعیات بطور علم ان کے پیش نظر ہے۔ دوسرے جہاں وہ انسانی زندگی اور اس کے رویوں کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہاں اس کا حیاتیاتی پہلو ان کے سامنے ہے۔ لہٰذا حیاتیات بطور علم، ان کے پیش نظر ہے۔ تیسرے جب وہ ذہنی رویوں کی ترجمانی کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں تو وہاں وہ دراصل نفس انسانی کی توضیح و تشریح میں منہمک ہوتے ہیں اور یہاں علم

Marfat.com

نفسیات ان کے زیرِ نظر ہے۔ گویا طبیعیات اور اس کے بعد مابعد حیاتیات اور پھر اس کے بعد بتدریج مادی سے وہ ایسے علوم وفنون کی طرف گامزن ہوتے ہیں کہ جو روحِ انسانی کے مطالعے میں اور اس مطالعے کی روشنی میں، مذہبی واردات کی فلسفیانہ بنیادوں کو پاسکیں۔ لہٰذا انھوں نے ابتداءً مادی رویے سے اور حواسی رویے سے، اس علم اور علم کے بعد تجربے کو سمجھنے کی کوشش کی لیکن حواسی یا مادی رویے مذہبی تجربے یا واردات کی بنیاد کا تعین نہیں کر سکتے۔

یہ رویے راستے کی نشان دہی کے معاملات میں معاون تو ہوسکتے ہیں لیکن منزل کا سندسیہ یا نوید نہیں بن سکتے۔ سو علامہ اقبال نے اپنی اس روحانی کیفیت کو سمجھنے کے لیے، ان کے امکانی پہلوؤں کو پیش نظر رکھا ہے اور مادے کی اور مادی رویوں کی اور مادی علوم وفنون کی مختلف جہتوں کا ادراک کیا ہے کہ یہ روحانی تجربے کی تشکیل وتعمیر میں کس حد تک معاون ہوسکتی ہیں۔

اسی طرح انسانی زندگی، انسانی زندگی کا ڈھانچہ، اس کے تمام تر حیاتیاتی اصول وضوابط کس طرح روحانی تجربے کی معنوی فضا بندی میں کام آسکتے ہیں اور اس سے بڑھ کر انسانی ذہن اور اس کے شعور کی مختلف جہتوں کا مطالعہ، کہ کس طرح ایک روحانی تجربے میں انسانی ذہن اور اس کے شعور کی کارفرمائی ہوگی۔ اس کے بعد ایک ایسا ماورائے ذہن وشعور اور جسم و مادہ، ایک رویہ اور تجربہ موجود ہے کہ جس کا مشاہدہ باطن کی آنکھ سے ہوسکتا ہے اور تمام تر انسانی فکر کی بنیاد اور انتہا تو اسی تجربے میں کھلتی ہے یا سامنے آتی ہے۔ لہٰذا مادی علوم وفنون کی توضیح وتشریح ہو یا زندگی اور زندگی سے متعلق حیاتیاتی رویے ہوں یا نفس انسانی کی معنویت معلوم کرنے کے لیے نفسیات کا علم، یہاں بھی علامہ اقبال اپنی بہتر تفہیم کے لیے صرف ان علوم کا سہارا نہیں لیتے بلکہ ان کے بین السطور، مادے کی توجیہ میں اپنے تصورِ تاریخ کو کام میں لاتے ہیں۔ وہ انسانی زندگی کے حیاتیاتی رویوں کو سمجھنے کے لیے تصورِ تاریخ کو کام میں لاتے ہیں اور اسی طرح ذہنِ انسانی کی سرگزشت کو سمجھنے کے لیے تصورِ تاریخ سے اغماض نہیں برتتے، کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ صرف یہ علوم وفنون، انسانی دماغ اور اس کی شعوری کیفیات کا ادراک کرنے سے قاصر ہیں۔ اگر محض اس علم کی بنیاد پر ذہنِ انسانی کی مکمل تشریح وتعبیر ممکن ہوتی تو یونگ، ایڈلر اور فرائیڈ، جو صرف اس علم کے نمائندے تھے اور انھوں نے انسانی نفس کی تحلیل میں کارہائے نمایاں انجام دیے لیکن وہ نفسِ انسانی کی ان بنیادی قدروں اور مقامات کا ادراک کرنے سے قاصر رہے، جو علامہ کے خطبات کے بین السطور کھلتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

Marfat.com

اس کی وجہ یہ ہے کہ علامہ اقبال نے علم نفسیات پر یا انسانی ذہن و شعور کو سمجھنے میں علم نفسیات کی بنیادی قدروں پر اس طرح غور وفکر نہیں کیا، جیسے یونگ، ایڈلر اور فرائیڈ وغیرہ نے کیا ہے، کیوں کہ یہ ان کا موضوع تھا۔ علامہ اقبال نے تو اس علم کو ایک معاون علم کے طور پر برتتے ہوئے، اپنے تصور تاریخ کی روشنی میں انسانی ذہن کی سرگزشت کا ایک ایسا خاکہ تیار کیا، جس سے وہ اس کے عملی نتائج اور اس کے مقام و مرتبے اور اس کے روحانی ترفع کو سمجھنے کی کوشش و کاوش کر سکتے تھے اور کر رہے ہیں۔ لہٰذا علامہ اقبال کے ہاں علم ایک معاون ہے، وہ کلی طور پر کسی ایک علم پر اپنے افکار کو استوار نہیں کرتے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک علم ان کے فکر کی مختلف جہتوں کو اجالنے اور پیش نظر مقصد کو دریافت کرنے میں معاون نہیں ہوتا۔ لہٰذا جہاں جہاں، جس جس رویے کی ضرورت ہوتی ہے، اس سے ضرور استفادہ کرتے ہیں اور پیش نظر مقصود کو اس کے مجموعی انسانی تناظر میں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا انسانی تناظر کو سمجھنے کے لیے، تمام علوم وفنون علامہ اقبال کے معاون ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ انسان اور تاریخ، متوازی طور پر محوِ سفر ہیں۔ سو انسان سے تاریخ کو سمجھنے اور تاریخ سے انسان، انسانی علوم، اس کی ذہنی سرگزشت، مذہبی افکار اور مذہبی معاملات کو سمجھنے میں مددگار و معاون ہیں۔ لہٰذا جہاں علامہ اقبال نے مذہبی واردات کے مختلف انکشافات کا تجزیہ کیا ہے کہ وہ کیوں کر ایک مادی رویے کی سطح سے اٹھ کر، انسانی زندگی کے مختلف ماحول میں سے ہوتی ہوئی، ذہن و شعور کی کن کیفیتوں میں سے گزرنے کے بعد، ایک روحانی تجربے تک پہنچتی ہے، جہاں انسان ان مادی لوازمات سے ماورا ہو کر ایک ایسی دنیا کی کیفیت میں پہنچ جاتا ہے کہ جہاں اس پر ایسے رویے منکشف ہوتے ہیں، جن کی کلام اقبال میں یہاں وہاں مختلف تعبیریں ہمیں دکھائی دیتی ہیں۔ مثلاً:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے [۵۱]

اس مقام تک انسان کے ارتقاع کی فلسفیانہ بنیادیں علامہ اقبال نے تلاش کیں۔ ان مقامات و مراتب سے صوفیائے کرام نے حجابات اٹھائے ہیں لیکن صوفیانہ ادب میں مذہبی تجربے کے انکشافات، مقامات اور مراتب کی توجیہات تو ملتی ہیں مگر اس تجربے کو علامہ اقبال سے قبل کسی نفسیات دان، کسی مفکر یا کسی صوفی نے فلسفیانہ بنیادوں پر پرکھنے کی سعی نہیں کی۔ گویا علامہ اقبال تاریخ انسانی میں وہ پہلے فلسفی ہیں، جنھوں نے روحانی تجربے کی فلسفیانہ بنیادیں تلاشنے کی کوشش کی۔

یہ فلسفیانہ بنیادیں کسی ایسے علم سے ہی کھل سکتی ہیں، جس کے سامنے تمام تاریخ انسانی کے دریچے کھلے ہوئے ہوں اور وہ علم، علم تاریخ ہی ہو سکتا ہے۔ ڈاکٹر سفیر اختر رقم طراز ہیں:

Marfat.com

تاریخ دانش و بصیرت کا مرقع ہے۔ اس کا مطالعہ ماضی کا شعور دیتا ہے اور مستقبل کے لیے بصیرت عطا کرتا ہے۔ تاریخ کی اس اہمیت کے پیش نظر کسی مصلح قوم اور مفکر کے لیے ممکن نہیں کہ مطالعہ تاریخ سے کلیتاً صرف نظر کر سکے...... علامہ اقبال نے اسلامی تاریخ کے بہت سے واقعات شاعرانہ حسن کے ساتھ بیان کیے ہیں اور ان سے جذبہ و ولولہ کی تخلیق کی ہے، یا مسلمانوں کی پست ہمتی اور بے بسی پر آنسو بہائے ہیں۔ تاریخی واقعات کے بیان میں ان کا نقطۂ نظر مقصدی اور اخلاقی رہا ہے۔ انھوں نے تاریخ کو ''ایک قسم کی اطلاقی اخلاقیات'' قرار دیا ہے۔[۵۲]

شذرات فکر اقبال میں علامہ اقبال کے تاریخ کے بارے میں خیالات علم تاریخ کی اہمیت کو دوچند کر رہے ہیں:

> تاریخ ایک قسم کی اطلاقی اخلاقیات ہے۔ اگر اخلاقیات، دیگر علوم کی طرح، ایک تجرباتی علم ہے تو اسے انسانی تجربے کے انکشافات پر مبنی ہونا چاہیے۔ اس نظریے کے اعلان عام سے یقیناً ان لوگوں کے احساسات کو بھی صدمہ پہنچے گا جو اخلاقی امور میں بڑے کٹر پن کا دعویٰ کرتے ہیں، لیکن ان کا عام برتاؤ تاریخ کے تجربات و تعلیمات سے متعین ہوتا ہے۔[۵۳]

تاریخ کے اثبات اور تصور تاریخ کی بہتر تفہیم کے بغیر ان فلسفیانہ بنیادوں کا ادراک نہیں کیا جا سکتا، چہ جائے کہ انھیں پرکھا جائے۔ سو علامہ اقبال نے جب تصور تاریخ کی روشنی میں ان مقامات کی نشان دہی کی تو دراصل وہ فلسفیانہ بنیادوں کو پانے، انسانی ذہن و شعور کی کیفیات کو پڑھنے اور اس سے آگے بڑھ کر روحانی تجربے کے مختلف معنوی، فکری، تہذیبی اور وجدانی عناصر کو سمجھنے اور سمجھانے کے اس مقام پر دکھائی دیتے ہیں، جہاں کوئی اور فلسفی نہیں پہنچتا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ علامہ اقبال کے فکر کی بنیاد تصور تاریخ پر ہے۔ یہ ادراک شاید اس علم یعنی علم تاریخ اور اس کے مختلف رویے، یعنی اس کے علم، تصور اور ذریعۂ علم کی معنویت اپنے کلی پس منظر میں کسی اور فلسفی، متکلم، دانش ور یا صوفی کے کبھی پیش نظر نہیں رہی یا اس کا اظہار نہیں ہوا لہٰذا اقبال کے ہاں تصور تاریخ کی معنویت کی کارفرمائی کی بنا پر ان کے سارے افکار میں ایک اکائی کی کیفیت مسلسل موجود نظر آتی ہے۔ اس اکائی کے توسط سے علامہ اقبال، روحانی تجربے جیسے بڑے مسئلے کی فلسفیانہ بنیادیں دریافت کر سکتے ہیں۔ یہی وہ فلسفیانہ بنیادیں ہیں، جن کو اپنے حواس، اپنے مادی لوازمات، اپنے ذہنی رجحانات اور روحانی کیفیات میں سمو کر، وہ ایک ایسے مقام پر آن کھڑے ہوتے ہیں، جہاں کچھ ایسے رویے سرزد ہوتے ہیں، جنھیں انھوں نے اپنے تیسرے خطبے میں دعا کے مفہوم کے تناظر میں بیان کیا ہے۔

Marfat.com

علامہ اقبال کے خیال میں دعا کا ایک کائناتی نظام ہے اور اس کونیاتی اور علتی نظام میں، جو سبب اور علت کے پس منظر میں چل رہا ہو، اس ایک خاص سائنٹفک تناظر میں چلتے علم میں دعا کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟ اس روحانی تجربے کو اس کی صحیح فکری معنویت میں سمجھنے میں جب خدا کا تصور، اپنے صحیح تناظر میں سامنے آتا ہے تو دعا کا مفہوم کھلتا ہے کہ کوئی ایسی بڑی قوت ماورائے کائنات موجود ہے، جو اس اپنے سائنسی نظام کو روک کر، ایک ایسی کیفیت اور رویے کا اظہار کر دے کہ جہاں تدبیر اور دوا اپنے کام چھوڑ دیں، وہاں آگے بڑھ کر دعا اور تقدیر ایک ایسے رویے کو جنم دیں کہ جو رویہ کائناتی نظام کے علتی یا کونیاتی سلسلے کو ایک نئی صورت میں متشکل کرے۔ اس رویے کا اظہار ان کے تیسرے خطبے کے اس حصے میں موجود ہے، جہاں وہ دعا کے معنی و مفہوم اور اس کے فکری اور تہذیبی اور خاص طور پر روحانی معنی و مفہوم کی حد بندی کرتے ہیں۔ علامہ اقبال کا یہ سارا رویہ، ان کی اس خوش بو سے معطر ہے کہ جسے ہم علامہ اقبال کا تصور تاریخ کہتے ہیں۔ اس کے بغیر نہ تو خدا اپنی ذات اور تناظر میں سمجھ آتا ہے، نہ ہی دعا کے رابطے اور مفہوم ہمارے ذہن میں سما پاتے ہیں اور نہ ہی ہم مذہبی واردات کے تجرباتی آہنگ کا ادراک کر سکتے ہیں۔ یہ ماورائے طبیعیات سلسلے اور ماورائے نفسیات سلسلے بڑھ کر ایک ایسے نقطے پر منتج ہوتے ہیں کہ جسے علامہ اقبال نے مذہبی واردات کا نام دیا ہے اور جسے صوفیا، روحانی تفکر یا روحانی ارتقا کا نام دیتے ہیں، لہٰذا یہ اصطلاح اپنے پیچھے اپنا پورا ایک مذہبی، جمالیاتی اور تہذیبی پس منظر رکھتی ہے۔ ان اصطلاحات کی فکری معنویت سارے فکری متصوفانہ ماحول میں آشکار ہوتی ہے اور ان کے مقام و مرتبے اور ان کے تعینات کی کیفیات کا ادراک ہوتا ہے۔

کوئی صوفی اپنے کشف سے ان کیفیات کو سمجھے یا سمجھتا ہو، کوئی انھیں سائنسی اصولوں پر ماپنے کے لیے کوشاں ہو، کوئی انھیں علم نفسیات کی روشنی میں اجالنے اور معنویت معلوم کرنے کی کوشش کرتا ہو، علامہ اقبال نے ان تمام رویوں کو اپنے تصور تاریخ کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی اور وہ سب علوم کے نمائندوں سے بڑھ کر کامیاب رہے۔ اس لیے کہ کہیں پر اگر وجدانی تجربہ کسی کی راہنمائی کرتا ہے تو ایک عام آدمی کو چوں کہ وہ تجربہ میسر نہیں ہے لہٰذا وہ اس بات کا اثبات نہیں کر پاتا اور ایک مغالطے کا آغاز ہوتا ہے۔ سائنسی بنیادوں پر اٹھائے گئے تجربے کی بنیادوں سے چوں کہ عام آدمی لطف اندوز نہیں ہو سکتا کہ وہ سائنس کے اس ماحول اور تفکر کو سمجھنے کے لیے درکار رویوں سے عاری ہوتا ہے۔ اسی طرح سے نفسیاتی بنیادوں پر اٹھائے گئے سوالوں کے جواب ایک عام سطح

Marfat.com

کا آدمی نہیں بوجھ پاتا کہ یہ اس کی ذہنی سطح سے بلند تر بات ہے لہٰذا عوامی سطح پر یا مختلف لوگوں پر مختلف طرح کی تفہیم نہیں ہوسکتی۔ اس کے لیے مخصوص درجہ اور طبقہ ہی موزوں خیال کیا جاتا ہے۔

علامہ اقبال چوں کہ شاعرِ انسانیت ہیں، شاعرِ اسلام ہیں، اس لیے ان کے ہاں، ان کے کلام اور تفکر کی اپیل براہ راست انسانوں سے متعلق ہے۔ ان کے افکار کی بنیاد قرآن و حدیث کے اس فکری پس منظر پر استوار ہے کہ جس کی اپیل یا خطاب براہ راست انسانوں سے ہے، لہٰذا ان کے ہاں انسانی مسائل، چاہے نفس انسانی کے مسائل ہوں، چاہے اس کے روحانی مسائل ہوں، چاہے اس کے مادی مسائل ہوں، چاہے اس کے حیاتیاتی مسائل ہوں، وہ ان کے خطبات میں زیر بحث آتے ہیں۔ ان میں جو روح دوڑ رہی ہے، وہ تاریخ ہے اور اس کے تصور کی روشنی میں علامہ اقبال اپنے تفکرات کو ایک اکائی فراہم کرتے ہیں، کہ جس سے وہ خود انسانی زندگی کی سرگزشت کو سمجھتے ہیں اور دوسروں کو سمجھانے کے لیے علم کی فلسفیانہ بنیادیں فراہم کرتے ہیں۔

یہی صورت ہمیں ان کے چوتھے خطبے انسانی خودی، اس کی آزادی اور لافانیت میں دکھائی دیتی ہے۔ علامہ اقبال نے اسرار و رموز میں خودی کے پورے نظام اور اس کے امکانات کو بیان کیا ہے مگر اس خطبے میں انھوں نے خودی، اس کی آزادی اور لافانیت کو بیان کیا ہے۔ انسانی جسم و روح میں ایک ایسی قوت موجود ہے کہ اگر ہم اس کا ادراک کرلیں تو اس کے بعد سوائے خدا کے، کائنات کی کسی اور چیز کا ہمیں خوف ہوتا ہے، نہ ہم کسی کی قید میں ہوتے ہیں، بلکہ اس سے بلند تر ہوتے ہیں۔ اس مقام و مرتبے پر پہنچنے کے بعد انسان موت سے ہم کنار نہیں ہوتا اور ماورائے موت، زندگی کرتا ہے۔ خودی اور اس کے مراحل، جو اسرار و رموز میں بیان ہوئے ہیں، یا اس کے مقامات و امکانات یا انسانی زندگی میں اس کی جہتیں اور سمتیں، اس کا پھیلاؤ اور اس کے آفاق، یہ تمام تر رویے ایک ایسی آزادیٔ اظہار و گفتار اور آزادیٔ کردار کو جنم دیتے ہیں کہ انسان صرف خدائی احکامات کو مان لینے کے بعد، کائنات میں بالکل آزادانہ زندگی گزارتا ہے اور اس پر وقت کی گردشیں، زمانے کا تغیر و تبدل اور موسموں کے بدلتے تناظر اثر انداز نہیں ہوتے، کیوں کہ وقت اس کی گرفت میں ہوتا ہے۔ وہ اس کائنات اور زمانے میں رہتے ہوئے، اس سے ماورا زندگی کر رہا ہوتا ہے اور علامہ اقبال نے مختلف مقامات پر اس کو نہایت اختصار کے ساتھ شاعرانہ موڈ میں کچھ یوں اظہار میں سمویا ہے:

مہر و ماہ و انجم کا محاسب ہے قلندر
ایام کا مرکب نہیں راکب ہے قلندر[۵۴]

Marfat.com

سو وہ انسان کی زمان و مکاں سے باہر نکلنے کی کیفیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ایسے ہی انسانی خودی ایک خاص کیفیت اور خاص تناظر میں پہنچ جاتی ہے، جیسے وہ کہتے ہیں کہ:

یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے دیتا ہے آدمی کو نجات [۵۵]

انسان، جو خدا کا نائب اور خلیفۃ اللہ ہے، وہ جب خدا کی ذات و صفات کو اس کے صحیح فکری، مذہبی اور تہذیبی تناظر میں جان لیتا ہے، اس پر دل سے ایمان رکھتا ہے اور یہ کیفیات اس کے مذہبی تجربات کا حصہ بن جاتی ہیں تو پھر گویا کہ وہ خدا کی وساطت سے، اس کے حوالے سے، اپنے آپ کو اجال لیتا ہے، یعنی اپنی ذات کا عرفان پالیتا ہے۔ اپنی ذات کا عرفان پالینے کے بعد، وہ اس مقام و مرتبے پر ہوتا ہے کہ اب اس کا عرفان ذات سوائے خدا کے، کائنات کی کسی بھی قوت و طاقت یا چیز کا مطیع و فرمانبردار نہیں ہوتا، بلکہ تمام رویے اس کے مطیع و فرمانبردار ہوتے ہیں اور یہ وہ مقام ہے، جہاں پہنچ کر انسانی خودی لافانی رویوں سے ہم کنار ہو جاتی ہے۔

انسان کی خودی کے مراحل کا مطالعہ ہو یا اس کی آزادی کے اصول و ضوابط ہوں یا اس کے لافانی رویے، ان تمام رویوں کے اندر، یہاں پر بھی کوئی ایک روح اس کے اندر موجود ہے کہ ہم انسان کے ان تجربات کو نہیں سمجھ سکتے، اگر تاریخ کا علم اور اس کا تصور اپنے حقیقی آثار میں ہمارا معاون نہ ہو، ہم آج سے صدیوں پہلے گزرے انسان کے تجربات سے اخذ و استفادہ نہیں کر سکتے۔ ضروری ہے کہ ہمارے سامنے، ہمارا ماضی کھلا ہوا ہو، تاکہ ہمیں اپنے مستقبل کی نشان دہی کرنے میں آسانی رہے۔ روح اقبال کے مصنف یوسف حسین خاں کے خیال میں:

''اقبال کے نزدیک کسی قوم کی تاریخ ہی اس کی اجتماعی خودی کو برقرار رکھنے کا وسیلہ ہو سکتی ہے۔ تاریخ واقعات و حوادث کا بے معنی انبار نہیں۔ اس کو قصہ کہانی سمجھ کر نہیں پڑھنا چاہیے۔ یہ وسیلہ ہے اجتماعی شعور اور سیرت کو قوی اور لازوال بنانے کا۔ تاریخ عالم ایک مسلسل تخلیقی حرکت ہے۔ اس کے ذریعے زندگی اور انسانی قوانین پر تنقید ممکن ہے۔ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی بھی ہے اور نہیں بھی دہراتی۔ مسلسل تغیر و تخلیق سے انسانی اداروں کی وحدتیں وجود میں آتی ہیں اور پھر یہ بدل کر دوسری صورتیں اختیار کر لیتی ہیں۔ زندگی کی وحدت بھی برقرار رہتی ہے اور مسلسل تغیر بھی ہوتا رہتا ہے۔ زندگی اپنی ضرورتوں کے مطابق اپنے مستقل باقی رہنے والے تغیر پذیر عناصر میں امتزاج کرتی ہے، جو گروہ اپنے آپ کو تخلیقی رو کے ساتھ وابستہ کر لیتے ہیں، وہ سرفراز ہوتے ہیں اور جو اس کی اہمیت کو سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں، پستی میں پڑ جاتے ہیں۔ [۵۶]

Marfat.com

لٰہذا خودی کے جو بھی مراحل ہوں، اس کے جو بھی مقامات ہوں اور جو بھی امکانات، ہم انھیں تصور تاریخ کے پس منظر میں اجال سکتے ہیں اور اس سے خاطر خواہ استفادہ ممکن ہے۔ ہم اپنے ان روحانی تجربات کو صرف تصور تاریخ کو شامل کر لینے سے حیاتیاتی یا مادی رویوں میں استوار کر سکتے ہیں۔ ہم غار میں بیٹھے ہوئے عبادت و ریاضت میں مصروف ہوں اور وہ عبادت و ریاضت ہمارے روحانی و ذہنی ارتقاع کا باعث بن جائے تو ٹھیک لیکن اس میں چوں کہ ہمارے تجربے کا سائنسی مطالعہ موجود نہیں ہوتا لہٰذا بات بن نہیں پاتی۔ علامہ اقبال کا کمال یہ ہے کہ انھوں نے اقدار کو روحانی بنیاد فراہم کی ہے۔ انھوں نے سائنسی حقائق کو تاریخ کے حقائق پر پرکھ کر ایک ایسا لائحۂ عمل مرتب کیا ہے کہ جس کی روشنی میں اس نے انسانی ضمیر، عرفان ذات کی مختلف بنیادوں کو ایک فلسفیانہ آہنگ عطا کیا ہے، اور اس کے جلو میں روحانی تفکر مختلف مدارج میں سے گزرتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

ایسا اس لیے ہے کہ علامہ اقبال نے اس کے ساتھ پورے عالم اسلام کے تجربے کو بھی جوڑ دیا ہے۔ ان کے سامنے انسانی کتاب تاریخ کے اوراق کھلے ہوئے ہیں۔ وہ اس تجربے کی روشنی میں ایک فرد، ایک قوم اور ایک ملت کے تجربے کو پرکھنے اور اسے فلسفیانہ بنیادیں عطا کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

علامہ اقبال کے آخری تین خطبے یعنی ثقافت کی روح، اسلام میں حرکت کا اصول اور کیا مذہب کا امکان ہے؟ اس لحاظ سے بہت ہی بنیادی اہمیت کے حامل ہیں کہ ان تینوں میں کسی نہ کسی سطح پر تصور تاریخ کا علامہ اقبال نے بطور خاص مطالعہ کیا ہے۔ ابتدائی چار خطبوں میں ایک زیریں لہر کی صورت میں تاریخ اکائی کا کام کر رہی ہے لیکن ان تینوں خطبوں میں تاریخ کی لہر نچلی سطح سے ذرا اوپر اٹھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ علامہ اقبال اس کے مختلف عناصر کا تجزیہ کرتے ہیں۔ خاص طور پر پانچویں اور چھٹے خطبے میں ہمیں تاریخ کے بنیادی عناصر یا اس کے فطری عناصر معلوم ہوتے ہیں کہ تاریخ کا مادی اور روحانی رویہ اور تاریخ بطور تصور کے، کس طرح سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ آخری خطبے 'کیا مذہب کا امکان ہے؟' میں مذہب کے امکانات کو علامہ اقبال، تاریخ کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ لہٰذا ان تینوں خطبات میں تاریخ بحیثیت علم، بحیثیت ذریعۂ علم اور بحیثیت تصور کے ذرا بہتر اور بلند آہنگی سے ہمیں محسوس ہوتی ہے۔

مسلم ثقافت کو جس طرح علامہ اقبال نے بیان کیا یا جن رویوں پر انھوں نے ثقافت کی بنیاد رکھی، وہ شاید علامہ اقبال سے قبل کسی فلسفی کے ہاں موجود نہیں رہے۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ

Marfat.com

علامہ اقبال سے قبل شاید اس طرح کا فلسفیانہ ماحول یا ایسے مسائل موجود نہ رہے ہوں۔ علامہ اقبال کا عہد مختلف مسائل کا عہد ہے۔ انھیں مختلف فکری مسائل کا سامنا تھا، جن میں سے ایک بہت بڑا مذہبی مسئلہ ختم نبوت کا تھا۔ علامہ اقبال کے ایک معاصر نے نبوت کا دعویٰ کر کے ان کی توجہ ایک ایسے مرحلے اور مسئلے کی طرف مبذول کرادی، کہ علامہ کو ثقافت کے مظاہر میں ایک ایسے عنصر کو شامل کرنے کی ضرورت پیش آئی کہ جو ہمارے مذہبی تفکر اور اعتقادات کا بنیادی زینہ ہے۔ ختم نبوت پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا۔ یہ ایک مسلمان کے اساسی اعتقادات کا بنیادی جزو ہے۔ شاید پرانے مسلمان فلسفیوں کو، کہ جنھوں نے ثقافت اور تہذیب پر گفتگو کی ہے، کے پیش نظر مسائل میں سے یہ اہم مسئلہ نہ رہا ہو۔ انھیں ایسے دور میں اس مسئلے کا سامنا نہ کرنا پڑا ہو لیکن علامہ اقبال کو ایک ایسے دور میں کہ جب مسلمان زیادہ تر دنیا میں غلامی کی زندگی گزار رہے تھے اور حکمران طبقہ مسلمانوں کی نژادِ نو کو متشکک رویوں سے ہم کنار کر رہا تھا، ایسے میں مشنری اپنے کام میں مصروف کار تھے اور مسلمانوں کی نئی پود کو اسلام سے دور لے جا کر ایک ایسے تشکیکی ماحول میں ان کی ساخت اور پرداخت کر رہے تھے کہ جو انھیں اسلام کی طرف لوٹنے نہ دے، بلکہ وہ اسلام کی چھتری تلے رہتے ہوئے، اسلام کے لیے زیادہ خطرناک ثابت ہوں۔ اس تناظر میں علامہ اقبال نے جو ثقافت کی روح اور اس کے بنیادی عناصر تلاش کیے، ان میں سے سب سے زیادہ اہمیت ختم نبوت کو دی۔ اس حوالے سے انھوں نے جو اہم کام کیا، وہ یہ تھا کہ ثقافت کے مظاہر میں سے مادی رویوں کو نکال کر ایک طرف رکھ دیا۔ انھوں نے مادی توجیہ کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ ثقافت ان کے نزدیک ایک ایسے دینی رویے کا نام ہے، جو مسلمانوں کے بنیادی اعتقادات سے پھوٹتا ہے۔ انھوں نے مختلف تہواروں، میلوں ٹھیلوں اور مسلمانوں کی زندگی میں رواج پذیر بہت سارے رسم و رواج کو ثقافت قرار دینے کے بجائے، مسلمانوں کے اعتقادات کو ثقافت کی بنیادی روح قرار دیا۔ توحید، رسالت، مسئلہ ختم نبوت، تاریخ اور تصور تاریخ اور اس کے ساتھ ساتھ تصور زمان و مکاں اور اس کے حرکی رویوں کو مسلمانوں کی ثقافت کے مظاہر قرار دیا۔

اگر ہم غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ حرکت کا بنیادی زاویہ، خطبے کی کلیدی روح ہے اور حرکت کبھی بھی تاریخ کے اشتراک والتزام کے بغیر وجود پذیر نہیں ہوتی۔ اس کے پیچھے، اس کے ساتھ، اس کے متوازی اور اس کے جلو میں تاریخ موجود ہوتی ہے اور تاریخ کے امکانات کو

Marfat.com

دریافت کیے بغیر حرکت صراط مستقیم سے ہٹ سکتی ہے۔ حرکت، سکون کے برعکس کیفیت ہے، اسے بہ ہر حال چلنا ہے اور اسے صراط مستقیم پر رکھنے کے لیے حرکت کے پابہ رکاب تاریخ کا حقیقی تصور ناگزیر ہو جاتا ہے۔ حرکت غلط رستے پر بھی ہو سکتی ہے یعنی صراط مستقیم کے بالکل برعکس بھی، لہٰذا یہ تاریخ ہے کہ جس کے جلو میں عبرت، جس کے جلو میں عروج و زوال کی داستانیں ہوتی ہیں، جس کے جلو میں پورا مذہبی ماحول ہوتا ہے، جس کے جلو میں پورا الہیاتی نظام ہوتا ہے، سو اس کی روشنی میں حرکت، اپنے اصول و ضوابط کا تعین کرتی ہے اور وہ صراط مستقیم سے انحراف نہیں کرتی یا اسے انحراف کرنے نہیں دیا جاتا۔ بصورت دیگر حرکت مثبت بھی ہو سکتی ہے اور منفی بھی لیکن تاریخ اپنے صحیح فکری تناظر میں مثبت ہی ہوتی ہے۔ یعنی تصور تاریخ اپنے پورے فکری اور تہذیبی ماحول میں مثبت قدروں کا اظہار یہ ہوتا ہے، وہ کبھی منفی رویوں کا جلیس اور ہم سفر نہیں ہوتا۔ لہٰذا وہ رویہ، جس میں تاریخ اور تاریخ کا تصور موجود ہوتا ہے، وہ صراط مستقیم پر گامزن رہتا ہے۔ چوتھے خطبے کی کلید حرکت ہے اور حرکت، تاریخ کے بنیادی تصور کی روشنی میں، صراط مستقیم پر گامزن ہوتی ہے۔ اس کو اپنے صحیح تر مذہبی اور تہذیبی تناظر میں رکھنے کے لیے اقبال نے جن کیفیات اور اعتقادات کا اظہار کیا ہے، وہ اسے صراط مستقیم سے بالکل ادھر ادھر نہیں ہونے دیتے۔ حرکت کے سفر کرنے کے اس راستے کی نشان دہی تاریخ کرتی ہے اور ختم نبوت کے مسئلے اور نظریے نے اس کے گرد ایک باڑھ لگا دی ہے کہ اب حرکت کا سفر اس کے اندر رہے گا، جو بالکل صراط مستقیم ہے۔ اس خطبے میں ختم نبوت بطور باڑھ موجود ہے۔ علامہ اقبال اپنے مضمون ''قادیانیت اور راسخ الاعتقاد مسلمان'' میں رقم طراز ہیں:

> ختم المرسلینی کا نظریہ بنی نوع انسان کی ثقافتی تاریخ میں اغلباً بے حد اصلی (طبع زاد) تصور ہے۔ اس کی صحیح اہمیت کا اندازہ صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں، جو مغرب اور وسطی ایشیا میں ماقبل اسلام مجوسی ثقافت کا بہ کمال احتیاط مطالعہ کرتے ہیں۔[۵۷]

اب حرکت کا سفر سوائے صراط مستقیم کے کسی بھی دوسری سمت ممکن نہیں رہا۔ یہ سفر زمان و مکاں کی حدود و قیود سے بلند تر حیثیت کا حامل ہے۔ اس سفر اور عقیدے کے مابین رہتے ہوئے جب مسلم ثقافت کی بنیادی قدریں ہمارے سامنے آتی ہیں کہ جنھیں تصور تاریخ متشکل کرتا ہے تو وہ اپنے مجموعی لوازمات میں اور اپنے مجموعی فکری ماحول میں، اس بنیادی دائرے سے باہر نہیں نکلتیں کہ جو دائرۂ اسلام ایک انسان کی روحانی، بنیادی اور آئندہ فلاح و بہبود کے لیے مقرر کرتا ہے۔

Marfat.com

سو اسلام حرکت کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ اس کے ہاں بنیادی قدر، حرکت یعنی عمل ہے۔ علامہ اقبال نے تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ کے پیش لفظ میں جو پہلا جملہ کہا ہے، اس میں اس بات پر زور دیا ہے کہ قرآن نظری علم سے زیادہ عملی رویوں کی حامل کتاب ہے۔ یعنی یہ وہ کتاب ہے کہ جو بحث مباحثے اور فکر و تفکر سے زیادہ عمل پر زور دیتی ہے۔ انھوں نے اپنے خطبات کی بنیاد کا تعین اپنے پیش لفظ کے پہلے جملے میں کر دیا ہے۔ بتا دیا ہے کہ:

قرآن کا مقصود انسان کو عمل کی طرف راغب کرنا ہے

اور عمل کیا ہے؟

اس کا تعین قرآنی تعلیمات کی روشنی میں ہر خطبے میں موجود ہے۔ قرآن نے اپنے دیباچے سورۃ فاتحہ میں اس عمل کے لیے صراط مستقیم کا تعین کر دیا ہے۔

لہٰذا عمل کیا ہے؟

صراط مستقیم

صراط مستقیم کیا ہے؟

حرکت

حرکت کیا ہے؟

حرکت تاریخ کے تناظر میں سے نکلتی ہوئی وہ قوت ہے، جو انسان کو ماضی کے ساتھ جوڑے ہوئے بہتر، روشن، منزہ اور مقدس مستقبل کی طرف لے کر جاتی ہے اور مستقبل کے منظرنامے اس وقت تک نگاہوں کے سامنے آشکار نہیں ہوتے، جب تک کہ ریاضت و عبادت میں سے گزرنے کے بعد ایک بہت پوتر اور منزہ زندگی کا عرفان حاصل نہیں ہو جاتا۔

لہٰذا اسلام کے بنیادی اصول و ضوابط میں حرکت کو نہایت بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس لیے کہ حرکت کے بغیر عمل کی قوت مفقود ہے اور عمل کا سارا نظام متاثر ہو کر ایک فلسفہ بن جائے گا۔ اسلام صرف فلسفہ نہیں، اسلام صرف کہتا نہیں، عمل پر زور دیتا ہے۔ اسلام اس بات پر بے پناہ قوت صرف کرتا ہے کہ تم وہ کہتے کیوں ہو، جو کرتے نہیں۔ اسلام نے عمل کی اہمیت یوں بھی دو چند کر دی کہ مسلمانوں کے لیے پیغمبر آخر الزماںؐ کے عمل کو حجت قرار دے دیا، ان کے عمل کو اسوۂ حسنہ کہا۔ حضور نبی کریمؐ نے اپنے آخری خطبے میں ارشاد فرمایا کہ میں تمھارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ایک قرآن اور دوسری سنت، گویا سنت طرز عمل ہے،

Marfat.com

نبی کریمؐ قرآن ناطق ہیں، قرآن مجید کی عملی تفسیر و تعبیر ہیں۔ سید سلیمان ندوی کی کتاب خطبات مدارس میں سے یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

صاحبو! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کس چیز میں اور کیوں کر کرنی چاہیے۔ اس کے لیے آج ہم کو سیرۃ نبوی علی صاحبہا السلام کا عملی پہلو دکھانا ہے، یہ انبیائے کرام اور بانیان مذاہب کی موجودہ سیرتوں کا وہ باب ہے، جو تمام تر خالی اور سادہ ہے، لیکن محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت کا یہی باب سب سے بڑا اور ضخیم ہے اور تنہا یہی ایک معیار اس فیصلہ کے لیے کافی ہے کہ نبیوں کا سردار اور رسولوں کا خاتم کون ہو سکتا ہے۔ مفید نصیحتوں، میٹھی میٹھی باتوں اور اچھی اچھی تعلیموں کی دنیا میں کمی نہیں، کمی جس چیز کی ہے، وہ کام اور عمل ہے، موجودہ مذاہب کے شارعوں اور بانیوں کی سیرتوں کے تمام صفحے پڑھ جاؤ، دلچسپ تصویریاں ملیں گی، دلآویز حکایتیں ملیں گے، خطیبانہ بلند آہنگیاں ملیں گی، تقریر کا زور و شور اور فصاحت و بلاغت کا جوش نظر آئے گا، موثر تمثیلیں تھوڑی دیر کے لیے خوش کر دیں گے، مگر جو چیز نہیں ملے گی، وہ عمل، کام اور اپنے احکام و نصائح کو آپ برت کر اور کر کے دکھانا ہے۔[۵۸]

لہٰذا نبی کریمؐ کی زندگی سراپا عمل ہے، یہی حرکت ہے اور اسلام کا بنیادی اصول ہے۔ اسی اصول کو لے کر اسلام اپنے اصول حرکت کی تشریح و تعبیر کرتا ہے۔ اس کے بغیر مذہب کا امکان نہیں ہے۔ یعنی کسی نظام فکر و عمل میں عمل اور حرکت وجود پذیر نہیں تو پھر مذہب کا امکان نہیں رہتا۔ ہم مذہب کو بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

۱۔ اعتقادات

۲۔ تفکر

۳۔ کشف

مذہب کے یہ تین مدارج علامہ اقبال نے مقرر کیے ہیں۔ اعتقادات، کسی چیز کو ماننا، تفکر، اس پر دل کی گہرائیوں سے غور کرنا اور کشف، عملی تجربہ۔ لہٰذا اسلام عملی تجربے پر بنیادی توجہ مرکوز کرتا ہے۔ عمل کے بغیر انسانی زندگی بے معنی ہے۔ علامہ اقبال نے عمل کی اہمیت کو جا بجا اجاگر کیا ہے، کہتے ہیں:

عمل سے زندگی بنتی ہے، جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے[۵۹]

Marfat.com

علامہ اقبال نے ثقافت کی روح کی تلاش میں ثقافت اور تہذیب کے حقیقی مظاہر کو دریافت کیا ہے اور ثقافت کو جو فکری، روحانی اور اعتقادی بنیادیں فراہم کی ہیں، وہ ان سے قبل کسی مسلمان فلسفی، تاریخ دان، دانش ور اور متکلم کے احاطۂ خیال میں نہیں آئیں۔ جن مسائل اور فکری مظاہر اور رویوں کا سامنا، علامہ اقبال جیسے مفکر اور متکلم کو تھا، اس نوعیت کے ہمہ گیر اور ہمہ جہت مسائل و فکری مظاہر کا سامنا کسی دوسرے مفکر کو نہ تھا۔

علامہ اقبال نے ثقافت کی روح کی بازیافت کے لیے جن اعتقادات کا ذکر کیا ہے، ان کے بغیر نہ مذہبی زاویۂ نگاہ مکمل ہوسکتا ہے اور نہ تہذیب اور کلچر کا جمالیاتی پہلو تکمیل کے مراحل سے گزر سکتا ہے۔ انھوں نے ثقافت کی روح کے ضمن میں شعور نبوت و ولایت میں جس تفاوت کا ذکر کیا ہے، وہ ہمارے متصوفانہ ادب میں اس قدر نادر اور نایاب ہے کہ اس سے قبل متصوفانہ اور پیغمبرانہ رویوں پر گفتگو ہوتی رہی ہے مگر شعور ولایت اور شعور نبوت کے مابین فرق اور تفاوت کو اس قدر خوبصورت زاویۂ نگاہ سے پہلی بار علامہ اقبال نے منکشف کیا۔ ان کے نزدیک پیغمبرانہ شعور میں تخلیق کا جو عمل کارفرما ہے، جو تخلیق کی قوت اس میں موجود ہے، وہ عمل اور وہ قوت، عرفان ذات کی بلندیوں پر لے جا کر پیغمبر کو جمال مطلق سے ہم کنار کرتی ہے، لیکن اس کا ناتا اور رشتہ، عالم انسانیت سے بھی برقرار رہتا ہے۔ بلکہ پیغمبر وہ میڈیم ہے کہ جو بیک وقت حقیقت مطلقہ اور عالم انسانیت کے مابین قائم رہتا ہے۔ وہ ایک کل ہے، جو حسن مطلق، نور ازل اور عالم انسانیت کے مابین موجود رہتا ہے۔ نبی آخر الزماںؐ اپنے پیغمبرانہ منصب کے اس اوج پر متمکن تھے کہ جہاں کسی بھی پیغمبر کی رسائی احاطۂ تصور میں نہیں آسکتی یا نہیں ہوسکتی۔ پیغمبر آخر الزماںؐ کے اس کام اور منصب جلیلہ کا اوج اور بلندی، اس تخلیقی زاویۂ نظر کو بالکل ایک نئے رنگ میں متشکل کرتی ہے، کیوں کہ جب پیغمبر اسلامؐ کی بعثت ہوئی تو عالم انسانیت اپنے فکر، اپنی تہذیب، اپنی جمالیات کے اعتبار سے بلوغت کے عالم میں داخل ہو چکا تھا لہٰذا ایک ایسے نظام ہدایت کی ضرورت تھی، جو جغرافیائی، لسانی اور علاقائی حد بندیوں سے ماورا ہو کر زمان و مکاں کو مفتوح کرتے ہوئے ابد تک کے لیے ایک جادۂ ہدایت کا منارۂ نور بن کر سامنے آئے۔ لہٰذا آیۂ کائنات کی معنویت کو اجاگر کرنے کے لیے جب وہ ذات گرامی مبعوث ہوئی تو اس کی تعلیمات اور پیغام، عالم انسانیت کے لیے تھا۔ وہ کسی ایک خطے، کسی ایک علاقے، کسی ایک دور، کسی ایک قوم تک محدود نہیں تھا، بلکہ اس کے نظام تعلیم و تربیت کی اپیل براہ راست انسانیت سے تھی۔

Marfat.com

پیغمبر کی یہ تخلیقی قوت اور اس کی تخلیقی قوت کا اظہار، قیامت کے قیام تک کے زمانے کو محیط ہے لہٰذا نبی کریمؐ کو کچھ ایسے اعزازات عطا ہوئے، جو آج سے قبل کسی نبی یا رسول کو عطا نہیں ہوئے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ کتاب الٰہی کے ساتھ ساتھ پیغمبر کی زندگی کو عالم انسانیت کے لیے ایک کامل نمونہ قرار دیا گیا۔ سو یہ رویہ اور یہ تخلیقی قوت جب کائنات کے اندر وقوع پذیر ہوئی تو اس تخلیقی سرگرمی نے انسانیت کو ایسا زاویۂ نظر عطا کیا، جو اقبال کے نزدیک کسی دائمی اور جاوداں ثقافت کے لیے ایک فکری اور جمالیاتی بنیاد بن سکتا ہے یا بنتا ہے۔

علامہ اقبال کے ان خطبات میں جو بنیادی زاویۂ نگاہ متشکل ہوتا ہے، وہ ان کا حرکی رویہ ہے، جو تصور تاریخ کو ایک ایسے تخلیقی جادۂ مستقیم پر گامزن رکھتا ہے کہ جہاں انسانیت کی فلاح و بہبود اور اس کی حیات دوام کے تمام عناصر موجود رہتے ہیں۔ کائنات میں خیر کا عمل، شر کے رویوں پر غالب رہتا ہے، روح، جسم یعنی مادے پر غالب رہتی ہے۔ لہٰذا یہ غلبہ اس تاریخی تصور کے روحانی وجدان کا نتیجہ ہے، جسے فکر اقبال کی بنیادی اکائی سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ یہ وہ اکائی ہے کہ جس نے ان کے سارے فکری نظام کو ایک ایسا تناظر عطا کیا ہے، جہاں علامہ اقبال کے متصوفانہ، فلسفیانہ اور مذہبی مشاہدات اور تجربات کو پرکھا جاسکتا ہے۔

❁ ❁ ❁

## حوالے و حواشی


۱۔ فقیر وحید الدین، روز گار فقیر، جلد اول، لائن آرٹ پریس، کراچی، ۱۹۶۵ء، ص ۶، ۷۔

۲۔ محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، اُردو ترجمہ: سید نذیر نیازی، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص ۲۱۳۔

۳۔ ایضاً، ص: ۱۹۳، ۱۹۴۔

۴۔ ایضاً، ص ۳۲۱۔

۵۔ ایضاً، ص ۲۱۳۔

۶۔ اسلم انصاری، ڈاکٹر، اقبال عہد آفریں، کاروانِ ادب، ملتان، ۱۹۸۷ء، ص ۱۰۹۔

۷۔ محمد ظہیر الدین احمد (مرتب)، اقبال: کشش اور گریز، اقبال اکیڈمی، حیدر آباد، ۱۹۸۵ء، ص ۳۲

۸۔ ایضاً، ص ۳۱، ۳۲۔


Marfat.com

۹- وحید قریشی، ڈاکٹر، اساسیات اقبال، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۹۶ء، ص ۱۹۹، ۲۰۰۔
۱۰- محمد رفیع الدین، ڈاکٹر، صحیح فلسفۂ تاریخ کیا ہے؟ قرآن کی راہنمائی، اقبال اکادمی، کراچی، س۔ن، ص ۱۱۰، ۱۱۱۔
۱۱- محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، ص ۲۰۳، ۲۰۴۔
12- *Iqbal Review*. (Oct.1963), Iqbal Academy, Karachi, p-48, 49.
۱۳- تفسیر احسن البیان، اُردو ترجمہ: مولانا محمد جونا گڑھی، دارالسلام پبلشرز، ریاض، سعودی عرب، ص ۸۴۶، ۸۴۷۔
۱۴- ایضاً، ص ۱۴۱۶۔
۱۵- ایضاً، ص ۶۹۲، ۶۹۳۔
۱۶- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص ۳۴۷۔
۱۷- محمد اقبال، تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ، ص ۱۸۸۔
۱۸- سید عبدالوحد معینی + محمد عبداللہ قریشی (مرتبین)، مقالات اقبال، آئینۂ ادب، لاہور، ۱۹۸۲ء، ص ۸۰۔
۱۹- آل احمد سرور (مرتب)، اقبال اور تصوف، سری نگر، ۱۹۸۴ء، ص ۱۱۵۔
۲۰- تفسیر احسن البیان، ص ۱۴۱۷ط
۲۱- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۴۰۴۔
۲۲- مختار الدین احمد، پروفیسر (مرتب)، نقد غالب، الوقار پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۵ء، ص ۳۳۵۔
۲۳- عبدالرحمٰن بجنوری، ڈاکٹر، محاسن کلام غالب، ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری ٹرسٹ، اسلام آباد، ۲۰۰۴ء، ص ا۔
۲۴- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۲۶۔
۲۵- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۷۲۔
۲۶- ایضاً، ص ۷۱۔
۲۷- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۴۷۷۔
۲۸- ایضاً، ص ۳۱۹۔
۲۹- ایضاً، ص ۴۰۵۔
۳۰- محمد منور، پروفیسر، مرزا، برہان اقبال، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۸۳ء، ص ۶۔
۳۱- محمد علی جوہر، مولانا، گنجینۂ جوہر، مرتب: جلیل قدوائی، کراچی، س۔ن، ص ۱۴۔
۳۲- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)، ص ۳۷۷۔
۳۳- ایضاً، ص ۲۷۷۔
۳۴- وحید قریشی، ڈاکٹر، اساسیات اقبال، ص ۲۰۱۔

Marfat.com

۳۵- ایضاً،ص۲۰۴،۲۰۵۔
۳۶- محمد منور، پروفیسر، مرزا، برہان اقبال،ص۸،۹۔
۳۷- محمد اقبال، کلیات اقبال (اردو)،ص۳۱۹۔
۳۸- میر تقی میر، دیوان میر، جلد اول، (مرتب: قلب علی خاں فائق) مجلس ترقیِ ادب، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص۱۰۱۔
۳۹- محمد منور، پروفیسر، مرزا، برہان اقبال،ص۱۱،۱۲۔
40- Waheed Qureshi, Dr., *Selection From the Iqbal Review*, Iqbal Academy Pakistan, Lahore, 1985, p-392, 393.
۴۱- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)،ص۱۴۷،۱۴۸۔
42- Waheed Qureshi, Dr., *Selection From Iqbal Review*, p-390, 391
۴۳- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)،ص۱۴۶-۱۴۸۔
۴۴- ایضاً،ص۶۵۶-۶۵۷۔
۴۵- ایضاً،ص۶۶۲-۶۶۳۔
۴۶- ایضاً،ص۸۳۳-۸۳۴۔
۴۷- محمد اقبال، مکتوبات اقبال، مرتب: سید نذیر نیازی، اقبال اکادمی، کراچی، ۱۹۵۷ء،ص۱۱۔
۴۸- غلام احمد پرویز، مجلس اقبال، (مثنوی اسرار و رموز) طلوع اسلام ٹرسٹ، لاہور، ۱۹۹۶ء،ص۵۰۹۔
۴۹- عبداللہ، ڈاکٹر سید، اعجاز اقبال، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۴ء،ص۲۰۴۔
۵۰- ایضاً،ص۲۰۰-۲۰۳۔
۵۱- محمد اقبال، کلیات اقبال (اردو)،ص۳۴۷۔
۵۲- سفیر اختر، ڈاکٹر، بیاد سید مودودی، دارالمعارف، واہ کینٹ، ۱۹۹۸ء،ص۲۷۔
۵۳- محمد اقبال، شذرات فکر اقبال، مرتب: ڈاکٹر جسٹس (ر) جاوید اقبال، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، مجلس ترقیِ ادب، لاہور، ۱۹۸۳ء،ص۷۹۔
۵۴- محمد اقبال، کلیات اقبال (اردو)،ص۵۰۳۔
۵۵- ایضاً،ص۴۹۹۔
۵۶- یوسف حسین خاں، روح اقبال، آئینۂ ادب، لاہور، ۱۹۸۴ء،ص۱۹۳۔
۵۷- محمد اقبال، علامہ اقبال ...... تقریریں، تحریریں اور بیانات، اُردو ترجمہ: اقبال احمد صدیقی، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ۱۹۹۹ء،ص۲۲۶۔
۵۸- سلیمان ندوی، مولانا، سید، خطبات مدراس، اظہار سنز، لاہور، ۱۹۷۶ء،ص۱۱۵۔
۵۹- محمد اقبال، کلیات اقبال (اردو)،ص۲۷۴۔

Marfat.com

Marfat.com

باب پنجم

# مابعد اقبال فلسفۂ تاریخ پر فکرِ اقبال کے اثرات مسلمان اور غیر مسلمان فلسفیوں کے افکار کی روشنی میں

انسانی زندگی عمل اور حرکت سے عبارت ہے اور اس کے برعکس جمود اور بے عملی موت ہے۔ دنیا میں اسلام وہ واحد مذہب ہے، جو حرکت اور عمل کا داعی ہے اور عالم انسانیت کے عمل اور جہد مسلسل پر زور دیتا ہے۔ قرآن کریم میں عمل اور حرکت کو انسانی زندگی کا بنیادی نکتہ قرار دیا گیا ہے۔ علامہ اقبال نے اپنے خطبات کے ابتدائیے میں لکھا ہے کہ قرآن تفکر سے زیادہ عمل کا داعی ہے۔ علامہ اقبال نے اسلام کی اس بنیادی روح کو سمجھا، جو حرکت اور عمل کے فلسفے پر استوار تھی اور ہے لہٰذا ان کے افکار کی تمام بنیادی جہتوں میں یہ سچائی اور یہ بنیادی فلسفہ روح کی مانند موجود ہے۔

اگر مختلف اسلامی ادوار کا مطالعہ کریں تو ہم اسلامی ادوار کو دو نہایت انقلاب انگیز حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔ عالم اسلام پر پہلی تباہی اور قیامت تاتاریوں کے حملوں کی صورت میں مسلط ہوئی، جنھوں نے اسلام کی مرکزیت کو نقصان پہنچایا۔ اسلام کی تمدنی، سیاسی، معاشی، معاشرتی اور فکری جہتوں کو اس نے بے پناہ متاثر کیا۔ اسلام سے متعلق دنیا کے اکثر و بیشتر علاقے تاتاریوں کے زیر تسلط آ گئے اور انھوں نے اپنے زیر نگیں علاقوں میں سیاسی نظام کو اس طرح تاخت و تاراج کیا کہ مسلمانوں کی اس اکائی کو یا مسلمانوں کی بنیادی روح کو بے پناہ نقصان پہنچا۔

مسلمانوں کے علمی مراکز تباہ و برباد کردیے گئے، ان کی کتابیں دریا برد کردی گئیں، لاکھوں مسلمانوں کو تہ تیغ کیا گیا، شہر اور آبادیاں اجاڑ دی گئیں لیکن اس حادثے اور قیامت کے گزر جانے کے بعد عالم اسلام، اس ضعف اور نقصان سے مملو نہیں ہوا، جو بعد کے ادوار میں ضعف اسلام و مسلماناں کی صورت پیدا ہوئی۔ اس لیے کہ تاتاریوں کے حملوں کے وقت اور کچھ عرصہ بعد تک مسلمانوں میں وہ بنیادی تمدنی اور تہذیبی اکائی اور سچائی موجود تھی، جس نے روئے زمین پر پھیلے ہوئے مسلمانوں کو باہم جوڑنے کے لیے بنیادی کردار ادا کیا۔

Marfat.com

دوسرا اہم واقعہ اٹھارہویں صدی میں وقوع پذیر ہوا، جب مغرب اسلامی تہذیب کے مدمقابل آن کھڑا ہوا۔ برطانیہ کی ہفت اقلیمی سیاست کا پھیلاؤ اور مختلف اسلامی ملکوں کا نوآبادیاتی ڈھانچے سے انسلاک، دراصل مغربی معاشرے کے غلبے کی ایک صورت تھی۔ مغربی معاشرہ، صنعتی اور سرمایہ دارانہ انقلاب، اور بعد میں سائنسی رویوں کے اشتراک اور امتزاج سے ایک ایسی تہذیبی صورت میں سامنے آیا کہ اس نے عالم اسلام کو مختلف علاقوں، مختلف براعظموں اور خطوں میں نقصان پہنچانے کی اپنے تئیں پوری کوشش کی۔ اس حوالے سے مغرب بڑی حد تک کامیاب رہا۔ جو کام تاتاری نہ کر سکے، وہ کام اس مغربی معاشرے کے غلبے کی وجہ سے ہو گیا۔ حالات کی تبدیلی کے باعث مسلمانوں کا اپنے فکری اور تہذیبی نظام سے رابطہ کمزور پڑ گیا، جس کی پاداش میں وہ دنیا کے مختلف علاقوں میں مغربی معاشرے کے سامنے مغلوب ہو کر رہ گئے۔

ہندوستان کی تاریخ کو دیکھیے، یہاں پر کبھی بھی اسلام کے اس تحرک آشنا رویے کو سمجھنے، جاننے اور زندگی کے مختلف شعبوں میں اس کا اطلاق کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ یہاں قدیم دور میں ایک آدھ استثنائی مثال کے، کبھی بھی معاشرتی زندگی میں تبدیلی کا نہیں سوچا گیا۔ حضرت شاہ ولی اللہ وہ پہلی شخصیت ہیں کہ جنھوں نے مذہب کو معقولات کے دائروں سے نکال کر عصری زندگی کے مسائل کے ساتھ رکھ کر دیکھنے اور ان کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی۔

ہمارے ہاں فکری سطح پر جو نظام فقہ صدیوں پہلے مدون کیا گیا تھا، اسی پر مختلف زمانوں کے احوال و آثار سفر آشنا ہے اور اس میں زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں کا ساتھ دینے، ان پر غور و فکر کرنے کی طرف توجہ مبذول نہیں کی گئی لہٰذا ہندوستان میں ایسے مختلف رویوں کو ابھارا گیا، جو ضعف اسلام کا باعث بنے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے فقہ کی نئے سرے سے تدوین تو نہیں کی لیکن انھوں نے وہ بنیادی خطوط ضرور مرتب کیے، جن پر غور و فکر کے بعد، اسلامی فقہ کی تدوین نو کی جا سکتی تھی۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ کے بعد سر سید احمد خاں نے اس جانب توجہ دی، لیکن انھوں نے اپنا تحریکی کام اور اس کا نیٹ ورک اس قدر پھیلا لیا تھا کہ اس میں مذہبی معاملات کا دائرۂ کار بہت ہی محدود ہو کر رہ گیا تھا۔ دوسری بات یہ کہ حضرت شاہ ولی اللہؒ پر مغربی اثرات بالکل نہیں تھے لیکن سر سید احمد خاں کے دور تک آتے آتے ہندوستان کی معاشرتی اور تہذیبی زندگی، مغربی اثرات سے، نئے رویوں اور نئی جہتوں کی طرف گامزن ہو چکی تھی۔ سر سید احمد خاں کے معاصر مرزا اسداللہ خاں غالب نے کہا تھا:

Marfat.com

ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ میرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے[1]

تو دراصل غالب نے دو تہذیبوں کے باہمی ٹکراؤ کے نتیجے میں وقوع پذیر ہونے والی صورت حال کا احساس دلایا تھا کہ اب نئے، تبدیل ہوتے ہوئے تناظر میں، نئے تہذیبی ڈھانچے میں کعبہ پیچھے ہے جب کہ کلیسا اور کلیسا سے متعلق رویے نگاہوں کے سامنے ہیں۔

کعبہ روحانیت کی علامت ہے اور کلیسا مادی زندگی کا نمائندہ، تو گویا غالب نے انیسویں صدی میں یہ دیکھ لیا تھا کہ زندگی اور زندگی کے رویوں پر روحانیت کی گرفت کمزور ہوتی چلی جا رہی ہے، اور گرفت کے کمزور ہونے کی وجہ سے پورا مذہبی اور روحانی نظام پس پشت ڈالا جا رہا ہے۔ اس کے بجائے مادی رویے، انسانی زندگی کا بنیادی مطمع نظر بن رہے ہیں۔ گویا کہ انیسویں صدی میں جب غالب نے یہ کہا تھا، اس وقت مغرب اور مشرق، مغربی معاشرے اور مسلمانوں یا مادے اور روح کے درمیان جنگ ایک ایسے مرحلے میں داخل ہو رہی تھی، جہاں نتائج کی جلوہ گری کچھ زیادہ دور نظر نہیں آ رہی تھی۔ ورنہ غالب محض ایک شاعر نہ تھا، اس نے ایک شاعرانہ رویے میں ہی، ترنگ میں آ کر اس بات کا سرسری اظہار نہیں کیا تھا۔ وہ تو ہند اسلامی تہذیب کا ایک بہت بڑا نمائندہ تھا۔ یہ تہذیب مشرق کی تہذیب تھی، یہ تہذیب اسلامی تہذیب تھی، یہ تہذیب روحانیت کی تہذیب تھی۔ اس تہذیب کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے، اس نے اپنے عہد میں وقوع پذیر بڑے فکری سوالات سے گزرنے کے بعد یہ نتیجہ نکالا کہ اب یہ دونوں تہذیبیں، باہم متصادم ہو کر ایک خاص جہت کی طرف نکلنے والی ہیں اور اس نے نتیجے کا اعلان کر دیا۔ بعد میں غالب کے وضع کیے گئے نتیجے کے مطابق ہی منظر نامہ ہمارے سامنے آیا۔ سو غالب اور سرسید احمد خاں کے عہد میں، مغربی افکار کی یلغار کا راستہ روکنے کے لیے، جس بڑی فکری شخصیت کی ضرورت تھی، وہ میسر نہیں تھی۔ لے دے کر سرسید احمد خاں تھے لیکن جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے کہ انھوں نے اپنے آپ کو اتنی زیادہ مختلف اور متضاد جہتوں میں پھیلا رکھا تھا کہ بیک وقت اتنے سارے محاذوں پر چومکھی لڑنا، ایک شخصیت کے بس کا روگ نہ تھا۔ دوسرے یہ کہ جو آدمی مغرب کے خلاف سرگرم عمل تھا، وہ خود مغربی تہذیب کے ہتھیاروں سے باخبر نہیں تھا۔ اس بے خبری یعنی انگریزی تعلیم، انگریزی تعلیم کے اثرات، انگریزی فلسفے اور انگریزی علوم وفنون کے اثرات سے تغافل سے جو صورت حال پیدا ہوئی، اس کے بارے میں علامہ اقبال نے اپنی ایک نظم ''تعلیم اور اس کے نتائج'' میں کیا خوب اظہار حقیقت فرمایا ہے:

Marfat.com

خوش تو ہیں ہم بھی جوانوں کی ترقی سے مگر
لب خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ
ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم
کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ
گھر میں پرویز کے شیریں تو ہوئی جلوہ نما
لے کے آئی ہے مگر تیشۂ فرہاد بھی ساتھ
"تخم دیگر بکف آریم و بکاریم زنو
کانچہ کشتیم ز خجلت نتواں کرد درو" [۲]

ایسے حالات میں مغربی فسوں سے بے خبر آدمی اس طرح کی صورت حال کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا مگر ایک ایسا آدمی، جو اس تہذیب، یعنی مغربی تہذیب کے خارج اور باطن کا اور خارج و باطن کی امتزاجی صورتوں کا غواص اور شناور ہو، مسلمانوں کی ضرورت تھا۔ یہاں یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ سرسید احمد خاں نے مذہب کی مروج تعبیر کے ضمن میں اپنی پریشانی کا اظہار تو کیا، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا سلسلہ نہیں تھا کہ وہ ان حالات اور مسائل کے تناظر میں مذہب کی نئی علمی اور فکری تعبیر کرتے۔ انھوں نے بعض ایسے معاملات کو بحث و مباحثے کا موضوع بنایا، جو دراصل فقہ سے متعلق تھے۔ انھوں نے فقہی مسائل پر بھی بحث کرنے کے بجائے بعض ایسے متشابہات پر بحث کا آغاز کیا، جن پر صدیوں سے گفتگو ہوتی چلی آ رہی تھی اور ان پر سوادِ اعظم کا فکری اور تعمیری رویہ موجود تھا۔ سرسید کے اس فکری انحراف سے، بجائے اس کے کہ مسلمانوں کو کوئی فائدہ پہنچتا، الٹا نقصان ہوا۔ ان پر کفر کے فتوے لگے اور ان کے عقائد کو اسلامی عقائد کے خلاف گردانا گیا۔

یہ وہی دور ہے جب ہندو اور عیسائی مشنریوں نے اسلام اور داعیِ اسلام کے خلاف اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا آغاز کیا، پمفلٹ لکھے گئے، کتابیں سامنے آئیں، اشتہار بازی کی گئی، تقریریں اور مناظرے کیے گئے۔ ایسے ماحول میں وہ شخصیت، جو مسلمانوں کو اس فکری دلدل میں سے نکالنے کا کام سرانجام دیتی، وہ موجود نہیں تھی۔ سرسید احمد خاں کے رفقا میں ایک شخصیت، جو ان سے زیادہ بہتر مذہبی فہم و ادراک کی حامل تھی اور جو سرسید جیسی بڑی شخصیت کے سامنے دب کر رہ گئی، وہ تھی مولوی چراغ علی کی شخصیت۔ مولوی چراغ علی نے حضرت شاہ ولی اللہؒ کے بعد باقاعدہ کاوش کی کہ اسلامی فقہ کی تدوینِ نو ہو جائے۔ انھوں نے اپنے حالات کے دائرۂ عمل

Marfat.com

اور دائرۂ کار کو دیکھتے ہوئے عصری مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن ان کا دائرہ محدود رہا کہ سرسید احمد خاں جیسی بلند آہنگ شخصیت کی موجودگی میں ان کی بات دور تک سنی ہی نہ گئی۔

بیسویں صدی کے آغاز پر اس شخصیت کا ظہور ہوا، جس نے ان تمام رویوں کو ایک نئے زاویۂ نظر سے ڈھالنے کا نہ صرف عندیہ ظاہر کیا بلکہ عملاً اس نے بنیادی نوعیت کا کام کیا، وہ شخصیت علامہ اقبال تھے۔ انھوں نے قرآن وحدیث پر غور وفکر کے بعد فکری مسائل کو اسلام کے بنائے ہوئے اصول وضوابط کی روشنی میں پرکھا اور ایک نئی تعبیر پیش کی۔

علامہ اقبال نے اپنے تخلیقی رویوں کا اظہار شاعری کے ذریعے کیا اور ابتداءً وہ مروج اصول وضوابط کے مطابق شعر کہتے رہے لیکن بہت جلد وہ اس سلسلے کو خدا حافظ کہ آئے، نئے رنگ اور نئی تخلیقی اپج کے ساتھ سامنے آئے۔ ''خضر راہ'' علامہ اقبال کے انقلاب آفریں فلسفے کا بنیادی نکتہ ہے۔ انھوں نے اس نظم میں اسلام کے حرکی کردار پر گفتگو کی اور عالمی سطح پر موجود عصری مسائل، جو اسلام کے مدمقابل کھڑے تھے، کو موضوع گفتگو بنایا۔ علامہ اقبال اس حوالے سے غور وفکر کرنے اور نتائج نکالنے میں یوں کامیاب اور کامگار ٹھہرے کہ انھوں نے تاریخ کا جو تہذیبی مطالعہ کر رکھا تھا اور اسلام کے جس تصور تاریخ سے وہ آگاہ تھے، اس کے پس منظر میں انھوں نے ایک نیا زاویۂ نگاہ وضع کیا اور اس کی تدوین اور ترتیب وتہذیب کی بنا پر وہ کچھ ایسے نئے رویے سامنے لائے کہ جن کے مسلم امہ پر نہایت دوررس اثرات مرتب ہوئے۔

اگر ہم ان کے مختلف ادوار کی شاعری، خطبات، خطوط، مقالات، گفتگوؤں اور بیانات کا مطالعہ کریں تو جو چیز بنیادی زاویۂ نظر کے طور پر ہمارے سامنے آتی ہے، وہ علامہ اقبال کا حقیقی اور صحیح تناظر میں مدون تصور تاریخ ہے، جو ان کے تمام افکار ونظریات کو ایک خاص اور بنیادی رویے کے طور پر سامنے لاتا ہے۔ جو آدمی اسلام کے تصور تاریخ سے آشنا نہیں، اس کے ہاں غیرت، فقر، خودی اور عرفان رسولؐ کے رویے آشکار نہیں ہوتے۔ کوئی فلسفی یا کوئی شاعر اس وقت تک اعلا سطح پر ایک بڑا علمی مکالمہ کرنے سے قاصر رہتا ہے، جب تک کہ ماضی سے جڑا ہوا نہ ہو اور اس کی نگاہیں مستقبل پر نہ ہوں۔ علامہ اقبال کے تفکر کی کامیابی یا دوررس اثرات کی بنیاد ان کے تصور تاریخ کی حقانیت اور اس کو، اس کے صحیح زاویے سے سمجھنے سے مربوط ہے۔ انھوں نے جس طرح تاریخ کا مطالعہ کیا اور جس طرح سے انھوں نے تاریخ کو سمجھنے کی کوشش کی، یہ اس کا نتیجہ ہے کہ علامہ اقبال نے اپنے فکری نظام کو بہ دلائل ثابت کرنے، اسے معقولی اور منقولی انداز سے نکالنے اور نیا استدلالی نظام وضع کرنے میں کامیابی حاصل کی۔

Marfat.com

علامہ اقبال کے ہاں تاریخ اور تاریخ کے متعلق رویوں کو جب ہم دیکھتے ہیں تو بعض اوقات ہمیں ان کی شاعری اور ان کے فکر میں ایسے تاریخی واقعات بھی دکھائی دیتے ہیں، جو تاریخ کے مختلف ادوار میں کبھی رونما نہیں ہوئے۔ مثلاً اسرار خودی میں جب وہ خودی کے استحکام کی بات کرتے ہیں تو ایک واقعہ اورنگ زیب عالم گیر کے حوالے سے منظوم کرتے ہیں کہ اس نے کس طرح سے ایک شیر کو مار دیا۔ پھر اس کارنامے کی توجیہ یوں کی کہ اورنگ زیب کی خودی مضبوط تھی اور جس کی خودی مضبوط ہوتی ہے، وہ دنیا کا ہر کام کر گزرنے کی صلاحیتوں سے متصف ہوتا ہے۔ اس فرضی واقعے کو منظوم کرنے پر علامہ اقبال کے احباب اور دوسرے لوگوں نے اعتراض کیا کہ یہ واقعہ تاریخی اعتبار سے بالکل بے بنیاد اور بے سروپا ہے تو علامہ اقبال نے جواب دیا کہ میرا مقصد تاریخ لکھنا نہیں ہے۔ میں تو ایک قوم کو زندہ اور بیدار کرنے، اسے نئے، روشن اور تابناک مستقبل سے آشنا کرنے کے لیے ایک پیغام دے رہا ہوں۔

علامہ اقبال کے ہاں اس طرح کے واقعات ہمیں ان کے دیگر شعری سرمائے میں بھی دکھائی دیتے ہیں، جہاں واقعاتی رویے یا تو تاریخ کے اوراق میں محفوظ نہیں ہیں یا ان میں تقدیم و تاخیر ہوگئی ہے، لیکن اس سب کے باوجود، تصور تاریخ، علامہ اقبال کے ہاں اس خوبصورتی کے ساتھ موجود ہے کہ ان سے قبل ایک آدھ استثنائی مثال کے علاوہ، وہ کبھی عالم اسلام کے مختلف فلاسفۂ تاریخ کے ہاں دکھائی نہیں دیتا۔ یہ علامہ اقبال کی قرآن فہمی اور غور و تفکر کا نتیجہ ہے کہ وہ تاریخ کے جن بنیادی رویوں کو سمجھنے میں کام گار ہوئے، وہ مختلف ادوار میں پردوں میں رہے۔ جس نئے تناظر میں علامہ اقبال نے تاریخ بطور علم یا بطور ذریعۂ علم، تاریخ کا بنیادی تصور حقیقت، قرآن و حدیث سے استنباط کیا، وہ اس سے قبل، اتنے مدلل اور اس قدر خوبصورت زاویہ ہائے نظر کے ساتھ کبھی سامنے نہیں آیا تھا۔

ایک بہت ہی اہم بلکہ سب سے اہم پہلو جو علامہ اقبال کے حوالے سے سامنے آتا ہے، وہ یہ کہ کوئی کہتا ہے کہ علامہ اقبال کا بنیادی فلسفۂ خودی ہے، کوئی کہتا ہے کہ ان کا بنیادی مسئلہ خوف مرگ ہے یا خواہش مرگ ہے، کسی نے کہا کہ علامہ اقبال کا بنیادی فلسفہ حرکی ارتقا ہے تو کسی نے کسی اور پہلو کو ان کا اساسی فلسفہ اور مسئلہ بتایا۔ علامہ اقبال کے بہت ہی نامور شارح خلیفہ عبدالحکیم کا یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

> اقبال نے خودی کا فلسفہ اس زور شور سے پیش کیا ہے اور اتنے پہلوؤں سے اس پر نظر ڈالی ہے کہ وہ اس کا خاص مضمون بن گیا ہے۔[۳]

Marfat.com

خلیفہ عبدالحکیم کا یہ موقف بعدازاں من وعن دہرایا جاتا رہا ہے، تا آں کہ نامور تنقید نگار سلیم احمد نے اپنا موقف کچھ انوکھے اور چونکا دینے والے انداز میں پیش کیا۔ ان کی تحریروں سے اقتباسات ملاحظہ کریں:

ان معنوں میں اقبال کا مرکزی مسئلہ نہ خودی ہے، نہ عشق، نہ عمل، نہ قوت و حرکت، بلکہ ان سب کے برعکس موت ہے:

اوّل و آخر فنا، باطن و ظاہر فنا
نقش کہن ہو کہ نو، منزل آخر فنا

موت اقبال کا مرکزی مسئلہ ہے۔ یہ وہ مسئلہ ہے جو ان کے وجود کو اس زلزلے سے دوچار کرتا ہے، جس سے ان کا پورا وجود متحرک ہو جاتا ہے۔ یہی ان کے شعری تجربے کی وہ بنیاد ہے، جس سے اقبال کی مخصوص کائنات شعری پیدا ہوتی ہے۔...... موت اقبال کے وجود کا سب سے زیادہ گہرا، سب سے زیادہ بنیادی اور سب سے زیادہ فعال مسئلہ ہے.... موت اقبال کی نفسیات کا سب سے گہرا مسئلہ ہے...... اقبال موت کی خواہش کے باوجود موت سے لڑتے ہیں۔ یہی ان کی شاعری کا سب سے بنیادی محرک ہے۔[۴]

ذرا یہاں رک کر اگر ہم تفکر کرلیں اور دیکھیں کہ خودی ہے کیا؟ حرکت کس چیز کا نام ہے؟ موت کس کو کہتے ہیں؟ خوف مرگ کیا ہے؟ خواہش مرگ کیوں پیدا ہوتی ہے؟ تو ہم اقبال کے اس بنیادی فلسفے کو سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے کہ جو ان سب سے مختلف، علیحدہ اور نمایاں حیثیت سے ان کے افکار ونظریات میں موجود ہے۔

خودی بنیاد نہیں ہے، نتیجہ ہے۔ حرکت ایک کیفیت ہے، بنیاد نہیں ہے۔ موت ایک نتیجہ ہے، اس زندگی کا، جو موجود ہے۔ لہٰذا اس کا خوف اور خواہش، دونوں بے معنی اور لایعنی ہیں۔ مسلمان کے ہاں موت کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ اس کے نزدیک موت ایک ٹھہراؤ ہے، ایک پڑاؤ ہے، اگلے سفر پر نکلنے کا۔ لہٰذا اس کے لیے موت کی ہیبت ناکی بے معنی ہے۔ وہ یہ جانتا ہے کہ:

فرشتہ موت کا چھوتا ہے گو بدن تیرا
ترے وجود کے مرکز سے دور رہتا ہے[۵]

اسی طرح علامہ اقبال نے شہید ناموس رسالت غازی علم دین شہیدؒ کے حوالے سے اپنے جذبات منظوم کرتے ہوئے ایک نظم ''لاہور و کراچی'' میں موت کے حوالے سے کچھ معارف یوں بیان کیے ہیں:

Marfat.com

نظر اللہ پہ رکھتا ہے مسلمان غیور
موت کیا شئے ہے، فقط عالم معنی کا سفر
ان شہیدوں کی دیت اہل کلیسا سے نہ مانگ
قدر و قیمت میں ہے خوں جن کا حرم سے بڑھ کر
آہ! اے مرد مسلماں تجھے کیا یاد نہیں
حرف لا تدع مع اللہ الٰھاً آخر![1]

جو چیز علامہ اقبال کے نزدیک موت ہے، سمجھنے والوں نے اسے نہیں سمجھا۔ علامہ اقبال کے نزدیک انسانی زندگی روح محمدؐ کے ساتھ ارتباط و انسلاک سے عبارت ہے اور روح محمدؐ کے انسانی جسم سے نکل جانے کا نام موت ہے۔ انھوں نے اپنی ایک نظم ''ابلیس کا فرمان، اپنے سیاسی فرزندوں کے نام'' میں بڑے واشگاف الفاظ میں یوں کیا ہے:

وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روح محمدؐ اس کے بدن سے نکال دو[2]

یہ بات تاریخ اسلامی میں پہلی بار اتنے خوبصورت انداز اور استدلال کے ساتھ ہمیں علامہ اقبال نے بتائی:

خودی کیا ہے؟ عرفان ذات ہے، غیرت ہے، ضمیر ہے، اس کی کوئی علیحدہ اور بنیادی حیثیت نہیں ہے۔ بنیادی حیثیت اس شخص کی ہے، جو خودی کے معنی کا تعین کر رہا ہے۔

ظہور اسلام سے قبل انسان کی کوئی قدر و قیمت نہیں تھی، انسان آقا اور غلام میں بٹا ہوا تھا، ایک انسان دوسرے انسان کی غلامی کر رہا تھا، جب کہ غلام کی ماں نے تو اسے آزاد جنا تھا۔ پیغمبر اسلامؐ نے آ کر انسانیت کو معنی عطا کیے اور اس کو ایک ایسے مقام و مرتبے پر متمکن کیا کہ جو غیرت اور عرفان ذات کے نئے زاویوں سے تشکیل پاتا ہے۔ اسی طرح حرکت کیا ہے؟ عمل کیا ہے؟ عمل کیوں انسانی زندگی میں اہم ہے؟ وہ عظیم و جلیل انسان، وہ خدائے بزرگ و برتر کا شاہکار، جو کچھ کہ رہا تھا اور جو کچھ کر رہا تھا، ان تمام سوالوں کے مجسم جواب تھے۔ اس نے عرفان ذات کا درس دیا اور انسان کو بلند تر مقام و مرتبہ عطا کر دیا، اس نے جہد مسلسل اور جہد عمل پر زور دیا لہٰذا یہ انسانیت کی معراج ٹھہرے۔ اس نے عشق و محبت کی تعلیم کی لہٰذا یہ رویے مقصود انسانیت ہوئے۔ اس نے زندگی کو اہمیت دی تو موت کو پچھاڑ دیا، زندگی کو معنی آفرینی عطا کی اور موت کو

Marfat.com

بے معنی کر دیا۔ سو جس نے زندگی کے تمام رویوں میں، زندگی کی تمام قدروں میں، رنگ بھرے اور ان کو بامعنی بنایا، بنیادی اہمیت اسے حاصل ہے۔ لہٰذا علامہ اقبال کے افکار کو ایک مرتبہ نئے سرے سے دیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہاں نہ خودی، نہ خواہش مرگ و موت، نہ خوف مرگ و موت، نہ حرکی ارتقا اہم ہیں اور نہ ہی کوئی اور پہلو بنیادی اہمیت رکھتا ہے بلکہ ان کے ہاں بنیادی اور اساسی جہت وہ عرفان رسولؐ ہے، جو انھیں ایسی فکری قوت عطا کرتا ہے کہ جس میں یہ تمام زاویہ ہائے فکر جڑے اور بندھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ یہ اس لیے ممکن ہے کہ انھوں نے تاریخ کے تصور حقیقت میں سفر کیا ہے اور یوں انھوں نے رسول کریمؐ کی ذات گرامی کا عرفان حاصل کیا ہے۔ یہ ان کے گیان دھیان کا نتیجہ ہے، یہ ان کا نروان ہے، جو رسول کائناتؐ کی صورت میں، ان کے افکار کی صورت میں، ان کے معاملات کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ اگر وہ تاریخ کی سچائی کے بنیادی تصور حقیقت پر نگاہ نہ رکھتے اور واقعات میں گم ہو جاتے، تو وہ مورخ تو بن سکتے تھے، فلسفی نہیں اور فلسفی بھی ایسے بنے کہ کسی ابتدائی اور عام سطح کے نہیں بلکہ عالم انسانیت کے، فلاسفہ کی تاریخ کے نہایت بنیادی فلسفی۔ صرف اس لیے کہ تھیلیز سے، یعنی یونان کے پہلے فلسفی سے یا جس کا لکھا ہوا نظام ہمارے پاس موجود ہے، افلاطون و سقراط و ارسطو سے ہوتے ہوئے عہد جدید کے برٹرینڈرسل اور ٹائن بی تک آ جایئے، کسی فلسفی کے ہاں اس کے نظام فکر میں، ایسے تسامحات موجود ہیں اور رہیں گے کہ کسی نے بھی صحیح تصور تاریخ کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ درست تصور تاریخ سے ان کی آشنائی قطعاً نہیں رہی۔

تاریخ کو اگر صرف حالات و واقعات سے ہی وابستہ کر دیا جائے تو اسے بامعنی سے بے معنی ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگتی لہٰذا اس سے بلند تصور، اس سے بلند رویہ دیکھنے کی کوشش کی جائے تو تاریخ بالکل ایک نئے زاویے کے ساتھ سامنے آتی ہے۔ کیوں کہ قرآن کریم میں تاریخ کو علم کا ایک ذریعہ کہا گیا ہے لہٰذا تاریخ مسلمانوں کے ہاں بالکل نئے زاویۂ فکر سے سامنے آتی ہے۔ علامہ اقبال نے سائنسی اور فکری مسائل کو اسلامی تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی اور وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ اگر آپ تاریخ کے تصور حقیقت تک رسائی نہیں پاتے تو کائنات کی اس بنیادی اکائی کو سمجھنے سے قاصر ہیں، جس سے عشق و محبت کے رویے، غیرت انسانیت کے معاملات، فکر و فلسفے کی موشگافیاں اور عمل و حرکت کے رویے مستنیر ہیں۔ نیکی کیا ہے اور بدی کیا ہے؟ نیکی، نیکی کیوں ہے اور بدی، بدی کیوں ہے؟ اس کا جواب دیتے ہوئے ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ:

Marfat.com

جس کو رد کر دیں، وہی چیز مردود ٹھہرے
جس کو رعنائی وہ کہہ دیں وہی رعنائی ہو [۸]

پیغمبرؐ کی ذات گرامی وہ میزان ہے کہ جو چیز اس پر تلتی ہے، وہ رعنائی بنتی چلی جاتی ہے۔ پیغمبر آخر الزماںؐ جس کام کو دیکھ لیں اور اظہار مسرت کریں، وہ نیکی ہے اور جس سے منع فرما دیں، وہ بدی اور گناہ ہے۔ جو کام پیغمبرؐ کی ذات سے سرزد ہو، وہ رعنائی ہے، نیکی ہے، کار ثواب ہے اور جس سے آپؐ منع فرما دیں، جس کو مردود کر دیں، جس کی تردید کر دیں، وہ برائی ہے۔ جو انسان جلیل ایسے رویوں کو جنم دیں، جن کی ذات گرامی سے خودی، عرفان ذات، حرکت و عمل مستنیر ہوں، تو بنیادی حیثیت تو ان کی ذات گرامی کی ہوئی کہ جو کائنات کی وجہ تکوین ہیں، جو وجہ وجود کائنات ہیں، جو آیۂ کائنات کا معنی دیریاب ہیں۔

علامہ اقبال نے اپنے تصور تاریخ کے حقائق کو پیش نظر رکھتے ہوئے، ایسی عظیم و جلیل ہستی کا عرفان حاصل کر لیا لہٰذا اس عرفان کے بعد ان کے کلام میں، خطبات میں، خطوط میں تمام فکری رویے اسی حوالے سے ڈھلتے چلے گئے۔ اس تصور تاریخ کو اس کے حقیقی تناظر میں دیکھنے کی برکت سے علامہ اقبال کو وہ عرفان نصیب ہوا، جو غیر مسلمان مفکرین تو رہے ایک طرف، مسلمان فلسفیوں کے ہاں بھی ہمیں دکھائی نہیں دیتا۔ یہ ان کا مقسوم تھا، جو انھیں میسر آیا۔ انھوں نے اسی تناظر میں ایک ایسا فکری نظام وضع کرنے کی کوشش کی، جو حالات اور زمانے کا مقابلہ کر سکے۔ لہٰذا برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں، جہاں بہت بڑے بڑے زعمائے امت اور زعمائے ملت پیدا ہوئے، علامہ اقبال وہ پہلی شخصیت ہیں، جنھوں نے اسلامی فقہ کی تدوین نو کے لیے بنیادی نوعیت کا کام کیا۔ ان کے خطبات کو دیکھتے جایئے، جو جو مسائل اور رویے ان کے پیش نظر رہے، ان کی اہمیت، ضرورت اور وقعت سے بھلا کون ذی شعور انکار کرے گا۔ یہ الگ بات کہ بعض علمائے دین نے یہ بھی کہا کہ اگر علامہ اقبال یہ خطبات نہ دیتے یا نہ لکھتے تو اچھا تھا۔

اگر ہم علامہ اقبال کے مذکورہ خطبات کا مطالعہ، ان کے تصور تاریخ کی روشنی میں کریں تو یہ کہنے میں نہ صرف ہم حق بجانب ہوں گے، بلکہ ہم پر لازم ٹھہرے گا کہ اگر علامہ اقبال یہ خطبات نہ دیتے یا نہ لکھتے تو امت مسلمہ کو جو رعنائی اور زیبائی ان سے ملی، وہ ان سے محروم رہتی۔ برصغیر کے مسلمانوں کی غلامی کی جو رات ۱۴۔ اگست ۱۹۴۷ء کو ختم ہوئی، وہ طویل تر ہو جاتی۔ اگر علامہ اقبال تاریخ کا یہ زاویۂ نگاہ عطا نہ کرتے تو خاص طور پر برصغیر کی تاریخ کچھ اور معنویت کی حامل ہوتی کہ جس میں مسلمانوں کا کردار کچھ زیادہ اہمیت و افادیت کا حامل نہ ہوتا۔

Marfat.com

لہٰذا علامہ اقبال نے جو رویے اور جو معاملات بیان کیے، ان کی تعبیر و تشریح مابعد کے مسلمانوں کے ہاں دکھائی دیتی ہے۔ مثلاً فکری سطح پر مولانا مودودی اور غلام احمد پرویز منظر عام پر آئے۔ لیکن یہ ہر دو حضرات اپنے مخصوص دائروں کے اندر منہمک رہے اور علامہ اقبال کی اس بنیادی فکری اپیل کو یا اس راز کو نہ پاسکے، جس کا خطاب عالم انسانیت سے تھا۔ اس کے مخاطب محض مسلمان نہیں تھے، علامہ اقبال صرف مسلمانوں کے شاعر اور فلسفی نہ تھے بلکہ ان کا مخاطب عالم انسانیت تھا اور وہ عالم انسانیت کے شاعر تھے۔

علامہ اقبال نے بعض ایسے فکری اور فقہی مسائل پر اظہار خیال کیا، جو یا تو اس سے قبل اسلامی دنیا کو درپیش نہیں رہے یا اگر کبھی درپیش رہے تو ان پر اس طرح سے اظہار خیال نہیں کیا گیا، جس طرح کے اظہار خیال کے یہ متقاضی تھے۔ یہ مسائل تشنۂ تعبیر تھے، علامہ اقبال نے ان پر نئے زاویوں سے روشنی ڈالی۔ جیسا کہ گزشتہ صفحات میں یہ بات ثابت کی جاچکی ہے کہ علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی کارفرمائی کا عملی مظہر پاکستان کی صورت میں سامنے آیا۔ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کی صرف ملک کے حصول کے ضمن میں سیاسی اور معاشرتی حوالے سے ہی راہنمائی نہیں کی بلکہ انھوں نے سیاست اور معاشرت کے ساتھ ساتھ مذہبی، فکری اور تہذیبی راہنمائی بھی انجام دی ہے۔ پاکستان اور تصور پاکستان کو علامہ اقبال کے سیاسی نظریات کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی گئی۔ ماہرین اقبال نے پاکستان کو علامہ اقبال کی سیاسی بصیرت کا مظہر قرار دیا، حالانکہ پاکستان علامہ اقبال کی سیاسی بصیرت کا مظہر نہیں بلکہ تصور تاریخ کو، اس کے حقیقی تناظر میں سمجھنے کا انعام ہے۔

مسئلہ یہ تھا کہ صرف سیاسی بنیادوں پر کی گئی رہبری میں ملک نہیں بنتے اور علامہ اقبال تو ویسے بھی اس تصور اور اس کی اس باطل تعبیر کے خلاف تھے کہ قومیں وطن سے بنتی ہیں، وہ قوم اور وطن کی تشکیل کو کسی بھی نوعیت کے جغرافیائی تناظر میں نہیں دیکھتے بلکہ اسے تاریخ کے تناظر میں دیکھتے ہیں لہٰذا پاکستان اور تصور پاکستان کا صرف اور صرف علامہ اقبال کے سیاسی نظریات کے ساتھ انسلاک اور ارتباط کیا جائے تو اس فکری تعبیر کو سمجھنے میں غلطی کا در آنا، بنیادی نوعیت و حیثیت کا حامل ہے۔ پاکستان کے تصور کو علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی روشنی میں دیکھنے کے لیے خطبۂ الٰہ آباد کے وہ مقامات دیکھنا مناسب ہوگا، جہاں واضح طور پر یہ حقیقت موجود ہے کہ سیاست، سیاسی رویے یا سیاسی نظام علامہ اقبال کے نزدیک کچھ زیادہ اہمیت کے حامل نہیں:

Marfat.com

دوسرے ممالک کی طرح ہندوستان میں بھی اسلامی معاشرہ تقریباً پوری طرح ایک مخصوص انقلابی نصب العین کی ثقافت سے بنا ہے۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مسلم معاشرہ اپنی نمایاں ہم آہنگی اور اندرونی اتحاد کی جس صورت میں ارتقا پذیر ہوا ہے، وہ ان قوانین اور اداروں کے باعث ہے، جو اسلامی ثقافت سے وابستہ ہیں۔ مغرب کے سیاسی فکر نے جن خیالات کو پیش کیا ہے، ان سے اب ہندوستان اور ہندوستان سے باہر مسلمانوں کی موجودہ نسل کا نقطۂ نظر تیزی سے بدل رہا ہے۔ ہمارے نوجوان ان افکار سے متاثر ہو کر یہ چاہتے ہیں کہ ان کے ممالک میں بھی ایسے ہی افکار زندہ قوت بن جائیں لیکن وہ ان حقائق پر گہری نگاہ نہیں رکھتے، جن کی بنا پر یورپ میں ان افکار نے نشوونما پایا...... آپ کا مذہب کے بارے میں یہ خیال ہے کہ اس کا تعلق صرف آخرت سے ہے تو عیسائیت کا جو حشر یورپ میں ہوا ہے، وہ بالکل قدرتی امر تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عالم گیر اخلاقی نظام کی جگہ سیاسیات اور اخلاقیات کے قومی نظاموں نے لے لی۔ اس سے یورپ اس نتیجے پر پہنچنے کے لیے مجبور ہوا کہ مذہب فرد کا ذاتی معاملہ ہے اور اس کا دنیاوی زندگی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اسلام انسان کی وحدت کو مادے اور روح کی متضاد دوئی میں تقسیم نہیں کرتا۔ اسلام میں خدا اور کائنات، روح اور مادہ، کلیسا اور ریاست ایک کل کے مختلف اجزا ہیں۔ انسان کسی ناپاک دنیا کا باشندہ نہیں ہے، جسے کسی ایسی دنیا کی خاطر ترک کرے جو کہیں اور واقع ہے۔ اسلام کے نزدیک مادہ، روح کی وہ شکل ہے، جو زمان و مکاں میں ظہور پذیر ہوا ہے...... اسلام اب بھی ایک زندہ قوت ہے، جو انسان کے تصور کو جغرافیائی حدود سے آزاد کرا سکتی ہے؟ جس کا یہ عقیدہ ہے کہ مذہب کو فرد اور ریاست کی زندگی میں بے انتہا اہمیت حاصل ہے اور جس کا ایمان ہے کہ اسلام بجائے خود تقدیر ہے، اسے کسی دوسری تقدیر کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔ ایسا شخص مجبور ہے کہ معاملات کو خود اپنے ہی نقطۂ نگاہ سے دیکھے۔ یہ خیال نہ کریں کہ جس مسئلے کی طرف میں اشارہ کر رہا ہوں، وہ محض ایک نظری مسئلہ ہے۔ یہ ایک زندہ اور عملی مسئلہ ہے، جس سے اسلام کے دستور حیات اور نظام عمل کے تار و پود متاثر ہو سکتے ہیں۔ ہندوستان میں ایک ممتاز ثقافتی وحدت کی حیثیت سے صرف اس مسئلے کے صحیح حل پر آپ کے مستقبل کا انحصار ہے۔ ہماری تاریخ میں اسلام پر آزمائش کا ایسا سخت دور کبھی نہیں آیا تھا، جیسا کہ آج درپیش ہے...... تاریخ ہندوستان کے موجودہ نازک دور میں مسلمانوں کو مکمل تنظیم اور اتحاد عزائم و مقاصد کی ضرورت ہے، جو بحیثیت قوم آپ کے اور ہندوستان کے مجموعی مفاد کے لیے ضروری ہے۔ ہندوستان کی سیاسی غلامی پورے ایشیا کے لیے لامتناہی مصائب کا سرچشمہ تھی

Marfat.com

اور اب بھی ہے۔ اس نے مشرق کی روح کو کچل ڈالا ہے اور اس اظہار ذات کی مسرت سے پوری طرح محروم کر دیا ہے، جس کی بدولت کبھی ایک بڑا اور شان دار تمدن پیدا ہوا تھا۔ ہم پر ایشیا بالخصوص مسلم ایشیا کی طرف سے بھی ایک فرض عائد ہوتا ہے۔ ایک ہی ملک میں سات کروڑ مسلمانوں کی موجودگی تمام مسلم ایشیا کے مسلمانوں کے مقابلے میں اسلام کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہے۔ ہمیں ہندوستان کے مسئلے پر صرف مسلمانوں کے نقطۂ نگاہ سے ہی نہیں ہندوستانی مسلمانوں کے نقطۂ نگاہ سے بھی دیکھنا چاہیے۔ ایشیا اور ہندوستان کی طرف سے عائد شدہ فرض ہم اس وقت تک وفاداری کے ساتھ ادا نہیں کر سکتے، جب تک ہم ایک مخصوص مقصد کے لیے منظم عزم نہ کر لیں۔ اگر آپ ہندوستان کی دوسری سیاسی جماعتوں میں اپنا ایک سیاسی وجود برقرار رکھنا چاہتے ہیں، تو آپ کے لیے اس قسم کا بندوبست قطعی ضروری ہے۔ ہماری منتشر حالت کے باعث ایسے سیاسی مصالح الجھ گئے ہیں، جو کہ ہماری ملی زندگی (Life of the Community) کے لیے ناگزیر ہیں۔ میں فرقہ ورانہ تصفیے سے مایوس نہیں ہوں، لیکن میں اپنا یہ احساس آپ سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا کہ موجودہ بحران سے نبٹنے کے لیے ہماری ملت کو مستقبل قریب میں ایک آزادانہ راہِ عمل اختیار کرنی پڑے گی اور آزادانہ سیاسی راہ عمل ایسے نازک وقت میں صرف ان لوگوں کے لیے ہی ممکن ہے، جو عزم کے مالک ہوں اور جن کی قوت ارادی ایک مقصد پر مرکوز ہو۔[9]

جب اقبال نے ایک ایسے ملک یا ایسے خطے کی تشکیل کا نظریہ پیش کیا کہ جہاں مسلمان اللہ اور اس کے رسولؐ کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق زندگی آغاز کریں گے تو یہاں سیاسیات کا وہ مغربی تصور منہا ہو گیا، جہاں انھوں نے ملک کی تعمیر اور تشکیل کی بنیاد، دین اسلام پر اٹھائی۔ یہی دراصل وہ بنیادی نکتہ ہے، جس سے ہم علامہ اقبال کے اس خطبے کی نئی تشکیل اور تعبیر کر سکتے ہیں کہ وہ کس طرح سے اپنے تصور تاریخ کے تصور حقیقت کی روشنی میں اس خطے میں اسلامی نظام اور قانون کی عمل داری چاہتے ہیں۔ علامہ اقبال نے اس خطبے میں جہاں بھی برصغیر کے اندر مسلمانوں کے مختلف اکثریتی علاقوں کو باہم ملا کر ایک ریاست، ملک یا خطہ حاصل کرنے کی بات کی ہے، وہ براہ راست سیاست کے متعلق ہونے کے بجائے ان کے تصور تاریخ سے متعلق ہے لہٰذا جب ہم اس زاویۂ نظر سے تصور پاکستان کو دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ علامہ اقبال کے تصور تاریخ کے پھیلاؤ میں وہ معنوی وسعت موجود ہے کہ جس پر ایک ملک کی تشکیل اور تشکیل کے بعد رونما ہونے والے تمام معاملات کی تفسیر، ان کے افکار و نظریات میں موجود ہے۔

Marfat.com

سیاست ایک اور زاویۂ نظر کا نام ہے اور علامہ اقبال جس زاویۂ نظر کے داعی ہیں، اس کا سیاست کے ان رویوں سے، جو بیسویں صدی میں مغرب کی وساطت سے ہمارے سامنے آئے، کوئی تعلق نہیں بنتا۔ علامہ اقبال نے جہاں ملک کی تشکیل و تعمیر کے معاملات کا تذکرہ کیا ہے، وہیں اس ملک میں مروج قانون کے ضمن میں بھی گفتگو کی ہے۔ علامہ اقبال مذہب کو قانون سے مختلف چیز جانتے ہیں اور اس نوعیت کے قانون کو، جو آج ہمارے عدالتی نظام میں موجود ہے، اسے وہ مذہب سے علیحدہ اور جدا رکھنے کے قائل ہیں۔ ان کے خیال میں رائج قانون، زمانے کے بدلتے تقاضوں کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتا رہتا ہے، لیکن اپنے مجوزہ ملک میں وہ فقہ کی باقاعدہ تدوین چاہتے ہیں، جس کا ابتدائی کام انھوں نے اپنے معروف خطبات میں مکمل کر دیا ہے۔

ان کے نزدیک ملک کے جمہوری ہونے سے کیا مراد ہے؟ اس کی وضاحت انھوں نے اپنے خطبات میں جا بہ جا کر دی ہے۔ خاص طور پر ان خطبات کے علاوہ خطبۂ الٰہ آباد میں بھی انھوں نے بڑے واضح اور روشن اشارے کر دیے ہیں۔ ایسے ہی انھوں نے اجماع کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے اسے پارلیمنٹ کے ساتھ وابستہ کیا۔ ان کا خیال ہے کہ اسلام کے نام پر حاصل کیے گئے ملک کی پارلیمنٹ، عصری مسائل پر اجماع کرے اور اپنے نتائج فکری کو اس انداز سے مرتب کرے کہ اس پر اسلام کی چھاپ موجود ہو اور نئے مسائل اور نئے معاملات اور نئے رویے اسلامی اصولوں کی روشنی میں متشکل ہو کر سامنے آئیں تاکہ اس نئے بننے والے ملک میں، اس قانون اور آئین کا اطلاق کیا جا سکے۔ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم نے علامہ اقبال کے تصورات کی روشنی میں ملک تو حاصل کر لیا لیکن اس کے فکری نظام سے اخذ و استفادہ نہیں کیا۔ ہم نے اس ملک میں وہ سیاسی نظام اپنایا، جس کا فکر اقبال سے کہیں دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ غلطی یوں وارد ہوئی کہ تاریخ کے تصور اور اس کی جو اطلاقی صورتیں علامہ اقبال پر روشن تھیں، وہ بعد میں آنے والے کسی مسلم لیگی راہ نما پر منکشف نہیں ہو سکیں، لہٰذا وہ نظام سیاست، جسے علامہ اقبال اس کے مضر اور منفی رویوں کی وجہ سے رد کرتے چلے آ رہے تھے، وہ اس ملک میں رائج کر دیا گیا۔ ایسے قانون کی ترویج سے وہ آئین یہاں مرتب نہیں ہو پایا یا رواج پذیر نہیں ہو سکا یا اس کی تشکیل میں وہ بنیادی عناصر شامل نہیں کیے گئے، جن کی طرف علامہ اقبال نے اپنی شاعری، خطبات، خطوط اور بیانات میں واضح اشارات کیے تھے۔

ہم نے علامہ اقبال کو مختلف حصوں میں بانٹ کر، ٹکڑوں میں تقسیم کر کے سمجھنے کی کوشش کی۔

Marfat.com

علامہ اقبال بحیثیت سیاست دان، علامہ اقبال بحیثیت شاعر، علامہ اقبال بحیثیت متکلم، علامہ اقبال بحیثیت فلسفی، علامہ اقبال بحیثیت داعیٔ اسلام وغیرہ وغیرہ۔ یہاں مسئلہ یہ درپیش تھا کہ ہم نے علامہ اقبال کو جزئیات اور ٹکڑوں میں بانٹنے کے بجائے، اس کے نظامِ فکر و عمل کا کلی مطالعہ کرنے کی طرح نہیں ڈالی۔ اس رویے کے سبب پاکستان اور پاکستانی ملت الجھاؤ کا شکار ہو گئے اور علامہ اقبال نے اپنے تصورِ تاریخ کی روشنی میں جو لائحہ عمل تجویز کیا تھا، ہم اس لائحہ عمل سے ہٹ گئے۔

سیاست، علم نہیں تھا، حکومت کا ایک طرزِ اظہار تھا اور ہے۔ تاریخ علم ہے اور ذریعۂ علم بھی۔ اس کا ایک واضح، اسلامی تصور موجود ہے اور اس تصور کی وسعت اور حیطۂ ادراک اس قدر وسعت آشنا ہے کہ عملی زندگی کے تمام رویے اس علم اور ذریعۂ علم سے مستنیر ہوتے ہیں۔ سیاست علم نہیں، طرزِ اظہار کا نام ہے۔ ہم نے اس طرزِ اظہار کو اپنی عملی اور فکری زندگی کی بنیادی قدر قرار دے دیا۔ سیاست کو بنیادی قدر قرار دینے سے اور اسے اسلامی اصولوں سے علیحدہ کر کے، کاٹ کر، اس کا اطلاق کرنے سے وہ نتائج حاصل نہ ہو سکے، جو علامہ اقبال کا مطمعِ نظر تھے۔ انھوں نے کہا تھا کہ اگر دین اور سیاست کے درمیان خلیج بن جائے تو جو رویہ سامنے آتا ہے، وہ چنگیزی ہے۔ علامہ اقبال کا یہ شعر ملاحظہ ہو:

جلالِ پادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو
جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی[۸۱]

لیکن ہم نے سیاست یعنی طرزِ عمل کو اپنایا اور اس کا دین سے رشتہ اور تعلق کاٹ دیا۔ دین ایک علم ہے اور یہ دین کے ایک رویے کا اظہار تھا۔ ہم نے اظہار تو اپنا لیا مگر علم چھوڑ دیا۔ علم کو چھوڑنے کے جو مضر اثرات مرتب ہو سکتے تھے، وہ چنگیزیت تھی۔ پاکستان کی اٹھاون سالہ تاریخ دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ چنگیزیت نے کیا کیا رنگ دکھائے۔ یہ غلطی یوں ہوئی کہ اگر ہم علامہ اقبال کے تصورِ تاریخ کی بنیادی قدروں کا ادراک کرتے اور ان کی روشنی میں ہم اپنے اس طرزِ اظہار کا، یعنی سیاست کا اطلاق کرتے تو نتائج مختلف ہوتے، کیوں کہ یہ طرزِ اظہار اس روشنی سے مستنیر ہوتا، جو علمی سطح پر اس کے پس منظر میں موجود ہے۔ ہم نے اس طرزِ اظہار کے رابطے، علم کے سرچشموں سے منقطع کر لیے۔ علم سے منقطع ہو جانے کے بعد سیاست ہوا میں معلق ہو کر رہ گئی۔ ہر آنے والا نئے زاویے اور نئے رویے لے کر سامنے آیا، جال نئے نئے آتے رہے مگر شکاری پرانے تھے۔ اس اظہار یا طرزِ اظہار کے لیے جس پس منظری مطالعے اور فکری نظام کی ضرورت

Marfat.com

تھی، ہم اپنے ساتھ نہ لا سکے یا رائج نہ کر سکے، جس کی وجہ سے بنیادی الجھنیں پیدا ہو گئیں اور پاکستان کے اپنے اس زاویہ نظر پر قائم نہ رہ سکنے کی وجہ سے اس کا وجودی ڈھانچہ بری طرح متاثر ہوا۔ کوئی بھی قوم جب اپنی تاریخ یا تصورِ تاریخ کو چھوڑ دیتی ہے تو اس کا جغرافیہ متاثر ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ علامہ اقبال کے نظامِ فکر کو پس منظر نہ بنانے سے جو منظر نامہ مرتب ہوا، وہ ۱۹۷۱ء (سقوطِ مشرقی پاکستان) کے سانحے کی صورت میں ہمارے سامنے آیا۔

مسئلہ یہ تھا کہ ہم نے علامہ اقبال سے نہ تو فکری سطح پر اور نہ ہی عملی سطح پر استفادہ کیا۔ اسلامی فکری نظام میں بہت کم لوگ ایسے آئے کہ جنھوں نے علامہ اقبال کے افکار و نظریات کی توسیع کی ہو یا درست طور پر ترجمانی کی ہو۔ ایسے لوگوں میں کہ جنھوں نے علامہ اقبال کی فکری اور نظریاتی منہج کو سمجھا اور اس کی توسیع کے لیے مقدور بھر کوشش کی، ان میں بھارت کے ایک مسلمان دانش ور آصف بن علی اصغر فیضی، ایران کے نامور عالم علی شریعتی، ترکی کے سعید نور الدین، الجزائر میں محمد ارکان، مصر میں سید قطب ایسے عالم اور دانش ور شامل ہیں، جو فقہ اسلامی کی تدوین کو علامہ اقبال کے افکار و خیالات کی روشنی میں ایک نئے زاویے سے متعارف کرانے کے لیے کوشاں رہے۔ سب سے زیادہ اور پائیدار کوششیں، غیر مسلم معاشرے میں رہتے ہوئے بھارتی شہری آصف بن علی اصغر فیضی نے کی ہیں۔ ان کی دو کتابیں اس ضمن میں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، مثلاً:

۱۔ A MODERN APPROACH TO ISLAM

اور

۲- ہندوستانی مذہب اسلام پر نظرثانی کی ضرورت

انھوں نے تدوینِ فقہ کے ضمن میں جو پہلا کام کیا تھا، وہ یہ کہ مذہب کو قانون سے الگ کر دیا تاکہ زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق قانون اپنی ہیئت اور صورت تبدیل کرتا رہے اور اسلام کی ایک ایسی صورت ہمارے سامنے آسکے کہ جو اپنی ہمہ گیریت اور آفاقیت کے اعتبار سے تمام مسلمانوں کے لیے قابلِ قبول ہو۔ آصف بن علی اصغر فیضی نے اپنی کتاب A MODERN APPROACH TO ISLAM میں یہ تعبیر پیش کی ہے کہ ممکن ہے کہ ابتدائی سطح پر مختلف ملکوں اور علاقوں میں مختلف مسائل سے ابھرنے والے معاملات کی صورتیں ایک جیسی نہ ہوں، لیکن بتدریج تطہیر کرتے ہوئے انھیں ایک ایسی مرکزیت دی جا سکتی ہے کہ جس مرکزیت میں اکائی کا وہ پہلو موجود ہوگا، جو اسلام کی حقیقی روح سے روشن اور مستنیر ہے اور ہمارا یہ سفر ہماری اس تہذیبی اور تمدنی زندگی کی طرف ہوگا، جس پر اسلام کی مکمل چھاپ موجود ہوگی۔

Marfat.com

آغاز میں دو انقلاب آفریں سلسلوں کا ذکر کیا گیا تھا، جنھوں نے اسلامی زندگی اور اسلامی دنیا کو بے پناہ متاثر کیا۔ پہلا سلسلہ تاتار کا تھا، جس کے خونی اور قیامت خیز حالات و واقعات کے بعد امت مسلمہ بکھرنے سے بال بال بچی۔ تاہم جن ہلاکت خیز سانحوں سے اسے گزرنا پڑا، وہ تاریخ میں محفوظ ہیں۔ اس تمام تر توڑ پھوڑ، انتشار اور بکھراؤ کے باوجود امت مسلمہ کے پاس وہ اکائی موجود تھی، جس نے اسے بکھرنے سے بچالیا تھا۔ لیکن مغربی انقلاب کے سامنے، مسلمان جس طرح اور جن صورتوں میں حوادث کا شکار ہوئے، وہ سارا کیا دھرا اس اکائی کا موجود نہ ہونا تھا، جس کی بنیاد پر ہم دوبارہ اپنی اس مرکزی اور آفاقی تعبیر کو پاسکیں، جو اسلام کا حقیقی مقسوم ہے۔

ہوا یہ کہ مختلف اسلامی ممالک، مختلف سطحوں پر، جب استعماری چنگل سے آزاد ہوئے، وہاں آزادی کی لہریں اٹھیں اور کامیاب ٹھہریں تو ہم آزاد ہونے کے باوجود ذہنی اور فکری اعتبار سے اس تعبیر کو نہ پاسکے، جو حقیقی آزادی کا باعث ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں ترکی، پاکستان اور بعض دوسرے اسلامی ممالک آزادی حاصل کر لینے کے باوجود غیر مسلم قوتوں کے یوں اسیر ہیں کہ ہم نے ذہنی اور فکری اعتبار سے ان کے اس استعماری دائرے سے باہر نکلنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ ہم نے سیاسی نظام کو زندگی کی بنیادی قدر خیال کرتے ہوئے یہ سمجھنا شروع کردیا کہ ہم آزاد ہیں، حالانکہ یہ بنیادی قدر نہ تھی۔ بنیادی قدر فکری اور ذہنی آزادی تھی، اور اس آزادی کے میسر آجانے سے ہمارا معاشی نظام آزاد ہوسکتا تھا۔ جب تک کسی قوم، ملک یا تہذیب کا معاشی نظام اس کے اپنے ہاتھ میں نہ ہو، وہ آزاد نہیں ہوسکتی۔ مسلمانوں کا فکری، ذہنی اور معاشی نظام ان کے ہاتھ میں نہیں ہے، جب کہ صرف سیاسی آزادی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ ہم نے تصور تاریخ کی بنیاد اور اساس کو سمجھنے کے بجائے، سیاست کو اہمیت دی، سو مسلم امہ کے ہاں آزادی ہونے کے باوجود بھی حقیقی آزادی میسر نہیں ہے۔ اگر ہم تاریخ کی جبریت کا شکار نہ ہوتے اور تہذیبوں کے درمیان ہونے والے مکالمے کو اور ان کے مابین وقوع پذیر ہونے والے تصادم کو اپنے اسلامی تصور تاریخ کی روشنی میں دیکھتے تو ہماری تاریخ کچھ نئے سویروں کی نوید لے کر ہمارے سامنے آتی، لیکن اب ایسا نہیں ہے۔ تہذیبیں باہم مکالمہ کر رہی ہیں اور ان میں متصادم اور متناقض رویے بھی کارفرما ہیں، لیکن یہ رویے دراصل انسانیت کے طبقات میں بٹے ہوئے دو گروہ ہیں، جنھیں امیر اور غریب یا پہلی اور تیسری دنیا سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ہم تیسری دنیا کے باشندے ہیں، کسی بھی معاملے اور مسئلے میں ہمارا کوئی حق تسلیم نہیں کیا جاتا۔ جس قوم کا فکر آزاد نہ

Marfat.com

ہو، اس کا عالمی سطح پر کوئی حق تسلیم نہیں کیا جا سکتا، نہ وہ کسی سطح پر مکالمہ کرنے کا استحقاق رکھتی ہے، نہ ہی وہ متصادم ہو سکتی ہے۔ مکالمہ کرنے اور متصادم ہونے کے لیے برابری کی سطح پر ہونا ضروری ہے۔ یہ مقام امت مسلمہ کو میسر نہیں ہے تو وہ کیوں کر مغربی تہذیب سے مکالمہ کر سکتی ہے، یہ مکالمہ یک رخا ہوگا۔ واضح رہے کہ یک رخا مکالمہ درحقیقت مکالمہ نہیں ہوتا، بلکہ حکم کا درجہ رکھتا ہے، سو اب تمام اسلامی ممالک پر حکم نافذ ہوتا ہے۔ اس حکم کے زیر اثر مذہبی، فکری، سیاسی، تہذیبی، معاشی اور معاشرتی استحصال کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ نہ صرف یہ کہ جاری و ساری ہے بلکہ دراز تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ قصہ مختصر امت مسلمہ تاریخی جبریت کا ایک تر نوالہ بنی ہوئی ہے۔

اگر ہم نے علامہ اقبال کے ان تصورات سے مکمل طور پر استفادہ کیا ہوتا کہ جن سے ہم نے ملک بناتے وقت کام لیا تھا تو ہماری تاریخ ذرا نئے منظر ناموں میں متشکل ہوتی۔ لیکن ایسے ہی ان مسلم فلسفیوں کے تصورات پر بھی ہم نے کان نہ دھرے، جنھوں نے علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی روشنی میں، ان کے افکار کی ترجمانی کا حق ادا کرنے کی کوشش کی۔ ہم نے ان مسلمان فلسفیوں کو یک سر نظر انداز کرتے ہوئے، ذہنی و فکری غلامی کی روایت اسی طرح برقرار رکھی، جس طرح انگریزوں کے تسلط کے دوران میں تھی۔

مثلاً ان مسلمان فلسفیوں کہ جنھوں نے فکر اقبال سے متاثر ہونے کے بعد تاریخ کے تصور کی بنیادی قدروں کو اجالنے کے لیے کوششیں جاری رکھی ہیں، کا جائزہ لیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ علی شریعتی کے ہاں تاریخ کسی حد تک اپنے حقیقی، معنوی اور جمالیاتی تناظر میں دکھائی دیتی ہے، جیسی کہ بھارتی مسلمان دانش ور آصف بن علی اصغر فیضی کے ہاں۔ اسی طرح ترکی کے سعید نورالدین، مصر کے سید قطب اور الجزائر کے محمد ارکان کے ہاں بھی ہمیں تقریباً وہی فکر جلوہ گر نظر آتا ہے، جس کے ڈانڈے براہ راست فکر اقبال سے جا ملتے ہیں۔

علامہ اقبال کے بعد جن مسلمان فلسفیان تاریخ کے ہاں تاریخ اور تصور تاریخ کے ضمن میں مختلف زاویہ ہائے نظر ملتے ہیں اور کسی نہ کسی صورت میں ان کے تصور ہائے تاریخ، علامہ اقبال سے متاثر بھی رہے ہیں، ان میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، غلام احمد پرویز، علی شریعتی اور آصف بن علی اصغر فیضی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

(۱)

مولانا مودودی، علامہ اقبال کے بہت کم عمر معاصر تھے۔ ان کی علمی اٹھان اور انداز

Marfat.com

استدلال و تحریر، علامہ اقبال کے لیے کسی حد تک کشش کا باعث رہا۔ مولانا کی پہلی کتاب الجہاد فی الاسلام جب شائع ہوئی تو علامہ اقبال نے اس میں خاص دلچسپی لی اور انھوں نے مصنف پر بھی توجہ مرکوز کی:

Jihad fi'l Islam( The Holy Crusade in Islam). Jihad, again is a much maligned word to the orientalists who has often debated. Maududi clarifies the term Jihad. That it is an integral part of devotion and a Muslim need not be apologetic about the concept of Jihad--- a war of peace, peace within and without. Allama Iqbal is reported to have commended the book as comprehensive and erudite.[11]

علامہ اقبال نے مولانا کو باوجود کم عمر ہونے کے، اپنی مجوزہ ذہنی سرگزشت کی تحریر و تدوین کے لیے منتخب کیا۔ مولانا چوں کہ حیدرآباد میں مقیم اور فکری و علمی سطح پر سرگرم کار تھے لہٰذا علامہ اقبال نے انھیں پنجاب آنے پر مجبور کیا تاکہ لاہور میں ان کے قریب رہ کر ان خطوط پر کام کریں کہ جن پر علامہ اقبال سوچ رہے تھے۔ ایسی کوئی صورت تو نہ بن پائی کہ علامہ اقبال کے حین حیات وہ لاہور مقیم ہوتے مگر مولانا نے پنجاب میں آکر پٹھان کوٹ میں قیام کیا اور بعد ازاں پاکستان بن جانے پر لاہور مقیم ہوئے۔ مولانا مودودی کے ہاں تاریخ کی اہمیت کچھ یوں اجاگر رہی ہے:

تاریخ دراصل انسانیت کا حافظہ، جو نہ صرف قوموں اور جماعتوں کے، بلکہ کل نوع انسانی کے پچھلے تجربات کا دفتر محفوظ رکھ کر انسان کے سامنے پیش کرتا ہے، تاکہ ان تجربات کی روشنی میں انسان اپنے حال کا جائزہ لے اور اپنے مستقبل کو آزمودہ بھلائیوں سے درست اور آزمودہ برائیوں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرے۔ اس دفتر میں مختلف نمائندہ شخصیتوں، اداروں، قوموں اور جماعتوں کے کارنامے ایک مربوط اور مسلسل طرزِ عمل کی حیثیت سے ہمارے سامنے آتے ہیں، جنھیں دیکھ کر ہم ان کی نفسیات، ان کی افتادِ مزاج اور ان کی طینت کو سمجھ سکتے ہیں، تاکہ آئندہ ان کے ساتھ ہم ایک اجنبی کی طرح نہیں بلکہ واقف کار کی طرح معاملہ کر سکیں۔ یہ دفتر اجتماعی زندگی کے لیے مدارج کے اعتبار سے بہت زیادہ، مگر نوعیت کے لحاظ سے وہی اہمیت رکھتا ہے، جو فردِ واحد کی زندگی میں اس کے حافظہ کو حاصل ہے۔ اگر ایک فردِ واحد کا حافظہ اس سے سلب کر لیا جائے تو وہ پے در پے غلطیاں کرے گا، یہاں تک کہ اپنی غلطیوں کا خود شکار ہو کر رہ جائے گا۔ اگر کسی شخص کی گزشتہ زندگی کا ریکارڈ ہمارے سامنے نہ ہو تو ہم اس کے متعلق صحیح رائے نہ قائم کر سکیں گے اور نہ اس کے متعلق اپنے طرزِ عمل کا صحیح فیصلہ کر سکیں گے۔ بالکل یہی صورت جماعتی زندگی کی بھی ہے۔ اگر ہم نوع انسانی کے اور خود اپنے اور ان قوموں اور اداروں کے، جن

Marfat.com

سے ہمیں سابقہ پیش آتا ہے، پچھلے ریکارڈ سے واقف نہ ہوں تو ہماری اجتماعی زندگی غلط کاریوں اور غلط اندیشیوں کا مجموعہ بن کر رہ جائے گی۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اس دفتر پارینہ کے اوراق کا کبھی کبھی نہیں، بلکہ بار بار جائزہ لیتے رہیں[۱۲]

مولانا مودودی نے یقیناً بہت سے اہم علمی و فکری مسائل پر کام کیا مگر کچھ ایسے مسائل کی طرف بھی نکل کھڑے ہوئے، جو علامہ اقبال کی نظر میں کچھ زیادہ اہمیت کے حامل نہ تھے۔ بعض وہ مسائل و سوالات، جن کا علامہ اقبال قرآن و سنت کی روشنی میں حل چاہتے تھے اور فقہ کی تدوین نو کی خواہش رکھتے تھے، ان پر مولانا مودودی نے قلم اٹھایا اور اپنے انتہائی سائنسی اور استدلالی انداز سے حل تلاش کرنے کی کوشش کی۔ ایسے علمی کاموں میں مولانا کا تصور تاریخ سامنے آتا ہے۔ علامہ اقبال کی طرح مولانا مودودی بھی تاریخ کی اہمیت کے قدر دان تھے۔ انھوں نے جو جماعت بنائی، اسے اسلامی فکر کے مطابق چلانے کی کوشش کی مگر بدقسمتی سے اس جماعت کا مجموعی رویہ مذہبی سے زیادہ سیاسی ہو گیا۔ ایک خاص حد تک یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ اس وجہ سے ہوا کہ جماعت کی بعد کی قیادت نے مولانا کے فکر میں موجود تصور تاریخ کو سمجھے بنا، جماعت کو سیاست میں غلط انداز میں ملوث کر دیا۔ یہاں مولانا کی اس خواہش کو نظر انداز کیا گیا کہ جماعت کو حقیقی تصور تاریخ کی روشنی میں تبلیغی، فکری، تہذیبی اور سیاسی عوامل کو استوار اور رائج کرنے کی جانب گامزن ہو جائے۔ یہی سبب ہے کہ جماعت مذکور کوئی نمایاں کامیابی حاصل نہ کر سکی اور اس حوالے سے سرگرم کار شخصیات کا مجموعی رویہ کسی بہت بڑے انقلاب کا پیش خیمہ نہ بن سکا:

> Maulana Maududi proved himself to be a master-organizer of the educated. The illiterate majority of Pakistani population would not vote Jama'at's candidates. So, in every election, Jama'at could win only a handful of constituencies at places where the personal charisma of the Jama'at's candidate could pull the voters unless the elections were rigged.[13]

مولانا مودودی، علامہ اقبال سے بے پناہ متاثر تھے، ان کے فکر سے مولانا نے بے پناہ استفادہ بھی کیا، قرآن و حدیث کا بے پناہ مطالعہ رکھتے تھے مگر ان سب کے باوجود ایک کمی مولانا میں بھی موجود تھی۔ وہ کمی یہ تھی کہ مولانا جس فقہ کی تدوین نو، جن مسائل کے حل، جن سوالوں کے جواب، قرآن و سنت کی روشنی میں تلاش کرنے کا عزم لے کر اٹھے تھے، ان کی تفہیم کے لیے اسلام کے مکمل فکری اور عملی ڈھانچے کو اپنے کام کی بنیاد نہ بنا سکے۔ مولانا کے تصور تاریخ میں وہ رنگینی موجود نہ تھی، جو علامہ اقبال کے فکر میں ایک تسلسل کے ساتھ نظر آتی ہے۔ علامہ اقبال

Marfat.com

اسلام کے ظاہری رویوں اور داخلی کیفیات سے ایک ایسی امتزاجی صورت کا اظہار کرتے رہے ہیں کہ ہمیں اسلام اپنے مجموعی، فکری پس منظر میں نظر آتا ہے۔ علامہ اقبال کا تصور تاریخ اپنی ہمہ گیریت اور آفاقیت کے اعتبار سے سارے زمانوں کو اپنے اندر سمو لینے کی قوت اور طاقت رکھتا تھا مگر مولانا مودودی نے اپنے افکار اور نظریات کی تدوین اور ترویج سے اس پورے داخلی نظام کی نفی کر دی، جو صدیوں سے متصوفانہ تحریکوں کی صورت میں ہماری ہند اسلامی تہذیب اور دوسرے براعظموں میں روحانی نظام کے تحت رواج پذیر تھی۔ لہٰذا اس نظام فکر وعمل کی نفی کے بعد جن افکار اور نظریات کی ترویج ہوئی، ان کی وجہ سے ایک بہت خشک اور زاہدانہ رویہ سامنے آیا۔ اس رویے کے باعث وہ لچک پیدا نہ ہو سکی، جو تصور تاریخ کو اسلامی پس منظر کی کلیت میں مرتب کرنے، اس کی تہذیب کرنے اور اس کو رواج دینے سے ممکن تھی۔ مولانا مودودی تاریخ کے بارے میں تصور حقیقت کی کچھ یوں تعبیر کرتے ہیں:

> پوری انسانی تاریخ دراصل دو مقابل طاقتوں کی کشمکش کی تاریخ ہے۔ ایک اسلام یعنی دین فطرت (Real nature of man) کی قوت، دوسری جاہلیت یعنی مسخ شدہ فطرت انسانی (Perverted nature of man) کی قوت۔ اس کشمکش میں کبھی اسلام ابھرتا ہے اور جاہلیت دب جاتی ہے اور کبھی جاہلیت ابھر آتی ہے اور اسلام دب جاتا ہے۔ جب اسلام کا غلبہ ہوتا ہے تو جاہلیت اس کے خلاف رجعت (Reaction) کے لیے زور لگاتی ہے اور جب جاہلیت ابھرتی ہے تو اسلام اس کے مقابلہ میں انقلاب (Revolution) کے لیے زور لگاتا ہے۔ دونوں قوتوں کے لیے انسان واسطہ (Agent) کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔[۱۴]

مولانا مودودی کے ہاں تصور تاریخ اسلامی پس منظر تو رکھتا ہے لیکن اسلام کے مجموعی نظام کو، اس کی کلیت کے ساتھ متشکل نہیں کرتا، جس کی وجہ سے مولانا مودودی کے ہاں فکری رویوں کی تفہیم تو نظر آتی ہے مگر تہذیبی بنیادوں کی تفہیم کی وہ سطح ان کے ہاں محسوس نہیں ہوتی، جس سطح پر علامہ اقبال اس کا ادراک رکھتے تھے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ہمارا مذہبی طبقہ اور نامور علمائے دین ابوالکلام آزاد، مولانا حسین احمد مدنی سمیت تصور تاریخ کی معنویت کو اسلام کے اجتماعی فکری نظام میں نہیں سمجھنا چاہتے تھے یا کسی وجہ سے نہیں سمجھ پا رہے تھے۔ وہ مذکورہ فکری نظام کی نفی پر کمربستہ تھے، جس کے لیے علامہ اقبال بڑی شد و مد سے کوشاں تھے اور پوری قوت کے ساتھ اس کی تشکیل کے لیے جدوجہد میں مصروف تھے۔ علامہ اقبال کم از کم ہندوستان

Marfat.com

کی حد تک ایک ایسا معاشرہ، ایک ایسا علاقہ اور ایک ایسا وطن تخلیق کرنے کے لیے عملی جدوجہد میں منہمک تھے کہ جس میں ان کا مجوزہ نظام روبہ عمل آ سکے۔

جو لوگ اسلام کے حقیقی تصور تاریخ کی تفہیم سے قاصر تھے، وہ اس مجوزہ تجربہ گاہ کی تشکیل کے راستے میں حائل ہو رہے تھے۔ جن لوگوں نے تاریخ کے تصور کی حقیقی قدروں کو، فکری اور تہذیبی بنیادوں کو پوری کلیت کے ساتھ سمجھ لیا، ان کے لیے پاکستان کے قیام کی تحریک کو تسلیم کرنا اور اس پر عمل پیرا ہونا کار ثواب تھا۔ یہ بات اپنی جگہ بڑی معنی خیز ہے پورے ہندوستان میں موجود اور مروج چاروں سلاسل تصوف (نقشبندیہ، سہروردیہ، قادریہ اور چشتیہ) کی کوئی ایک خانقاہ بھی ایسی نہ تھی کہ جس کے موجود سجادہ نشیں نے تحریک پاکستان کی مخالفت کی ہو۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ جہاں تاریخ کے مکمل وجدان کی کارفرمائی موجود ہے اور وہ وجدان، تہذیبی معنویت کو جنم دے رہا ہے تو ایسی فکری اور بالخصوص متصوفانہ تحریک کو روکنا مشکل ہی نہیں، ناممکن تھا۔ پھر جس تحریک کے پیچھے علامہ اقبال جیسے نابغے کا فکر کام کر رہا ہو، وہ تحریک کسی کے روکنے سے کب رکنے والی تھی۔

یہ پہلو اپنی جگہ اہم ہے کہ جو لوگ اس تحریک کی مخالفت پر کمربستہ تھے، ان کے پاس اپنے مضبوط دلائل کا ایک طویل سلسلہ موجود تھا اور ان کے اخلاص پر شبہ کرنا بھی یقیناً درست نہ ہوگا، مگر جو بنیادی فرق تھا، وہ تصور تاریخ کی کلی فکری اور معنوی فضا کی عدم تفہیم سے پیدا ہو رہا تھا۔ یہی سبب ہے کہ مسئلۂ قومیت کو ایک اور تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی گئی۔ لہٰذا جس جس نے بھی مسئلۂ قومیت کو تصور تاریخ کے بنیادی پس منظر سے علیحدہ کر کے دیکھنے کی کوشش کی، اس کا فکر کج روی کا شکار رہا۔

تصور تاریخ، بشریاتی علوم و فنون، بشریاتی زندگی کی سماجیات کی وہ بنیادی قدر ہے، جو وحی کے انوار سے مستنیر ہو کر زندگی کے ہمہ جہت رویوں کو ایک اکائی کی صورت میں سمیٹ لیتی ہے۔ اگر وہ تصور، وہ اکائی، انسانی زندگی کے فکری اور تہذیبی محور سے ہٹ جائے، تو زندگی کا تنوع اپنی جملہ لفظی اور معنوی حیثیتوں میں موجود نہیں رہ پاتا۔ لہٰذا مذکورہ عہد کے جتنے مسائل اور سوالات علامہ اقبال اور ان کے معاصرین کو درپیش تھے، ان کی منہاج، تصور تاریخ کو نہ سمجھنے یا سمجھنے پر استوار تھی۔ جن جن شخصیات یا طبقوں نے تصور تاریخ کی معنویت کے تناظر میں اس تحریک کو سمجھا، وہ دراصل اسلام کے متصوفانہ فکری نظام کی اہمیت اور افادیت کے قائل تھے اور روحانی رویہ ان

Marfat.com

کے فکر پر غالب تھا۔ جن جن شخصیات اور طبقوں میں اس نظام کی تفہیم میں کمی اور کجی موجود تھی، وہ مسئلۂ قومیت کو صحیح تناظر میں سمجھنے سے قاصر تھے۔ اس طبقے کے مقابلے میں علامہ اقبال اسلام کے معنوی آہنگ اور متصوفانہ فکری نظام سے پوری طرح آگاہ تھے لہٰذا انھوں نے مسئلۂ قومیت کی صدفی صد درست تفہیم کی۔ ابتدائی زمانے میں علامہ اقبال نے مسئلۂ قومیت کو صحیح زاویے سے دیکھنے اور اس ٹھوس حقیقت کا اعتراف کرنے کی جو کوششیں کیں کہ وہ بانگ درا کی ابتدائی نظموں میں ہندوستانی قومیت کے گیت گاتے ہوئے نظر آتے ہیں، تو محسوس ہوتا ہے کہ اپنے اصل فکری مرکز سے قدرے دور ہیں۔ لیکن جب وہ مسئلۂ قومیت کو اپنے تصور تاریخ کے مجموعی تناظر میں سمجھتے ہیں تو پہلا موقف یک سر تبدیل کر لیتے ہیں۔ اب ایک نیا ضابطۂ اخلاق ان کے سامنے آتا ہے۔ یہ ضابطۂ اخلاق دراصل......ان کے تصور تاریخ کی فکری اور تہذیبی معنویت سے پھوٹتا ہے، جو ایک طرف وحی سے جڑا ہوا ہے اور دوسری طرف اس کے سامنے ابد تک کے زمانے روشن ہیں۔

(۲)

علامہ اقبال چوں کہ بنیادی طور پر انتہائی جامع الصفات شخصیت تھے لہٰذا ان کے سامنے علوم وفنون کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ ان کے بعد جو شخصیات بھی آئیں، وہ اپنے اپنے میدان کی بہت فاضل شخصیات تھیں لیکن ان میں سے کوئی ایک بھی علامہ اقبال کی طرح سے ہمہ جہت اور جامع الصفات نہیں تھا اور اس کے فکری ماحول میں علوم وفنون کی وہ جلوہ گری بھی موجود نہیں تھی، جو علامہ اقبال کو میسر تھی لہٰذا مولانا مودودی ہوں، غلام احمد پرویز ہوں یا دیگر علما، ان کے ہاں تصور تاریخ کی وہ مجموعی فکری فضا پیدا نہیں ہوسکتی، جو ان کے روحانی مرشد اور استاد علامہ اقبال کے ہاں موجود تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے علامہ اقبال کو اپنا فکری مرشد تو تسلیم کر لیا لیکن ان کے کلی تفکر اور تصورات کی رنگینی سے اکتساب نہ کر سکے۔ انھوں نے علامہ اقبال کو ٹکڑوں میں بانٹ کر سمجھنے کی کوشش کی۔ علامہ اقبال کے فکری ماحول پر ان کی مجموعی فضا کو طاری کر کے اس سے استفادہ کرنے کے بجائے، جہاں جہاں سے علامہ اقبال پسند آتے گئے، وہ اس سے اپنے فکر کو روشن اور تازہ کرتے گئے۔ لہٰذا غلام احمد پرویز کے ہاں تاریخ کی معنویت بھی مولانا مودودی کی طرح متصوفانہ فکری روایت سے کٹی ہوئی اور جدا جدا دکھائی دیتی ہے۔ متصوفانہ فکری روایت سے کٹ جانے کے باعث پورا ہند اسلامی ماحول، پس منظر سے ہٹ گیا تھا لہٰذا ان کے ہاں تصور تاریخ اپنی کلیت میں جلوہ گر نہیں ہوا۔ جو تصور تاریخ مابعد اقبال کے مسلمان فلسفیوں میں رائج رہا ہے، فقہ کی ترتیب و

Marfat.com

تدوین میں تو معاون ہو سکتا ہے لیکن جو مظاہر اور فکری رویے، ایک فرد کے فکری باطن کو درپیش ہیں، ان کا کوئی حل اس میں موجود نہیں ہے، باوجود اس کے کہ ان مفکرین نے بیشتر مسائل کے حل کے لیے تگ و دو کی ہے اور اپنے اپنے زاویۂ نظر سے ان کا جواب ڈھونڈنے کی کوشش بھی کی ہے مگر ایک فرد کے داخل میں بپا ہونے والی قیامت، اس کے نفسی اور نفسیاتی مسائل، ان نفسیاتی مسائل کا ایک امت اور ملت سے ارتباط ان کے سامنے موجود نہیں تھا۔ ان مفکرین نے پورے ماحول کو پیش نظر نہیں رکھا، جیسا کہ اقبال نے رکھا تھا۔ انھوں نے محدود دائرے میں رہ کر ایک محدود حلقۂ فکر کو مخاطب کیا لہٰذا ان کے ہاں آفاقی صورت پیدا نہ ہو سکی۔ اس آفاقی نوعیت کے پیدا نہ ہونے کی وجہ، تصور تاریخ کا صحیح ادراک نہ ہونا ہے۔ حالانکہ غلام احمد پرویز کے ہاں کہیں کہیں تصور تاریخ اپنے حقیقی زاویوں سے لو دے رہا ہے۔ ان کی کتاب مجلس اقبال سے ایک اقتباس ملاحظہ کریں:

> چوں کہ قوموں کی زندگی ان کی تاریخ سے وابستہ ہوتی ہے، اس لیے چالاک اور پرفن قومیں، دوسری قوموں کی تاریخ کو اس طرح مسخ کر دیتی ہیں کہ ان کے عیوب انھیں محاسن بن کر دکھائی دیتے ہیں اور یوں ان کے اسقام، استمرار، ہمیشگی حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ جب کوئی قوم اپنے عیوب کو محاسن سمجھنے لگ جائے اور اپنے ماضی پر تنقیدی نگاہ ڈالنے کے لیے تیار نہ ہو، وہ کبھی دوبارہ زندہ نہیں ہو سکتی۔ ہم مسلمانوں کے ساتھ یہی ہوا ہے۔ ہماری تاریخ بڑی مسخ شدہ صورت میں ہمارے سامنے آئی ہے، لیکن ہم نے (بدقسمتی سے) اس کے گرد ایسا تقدس کا ہالہ کھینچ دیا ہے کہ کسی کو اس کی طرف نگہ تنقید سے دیکھنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ نتیجہ اس کا یہ کہ:
>
> تھا جو ناخوب، بتدریج وہی خوب ہوا
>
> وہ تمام تصورات و فطرت جنھیں مٹانے کے لیے اسلام آیا تھا، اس مسخ شدہ تاریخ کی سند سے ایک ایک کر کے جزو اسلام بلکہ عین اسلام بن چکے ہیں۔ اگر کوئی اور قوم ان حالات کا شکار ہو جاتی تو اس کے لیے اس دلدل سے نکلنے کی کوئی صورت نہ تھی۔ لیکن (ہماری خوش بختی ہے کہ) ہماری حالت، دیگر اقوام عالم سے مختلف ہے۔ ہمارے پاس غلط اور صحیح کے پرکھنے کا ایک ایسا معیار ہے، جس میں نہ آج تک کسی قسم کا تغیر و تبدل ہوا ہے، نہ آئندہ ایسا ہو سکتا ہے۔ یہ معیار ہے خدا کی زندہ و پائندہ کتاب۔ ہماری باز آفرینی کے لیے طریق کار یہ ہے کہ ہم اپنی تاریخ کو قرآن کے معیار پر پرکھ کر دیکھیں، جو اس کے مطابق ہو اسے حسن سمجھیں، جو اس کے خلاف ہو اسے عیب قرار دیں اور اس طرح ماضی کی غلطیوں سے عبرت حاصل کر کے، اپنے مستقبل کو صحیح خطوط پر متشکل کر لیں۔ اس کے سوا ہماری حیات نو کی کوئی شکل نہیں۔[۱۵]

Marfat.com

## (۴)

ایسے ہی اگر ہم ایرانی فلسفی علی شریعتی کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس نے جن مسائل پر اظہار خیال کیا، ان میں سے اکثر و بیشتر کا تعلق الہیات کے ساتھ تھا۔ کچھ مسائل کا تعلق فکر اقبال سے تھا اور کچھ کا تعلق صرف ایرانی قوم سے تھا لہٰذا کہیں کہیں تو وہ فکر اقبال سے استفادہ کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں مگر بہت سے مقامات پر فکر اقبال سے بہت دور نکل جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایران کا کوئی بھی سکالر یا فلسفی، اس روحانی نظام کی اپنے مخصوص مذہبی فکر کی موجودگی میں نفی کر دیتا ہے۔ اس رویے کی موجودگی میں جو فکری عمارت وہ تعمیر کرتے ہیں، وہ فکر اقبال سے لگا نہیں کھاتی۔ ڈاکٹر علی شریعتی کے فلسفۂ تاریخ کے حوالے سے یہ اقتباس ملاحظہ کریں:

> فلسفۂ تاریخ نامی لیکچر میں بھی شریعتی ہابیل و قابیل کی قرآنی کہانی کے ذریعے تاریخ کے مختلف ادوار کا تجزیہ کرتا ہے۔ اس کا مزید کہنا ہے کہ تاریخ وقت کے بہتے ہوئے دریا میں ایک معینہ دھارے کا نام ہے۔ انسان چھوٹی سطح پہ تخلیق کا ایک بڑا معجزہ ہے۔ انسان اس وقت کے دریا اور تاریخ کے دھارے میں شامل ہو کر اپنی تکمیل کی طرف بڑھتا ہے۔ مختصراً یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ارادے کا مظہر ہے۔ تاریخ انسانی ہابیل و قابیل کے درمیان مسلسل و مستقل آویزش کا نام ہے۔ فی الحال فتح قابیل کی ہوتی چلی آ رہی ہے، کیوں کہ وہ دھوکے باز ہے، سرمایہ دار ہے اور ذرائع پیداوار پر اس کا قبضہ ہے۔ انسان کا کام اس قابیل کو شکست سے ہم کنار کرنا ہے۔ تاریخ کے ابتدائی ایام میں انسان آزاد پرندوں کی مانند تھے، ذاروں کی صورت میں اڑتے پھرتے، جہاں پانی خوراک ملتی، وہاں اتر جاتے۔ کھاتے پیتے مزے اڑاتے۔ ملکیت کا کوئی جھگڑا نہ تھا۔ پھر جوں جوں ملکیت کا جھگڑا پیدا ہوا، پرندے ایک دوسرے کو نوچنے لگے۔ کونج، کبوتر، مرغابی کی جگہ گدھ، الو اور باز پیدا ہونے لگے۔ انسان لالچ و طمع کے جال میں گرفتار ہو کر آزادی، مساوات اور انصاف کی قدروں کو پاؤں کے نیچے روند بیٹھا ہے۔ اس لیکچر میں شریعتی قرآن کی آیات (۲۸:۵) کے حوالے سے مستضعفین انسانوں کو، جو ہابیل کی معصومانہ راہ پر رواں ہیں، نوید دیتا ہے کہ آخری فتح تمھاری ہوگی۔ تم ہی زمین کے وارث ہو اور یہ وراثت اور امامت تمہیں مل کر رہے گی۔[۱۶]

انقلاب ایران اور مابعد ایسے ایسے مفکرین ایران میں سامنے آتے رہے، جو علامہ اقبال کو اپنا مرشد معنوی مانتے ہیں، لیکن ان کے مرشد معنوی، یعنی علامہ اقبال جن افکار و نظریات کو بیان کر رہے ہیں، وہ بھی انھیں پوری کلیت کے ساتھ یا تو قبول نہیں یا پھر ان کی سمجھ میں نہیں آ رہے۔ وہ اپنے مذہبی رویوں کے ساتھ ساتھ علامہ اقبال کو لے کر چلنا چاہتے ہیں۔ ایسی

Marfat.com

صورت میں جہاں تک علامہ اقبال ان کا ساتھ دیتے ہیں، وہ انھیں مانتے ہیں اور جہاں علامہ اقبال ان کے مذہب اور فکری رویوں سے ذرا ہٹ کر چلتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں، وہاں علی شریعتی سمیت تمام مفکرین ایران ان سے ہٹ کر چلنے لگتے ہیں۔

علی شریعتی، جو کہ ایرانی فکر کے نمائندہ مفکر ہیں۔ ان پر علامہ اقبال کے بے پناہ اثرات ہیں۔ مگر یہ اثرات کلی طور پر ماحول کو متاثر نہیں کرتے۔ دوسری اہم بات یہ کہ ان کی بنیاد روحانی تفکر پر نہیں ہے، وہ معاشرتی اور سماجی رویوں کو بنیاد بناتے ہیں۔ علامہ اقبال کے ہاں معاشرتی اور سماجی رویے یقیناً موجود ہیں مگر یہ رویے ان کے فکر میں زیریں سطح پر رہتے ہیں۔ ان کے فکر پر غلبہ روحانی نظام کو حاصل ہے۔ علامہ اقبال کا روحانی نظام ایک فرد کے باطن کو بھی تبدیل کرتا ہے اور ملت کا فرد بھی بنا دیتا ہے۔ علامہ اقبال کا فرد، ذاتی حیثیت میں فرد بھی ہے اور ایک تہذیب کا، اجتماعی ماحول کا نمائندہ بھی ہے۔ ان کا اسرار خودی اور رموز بے خودی میں متشکل ہونے والا نظام، تمام روحانی رویوں سے صورت پذیر ہوتا ہے۔ علامہ اقبال کا ایک تخصص یہ بھی ہے کہ وہ اگرچہ متصوفانہ عمل کو روایت سے ہٹ کر الٹ انداز میں شروع کرتے ہیں۔ وہ نفی ذات سے شروع ہو کر بقاباللہ تک رسائی کے مراحل سلوک کو الٹ کر بقاباللہ سے آغاز کلام کرتے ہیں۔ وہ عرفان ذات، اثبات ذات اور خودی سے سلوک کا سفر شروع کرتے ہیں۔ وہ فرد کے عرفان کو مضبوط اور توانا صورت میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ ایک فرد کی تعمیر کرنے کے بعد ایک ملت اور تہذیب میں شامل کر دیتے ہیں، جہاں اس کی علاقائی، نسلی، لسانی، جغرافیائی، روحانی اور کسی بھی نوعیت کی جدا شناخت باقی نہیں رہ جاتی۔ وہ ملت کا ایک فرد بن جاتا ہے۔ بقول اقبال:

بتان رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا
نہ تورانی رہے باقی نہ ایرانی نہ افغانی[۱۷]

مابعد اقبال کے مسلمان مفکرین نے فکر اقبال کی روحانیت کو سمجھنے کے بجائے، سماجی اور معاشرتی پہلوؤں پر اپنے افکار کی بنیاد رکھی۔ سماجی اور معاشرتی پہلو، فکر اقبال میں اہمیت کے حامل ضرور ہیں لیکن یہ پہلو تہذیبی بنیادیں فراہم نہیں کرتے لہٰذا ان پر نظام کا ڈھانچہ کھڑا نہیں کیا جا سکتا۔ اس انداز فکر کے باعث پورا تہذیبی پس منظر ان کی سمجھ میں نہیں آیا، اور یوں تصور تاریخ کی حقیقت تک رسائی ناممکن ہو گئی۔

(۴)

انھیں مفکرین کے ایک مسلمان معاصر بھارت میں فکری سطح پر سرگرم کار تھے۔ یہاں یہ بات

Marfat.com

پیش نظر رہے کہ بھارت کا فکری ماحول کسی مسلمان مفکر کے لیے سازگار نہیں ہے۔ پاکستان یا ایران میں فکری ماحول کو آگے بڑھانے والوں کے لیے ایک حد تک فکری آزادی کی فضا موجود تھی، چاہے انھیں کچھ مخالف قوتوں کا سامنا ضرور تھا لیکن وہ مسلمان قوتیں تھیں۔ ہندوستان میں آصف بن علی اصغر فیضی کو بالکل مختلف ماحول کا سامنا تھا۔ ان کے لیے مختلف تہذیبوں، ملتوں، مذاہب اور بڑے معاشرے میں اقلیتی ملت کے فرد کی حیثیت سے رہ کر اپنے آپ کو ایک بہت بڑے پیڈسٹل پر پیش کرنا بہت ہی مشکل کام تھا۔ انھوں نے اپنے آپ کو فکری سطح پر پھیلانے کے بجائے انتہائی اہم رویوں کو سامنے رکھا۔ ان کے فکر میں خوبصورتی یہ تھی کہ انھیں چوں کہ مختلف اکثریت میں زندہ رہنا تھا، تو یہ چیلنج درپیش تھا کہ اکثریتی ماحول میں اپنے مذہب کو کیسے زندہ رکھا جائے۔ انھوں نے ایسا ماحول پایا جو دراصل انگریزی استعمار کے دور میں علامہ اقبال کو درپیش تھا۔ گویا آصف بن علی اصغر فیضی کو علامہ اقبال کا ماحول میسر تھا لہٰذا انھیں فکری سطح پر ایک ایسے نظام کی تشکیل کرنی پڑی، جو وہاں اسلام کو اس کے مجموعی فکری پس منظر میں لائے بغیر نہ تو وہ تہذیب زندہ رہ سکتی تھی، نہ ہی کسی فرد کے لیے اپنی فکری اور روحانی بقا کی کوئی صورت میسر تھی۔

اس پس منظر میں آصف بن علی اصغر فیضی کے ہاں فکرِ اقبال کے تاریخی شعور کی جھلکیاں باقی مسلمان فلسفیوں کے مقابلے میں زیادہ ٹھوس بنیادوں پر اور علامہ اقبال کی قریب ترین صورت میں موجود ہیں:

> بھارت کے مسلم دانش ور آصف بن علی اصغر فیضی (۱۸۹۹ء۔۱۹۸۱ء) ایک مستثنیٰ مثال ہیں، جو ایک جانب مغربی دنیا میں بھی معروف ہیں اور مسلم دنیا میں بھی ایک شناخت رکھتے ہیں اور ۱۹۴۷ء کے بعد بھارت میں ابھرنے والے واحد جدیدیت پسند مفکر ہیں۔ ایک غیر مسلم معاشرے میں رہتے ہوئے انھوں نے عہد جدید میں اسلامی قوانین کو وسیع تر اصولوں میں ڈھالنے کی ضرورت پر شدت سے زور دیا ہے، بلکہ اقبال کے علاوہ فیضی، اقبال کے قریب تر عہد میں، واحد مسلمان دانش ور ہیں، جنھوں نے کھلے لفظوں میں فکرِ اسلامی کی تشکیل جدید کو نہ صرف محسوس کیا بلکہ اپنے مطمع نظر کو وضاحت اور تفصیل سے پیش کیا۔ ان کے ایسے خیالات مرتب صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ فیضی کا خیال ہے کہ عالم اسلام معاشی، سیاسی اور معاشرتی کمزوریوں کا شکار ہے اور یہ خرابیاں زیادہ تر اندرونی ہیں۔ جب تک بنیادی خرابیوں کا علاج نہ ہوگا، اس وقت تک پائیدار صحت کا حاصل ہونا ممکن نہیں۔ چنانچہ وہ سمجھتے ہیں کہ زمانۂ حال کے مطابق شریعت کی از سرِ نو تشریح ضروری ہے اور اس مقصد کے لیے انھوں نے جو تجاویز پیش

Marfat.com

کی ہیں، ان میں سب سے نمایاں مذہب کی قانون سے علیحدگی کا اصول ہے۔ وہ اس علیحدگی کا ایک تجربہ مسلم معاشرے کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ ان کا پختہ یقین ہے کہ اگر شریعت کے پورے نظام کو تنقیدی نظر سے جانچا جائے تو مذہب کے روایتی اور مستحکم خاکے کے ساتھ ساتھ نئی شکلیں پیدا ہوں گی، جو شاید عالم اسلام میں شامل ایک ملک میں دوسرے ملک سے مختلف ہوں اور شاید ان شکلوں میں نقائص اور کمزوریاں بھی ہوں، لیکن رفتہ رفتہ ضوابط کی ایک مستقل اور صاف شکل نمودار ہوگی، جو دراصل اسلام کی از سر نو تشریح کی بنیاد ہوگی۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح کی نئی تشریح ان کثیر التعداد افراد کے اطمینان کا سبب ہوگی، جن کا اعتقاد اسلام کے روایتی نظام پر نہیں رہا۔ لیکن اسلام کی اصل روح پر ان کا عقیدہ مستحکم اور راسخ ہو جائے گا۔

فیضی کا اصرار تھا کہ اسلام آج کی دنیا میں متحرک نہ رہا اور عبادات محض بے روح رسومات کی حیثیت اختیار کر گئی ہیں۔ وہ اپنے ایسے خیالات میں اس حد تک پرجوش تھے کہ انھوں نے خود کو روایتی عقائد کے مقابل ایک ڈھال کے طور پر کھڑا کر دیا تھا۔ وہ پختہ یقین رکھتے تھے کہ اسلام میں عقیدہ اور قانون دو الگ الگ عناصر ہیں۔ قانون ایک معاشرتی ارتقائی عمل سے مربوط رہتا ہے، اس لیے اسے حالات کے مطابق تبدیل ہوتے رہنا چاہیے اور اس تبدیلی میں معاشرے کے تمام طبقات کا، بلا تفریق مذہب، لحاظ رکھا جانا چاہیے۔ ان کے خیال میں اس طرح کی تبدیلی اسلام کے بنیادی عقیدے کو قطعی مجروح نہ کرے گی۔

عصری مسائل اور حالات کے تناظر میں جس حد تک فکر اسلامی کی تشکیل جدید کی بابت فیضی نے سوچا، ان کے ساتھ جنوبی ایشیا میں اقبال کے علاوہ کسی اور عالم و مفکر کا نام نظر نہیں آتا۔ کسی حد تک مولوی چراغ علی اس راستے پر چلتے نظر آتے ہیں، لیکن وہ اپنے موضوعات اور اثرات کے لحاظ سے محدود رہے۔[۱۸]

علامہ اقبال کے افکار کو غیر مسلم مفکرین نے مسلمان مفکرین سے زیادہ بہتر طور پر سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ جیسے اسرار خودی کے انگریزی ترجمے کی خبر، جس دن علامہ اقبال نے سنی تو وہ بہت روئے۔ جب ۱۹۲۰ء میں نکلسن نے اسرار خودی کا *The Secrets of The Self* کے عنوان سے انگریزی میں ترجمہ کیا تو علامہ اقبال کی رنجیدگی کا یہ عالم تھا کہ روتے روتے ان کی ہچکی بندھ گئی۔ کسی نے ان سے پوچھا کہ آپ کو تو خوش ہونا چاہیے کہ آپ کی کتاب کا مغربی زبان میں ترجمہ ہوا ہے اور وہ چھپ رہی ہے مگر آپ روئے جا رہے ہیں، تو انھوں نے فرمایا کہ میں نے جس قوم کے لیے کتاب لکھی ہے، وہ اس سے بے خبر ہے اور فروعی مسائل میں الجھتی پھرتی

Marfat.com

ہے۔ لیکن جن کے خلاف یا جن کے غلط نظام کے خلاف میں نے یہ کتاب تخلیق کی ہے، وہ اس سے استفادہ کر رہے ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنے تمام نظریات اور افکار، درست تصور تاریخ کی روشنی میں، جس قوم اور ملت کو ابھارنے اور سنوارنے کے لیے پیش کیے تھے، اس قوم اور ملت نے ان کو سمجھنے اور اپنانے کے سلسلے میں کوتاہی کا ثبوت دیا اور علامہ اقبال نے جس قوم سے مسلمان امہ کو بچنے کے لیے یہ علمی سرمایہ تفویض کیا تھا، وہ قوم انھیں زیادہ بہتر انداز میں سمجھ رہی تھی اور اس نے جہاں تک، اس سے ممکن ہوسکا، فکر اقبال سے استفادہ کیا۔

علامہ اقبال نے جو ذرائع، علمی اور فکری رویے، اس تہذیب کو مغلوب کرنے کے لیے، بطور ہتھیار اپنی قوم کے ہاتھ میں دیے تھے، وہ چھن چکے ہیں۔ اب جدید غیر مسلمان فلاسفۂ تاریخ کے ہاں دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ انھوں نے علامہ اقبال کے افکار کی روشنی میں ایک مربوط نظام مرتب کر لیا ہے اور اس میں ایسے رویے وہ لے کر آئے ہیں جو بہت دیر تک اور بہت دور تک مسلم امہ کو اپنے نظام سے باہر نہیں نکلنے دیں گے۔

علامہ اقبال کے بعض افکار، مسلمان اور غیر مسلمان فلاسفہ پر مختلف سطحوں پر مرتب ہوئے۔ خالص فلسفے کی دنیا میں مغربی فلسفیوں نے ان کے تفکرات سے خاطر خواہ استفادہ کیا۔ ان کی زندگی ہی میں، ان کی شاعرانہ تخلیقات کے تراجم، مغرب میں ہونے شروع ہو گئے تھے لہٰذا وفات سے قبل علامہ اقبال بطور شاعر اور فلسفی، مغربی دنیا میں معروف ہو چکے تھے، لیکن بطور خاص تاریخ، تصور تاریخ اور تاریخ بطور ذریعۂ تعلیم کے حوالے سے علامہ اقبال کے نظریات اور خیالات کے اثرات، غیر مسلمان فلسفیوں پر، اپنی کلی صورت میں منطبق نہیں ہوئے یا ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے۔ جن فلاسفۂ تاریخ نے علامہ اقبال کے افکار و نظریات سے اخذ و استفادہ کیا، انھوں نے فکر اقبال کی مجموعی تعبیر و تشکیل کو، اس کے فلسفیانہ نظام کے فکری اور جمالیاتی تناظر میں مدون کرنے، اس سے استفادہ کرنے اور انھیں نئی تہذیب اور نئی ترتیب کے ساتھ، جدید عصری مسائل کے پس منظر میں اجالنے کی کوشش کی۔ مغربی اور غیر مسلمان فلاسفۂ تاریخ کو علامہ اقبال کے چند تاریخی نظریات سے شغف رہا ہے لیکن ان نظریات کو فکر اقبال کے مجموعی کینوس سے نکال کر کلیت کے بجائے، ان کی جزوی اپیل کی بنا پر، علامہ اقبال کو سمجھنے میں ان سے جگہ جگہ غلطیاں سرزد ہوئیں۔

جیسا کہ پہلے بھی اس حقیقت کو واشگاف الفاظ میں بیان کیا جا چکا ہے کہ پاکستان، علامہ اقبال کے تصور تاریخ کا عملی مظہر ہے۔ ان کے اس عملی مظہر سے مغربی دنیا کو بہت دلچسپی

Marfat.com

رہی اور ہے۔ وہ اسے مختلف سیاسی اور سماجی، معاشرتی اور معاشی تناظر میں دیکھتے آئے ہیں۔ لیکن اقبال کے تصور تاریخ کی مجرد صورتوں سے کسب فیض کرنے کا موقع، مغربی فلسفیوں کو ذرا کم ہی نصیب ہوا ہے۔

جن غیر مسلمان مغربی فلسفیوں پر علامہ اقبال کے افکار و نظریات، ضمنی اور جزوی سطح پر ہی سہی لیکن اکثر و بیشتر مقامات پر دکھائی دیتے ہیں، وہ یہ ہیں:

۱- آرنلڈ جے ٹائن بی

۲- پال کینیڈی

۳- سیموئل پی ہنٹنگٹن

## (۵)

ان تینوں فلسفیوں میں، تاریخ کی بنیادی اکائی کو جس تاریخ شناس فلسفی نے اس کے مجموعی اور فکری حوالے سے مدون اور متشکل کرنے کی کوشش اور کاوش کی ہے، وہ ٹائن بی ہے۔ دیگر دونوں فلسفیوں نے تاریخ کو مستقبل کے ساتھ وابستہ کر کے اپنے فکری نتائج نکالنے کی کوشش کی ہے۔

برطانیہ کا نامور ماہر تاریخ اور دانش ور آرنلڈ جے ٹائن بی مذکورہ بالا دونوں فلسفیوں پر یوں فوقیت رکھتا ہے کہ اس کے ہاں علامہ اقبال کے اثرات، بہ نسبت دوسروں کے کچھ زیادہ مرتب ہوئے ہیں، پھر یہ کہ وہ تہذیبوں کے مطالعے میں دیگر فلسفیوں کے برعکس زیادہ گہری اور دور رس نظر رکھتا ہے۔ علامہ اقبال کی طرح ٹائن بی نے بھی زمانے کی مختلف حالتوں یا ادوار کو ماورائے زمانہ ایک ایسے نقطۂ اتصال میں دیکھنے کی کوشش اور کاوش کی ہے، جس کے نتیجے میں اس کا فکری زاویۂ نگاہ اقبال کے نسبتاً زیادہ قریب ہے۔ لیکن ماضی اور حال اور ان دونوں کے تناظر میں بدلتے اور بنتے مستقبل کے تعین میں اس نے افکار اقبال سے استفادہ کیا ہے۔ ٹائن بی نے زمانے کی تینوں حالتوں اور رویوں سے بڑھ کر یا ماورا، ایک ایسے نقطۂ اتصال کی تلاش کی، جو ہمیں فکر اقبال میں بھی دکھائی دیتا ہے۔ عبدالحمید صدیقی لکھتے ہیں:

Arnold Toynbee has broadened the philosophical base of history by considering civilizations as the real units of history and not through the conventional approach confined to the career of a society or a nation. He has in fact tried to emphasis the factor of human creativity, but his frequent appeal to the rythm of " Challenge and Response" which makes itself felt over the entire field of action is, in the words of a great

Marfat.com

philosopher, nothing but an attempt to cast into the limbo of outworn beliefs the iron law of fate.[19]

ان ہر دو فلسفیوں یعنی ٹائن بی اور علامہ اقبال کے مابین اس نقطے سے اختلافی رویے کا اظہار ہوتا ہے اور ان کے افکار دو مخالف اور قریباً متحارب سمتوں میں سفر آشنا ہوتے ہیں۔ ٹائن بی نے اپنے افکار و خیالات کی ترجمانی کرتے وقت زمانے کی مختلف صورتوں، حالتوں اور ادوار کو تو پیش نظر رکھا ہے اور بعض اوقات تصور زمان کے اس علمی اور تہذیبی تناظر میں تینوں زمانوں کو ایک نقطے پر مجتمع کر کے مستقبل کے ضمن میں کچھ نتائج مرتب کرنے کی کوشش کی ہے لیکن علامہ اقبال کے ہاں تاریخ کا تصور، فکر کی مادی اور روحانی اپیل کے امتزاجی کینوس میں مرتب ہوتا ہے۔ دیگر مغربی فلسفیوں کی طرح ٹائن بی نے بھی فکر اقبال سے بنیادی نوعیت کا اختلاف کیا ہے اور انھوں نے فکر کے مادی اور روحانی، دونوں پہلوؤں کے امتزاجی رویوں کو باہم لے کر مستقبل کی کیفیات کے ضمن میں نتائج نکالنے اور انھیں مرتب کرنے کے بجائے اس نے فکر کے محض مادی رویوں سے تصور تاریخ کو اجالنے اور ترتیب و تہذیب کرنے کا کام سرانجام دیا ہے۔ صرف مادیت پر بنیاد رکھنے سے ٹائن بی، علامہ اقبال کے اس بنیادی کینوس سے نکل گئے، جہاں علامہ اقبال نے اپنے فکریاتی نظام میں اپنے تصور تاریخ کی بنیاد روح اور مادے کی امتزاجی کیفیات سے متشکل کرنے کی کوشش کی تھی اور یوں وہ کامگار رہے تھے کہ انھوں نے تاریخ کے اس تہذیبی سرچشمے کو، جو قرآن و حدیث پر مشتمل تھا، سے علیحدہ کر کے صرف اسے مادی زاویۂ نگاہ اور مادی زاویۂ علم یا ذریعۂ علم سے جانچنے، دریافت کرنے اور اس سے فکری نتائج نکالنے کی طرح نہیں ڈالی، کیوں کہ وہ سمجھتے تھے، کہ کائنات، انسان اور خدا، تینوں کے مابین جو رشتہ موجود ہے، اس کی بنیادیں بیک وقت روح پر بھی استوار ہیں اور مادے پر بھی۔ دونوں کی یک جائی اور اتحاد سے زندگی کا نظام قائم ہے۔ کائنات اور کائنات کے معاملات میں جو تخلیقی رچاؤ موجود ہے، اس کی بنیاد جسم اور روح کے معنوی امتزاج پر اٹھائی گئی ہے۔ زندگی کے مختلف شعبوں میں صرف روح یا صرف مادے کو بنیاد بنا کر زندگی کے مجموعی تناظر میں تعبیر ممکن نہیں ہے۔ تاریخ اگر صرف ذریعۂ تعلیم ہو، تاریخ علم کا سرچشمہ ہو یا اس کا تصور، قرآن و حدیث یا الہامی کتابوں سے ماخوذ ہو تو اس کے لیے بھی ضروری ہے کہ اس کی تعبیر، تشریح اور توضیح، روح اور جسم کی معنوی یک جائی کے تناظر میں مرتب کی جائے تاکہ تاریخ کا بنیادی تصور، زندگی کے ہمہ جہت رویوں کو حاوی ہو اور ان کا احاطہ کر رہا ہو۔ اگر تاریخ صرف مادی رویوں پر اٹھائی جائے تو زندگی میں مادی حوالے سے

Marfat.com

بدلتے ہوئے تناظر تو تاریخ کے اس تصور کے دائرہ کار میں آئیں گے لیکن روحانی اعتبار سے انسان اور کائنات کے باطن میں رونما ہونے والی کیفیات، تاریخ کے تصور کے اس دائرے میں نہیں سما سکتیں، جو اجتماعیت کی وجہ سے اس کے اندر شامل ہو سکتی ہیں۔ صرف خارجی رویوں کی عکس بندی یا محض داخلی کیفیات کا منظرنامہ تاریخ کے تصور کو سمجھنے یا اس کی تزئین و آرائش کرنے کا ساتھ نہیں دیتا۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ انسان ہو یا کائنات، وہ دو دنیاؤں میں، یا دو سطحوں پر، یا دو رویوں یا دو زاویہ ہائے نظر میں زندگی کے تسلسل کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔ خارج کی دنیا اور داخل کی دنیا کے مابین ایک نقطے پر اتصال اور امتزاج ضروری ہے۔ اگر اس اتصال اور امتزاج یا ترکیب کے عمل میں کچھ گڑبڑ پیدا ہو جائے تو سارا نظام زیست بکھر کر رہ جاتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ کائنات کی تعبیر و تشریح ہو یا انسان کے داخل اور خارج کے منظرناموں کی سیر، یہ لازم ہے کہ دونوں کے درمیان ایک نقطۂ اتصال دریافت کیا جائے، جہاں دونوں دنیاؤں کے منظرنامے باہم مربوط ہو کر ملتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ جب روح اور مادے، داخل اور خارج کے مابین امتزاج موجود ہوگا تو زندگی کا ہر رویہ، اپنی کلیت کے ساتھ سامنے آئے گا اور اپنے نتائج فکری، نتائج ذہنی یا نتائج روحانی، مجموعی فکری کینوس میں مرتب کرے گا۔ لہٰذا از ابتدا تا ٹائن بی اور ان کے مابعد آنے والے فلسفیوں کے ہاں، کسی نہ کسی سطح پر یہ بنیادی مغالطہ درپیش رہا ہے۔ انھوں نے تاریخ اور تاریخ کے تصور کو، اس کے مجموعی فکری، معنوی اور جمالیاتی تناظر میں سمجھنے کے بجائے محض مادی تناظر میں اس کی تعبیر کرنے کی کوشش کی ہے۔ لہٰذا صدیوں سے مغرب اپنے مادی عوامل اور رویوں میں خود مختار اور کام گار رہا ہے لیکن اس کی روحانی اور داخلی یا باطنی ترقی، کہیں صدیوں کے پس منظر میں گم ہو کر رہ گئی ہے۔

مغرب کی پچھلی پانچ سات صدیوں کا سفر محض جسم کا سفر ہے، جو اس نے روح کے بغیر کیا ہے اور اس سے قبل کا سفر بھی روح کے اس تناظر میں ممکن نہیں ہوا، جو الہامی کتاب کے سائے یا سرپرستی میں ممکن ہو سکتا تھا۔ چوں کہ چرچ اور کلیسا کی مکمل گرفت کے زمانے میں بھی روح کا وہ تصور، جو الہامی قدروں یا پیغمبرانہ وحی پر بنیاد رکھتا تھا، وہ اس معاشرے میں موجود نہیں تھا۔ لیکن ایسا بھی نہیں تھا کہ وہاں روح اور روح کا تصور، اس معاشرے کی بنیادی اقدار سے منہا کر دیا گیا ہو۔ سو ابتدائی زمانے میں تو وہاں کسی نہ کسی سطح پر جسم کے ساتھ روح کی وابستگی رہی ہے، لیکن پچھلی پانچ سات صدیوں کے دوران میں مغرب نے جس تیزی کے ساتھ روح سے اپنا

Marfat.com

ناتا توڑا ہے، اور جس انداز سے اس نے مادے اور مادی اقدار کو اپنایا ہے اور جس طرح اس نے مادی زندگی کی مختلف جہتوں میں ترقی کی ہے، اس کے نتیجے میں مرتب ہونے والی انسانی زندگی اور انسان اور انسانی علوم اور علوم کے مختلف تصورات روح کے بغیر سفر آشنا رہے ہیں۔

مغرب میں انسانی جسم یعنی مادہ بے پناہ اہمیت کا حامل ہے۔ وہاں روح یعنی روحانی اقدار کی حکمرانی یا ترجمانی نہیں ہے۔ یک رخی تعبیر سے کوئی معاشرہ کب تک ترقی آشنا رہ سکتا ہے، یقیناً بہت زیادہ لمبے اور طویل دورانیے تک اس کی کارفرمائی ممکن نہیں ہوتی۔ مغرب کے برعکس مشرق میں ہمیشہ روحانی نظام یا روح کی حکمرانی رہی ہے۔ یہاں مادے میں ترقی کا وہ رویہ کبھی متشکل نہیں ہوا، جو مغرب میں ہے۔ صنعتی ترقی ہو یا زرعی ترقی یا مادی ترقی کا کوئی اور رنگ ڈھنگ ہو، مغرب ہمیشہ مشرق سے صدیوں آگے رہا ہے۔ مشرق میں روح کی حکمرانی نے روحانی منازل کی طرف اس کی کارفرمائی اور اس میں انسان کی پیش رفت اور ترقی کو سہل الحصول بنائے رکھا ہے۔ مادیت سے انحراف اور روحانیت کی طرف میلان، مشرق کی سرزمین میں انسان کا بنیادی نصب العین رہا ہے۔ اس نصب العین کی وجہ سے وہ ایک حوالے سے بہت رجعت پسند رہا ہے۔ اس نے روح اور روح کے ساتھ جسم یعنی مادے کی اجتماعی تعبیر سے زندگی کو خوش رنگ بنانے، زندگی کے ثمر آور ہونے اور اس سے استفادہ کرنے کو کبھی اپنا مطمعِ نظر قرار نہیں دیا۔ جیسے کہ مغرب نے محض مادی یا جسمانی رویوں سے حظ اندوزی کو زندگی کی بنیادی قدر قرار دیا ہے اور اس نے کبھی روحانی نظام یا روح کی پہنائیوں میں موجود اس تسکین باطن کو اجالنے، اس سے لطف اندوز ہونے، اسے اپنی زندگی میں قائم کرنے اور اس کے تواتر میں زندگی کی معنویت کو مرتب کرنے کی کاوش نہیں کی۔ لہٰذا یہ دو بڑی اور مرکزی تہذیبیں، مغرب اور مشرق دونوں کے مابین ایک بہت بڑی خلیج موجود تھی، ہے اور آئندہ بھی اس کے رہنے کے امکانات موجود ہیں۔ دونوں اپنی اپنی اقدار اور اپنے اپنے زاویہ ہائے نگاہ کی ترجمانی میں رجعت پسند ہیں۔ دونوں نے اپنے محدود دائروں کے اندر رہتے ہوئے کبھی کبھی مجبوراً یا خوش دلی کے ساتھ ایک دوسرے سے مکالمہ کرنے کی بھی کوشش کی ہے۔ ورنہ ان دونوں کے مابین تصادم کی ایک کیفیت تو ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔

وہ موسم یا زمانے، جب یہ دو مختلف اور متحارب تہذیبیں ایک دوسرے سے مکالمہ کرنے کے لیے روبرو ہوتی ہیں تو مشرق کا فکری اور روحانی نظام اس قدر قوت آشنا اور حرارت انگیز ہے کہ باوجود بالادست حیثیت کے مغرب کا سرد جسم، ان کیفیات کو اپنے سینے میں اتار کر ایک نئی

Marfat.com

زندگی کا منظر نامہ مرتب کر سکتا ہے مگر ایسا ہوتا نہیں۔ مغرب فکری، علمی اور روحانی اعتبار سے ہمیشہ مشرق کا دست نگر رہا ہے۔ قریبی زمانے میں یا قریبی صدیوں میں گوئٹے نے اس حقیقت کا واشگاف الفاظ میں اظہار کیا ہے کہ مغرب کا جسم علمی، فکری، تہذیبی اور روحانی انحطاط کی بنیاد پر منجمد ہو چکا ہے۔ ضروری ہے کہ مشرق کی تازہ روح، اس کا علم و دانش، اس کا روحانی نظام اپنی جمالیاتی کیفیات کے ساتھ اس میں شامل کیا جائے تاکہ مشرقی فکر اور مغرب کا فکری نظام باہم مربوط ہو کر ایک ایسے فکری رویے کو جنم دے سکے کہ جو انسان کے ایک تازہ، خوش آئند اور بہتر مستقبل کا غماز ہو۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ شخصی سطح پر رونما ہونے والی ایسی مختلف تحریکیں اور رویے اجتماعی طور پر کبھی روبہ عمل نہیں رہے۔

علامہ اقبال نے ''دیوان مغربی'' کے جواب میں ''پیام مشرق'' میں جو دیباچہ لکھا ہے، اس میں ایسے تمام مغربی مفکرین اور شعرا کا تذکرہ کیا ہے، جنھوں نے مغرب کے فکری نظام کے انحطاط کا ذکر کر کے مشرق کے روحانی، فکری اور علمی نظام سے اخذ و استفادے کی طرح ڈالی ہے۔ گوئٹے نے مشرق کے اہم تر مفکرین اور شعرا سے کسب فیض کیا ہے، خاص طور پر حافظ کا وہ بے پناہ شیدائی ہے اور اس نے حافظ کے انداز اور اپنی زبان میں شاعری کی ہے، بلکہ اس نے ایرانی اور فارسی روایت کے مطابق، اپنی زبان میں ایک غزل بھی کہی ہے، جس میں اس نے اپنا تخلص تک استعمال کیا ہے۔ مغربی دنیا میں دانش وروں کی سطح پر مشرق کی طرف دیکھنے کا سلسلہ بہت طویل زمانوں سے چلا آ رہا ہے، لیکن مغرب نے جانتے بوجھتے ہوئے مشرقی علوم وفنون سے اخذ و استفادے کی اس روایت کو تحریک نہیں بننے دیا۔ ذہنی، فکری، علمی، تہذیبی اور مذہبی اعتبار سے مفلوک الحال مغرب، مشرق کے علوم وفنون کو مغرب میں تحریک بننے سے ہمیشہ روکتا رہا تاکہ مشرق کی یہ ذہنی اور فکری کیفیتیں مغرب کے مادی نظام کو مغلوب نہ کر دیں۔ اگر کبھی مشرقی علوم وفنون اور روحانی وتہذیبی نظام کی صورت تحریکی انداز سے متشکل ہو سکتی تو مغرب کب کا مشرق کے سامنے مغلوب ہو چکا ہوتا۔ مغربی تعصب کی ایک جھلک ڈاکٹر غلام جیلانی برق کی زبانی ملاحظہ کریں:

> یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے، کہ اگر عرب نہ ہوتے تو آج یورپ کا حال افریقہ سے بھی بدتر ہوتا۔ ہم نے یورپ کے باشندوں کو لکھنا پڑھنا سکھایا، نشست و برخاست کے آداب بتائے، کھانے، پہننے اور نہانے کا سبق دیا۔ ان کے ذہنوں کو اوہام و اباطیل کی گرفت سے آزاد کیا اور ان کی درس گاہوں میں علوم وفنون کے دریا بہائے، لیکن ہمیں یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ ان کے

Marfat.com

بیشتر تاریخ نگار یورپ کی ذہنی وثقافتی تاریخ لکھتے وقت ہمیں کوئی مقام ہی نہیں دیتے۔ ۱۹۲۲ء میں امریکہ کی اورینٹل سوسائٹی کے ایک اجلاس میں پروفیسر Shmidt نے ''یورپ میں مشرقی علوم'' کے عنوان سے ایک مقالہ پڑھا اور مسلمانوں کا نام تک نہ لیا۔ ۱۹۳۸ء میں ایک امریکی پروفیسر واٹرمین نے ''مشرقی علوم'' پر چھ لیکچر دیے اور اسلامی علوم کا ذکر تک نہ کیا۔

اسلام کے مشہور مورخ ابوالفدا (۱۳۳۱ء) نے اپنے سے پہلے ساٹھ جغرافیہ دانوں کے نام لیے تھے، لیکن موسیو Vivien Dest Martin کا کمال دیکھیے کہ اپنی علمی تاریخ میں کسی عرب جغرافیہ دان کا ذکر تک نہیں کیا۔

کیمبرج مڈیول ہسٹری پانچ ہزار صفحات کو محیط ایک مبسوط تاریخ ہے، جس میں اسلام کی چودہ سو سالہ سیاسی، علمی اور ثقافتی تاریخ کو صرف پچیس ورق دیے گئے ہیں۔ جیمز ہنری رابن سن کی تاریخ مڈیول اینڈ ماڈرن ٹائمز آٹھ سو صفحات پر مشتمل ہے اور مشرق و مغرب کی درس گاہوں میں بطور نصاب رائج ہے لیکن اس میں اسلام کا کوئی ذکر نہیں، صرف بدھ راہبوں کے تحت مسلمانوں کا نام ضمناً لیا ہے۔[۲۰]

ایک طرح سے مغرب، مشرق سے مغلوب تو اب بھی ہے لیکن اس کا وہ کھلے اور واشگاف لفظوں میں اظہار نہیں کرتا۔ اس لیے کہ مادی لوازمات کی پیش رفت، اس کا کنٹرول اور گرفت، اس کے ہاتھ میں ہے۔ لہٰذا وہ مشرق کو جس طرح سے، جس طرف موڑنا چاہتا ہے، وہ اسے موڑ رہا ہے۔ برطانیہ نے اپنے نوآبادیاتی نظام میں مختلف ملکوں پر اپنے زمانہ حکومت میں، ان ملکوں کے تہذیبی، فکری اور مذہبی نظام کو منجمد کرنے، اپنا نظام رائج کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، لیکن وہاں نوآبادیاتی ممالک میں ایسے گروہ پیدا ہوئے، جو مغربی تہذیب وتمدن اور علوم وفنون کے دل دادہ تھے اور یوں ایک فکری کشمکش آغاز ہوئی کہ جس نے مشرق میں بھی تہذیبی سطح پر مادی عوامل اور مادی پیش رفت کو ہی زندگی کی بنیادی اکائی قرار دیا۔ لیکن مشرق میں مجموعی حکمرانی یا تفوق، روح یا روحانیت کو حاصل رہا۔ مغرب میں مادے کی روزافزوں ترقی نے کچھ ایسے رویے متشکل کیے کہ مادے کی تمام جہتوں اور تمام تر آفاق پر بنیاد رکھنے کے بجائے مغرب بیسویں صدی کے آخری چند عشروں میں مادے کو معاش اور معاشی نظام کے مترادف اور مرادف قرار دینے میں کامیاب ہوا ہے۔ اس نے دیگر مادی جہتوں کو ساتھ لے کر چلنے اور انھیں زندگی کی اکائی، جیسے کہ بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں تھا، بنانے اور اسے رائج رکھنے کے بجائے زندگی کی تمام تر پیش رفت اور اس کے انحصار کو دولت، معاش اور معیشت کے ساتھ وابستہ کر دیا۔

Marfat.com

اس سے انسانی زندگی صرف زندگی کی ایک قدر تک محدود ہو کر رہ گئی۔ انسانی زندگی کا کینوس جس قدر اور جس طرح پھیلا ہوا تھا، وہ سمٹ اور سکڑ کر ایک نکتے پر مرتکز ہو گیا۔ آج دنیا جس گلوبل ولیج کی باتیں کر رہی ہے، وہ محض مادی ترقی کی بنیاد پر مرتب کیا گیا وہ نظام ہے کہ جس کے باہمی رابطے اور رشتے، باہم دلچسپی کے معاملات اور مسائل تو ایک ہیں لیکن دل ایک نہیں اور جب تہذیبوں میں مکالمے کے دوران میں دل ایک نہ ہوں تو پھر تہذیبیں سرد جنگ کے عمل میں رہتے ہوئے کسی وقت گرم جنگ میں بھی ملوث ہو سکتی ہیں۔

علامہ اقبال نے بہت توجہ اور دلچسپی اور غائر نظر کے ساتھ مغربی تہذیب کے مالہ، و ماعلیہ کا مطالعہ کیا اور وہ اس نتیجے پر پہنچے:

دیارِ مغرب کے رہنے والو! خدا کی بستی دکاں نہیں ہے
کھرا جسے تم سمجھ رہے ہو، وہ اب زرِ کم عیار ہو گا
تمھاری تہذیب اپنے خنجر سے، آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخِ نازک پہ آشیانہ بنے گا، ناپائیدار ہو گا[۲۱]

علامہ اقبال تہذیب کی اکائی کی تمام ابعاد کو بہت دقت نظر سے جانتے اور سمجھتے تھے۔ انھیں معلوم تھا کہ کوئی تہذیب، کن بنیادی حوالوں سے زندہ رہتی ہے اور کون سے وہ رویے ہیں، جو تہذیب کو خود موت کے گھاٹ اتار دیتے ہیں۔ علامہ اقبال کا سرچشمۂ علم و حکمت و دانش دراصل قرآن مجید ہے اور انھوں نے تہذیب کی تشکیل و تہذیب میں وحی الٰہی کو بنیادی قدر قرار دیا ہے اور تہذیب کی معنویت کی تعبیر و تشریح میں مذہبی پس منظر کی دریافت اور بازیافت کی بنا پر ایک ایسے رویے کو مرتب کر کے ایک ایسا خاکہ پیش کیا ہے کہ جس میں مادی زندگی کی متنوع اور مختلف جہتیں تو موجود ہیں، لیکن وہ زندگی کے تسلسل اور تواتر کو برقرار رکھنے اور اس کے قیام میں معاون رہنے کے ضمن میں بنیادی حیثیت کی حامل نہیں ہیں۔

علامہ اقبال کے نظام فکر و فن اور نظام فکر و فلسفہ میں روحانی اقدار کو مادی قدروں پر غلبہ اور تفوق میسر ہے۔ چوں کہ وہ ازل سے وقوع پذیر ہونے والے احوال و آثار اور ان کے نتائج اور ان کے پس منظر اور عواقب میں پوشیدہ رویوں اور ان کے بین السطور رونما ہونے والے نتائج اور اثرات سے اس قدر باخبر تھے کہ انھوں نے انسانی تہذیب کا مطالعہ اس تصور تاریخ کی روشنی میں کیا کہ جس کی بنیاد پر ان کے نتائج فکر سے اختلاف تو کیا جا سکتا ہے لیکن ان کے طریقہ کار کو چیلنج

Marfat.com

نہیں کیا جاسکتا۔ سو علامہ اقبال کے ہاں روح اور مادے یا داخلی اور خارجی نظام کی جو یک جائی موجود ہے، وہ نہ تو مشرق کے دیگر فلسفیوں کے ہاں موجود ہے اور نہ ہی مغرب کے فلسفیوں، سائنس دانوں اور دانش وروں کے ہاں۔ اس کا سبب پہلے بھی بتایا جاچکا ہے کہ ایک گروہ اپنے روحانی نظام پر کاربند ہے اور دوسرا گروہ یا تہذیب اپنے مادی افکار پر۔

بیسویں صدی میں نوآبادیاتی استعمار اور اس کے جابرانہ تسلط کے نتیجے میں مشرقی تہذیب میں ایک نیا گروہ بھی پیدا ہوا ہے، جہاں مشرق کا روحانی نظام تو موجود ہے، لیکن اس کے روحانی نظام پر مغرب کا مادی تہذیبی نظام اس قدر قوت کے ساتھ مسلط ہے کہ اب اس کا روحانی نظام نیچے دب جانے، اضافی صورت اختیار کر جانے اور مرکز سے ہٹ جانے کی بنا پر منجمد ہو کر رہ گیا ہے، لہٰذا اس تیسرے طبقے کے پیدا ہو جانے سے دنیا میں ایک ایسا تشکیلی سلسلہ آغاز ہوا ہے کہ جس کی مابعد الطبیعیات، مادی رویوں اور زاویوں سے مرتب ہوتی ہے۔ اس پس منظر میں ٹائن بی نے اپنا تصور تاریخ مرتب کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس تصور تاریخ کی توضیح اور ترتیب میں اس سے وہی بنیادی غلطی سرزد ہوئی کہ اس نے مغربی معاشرے یا مغربی تہذیب کو بنیادی حیثیت دیتے ہوئے مغرب کے زاویۂ نظر سے کائنات کے نظام تخلیق کو سمجھنے اور تاریخ کی کارفرمائیوں کا جائزہ لینے کی کوشش کی ہے۔ جب کوئی بھی دانش ور، کسی خاص تہذیب کے علوم اور افکار کی روشنی میں کسی فکری نظام کی ترتیب و تہذیب پر عمل پیرا ہوگا تو یقیناً اس کا فکر، اس کی تحریر اور اس کی تخلیق مغالطہ انگیز ہوگی۔

ٹائن بی مختلف حوالوں سے ایک متعصب مورخ کے طور پر سامنے آیا ہے کہ اس نے مغرب کو سب کچھ مانتے ہوئے علامہ اقبال کے تصورات سے استفادہ کیا۔ اگر وہ غیر جانب دارانہ زاویۂ نظر سے تاریخ اور تاریخ کی کلیت اور اس کی متنوع اور مختلف جہات کا مطالعہ کرتا تو یقیناً بہتر نتائج فکری نکالنے میں کامیاب ہوسکتا تھا لیکن وہ ایک بہت اہم فلسفی اور دانش ور ہوتے ہوئے، مغرب کی مادی عصبیت سے بچ نکلنے میں کامیاب نہ ہوا اور یوں اس فکری زاویے کو اجالنے اور اسے پالینے سے بھی قاصر رہا، جو مغرب کے عصبیتی نظام کو ایک طرف رکھ کر دیکھنے سے ممکن تھا۔ ٹائن بی کے تعصب کی جھلکیاں ملاحظہ کریں:

> No doubt when he accepted the invitation to organize a government in Medina, Mohammad assured his own conscience that he was acting single heartedly as ever in the cause of God. Had not God laid upon the

Marfat.com

duty of conveying the revelation of God's truth to his fellow men and would he not be executing this duty if he embraced this heaven opportunity the new religion whose path had been distracted for ten years by human force majeure... No doubt Mohammad reasoned with his conscience thus and no doubt he was deceiving himself, yielding to his own arguments
The truth then seems to be that in the invitation to Medina, Mohammad was confronted with a challange to which his spirit falled to rise, in accepting the invitation he was renouncing the sublime role of the nobly un-honoured prophet and contenting himself with the common place role of the magnificiently successful statesman. The prospects of effective practical action which the call to Medina opened up for the prophet's long repressed and thwarted practical genious blinded the prophet's vision........Mohammad had been content with the faithful performance of a prophet's duty as is shown by his apostrophe to the idolators as ought to be laid upon God's Messengers but a plain delivery of he message. This simple understanding and acceptance of his prophetic mission were thrown to winds by the prophet when a new career was offered to him.[22]

تاہم ان تمام اختلافات کے باوجود ٹائن بی دوسرے جدید اور مابعد فلاسفۂ تاریخ سے یوں بہتر اور اہم ہے کہ اس نے قوموں کے عروج و زوال کی تعبیر و تشریح کرنے میں محض لمحۂ موجود کو کافی نہیں گردانا اور نہ محض اپنی دانش ورانہ مستقبل بینی سے فکری نتائج نکالنے کی کوشش کی، بلکہ اس نے تہذیبوں کے مطالعے کو رواج دیا اور اپنے مخصوص زاویے سے ہی سہی لیکن تہذیبوں کے باطن میں اترنے، حال کا رشتہ ماضی سے جوڑ کر اپنے علمی اور فکری پس منظر کو دیکھنے اور اپنے مشاہداتی اور مطالعاتی افادات کی روشنی میں مستقبل شناسی کی طرح ڈالی۔ دیگر دونوں مغربی فلاسفۂ تاریخ کے ہاں تصورِ مستقبل، تاریخ کے اس زاویے سے تو جڑا ہوا ہے، جسے ہم زمانی اعتبار سے حال سے تعبیر کرتے ہیں لیکن اس کا ماضی کے ساتھ تعلق اور اس کی ماضی میں نمود پذیری ٹائن بی کے مقابلے میں ذرا کم رہی ہے۔ مذکورہ دونوں فلسفیوں کے ہاں، تاریخ اور تصورِ تاریخ کو جدید اور آئندہ مسائل کی روشنی میں حل کرنے اور اس پر گفتگو اور بحث مباحثے کی طرح ڈالی گئی ہے۔

(۶)

امریکہ کا حال ہی میں شہرت حاصل کرنے والا تاریخ دان سیموئل پی ہن ٹنگٹن مختلف ادوار میں رونما ہونے، عروج پر قائم رہنے اور زوال آشنا ہونے والی تہذیبوں کا ذکر تو کرتا ہے لیکن ان کے عروج و زوال کے اسباب و عوامل کو، لمحۂ موجود کی فکری صورت حال کے تناظر میں متعین

Marfat.com

کر کے مستقبل شناسی میں وہ کردار ادا نہیں کرتا، جو ہمیں ٹائن بی کے ہاں نظر آتا ہے۔ اس کے ہاں تہذیبوں کا مطالعہ ادھورا اور بالکل یک رخا ہے۔ وہ تہذیب کے ماضی کو اجالنے اور اس سے حال اور مستقبل کو روشن کرنے میں کچھ زیادہ تردد سے کام نہیں لیتا۔ ماضی کی تہذیبوں میں اس کا سفر تاریخ کی کتاب پڑھنے کا سفر ہے۔ وہ بڑے تاریخ شناسوں کے اس درجے اور سطح پر نہیں پہنچتا کہ جنھوں نے تہذیبوں کے بنیادی خدوخال اور ان کی تہذیب و ترتیب میں موجود فکری اور معنوی لوازمات سے مستقبل بینی کا کام انجام دیا ہے۔

ہن ٹنگٹن نے اپنی کتاب تہذیبوں کا تصادم میں ماضی کی تہذیبوں کا مطالعہ، لمحۂ موجود میں وجود قائم رکھنے والی تہذیبوں کے تناظر میں کرنے اور نتائج فکری کو قدیم تہذیبوں پر منطبق کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کی اس کوشش کی بنا پر بنیادی مغالطے سامنے آئے ہیں۔ اس نے زمانے کے تسلسل اور تواتر اور اس کی ماورائیت میں تصور زمان کو سمجھے بنا تہذیب کا مطالعہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کا تہذیبی مطالعہ مادی زاویۂ نظر سے ہے، جس کی وجہ سے ان کے ہاں بھی وہی مغالطے در آئے ہیں، جو ان سے ماقبل مغربی فلسفیوں کے ہاں مختلف فلسفیانہ ادوار میں موجود رہے ہیں۔ دوسری اہم وجہ یہ کہ مغرب کے اکثر و بیشتر فلسفیوں اور سائنس دانوں نے ٹائم اینڈ سپیس کے ضمن میں جن احوال و آثار کا تذکرہ کیا ہے، ان کا اثر یا پرتو ان کی کتاب میں دکھائی نہیں دیتا۔ جب کہ تصور زمان و مکاں کو اس کی جملہ جہتوں میں کلی معنویت کے ساتھ سمجھے بغیر تصور تاریخ کا صحیح تناظر میں مطالعہ ناممکن ہے۔

ہن ٹنگٹن سے بنیادی طور پر دو غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس نے تصور تاریخ کو زمان و مکاں کی اصولی اور اضافی معنویت سے علیحدہ کر کے دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ دوسری یہ کہ اس نے تہذیب کی معنویت میں اس تصور تاریخ سے استفادہ نہیں کیا، جس تصور کی روشنی میں وہ تہذیب کو، اس کے مجموعی خدوخال کے ساتھ مرتب اور مہذب کر سکتا تھا۔ ہن ٹنگٹن نے زمان و مکاں کے بنا، تصور تاریخ کو اپنانے، بنانے اور مرتب کرنے کی کاوش کی اور تصور تاریخ کی مجموعی اور کلی معنویت کا ادراک کیے بغیر تصور تہذیب کو تشکیل دیا، جس کی وجہ سے نہ اس کے ہاں تاریخ کا تصور، اپنے مجموعی فکری تناظر میں متشکل ہو سکا اور نہ تہذیب کی اس کلی اور اجتماعی فکری اور جمالیاتی سوچ کا پرتو اس کے فلسفیانہ نظام میں دکھائی دیتا ہے۔ اس کی وجہ سے تہذیبوں کا تصور، ان کا مطالعہ اور مشاہدہ اس کے ہاں ناتمامی کا شکار ہو جاتا ہے۔ ناتمام مطالعے اور مشاہدے کی بنیاد پر تہذیبوں کی کلی معنویت کا ادراک ممکن نہیں ہے۔

Marfat.com

ہن ٹنگٹن نے عصری مسائل کو اپنے پیش نظر رکھا ہے اور عصری مسائل ہی کے تناظر میں قدیم تہذیبوں کو سمجھنے کی طرح ڈالی ہے۔ جدید مسائل اور معاملات کے بین السطور متشکل ہوتے ہوئے رویوں سے قدیم تہذیبوں کے فکری نظام کا ارتباط اور انسلاک جس طرح ہن ٹنگٹن نے کیا ہے، اس سے ان تہذیبوں کے باطن میں چھپی ہوئی صداقتیں، اپنے مجموعی پس منظر میں منکشف نہیں ہوئیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ وہ ٹائن بی کی طرح قدیم تہذیبوں کو ان کے اپنے منفرد اور مختلف خدوخال کے مطالعے اور مشاہدے سے اخذ کرنے کی سعی کرتا اور ان کے عروج وزوال اور ان کے بین السطور مسلسل اور متواتر تصور تاریخ کو منضبط کرنے کی کوشش کرتا، لیکن اس نے مختلف فیہ اور متنازع فیہ تہذیبوں کے انفرادی مطالعے کے بجائے، جدید عصری مسائل کے تناظر میں ان تہذیبوں پر حکم لگانے کی کوشش کی، جس کی وجہ سے وہ عہد جدید کی تہذیب کو بھی بہتر طور پر سمجھنے سے قاصر رہا۔ اس کے ہاں چوں کہ تصور تاریخ کے پس منظر میں تصور زمان ومکاں اپنی جملہ معنویت کے ساتھ موجود نہیں تھا لہٰذا اس نے خارج میں موجود تناظر کو پیش نظر رکھے بغیر تہذیبوں کی معنویت اور ان کے عروج وزوال پر گفتگو کرنے کی کوشش کی۔ اپنے اس رویے کے باعث وہ ایک ناکام مورخ خیال کیا جاتا ہے کہ اس نے قدیم تہذیبوں کو ماضی کے ان اسباب وعوامل میں، جن میں کہ وہ تہذیبیں موجود تھیں، ترقی کی منازل طے کر رہی تھیں یا زوال آمادہ تھیں، میں دیکھنے اور اس ماحول میں رکھ کر ان مسائل کہ جو ان تہذیبوں کو درپیش تھے، کے تناظر میں مطالعہ کرنے کی کوشش نہیں کی۔ یہی سبب ہے کہ ہن ٹنگٹن کا رابطہ، اس کے ماضی کے ساتھ استوار نہیں رہا۔ ماضی سے تعلق کی نااستواری، حال کے منظر ناموں کو اس کے مجموعی فکری تناظر میں سامنے لانے میں ناکام رہی۔ جب کوئی بھی دانش ور، کسی قدیم تہذیب کو اس کے ماضی میں موجود فکری ڈھانچے سے علیحدہ کر کے حال کی مجموعی فضا کے بغیر، مستقبل کی قدروں کے مطالعے کی کوشش کرتا ہے تو وہ اس صورت حال کو اپنی گرفت میں لینے میں ناکام رہتا ہے، جس کو کہ وہ اپنے زمانے میں مطالعہ کرنے کے بعد لمحۂ موجود میں رکھ کر، ایک اجتماعی فکری کینوس کی تشکیل کرنے میں کامیاب ہوسکتا ہے یا ہوتا ہے۔ اس کے ہاں تمام زمانے ایک نقطے پر مل کر، ماورائے زمانہ ایک تصور زمان کی روشنی میں ایسے تصور تاریخ کی بنا ڈالتے ہیں جس سے قدیم، جدید یا عصری تہذیب کو سمجھنا نسبتاً آسان ہوتا ہے اور اس کے بارے میں فیصلہ کرنا یا اس پر کوئی حکم لگانا بہتر معنویت کا حامل ہوتا ہے یا ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

ہن ٹنگٹن نے اس زاویے سے قدیم تہذیبوں کو جدید عصری تہذیب کی معنویت پر پرکھنے اور اس میزان پر تولنے کی کوشش کی، اس سے اس کا بنیادی زاویۂ نظر ہی مغالطہ انگیزی کا شکار ہوا۔ ہن ٹنگٹن کی کتاب کے مختلف حصوں کا دقتِ نظر سے مطالعہ کرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ مصنف کے فکر میں اقبالیاتی تصورِ تاریخ کے بنیادی عناصر کی کارفرمائی تو موجود ہے، لیکن جب ہن ٹنگٹن اسے اپنے زاویۂ نظر سے مطالعہ کرتا ہے اور اس تہذیب کے اسباب وعوامل اور نتائج فکر کو مرتب کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اس میں کامیاب و کامگار نہیں ہوتا۔ کیوں کہ ہن ٹنگٹن کے ہاں جدید تہذیب کے جن مسائل کو بنیاد بنا کر جدید و قدیم تہذیبوں کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے، ان میں اس کے فکری عناصر تین ہیں:

۱- جدید ہتھیاروں کا مسئلہ

۲- بین التہذیب یک جہتی کا مسئلہ

۳- جمہوریت کا مسئلہ

صورت حال یہ ہے کہ ان مسائل میں سے کم از کم دو مسئلے، قدیم تہذیبوں کو سمجھنے، ان کا مطالعہ اور مشاہدہ کرنے، ان کے معنوی خدوخال ابھارنے میں معاونت نہیں کرتے۔ جدید ہتھیاروں کا مسئلہ، جدید تہذیب کو درپیش ہے اور جمہوریت بیسویں صدی اور مابعد کے معاشروں اور حکومتوں کا مسئلہ اور معاملہ ہے۔ مسئلہ دراصل یہ ہے کہ قدیم تہذیبیں اپنے اوزاروں اور ہتھیاروں سے لیس تھیں۔ بیسویں صدی سے قبل اسلامی تہذیب کو چھوڑ کر باقی کی تمام تہذیبوں اور بیشتر اسلامی ادوار میں آمریت موجود رہی ہے اور اسلامی تاریخ کے وہ ادوار، جب ان میں آمریت نہیں تھی تو اسلام کا خلافتی نظام مروج تھا، جمہوریت نہیں تھی۔ جمہوریت انیسویں صدی کے سیاسی فکری نظام کی ایک اصطلاح ہے اور اس اصطلاح کی معنویت اپنے کلی سیاسی اور فکری نظام میں انسانی آسائش اور فلاح و بہبود کے لیے وہ کارنامہ انجام نہیں دے سکتی، جو اسلامی تہذیب نے ریاست مدینہ میں انجام دیا تھا اور مابعد بھی، یعنی خلفائے راشدین اور ان کے بعد کئی ادوار میں خلافت اسلامی ملکوں میں دکھائی دیتی رہی یا رائج رہی۔

ہن ٹنگٹن نے تہذیب کو سمجھنے کے لیے جن بنیادی لوازمات کا ذکر کیا ہے، وہ تصورِ تاریخ سے متعلق ہونے کے بجائے سیاسیات کے ساتھ زیادہ جڑے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ہتھیاروں کا مسئلہ ہو یا جمہوری نظام یا بین التہذیبی یک جہتی کا مسئلہ ہو، یہ مسائل تاریخ سے زیادہ سیاسی نظام کے

Marfat.com

مسائل ہیں۔ ہن ٹنگٹن نے جس زاویہ نظر سے اپنے بنیادی فکری مطالعے کو جن خطوط پر اور جس حوالے سے پھیلایا ہے، وہ حوالہ علوم سیاسیات کا ہے۔ اصل میں اگر یہ مصنف علامہ اقبال سے متاثر ہے اور اس پر ان کے اثرات ہیں (جو یقیناً ہیں) تو وہ فکر اقبال کے اس پہلو سے زیادہ متاثر ہے کہ اس مفکر، شاعر کے افکار کی بنیاد پر ایک اسلامی ریاست معرض وجود میں آئی ہے۔ یہاں تک تو ہن ٹنگٹن ٹھیک ہے، لیکن جب اس فلسفی نے فکر اقبال کے اس عملی اظہار یعنی پاکستان کا مطالعہ کرنے کا آغاز کیا تو اس سے تصور تاریخ کی تدوین کی طرح یہاں پر بھی ایک بنیادی غلطی سرزد ہوئی کہ اس نے پاکستان کو علامہ اقبال کے سیاسی افکار کا مظہر سمجھا، حالانکہ یہ علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی روشنی سے پھوٹنے والا وہ سویرا ہے کہ جسے ہم علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی روشنی میں بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ لہٰذا پاکستان کو اقبال کے سیاسی فکر کا مظہر سمجھنے سے فلسفی کا رخ، تاریخ کے بجائے سیاست کی طرف مڑ جاتا ہے اور یوں وہ تہذیب کو سیاسی حوالوں سے سمجھنے اور تہذیب کا مطالعہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کسی بھی تہذیب کے مطالعے اور مشاہدے میں سیاست ایک جزو کی حیثیت سے تو شامل ہوتی ہے لیکن اسے کلی اعتبار سے پوری تہذیب پر پھیلا کر تہذیب کا مطالعہ نہ ممکن ہے اور نہ ایسا کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ ایک جزو، کل پر غالب اور حاوی نہیں ہوسکتا۔ تاریخ پوری تہذیب کی جزئیات کو کلیات سمیت سمیٹنے، اس کی تشریح اور توضیح کرنے اور اس کے معنوی پھیلاؤ کو اپنے حصار میں لینے میں کامیاب رہتی ہے لہٰذا اس مفکر نے تاریخ اور تصور تاریخ کے تناظر میں جدید تہذیب، یعنی عصری تاریخ اور قدیم تہذیبوں کی معنویت میں اجالنے کے بجائے، علم سیاست کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی، جس کی وجہ سے اس میں کامگار نہیں ہوئے۔ یہاں یہ بات انتہائی اہم ہے کہ مغرب کا مسلمانوں کے بارے میں عمومی رویہ تو معاندانہ ہے ہی، مورخین بھی کسی متعصب طبقے سے پیچھے نہیں رہے۔ یہاں ہن ٹنگٹن کے تعصب کی ایک جھلک ملاحظہ کریں:

> ان سب مقامات پر مسلموں اور دوسری تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں...... کیتھولکوں، پروٹسٹنٹوں، آرتھوڈوکس، ہندوؤں، چینیوں، بدھوں، یہودیوں...... کے درمیان تعلقات کی نوعیت عموماً معاندانہ رہی ہے، جو ۱۹۹۰ء کے دوران میں تشدد آمیز ہو گئے۔ اگر کوئی غور کرے تو پتا چلتا ہے۔ جہاں جہاں اسلام کی سرحدیں ہیں، وہاں وہاں مسلموں نے اپنے ہمسایوں کے لیے مصیبتیں کھڑی کی ہوئی ہیں۔ سوال پیدا ہوتا ہے آیا بیسویں صدی کے اواخر کا یہ مسلم اور غیر مسلم جھگڑے کا پیٹرن دوسری تہذیبوں کے گروپوں کے باہمی تعلقات پر بھی صادق آتا ہے؟

Marfat.com

درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ مسلم دنیا کی آبادی کا قریباً پانچواں حصہ ہیں لیکن وہ ۱۹۹۰ء کی دہائی کے دوران میں کسی دوسری تہذیب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ تعداد میں گروپوں کے مابین جھگڑوں میں ملوث رہے۔[۲۳]

(۷)

نامور امریکی مورخ پال کینیڈی نے عظیم طاقتوں کا عروج اور زوال اور اکیسویں صدی کے لیے تیاری نامی دو کتابوں سے شہرت پائی۔ اس نے مادے کے یک رخے رویے سے تصورِ تاریخ کو اجالا اور اس سے اکیسویں صدی اور مابعد زمانوں میں انسانی ترقی اور اس کی پیش رفت کے آثار کو دیکھنے کی کوشش کی۔ اگر یہ مصنف یعنی پال کینیڈی، ٹائن بی کی طرح مادے کی مجموعی کیفیتوں سے اکیسویں صدی کے لیے تیاری اور مابعد زمانوں میں برپا ہونے والی انسانی زندگی اور اس کے تخلیقی ماحول کا مطالعہ کرتا تو ذرا بہتر فکری نتائج مرتب کرنے کے قابل ہوسکتا تھا۔ لیکن اس نے تو مادے کے پھیلتے ہوئے آفاق میں سے صرف معیشت اور معاش کے معاملات لے کر اس پر اکیسویں صدی کی بنیاد رکھنے کی کوشش کی۔ مندرجہ ذیل اقتباس پال کینیڈی کی کتاب عظیم طاقتوں کا عروج و زوال کے تعارف میں سے لیا گیا ہے۔ دیکھیں کہ مصنف نے کس طرح اقتصادیات کو تاریخ کا غالب عنصر ثابت کیا ہے:

یہ کتاب نشاۃ ثانیہ کے بعد کے زمانے، یعنی آج کے جدید دور کی قومی اور بین الاقوامی طاقت کے بارے میں لکھی گئی ہے۔ اس میں اس حقیقت کا پتا چلانے اور اس امر کی وضاحت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ گزشتہ صدیوں میں، یعنی جب سے مغربی یورپ کی ''نئی شہنشاہیت'' کا قیام عمل میں آیا اور سمندر پار ریاستوں کا عالمی نظام قائم ہوا، متعدد بڑی طاقتیں ایک دوسرے کی مناسبت سے کس طرح عروج و زوال سے دوچار ہوئیں۔ اس تصنیف میں ان اہم جنگوں کا ذکر ناگزیر تھا، جو بڑی طاقتوں کے باہمی اشتراک سے لڑی گئیں اور عالمی نظام پر جن کے اثرات مرتب ہوئے۔ لیکن واضح رہے کہ یہ کتاب مطلقاً فوجی تاریخ کے بارے میں ہے۔ اس میں ان تبدیلیوں کا سراغ لگانے کی کوشش بھی کی گئی ہے، جو ۱۵۰۰ء سے عالمی اقتصادی توازن میں رونما ہوتی رہی ہیں۔ اس کے باوجود یہ کتاب براہ راست ایک اقتصادی نوعیت کی تاریخ بھی نہیں ہے۔ اس کا تمام تر موضوع اقتصادیات اور فوجی حکمت عملی کے باہم دگر عمل پر محیط ہے، کیوں کہ آج بین الاقوامی نظام میں ہر ممتاز ریاست اپنی دولت اور طاقت کو فروغ دینے کے لیے کوشاں

Marfat.com

رہی ہے اور اس کی وجہ محض اپنی ہے کہ اسے امیر ترین اور طاقت ور ترین بن جانے (اور پھر بدستور قائم رہنے) کی خواہش دامن گیر رہی ہے۔[۲۴]

معاش اور معیشت پر استوار ہونے والی طاقتیں تباہی کے دہانے پر کھڑی ہیں اور جو جنگی ہتھیاروں اور دفاعی معاملات میں ملوث نہیں ہیں، وہ بھی عجیب تذبذب کا شکار ہیں۔ مثلاً جاپان ہی کو لے لیں کہ ۱۹۴۵ء میں ایٹم بم کی تباہ کاریوں کے بعد اس نے فوج، دفاع اور جنگ کے معاملات ٹھیکے پر دے رکھے ہیں۔ اس کا اپنا کوئی دفاعی نظام نہیں ہے اور اس نے تمام تر توجہ سائنس، ٹیکنالوجی اور معیشت کی ترقی پر مرکوز کر رکھی ہے۔ وہ شاید دنیا کا سب سے زیادہ معاشی اور مالی معاملات میں توانا ملک لیکن اس کے باوجود دفاعی معاملات میں محتاج ہونے کے باعث پوری قوم شدید اضطراب، بے قراری اور تذبذب کا شکار ہے۔ روس کی طرف آئیں تو زار روس کے بعد جدید روسی ریاستوں کے کنفیڈریشن کا تصور رائج ہوا۔ جدید قوتیں کامیاب ہوئیں اور سوویت یونین ایک نظام فکر کے تحت معیشت اور معاشی رویوں کو بنیاد بناتے ہوئے ایک نئے مستقبل کی تلاش میں نکلا اور پچاس برس جدوجہد میں گزارنے کے بعد بکھر کر رہ گیا، اس عظیم کنفیڈریشن کے حصے بخرے ہوئے۔

دیکھنا چاہیے کہ کوئی ایسی چیز ہے، جو قوم، تہذیب اور ملک کو جوڑ کر رکھتی ہے۔ اس کے اندر روح رواں کا کام کرتی ہے لیکن وہ یقیناً معیشت اور معاش نہیں ہو سکتی۔ عالمی سطح پر مالی اداروں نے معاش اور معیشت کو بنیادی قدر قرار دے کر پوری دنیا کو اپنے حصار میں رکھنے اور امریکہ کے، یعنی عالمی طاقت کے زیر نگیں کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ لیکن جب ہم ملک کی داخلی اور خارجی صورت حال کا جائزہ لیتے ہیں تو اس کے جارحانہ رویوں اور عالمی سطح پر اس کے زور استبداد اور معاشی استحکام کا جائزہ لینے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اس کے داخل میں موجود لہریں کسی بہت بڑے انقلاب کا پیش خیمہ ہیں۔ وہ دن دور نہیں، جب امریکہ اپنے دوسرے پیش رووں کی طرح انجام کار کو پہنچے گا۔

چین کی طرف آئیں تو وہاں ہمیں استحکام کی کیفیت دکھائی دیتی ہے۔ بنیاد، ان کے نظام فکر کی بھی معاش اور معیشت پر ہے لیکن کہیں ایک جذبہ کارفرما ہے، جس جذبے کو قوم پرستی کا یا کسی بھی جذبے کا نام دیں لیکن قوم کو جوڑنے کے لیے کہیں روحانی سطح پر ایک ایسا جذبہ کارفرما ہے، جس کی وجہ سے وہ قوم آج بھی بہتر مستقبل کے لیے سرگرداں ہے۔ اس قوم میں، اس کا اپنا

Marfat.com

فکری نظام کارفرما ہے لہٰذا وہ کسی ایسے نظام کے اثرات اپنے ہاں برداشت نہیں کرتی، جس سے اس کے اپنے داخلی نظام کی معنویت کو شکست و ریخت سے دوچار کر دے۔

اس حوالے سے یہ مثال بڑی برمحل ہے کہ ۴۵۔۱۹۴۴ء کے زمانے میں، جب ایران میں برطانیہ تیل کے حوالے سے معاہدوں میں مصروف تھا، اُردو کے نامور پاکستانی شاعر ن م راشد، جوان دنوں ایران میں موجود تھے، نے ایک نظم لکھی، جس میں انھوں نے کہا تھا کہ یہ معاہدے نہ کرو، اپنے ملک کی دیواریں اونچی کر لو، مغربی لٹریچر کو اپنے ملک میں نہ آنے دو کہ یہ ہمارے ملک میں بھی تاجر کے روپ میں آئے تھے اور وہاں اپنا لٹریچر پھیلا دیا تھا۔ یہ ہم پر قابض ہو گئے تھے، سو تم ان کی آوازوں سے اپنے کانوں کو بچاؤ تا کہ ان کے فکری نظام سے متاثر نہ ہو۔ ن م راشد کی مذکورہ نظم ملاحظہ کریں:

تیل کے سوداگر

بخارا، سمرقند اک خال ہندو کے بدلے!
بجا ہے، بخارا، سمرقند باقی کہاں ہیں
بخارا، سمرقند نیندوں میں مدہوش،
اک نیلگوں خامشی کے حجابوں میں مستور
اور ہردوں کے لیے ان کے در بند
سوئی ہوئی مہ جبینوں کی پلکوں کے مانند
روسی ''ہمہ اوست'' کے تازیانوں سے معذور
دو مہ جبینیں!
بخارا، سمرقند کو بھول جاؤ
اب اپنے درخشندہ شہروں کی
طہران و مشہد کے سقف و در و بام کی فکر کر لو،
تم اپنے نئے دورِ ہوش و عمل کے دلآویز چشموں کو
اپنی نئی آرزوؤں کے ان خوبصورت کنایوں کو
محفوظ کر لو!
ان اونچے درخشندہ شہروں کی

Marfat.com

کو تہ فصیلوں کو مضبوط کر لو
ہر اک برج و بارد پر اپنے نگہباں چڑھا دو
گھروں میں ہوا کے سوا
سب صداؤں کی شمعیں بجھا دو!
کہ باہر فصیلوں کے نیچے
کئی دن سے رہ زن ہیں خیمہ فگن
تیل کے بوڑھے سوداگروں کے لبادے پہن کر
وہ کل رات یا آج رات کی تیرگی میں
چلے آئیں گے بن کے مہماں
تمھارے گھروں میں
وہ دعوت کی شب جام و مینا لنڈھائیں گے
ناچیں گے، گائیں گے
بے ساختہ قہقہوں ہمہموں سے
وہ گرمائیں گے خونِ محفل
مگر پو پھٹے گی
تو پلکوں سے کھودو گے خود اپنے مردوں کی قبریں
بساطِ ضیافت کی خاکسترِ سوختہ کے کنارے
بہاؤ گے آنسو!
بہائے ہیں ہم نے بھی آنسو!
گو اب خالِ ہندو کی ارزش نہیں ہے
عذارِ جہاں پر وہ رستا ہوا گہرا ناسور
افرنگ کی آزِ خوں خوار سے بن چکا ہے
بہائے ہیں ہم نے بھی آنسو
ہماری نگاہوں نے دیکھے ہیں
سیال سایوں کے مانند گھلتے ہوئے شہر
گرتے ہوئے بام و در

Marfat.com

اور مینار و گنبد
مگر وقتِ محراب ہے
اور دشمن اب اس کی خمیدہ کمر سے گزرتا ہوا
اس کے نچلے افق پر لڑھکتا چلا جا رہا ہے
ہمارے برہنہ و کاہیدہ جسموں نے
وہ قید و بند اور وہ تازیانے سہے ہیں
کہ ان سے ہمارا ستم گر
خود اپنے الاؤ میں جلنے لگا ہے!
مرے ہاتھ میں ہاتھ دے دو!
مرے ہاتھ میں ہاتھ دے دو!
کہ دیکھی ہیں میں نے
ہمالہ و الوند کی چوٹیوں پر انا کی شعاعیں
انھیں سے وہ خورشید پھوٹے گا آخر
بخارا، سمرقند بھی سال ہا سال سے
جس کی حسرت کے دریوزہ گر ہیں![۲۵]

گویا چین نے اپنی دیواریں اونچی کر رکھی ہیں۔ جس دن اس کی دیواروں میں شگاف ڈال کر عالمی استعمار کا فکری نظام داخل ہو گیا تو پھر چین بھی فکری یلغار سے اپنی نئی نسل کو بچا نہیں سکے گا۔

جو تیاری عالمی سطح پر جدید اور عصری تہذیب کر رہی ہے، اس کی بنیاد معاش اور معیشت پر ہونے کی وجہ سے، اسے کبھی استحکام میسر نہیں ہو سکے گا۔ عالمی معیشت کے رائج نظام میں امیر، روزانہ امیر تر اور غریب، روزانہ غریب تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ جہاں انسان کے مابین ارتکاز دولت کی بنیاد پر ایک خلیج حائل ہو، وہاں اس خلیج کو پاٹنا ممکن نہیں۔ ایسے حالات میں ایسا انقلاب آ کر ہی رہتا ہے، جو تباہی و بربادی ساتھ لائے۔

۱۹۸۲ء میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا تھا کہ ابھی تک دنیا میں کوئی ایسا ہتھیار نہیں بنایا گیا، جو آزمایا نہ گیا ہو۔ دنیا میں جتنے خطرناک ہتھیار بنائے گئے، سارا معاش اور معیشت کا چکر تھا اور ہے۔ اگر اب بھی تہذیبوں کے درمیان مکالمہ کرنے اور کرانے والے،

Marfat.com

معیشت اور معاش کے بجائے تہذیب کی کسی اور قدر کو، جس کی بنیاد روحانیت پر ہو، بنیادی اور اساسی اکائی قرار دیں تو دنیا کا امن واپس لایا جا سکتا ہے۔ یہ علامہ اقبال کا وہ خواب ہے، جواب بھی تعبیر آشنا ہو سکتا ہے۔ یہاں بہتر معلوم ہوتا ہے کہ علامہ اقبال کے کلام میں سے وہ پیش گوئیاں دیکھیں کہ کون کون سے واقعات و حادثات اب تک رونما ہو چکے ہیں اور کون سے ابھی رونما ہونے کے لیے موجود ہیں۔ کلام اقبال میں سے وہ حصے ملاحظہ کریں، جن میں ان کی مستقبل شناسی اور مستقبل بینی کے مظاہر سامنے آتے ہیں:

نظر آئے گا اسی کو یہ جہان دوش فردا
جسے آ گئی میسر مری شوخیِ نظارہ[۲۶]

مشرق سے ہو بے زار نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شام سحر کر[۲۷]

ممکن ہے کہ یہ داشتۂ پیرک افرنگ
ابلیس کے تعویذ سے کچھ دیر سنبھل جائے[۲۸]

جو کرے گا امتیاز رنگ و خوں مٹ جائے گا
ترک خرگاہی ہو یا اعرابی والا گہر[۲۹]

عام حریت کا جو دیکھا تھا خواب اسلام نے
اے مسلماں آج تو اس خواب کی تعبیر دیکھ!
اپنی خاکستر سمندر کو ہے سامان وجود
مر کے پھر ہوتا ہے پیدا یہ جہان پیر دیکھ!
کھول کر آنکھیں مرے آئینۂ گفتار میں
آنے والے دور کی دھندلی سی اک تصویر دیکھ![۳۰]

کتاب ملت بیضا کی پھر شیرازہ بندی ہے
یہ شاخ ہاشمی کرنے کو ہے برگ و ثمر پیدا[۳۱]

اگر عثمانیوں پر کوہ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے
کہ خون صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا[۳۲]

تدبر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتا

Marfat.com

جہاں میں جس تمدن کی بنا سرمایہ داری ہے [۳۳]
جانتا ہے جس پہ روشن باطن ایام ہے
مزدکیت فتنۂ فردا نہیں، اسلام ہے [۳۴]
حادثہ وہ جو ابھی پردۂ افلاک میں ہے
عکس اس کا مرے آئینۂ ادراک میں ہے [۳۵]
تا جہاں باشد جہاں آرا شوی
تاج دار ملک لایبلیٰ شوی [۳۶]
مشت خاک ما سر گردوں رسید
زیں غبار آں شہسوار آید پدید [۳۷]
خفتہ در خاکستر امروز ما
شعلۂ فردائے عالم سوز ما
غنچۂ ما گلستاں در دامن است
چشم ماہ از صبح فردا روشن است
اے سوار اشہب دوراں بیا
اے فروغ دیدۂ امکاں بیا
رونق ہنگامۂ ایجاد شو
در سواد دیدہ ہا آباد شو
شورش اقوام را خاموش کن
نغمۂ خود را بہشت گوش کن
خیز و قانون اخوت سازدہ
جام صہبائے محبت بازدہ
باز در عالم بیار ایام صلح
جنگجویاں را بدہ پیغام صلح
نوع انساں مزرع و تو حاصلی
کاروان زندگی را منزلی

Marfat.com

ریخت از جور خزاں برگ شجر
چوں بہاراں بر ریاض ما گزر
سجدہ ہائے طفلک و برنا و پیر
از جبین شرمسار ما بگیر
از وجود تو سرافرازیم ما
پس بہ سوز ایں جہاں سوزیم ما[۳۸]

علامہ اقبال کے کلام میں سے مندرجہ بالا حصے دیکھنے کے بعد، ان کی مستقبل شناسی اور مستقبل بینی کے ان بنیادی خدوخال کو سمجھنے میں معاونت ملتی ہے کہ وہ مستقبلیت کے ادراک میں اس درجے باشعور تھے کہ وہ حالات، جو ابھی صدیوں میں وقوع پذیر ہونے تھے، علامہ اقبال نے ان کی پیش گوئی بیسویں صدی کے شروع میں کر دی تھی۔ قدیم زمانوں سے اب تک کے زمانے میں شاید ہی کوئی ایسا تاریخ کا فلسفی گزرا ہو کہ جس کی پیش گوئیاں یا جس کی مستقبل شناسی کے رویے، اس کے مستقبلیت کے علم کی مجموعی صورتوں میں، صداقتوں کی تعبیریں لیے ہوئے سامنے آئے ہوں۔ ڈاکٹر اسلم انصاری اس سلسلے میں لکھتے ہیں:

اس وسیع تناظر میں اقبال واحد شاعر اور فلسفی ہیں، جن کے ہاں مستقبل محض ایک امکان ہی نہیں، ایک حقیقت حقہ اور امر واقعہ کے طور پر موجود ہے، مستقبل کے ساتھ اقبال کی شدید جذباتی اور فکری وابستگی کے نفسیاتی عوامل بھی دریافت کیے جا سکتے ہیں۔ مسلمانوں کے تہذیبی انحطاط اور سیاسی زوال پر اقبال کا دل کتنا کڑھتا ہوگا، اس کا اندازہ کسی حد تک ان کے اس ذہنی سوال سے کیا جا سکتا ہے کہ مسلمانوں کے مستقبل کو کس حد تک بدلا جا سکتا ہے؟ ان کے تحت الشعور میں رہ رہ کر یہ سوال سر اٹھاتا تھا کہ کیا زوال و نکبت مسلمانوں کے لیے مقدر کر دیے گئے ہیں؟ اس سوال کا جواب سب سے پہلے انھوں نے ''جواب شکوہ'' میں دینے کی کوشش کی اور مستقبل کو حال کے اعمال کے ساتھ وابستہ قرار دیا، ان کا یہ خیال سب سے پہلے ''جواب شکوہ'' ہی میں سامنے آیا کہ اگر حال کو بدل دو تو مستقبل خود بہ خود بدل جائے گا۔ اس طرح اقبال کی مستقبلیت کے تین مدارج یا تین سطحیں قرار پاتی ہیں۔ اولاً مستقبل کا ادراک مسلمانوں کے روشن مستقبل کی صورت میں، ثانیاً مستقبل کا احساس نوع بشر کے لامحدود امکانات کی حیثیت سے اور ثالثاً مستقبل کا تصور کائنات اور نظام وجود کے لامتناہی امکانات کے حوالے سے...... اقبال کی مستقبلیت کی

Marfat.com

یہ تینوں سطحیں یا مدارج ان کے فکر میں بیک وقت موجود ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مربوط بھی۔ اقبال انسانیت کے مستقبل کو مسلمانوں کے مستقبل کے ساتھ وابستہ سمجھتے ہیں۔ اس لیے بعض اوقات وہ مسلمان اور انسان کے مستقبل کو ایک ہی صورت میں دیکھتے ہیں۔[۳۹]

لہٰذا اس تناظر میں جب ہم مغرب کے مذکورہ بالا تین غیر مسلمان فلسفیوں کو دیکھتے ہیں تو ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ ان کے ہاں فکرِ اقبال سے اخذ و استفادے کے آثار تو دکھائی دیتے ہیں مگر اس کی مجموعی فکر کو پیش نظر رکھ کر تہذیبوں کا مطالعہ کرنے اور تہذیبوں کو تصور تاریخ کی روشنی میں سمجھنے کے بجائے ان لوگوں نے یا تو علم تاریخ کو علم سیاست کے ذریعے سمجھنے کی کوشش و کاوش کی یا پھر علم اقتصادیات کی روشنی میں۔ علم سیاسیات ہو یا علم معاشیات، یہ تہذیب کے وہ مادی رویے اور اجزا ہیں، جو تہذیب کے عروج میں اہمیت کے حامل ضرور ہیں لیکن یہ بنیادی قدر نہیں ہیں۔ جب آپ تہذیب کو اس کے تصور تاریخ کے اس بنیادی منہاج کی روشنی میں سمجھتے اور سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تو پھر تہذیب اپنی کلی معنویت کے ساتھ اپنا اظہار کرتی ہے۔ اس اظہاریے میں وہ تہذیب اپنی جملہ اور متنوع صورتوں کے ساتھ متشکل ہوئی ہے۔ یہ رویے یا یہ صورتیں ابن خلدون اور علامہ اقبال کے ہاں تو ہمیں دکھائی دیتی ہیں لیکن مغرب کا کوئی بھی فلسفی ان رویوں کی جملہ صورتوں کی نقش گری میں کامیاب نہیں ہوا۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ علامہ اقبال نے تاریخ کے تصور کی جن بنیادی، فکری اور جمالیاتی حقیقتوں کا ادراک کیا ہے، ان پر مابعد آنے والے مسلمان اور غیر مسلمان فلسفیوں نے تاریخ کے تصور کی بنیاد کو کس نہج پر اٹھایا ہے اور اس تصور تاریخ میں مستقبل کے کیا فکری اور تہذیبی امکانات پوشیدہ ہیں۔

تصور تاریخ اگر پیغمبرانہ وحی پر استوار ہو تو اس سے ایسا نیا تہذیبی اور ثقافتی نظام مروج ہوتا ہے، جس کے پس منظر میں پیغمبرانہ وحی اپنی تمام تر فکری، علمی اور عملی جہتوں کے ساتھ آن متشکل ہوتی ہے۔ پیغمبر انسانیت نے تاریخ کی معنویت کو جس زاویۂ نظر سے تبدیل کیا ہے۔ اس تبدیلی نے بنی نوع انسان کی عظمت اور وقار کے کچھ ایسے نئے خطوط استوار کیے ہیں کہ پورا انسانی منظر نامہ نئی صورتوں میں آن متشکل ہوا ہے۔ نبی آخر الزماںؐ کی عربوں میں بعثت، اس بات کی دلیل ہے کہ انھوں نے اس زمینی مرکز سے اپنی تعلیمات اور فکر کو اس انداز سے دنیا کے مختلف علاقوں اور خطوط میں، مختلف نسلوں اور تہذیبوں میں پھیلایا ہے کہ انسانی تاریخ اور تاریخ کا تصور، تخلیق کائنات کے بعد پہلی بار کچھ ایسے نئے منظر ناموں سے ہم آہنگ ہوا، جو آپؐ کی بعثت سے قبل

Marfat.com

اپنی جامعیت اور ہمہ گیریت کے ساتھ کبھی متشکل نہیں ہوا۔ آپؐ نے انسان کی عظمت اور وقار کے وہ پیمانے مرتب کیے کہ آج بھی انسان، عرفان ذات اور اپنی انا کی مثبت جہتوں کو بروئے کار لا کر سر اٹھائے کھڑا ہے۔ آپؐ نے آقا اور غلام کے درمیان طبقاتی کشمکش اور متصادم زاویہ ہائے نظر کو تبدیل کر دیا۔ آقا اور غلام کی تمیز مٹا دی۔ آپؐ نے انسانیت کے رشتے اور ناتے کو اس قدر اہمیت اور افادیت سے ہم آہنگ کیا اور انسانی زندگی کی مختلف جہتوں کو ایک نئے تاریخی، معنوی اور جمالیاتی پس منظر میں اجاگر کیا۔

ظہور اسلام سے قبل عربوں کے معاشرے میں پیدا ہونے والی بچیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ نبی رحمتؐ نے اس ظالمانہ فعل کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا۔ آپؐ نے عورت کی چاروں حیثیتوں کو وہ معنی عطا کیے کہ اس دور کی بے معنی عورت، تزئین کائنات بن گئی۔ آپؐ نے ماں، بیوی، بہن اور بیٹی کے حقوق مقرر کر دیے۔ آپؐ نے عربی، عجمی، کالے گورے، امیر اور غریب کے درمیان، موجود خلیج کو ختم کر دیا اور تاریخ انسانیت کو نئے معنوی منظروں سے ہم آہنگ کیا۔ نبی کریمؐ نے روح عصر اور اس کی ضرورتوں کو پیغمبرانہ شعور سے جس طرح دیکھا اور جس طرح اس کی معنوی تعبیر کی، انسانی تاریخ میں آپؐ سے قبل اس زاویۂ نظر سے کسی نے کام نہیں کیا۔ روح عصر اور اس کی ضرورتوں کو پیغمبرانہ وحی کے تناظر میں دیکھ کر انسانی نفسیات کی جن کیفیتوں کی گتھیاں سلجھائی گئیں، وہ تاریخ انسانی کا پہلا واقعہ ہے۔ اس وقوعے کے زیر اثر انسان کا علم تاریخ اور تاریخ کا تصور، بالکل نئی نویلی معنویت سے ہم کنار ہوا۔

تاریخ اور تصور تاریخ کی یہ نئی معنویت، نئے منظروں اور سویروں کی نوید بن کر انسانی تاریخ اور انسانی تہذیب، نئے مستقبل اور مستقبل کے خوش آئند منظر ناموں کی صورت میں اجاگر ہوئی۔ اسلام کی سیاسی اور جغرافیائی وسعت صدیوں سے جس نظام زندگی کو ترس رہی تھی، وہ اسے قرآن اور حدیث کی صورت میں میسر آیا۔ قرآن اور حدیث کے میسر آنے سے ایک ایسے نظام حیات کا آغاز ہوا، جس کے زیر اثر قانون رفقہ کا دائرۂ کار، تاریخ کو ایک نئے تناظر میں مرتب کرنے کا باعث ہوا اور انسانی تاریخ اور اس کا تصور کچھ ایسے رویوں سے ہم آہنگ ہوا کہ جس کی وجہ سے تاریخ ایک سرچشمۂ علم بن کر سامنے آئی۔ قدیم تہذیبوں میں اور اسلام کی معاصر غیر مسلم تہذیبوں میں تصور تاریخ موجود رہا لیکن اس تصور تاریخ کی بنیاد، اس پیغمبرانہ وحی پر استوار نہ ہونے کی وجہ سے اس کے اندر موجود غیر سائنسی اور غیر منطقی رویے اثر انداز ہوئے۔

Marfat.com

اس کی وجہ سے انسانی زندگی اپنے تخلیقی زاویہ ہائے نظر سے ہٹ کر ایسے ابتدائی رویوں سے ہم کنار ہوئی، جو تاریخ کے ادوار سے قبل انسانی زندگی میں مروج رہے یا تھے۔

علامہ اقبال سے قبل مسلمان فلسفیوں کی تاریخ اور روایت میں، ابن خلدون وہ پہلا فلسفی ہے، جس نے قرآنی اور اسلامی تصور تاریخ کی تدوین کے ساتھ ساتھ اس کے انسانی اور نفسیاتی پہلوؤں کی طرف بطور خاص توجہ مرکوز کی۔ اس نے انسانی نفس کے تحت الشعور کو جس انداز میں اجال کر تاریخ کی معنویت کو دیکھنے کی طرح ڈالی ہے، ایسا اس سے قبل فلسفے کی تمام تر تاریخ میں کبھی بھی نہیں ہوا۔ ابن خلدون کے تصور تاریخ کو انسانی نفسیات کے علم کے ساتھ مربوط کر کے دیکھنے سے انسانی تصور تاریخ ایک ایسے نئے منظر نامے سے مربوط ہوا، جس نے مستقبل کی قدر و قیمت میں اضافہ کیا۔

ابن خلدون سے قبل اور مابعد تاریخ کے فلسفیوں نے تاریخ کی تدوین اور تشکیل میں قرآن اور حدیث سے اپنی استطاعت کے مطابق اخذ و استفادہ کیا ہے لیکن وہ انسانی نفسیات کی متنوع اور مختلف جہتوں کو پیش نظر رکھ کر، تصور تاریخ کی تدوین میں کامیاب نہیں ہوئے۔ ان کے تصور ہائے تاریخ، انسانی رویوں کی اکہری معنویت کو سامنے لاتے رہے لیکن انسانی نفسیات کی جملہ تعبیرات کے پس منظر میں تصور تاریخ کو اجالنے سے قاصر رہے۔ انھوں نے انسانی نفسیات کی ان جہتوں میں سفر آشنا رہنے اور ان کی تفہیم کو نفسیاتی تناظر اور بشریاتی رویوں میں پرکھنے کے بجائے، یک رخی سطح پر دیکھنے کی کوشش کی، جس کی وجہ سے ان کے تصورات تاریخ، اسلامی علوم وفنون سے ماخوذ ہونے کے باوجود اپنی آفاقی قدروں کے تعین میں کامگار نہیں ہوئے۔

ابن خلدون کے صدیوں بعد، علامہ اقبال کی صورت میں جس ہستی نے جنم لیا، اس کے ہاں تاریخ بطور علم اور تصور تاریخ کے تعین اور اس کے معنی و مفہوم کی تدوین میں جو وسعت اور ہمہ گیریت آئی، وہ ابن خلدون کے تصور تاریخ کو بھی میسر نہیں تھی۔

علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی معنوی، تہذیبی، فکری اور تاریخی تعبیر کچھ ایسے معاملات سے متعلق رہی، جو ابن خلدون کے تصور تاریخ یا علم تاریخ کی تعبیرات میں متشکل ہونے سے رہ گئے تھے۔ ابن خلدون نے تصور تاریخ کے تعین میں جملہ علوم وفنون اور ضابطۂ اسلامی سے استدلال اور اخذ و استفادے کے ساتھ، زمانی اعتبار سے اپنا رشتہ اور ناتا، اپنے ماضی کے ساتھ مربوط رکھا۔ انھیں مستقبل کی جانب توجہ کرنے اور تینوں زمانوں کو بیک نگاہ دیکھنے کی فرصت میسر نہیں آئی۔ لہٰذا ان کے ہاں ماضی کی طرف رجحان اور ماضی سے لمحۂ حال کی تدوین، اہمیت کی حامل ضرور ہے لیکن مستقبل کی قدروں کا تعین ان کے تصور تاریخ کی روشنی میں ذرا کم دکھائی دیتا ہے۔

Marfat.com

علامہ اقبال کے ہاں تصور تاریخ کی جامعیت اس صورت میں اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ ان کے ہاں افکار کا رشتہ اور ناتا ماضی سے نہیں ٹوٹتا۔ وہ لمحۂ موجود کو بے پناہ اہمیت دیتے ہیں لیکن مستقبل اپنے جملہ امکانات کے ساتھ ان کی نگاہ سے پوشیدہ نہیں ہوتا۔ لہٰذا وہ بیک وقت زمانے کی تینوں حالتوں اور صورتوں کو ایک نقطۂ اتصال پر منضبط کرنے اور اسے نئی معنوی تعبیر عطا کرنے میں کام گار رہتے ہیں۔ ان کا تصور صرف ماضی کے ایوانوں میں ہی گردش کناں نہیں رہتا، وہ محض حال کے منظرنامے پر نقش نہیں ابھارتے، نہ انھیں صرف اور صرف مستقبل کو اجالنے اور اس پر نظریں مرکوز رکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ بلکہ وہ زمانے کی اس تعبیر کو پا کر ماورائے زمانہ امکانات اجالنے میں اور انھیں ملی صورت عطا کرنے میں کام گار ٹھہرتے ہیں۔ وہ محض ماضی سے وابستہ رہتے یا ان کا رشتہ اور ناتا صرف لمحۂ موجود سے ہوتا تو وہ مستقبل کی قدروں کا تعین نہ کر پاتے، جنھیں انھوں نے اپنے افکار میں بنیادی اہمیت دی ہے۔

علامہ اقبال اگر زمانے کی تینوں حالتوں اور صورتوں کے ساتھ رابطے کو اس سطح پر استوار کرنے میں کام گار نہ ہوتے تو پھر علامہ اقبال نہ ہوتے بلکہ ابن خلدون ہوتے۔ تاریخ کی متنوع اور مختلف انسانی نفسیات کے مظاہر میں تعبیرات مرتب کرنے اور ان کی تہذیب کرنے کے باوجود، مستقبل کی امکانی صورتوں کے تعین میں اس کامیابی سے وہ ہم کنار نہ ہوتے، جس سے وہ اب ہوئے ہیں۔ علامہ اقبال نے ماضی سے ربط رکھا، حال سے غافل نہیں رہے اور مستقبل کے خواب دیکھے۔ ان کے خواب، حقیقت کی تعبیر لیے ہوئے رونما ہوئے، وہ ماضی کو سمجھے بغیر اور روح عصر کا ادراک کیے بغیر مستقبل کے خواب دیکھنے والے نہیں تھے۔ اگر وہ محض مستقبل کے خوابوں کے پیچھے بھاگتے، ماضی سے ان کا رشتہ اور ناتا، لمحۂ موجود کا مطالعہ اور تجزیہ کمتر ہوتا تو پاکستان کی تشکیل اور تہذیب و تعمیر اس صورت میں متشکل نہ ہوتی۔ ان کے خواب کا تعبیر سے گزرنا، اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ انھوں نے تصور تاریخ اور تاریخ کی مختلف جہتوں میں جس طرح سفر کیا ہے، اس کے نتیجے کے طور پر مستقبل کے امکانی رویوں کا یقینی صورت میں بدلنا عین ممکن ہے۔ علامہ اقبال ماضی سے کٹ کر نہیں جیے، ماضی کے ساتھ ان کے رشتے اور تعلق نے انھیں مستقبل کو دیکھنے اور اجالنے کی ایک صورت عطا کی۔ انھوں نے ماضی کے تناظر میں، حال کے منظرنامے پر مستقبل کی جو صورتیں دیکھیں، ان کی تصویر کشی ایک ایسے زاویۂ نظر سے کی، جسے ابتداءً شاعرانہ منطق اور دیوانے کی بڑ کہا گیا لیکن جب وہ عملی صورت میں ڈھل کر متشکل ہوا تو

Marfat.com

دنیا نے دیکھا کہ زمانے کے تینوں ادوار سے ربط، ضبط اور ایک تسلسل اور تواتر سے ان کا تجزیہ کیے بغیر، ان کا ادراک ناممکن تھا۔

علامہ اقبال نے تاج الدین محمود اشنوی کی کتاب غایت الامکان فی معرفت زمان و المکان کو جس وقت نظر سے پڑھا اور سمجھا اور تصور زمان کی جو تعبیر پائی اور مکان کے جن امکانات کو انھوں نے پیش نظر رکھا، اس میں ضرورت اس امر کی تھی کہ وہ زمانے کی تینوں صورتوں کو باہم ملا کر ایک ایسے جاودانی رویے کی تشکیل کرتے کہ جس سے ان کا تصور تاریخ کچھ ایسے منظر ناموں کی نوید بن جاتا، جن کے دریچے مستقبل میں کھلتے۔ حقیقت یہ ہے کہ انھوں نے ایسا ہی کیا۔

علامہ اقبال، تاریخ فلسفہ میں وہ واحد فلسفی ہیں کہ جن کے ہاں تصور تاریخ مکمل طور پر قرآن و حدیث سے ماخوذ ہے۔ ان کا سائنسی اور منطقی استدلال، چاہے شاعرانہ رویوں پر بنیاد رکھتا ہو، چاہے وہ علم بشریات اور علم نفسیات کے جملہ اور متنوع زاویہ ہائے نظر سے اخذ و استفادہ کرتے ہوں لیکن تصور زمان کی ماورائیت کو جس انداز سے انھوں نے متشکل کیا، اس پر بنیاد رکھنے کی وجہ سے ان کے تصور تاریخ میں جو جامعیت اور جو آفاقیت و ہمہ گیریت نظر آتی ہے، وہ ان سے قبل، کسی بھی مسلمان فلسفی کے ہاں نظر نہیں آتی۔ یہاں یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ اگر یہ رویہ کسی مسلمان فلسفی اور خاص طور پر ابن خلدون کے ہاں نہیں ہے تو پھر ایسا بھی ہے کہ کسی غیر مسلمان فلسفی کے ہاں اس کا امکان بھی ناممکن ہے۔

علامہ اقبال کا تصور تاریخ پر ایک بہت بڑا احسان ہے کہ انھوں نے اس علم اور ذریعۂ علم کی بنیادی جزئیات کو انسان کی تمدنی، تہذیبی، معاشی، معاشرتی، سیاسی اور فکری بنیادوں کے ساتھ وابستہ رکھ کر، ایک ایسے زاویۂ نظر سے اجالنے اور دیکھنے کی کوشش کی ہے، جو اس سے قبل دیکھنا ناممکن تھا۔ علامہ اقبال نے روح عصر اور اس کی ضرورتوں کو دیکھا ہے اور جس طرح سے انھوں نے انسانی نفسیات کی متنوع جہتوں کو زمانے کی تینوں صورتوں اور ان کے ماورائے زمانہ یعنی تصور زمان کی روشنی میں دریافت کرنے کی کوشش کی ہے اور اس دریافت میں تصور مکان کی امکانی صورتوں کا تعین کیا ہے، اس میں فکر و فلسفہ کے مختلف نظام باہم مل گئے ہیں۔ اس ہم آہنگی سے انسانی زندگی کی مختلف جہتوں کا ایک نکتے پر اتصال ہوا ہے، جس سے انسانی تاریخ انھیں منظروں میں گردش کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہے، جو انسانی زندگی کے مختلف فکری شعبوں سے مربوط ہیں۔ علامہ اقبال کا تصور تاریخ محض تاریخی حالات اور واقعات یا تاریخی علم ہی سے وابستہ نہیں

Marfat.com

ہے، قرآن و حدیث، علم بشریات و نفسیات، فلسفے کی تہذیب اور تاریخ، ادب، مختلف تہذیبوں کے جغرافیائی، سیاسی، سماجی اور معاشرتی احوال و آثار، سب کے تناظر میں اپنے تصور تاریخ کو اجالنے کی کوشش کی ہے، لہٰذا علامہ اقبال کے تصور تاریخ کی تدوین و تہذیب اور تشکیل میں جو مراحل موجود رہے ہیں، ان کے پیش نظر اس امر کا جواب تلاش کرنا کچھ زیادہ مشکل نہیں ہے کہ علامہ اقبال کے تصور تاریخ کے اثرات، ان کے قریبی معاصرین اور مابعد کے تاریخی فلسفہ دانوں پر پڑے ہیں۔

مسلمان فلاسفۂ تاریخ کے ساتھ ساتھ غیر مسلمان فلاسفۂ تاریخ بھی علامہ اقبال کے اثرات سے ثمرور ہیں۔ وہ یوں کہ علامہ اقبال اپنی زندگی کے ابتدائی زمانے میں ہی عالمی سطح پر تسلیم کر لیے گئے۔ ان کی صلاحیتوں کا بے پناہ اعتراف کیا گیا۔ جب مشرق میں اور خاص طور پر برصغیر میں ان کے خلاف فکری سطح پر کام ہو رہا تھا، تو اس وقت ان کے کلام کے مغرب میں ترجمے ہو چکے تھے۔ لہٰذا انگریزی زبان میں علامہ اقبال کے فکری اثرات ان کی زندگی میں ہی اثر و نفوذ کر چکے تھے۔ سیاسی، سماجی اور تہذیبی حوالوں سے ان کے افکار و خیالات کا چرچا، ۱۹۳۰ء کے خطبۂ الٰہ آباد کے بعد ہوا۔ اس خطبے میں انھوں نے تصور تاریخ کو ایک نیا زاویۂ نظر عطا کیا۔ اس خطبے کے سترہ برس بعد، پاکستان کے قیام کے ساتھ ہی بحیثیت تاریخ کے فلسفی کے وہ بے پناہ مقبول ہوئے، لہٰذا مسلمان فلسفیوں کے ساتھ ساتھ، ان کے بڑے دور رس اور دیرپا اثرات غیر مسلمان فلسفیوں پر بھی پڑے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جن غیر مسلمان فلسفیوں نے علامہ اقبال کے تصور تاریخ کو سمجھا اور اس کے پیش نظر اپنے زاویۂ نگاہ کو افکار اقبال سے مستنیر کرنے کے بعد تصور ہائے تاریخ پیش کیے، ان میں تین فلسفی بطور خاص مقبول ہوئے۔ جیسا کہ ان تینوں کے فکر و فلسفے پر مفصل بحث کی جا چکی ہے، ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ جتنی جہتوں میں علامہ اقبال نے تصور تاریخ کی تشکیل کی تھی، یہ تینوں فلسفی اس کی تعبیر و تشریح کرنے میں بھی کامیاب نہیں ہو سکے۔ علامہ اقبال نے فلسفے میں جن سائنسی عناصر کو شامل کیا تھا اور جو ایک نیا زاویۂ نظر تصور تاریخ کو اجالنے کے لیے فراہم کیا تھا، وہ مذکورہ فلسفیوں کے ہاں موجود نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ علامہ اقبال بیک وقت فلسفی تھے، متکلم تھے، شاعر تھے اور ان کا سائنسی شعور کمتر نہیں تھا۔ آئن سٹائن کے ہنگامہ خیز نظریۂ اضافت کے آ جانے کے بعد علامہ اقبال اس کے بارے میں اپنی ایک رائے رکھتے تھے۔ اس نظریے کے حوالے سے

Marfat.com

اپنی رائے رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کا سائنسی شعور نہایت رچا ہوا اور پختہ تھا۔ اس رچاؤ اور پختگی کے باعث ان کے ہاں تصورِ تاریخ کی تشکیل و تعبیر، آفاقی اندازِ نظر اختیار کر گئی ہے۔

علامہ اقبال کے تصورِ تاریخ کے ادراک میں ایک اور خوبصورتی موجود ہے کہ ان کا استدلال شاعرانہ ہے۔ تینوں مابعد دور کے معروف غیر مسلمان فلسفی اور وہ سارے مسلمان فلسفی، جنھوں نے علامہ اقبال کے بعد تصورِ تاریخ کو مدون اور متشکل کرنے کی کوشش کی اور علامہ اقبال کے اثرات قبول کیے، ان میں سے کوئی بھی شاعر نہیں ہے۔ علامہ اقبال، فلسفیوں کے دبستان میں یا دبستانِ متکلمین میں یا شاعروں کی جماعت میں سرفہرست مقام و مرتبے کی حامل شخصیت ہیں۔ مابعد اثرات قبول کرنے والوں میں اتنی جامع الصفات شخصیت موجود نہیں تھی اور نہ ہے کہ وہ تصوراتِ اقبال کو مجموعی کلیت کے ساتھ سمجھتی اور اس امکان سے آگے کی بات کرنے میں کامیاب ٹھہرتی۔ سو علامہ اقبال کے ہاں فکرِ انسانی کی جو کلیت دکھائی دیتی ہے، مابعد کے فلسفی اس سے قطعی طور پر محروم ہیں، ان کے ہاں علوم و فنون اور ان علوم و فنون کی توضیح و تشریح اور شاعرانہ استدلال کی وہ گنجائش نہیں ہے، جو علامہ اقبال کو ودیعت ہوئی۔ یہ بات بہت تیقن اور بھرپور استدلال کے ساتھ ثابت ہوتی ہے کہ مابعد مورخین اور فلسفی، گو علامہ اقبال سے استفادہ تو کرتے رہے مگر نہ تو افکارِ اقبال کی کلیت ان کے ہاں دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی وہ ان فکری امکانات سے کچھ آگے بڑھ سکے کہ جہاں علامہ اقبال نے تصورِ تاریخ کو لا چھوڑا تھا۔

مغربی فلسفیوں نے اکیسویں صدی کی تیاری اور تہذیبوں کے درمیان مکالمے اور متصادم رویوں کے جن گوشوں کی ترجمانی کی ہے، ان میں یک رخا پن بھی موجود ہے اور سطحیت بھی۔ علامہ اقبال نے جس زاویے سے تاریخ اور تصورِ تاریخ کو سمجھنے کی کوشش کی تھی، وہ پیمانہ ان مغربی فلسفیوں کو میسر نہیں تھا۔ سو انھوں نے تہذیبوں کے درمیان مکالمے اور متصادم رویوں اور ان رویوں کے تناظر میں اکیسویں صدی یا مابعد کے زمانوں میں جن حالات و واقعات کے رونما ہونے کی پیش گوئیاں کی ہیں، ان تمام کی بنیاد معاشی نظام پر استوار کی گئی ہے۔ جیسا کہ پہلے بھی کہا جا چکا ہے کہ فکرِ اقبال میں یا اسلامی نظامِ حیات میں معاشی رویوں کو بنیادی حیثیت حاصل نہیں۔ بنیادی حیثیت اس روحانی نظام کو حاصل ہے، جو انسان کو انسان کی صورت میں بننے، شناخت کرنے، پہچاننے اور اجالنے سے عبارت ہے۔

انسانی حیات کے تسلسل اور تواتر میں معاش کی ضرورت اور اہمیت سے انکار ممکن نہیں لیکن

Marfat.com

اسے بنیادی قدر بھی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ جب ہم مابعد اقبال کے تین بڑے مغربی فلسفیوں کو دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے فکر و فلسفے کی تمام تر بنیاد معاشی رویوں پر ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ دراصل انھوں نے مادی زندگی کو تاریخ کے تصور کی بنیاد ٹھہرایا ہے۔ اگر اس میں معاش کے علاوہ دیگر انسانی رویوں، یعنی مادی زندگی کے باقی پہلوؤں کو بھی شامل رکھتے تو کہا جا سکتا تھا کہ صرف روحانیت کی کمی باقی ہے مگر اس سطحیت کو کیا کہا جائے کہ ان فلسفیوں نے مادی زندگی کے ایک جز کو لیا اور اس پر اپنے فکر و فلسفے کی بنیاد استوار کر ڈالی۔

تہذیبوں کے درمیان مکالمے کی بنیادی صورت، تہذیبوں کے مذہبی اور پیغمبرانہ وحی کے تناظر میں مرتب کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی تہذیب کے فکری ڈھانچے میں اس تہذیب کے مذہبی عقائد و افکار کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے اور انھیں افکار کی بنیاد پر وہ دوسری تہذیبوں کے ساتھ مکالمہ کرتی ہے یا پھر تصادم کی راہ پر چل نکلتی ہے۔ لیکن مذکورہ فلسفیوں نے اس قدر کو تبدیل کر کے ایک ایسے عالمی رشتے کو وضع کرنے کی کوشش کی ہے جو انسان کو انسانی سطح پر جوڑنے اور بکھیرنے میں کارآمد ہے۔

انسان کو تصور توحید اور تصور رسالت کی یک جائی اور اس کے تناظر میں پیدا ہونے والے اس مساواتی رشتے سے ایک لڑی، رشتے اور تعلق میں پرو دیا جا سکتا، جو اس کی مجموعی زندگی اور اس پر اثر انداز ہونے والے نظام حیات کو متشکل کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے لیکن مذکورہ مغربی فلسفیوں نے، افکار اقبال سے متاثر اور اثر پذیر ہونے کے باوجود علامہ اقبال کے فکر کی کلیت کو نہ سمجھ کر یا اس سے انحراف کرتے ہوئے، یک رخی تعبیر پیش کرنے کی جو کوشش کی ہے۔ اس سے انسانوں کو کسی بڑے مذہبی، اخلاقی، فکری اور روحانی رشتے میں پرونے یا بکھیرنے میں بنیادی کردار ادا نہیں کیا۔ انھوں نے اس تقسیم کو مذہبی، تہذیبی، فکری، تمدنی یا ثقافتی صورت میں علیحدہ نہیں کیا۔ تصادم کی صورت ہو یا مکالمے کی، انھوں نے طبقاتی کشمکش کو بنیاد بنایا ہے۔ انھوں نے گلوبل ویلیج بنا کر انسان کو دو رشتوں میں بانٹ دیا ہے:

۱- امیرانہ جماعت یا طبقۂ اشرافیہ

۲- غربا کا طبقہ یا تیسری دنیا

انسانوں کو بانٹنے کا یہ تصور کوئی نیا نہیں ہے۔ ہندو تہذیب ہو، عجمی تہذیب ہو، یونانی تہذیب ہو، رومی تہذیب ہو، چینی تہذیب ہو یا پھر تہذیب مغرب، انسان اسی فرسودہ ترازو میں تلتا رہا ہے۔ لہٰذا اب ان فلسفیوں نے معاش کو بنیاد قرار دے کر دو طبقاتی نظام تشکیل دے دیا۔

Marfat.com

تقسیم کے اس عمل سے انسان کی بنیادی قدر و قیمت متاثر ہوئی ہے، جو اس کی عظمت یا ذلت کی ضامن ہوتی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ انسان کی قدر و قیمت، تصور توحید و رسالت کے ساتھ وابستہ ہے۔ اس عقیدے کو تسلیم کر لینے سے انسان شرف پا کر عظیم ٹھہرتا ہے مگر برعکس صورت میں ذلت اس کا مقدر بنتی ہے۔ لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ مذکورہ تینوں فلسفیوں نے تہذیبوں کے عروج و زوال کا مطالعہ کرنے اور تاریخ کے تصور کو انسانی نظام حیات میں بیان کرنے کی جو کوشش کی ہے، وہ اپنے یک رخے پن اور سطحیت کے باعث علامہ اقبال کے مجموعی فکری مطالعے سے آگے جانا تو درکنار وہاں تک پہنچنے میں بھی ناکام رہی ہے۔ تہذیب، علامہ اقبال کا بنیادی مسئلہ ہے اور انھوں نے اس کے تجزیے پر بہت زور دیا ہے لیکن اس کے پس منظر میں ایک نظام حیات، جو قرآن و حدیث کی شکل میں موجود ہے، وہ اس سے سرمو انحراف نہیں کرتے۔ مگر مذکورہ فلسفیوں کے نزدیک قرآن و حدیث اس اہمیت و افادیت کے حامل نہیں ہیں، جو بحیثیت مسلمان ایک عالم، ایک دانش ور اور ایک زیرک انسان کی حیثیت سے علامہ اقبال کے نزدیک اہم رہے ہیں۔ لہٰذا تہذیب کے مطالعے کے دوران میں قرآن و حدیث کی عدم موجودگی کی صورت میں، ان فلسفیوں کا مطالعہ ادھورا، کسی حد تک لایعنی اور بے معنی رویوں سے عبارت ہے۔

تہذیب کے مکالمے اور متصادم رویوں کے تعین سے قبل خود تہذیب کا مطالعہ بہت اہم ہے اور تہذیب کا مطالعہ اس وقت تک ممکن نہیں، جب تک کہ تہذیب کے پس منظر میں موجود مذہب کے بنیادی عقائد اور اس سے ماخوذ قانون رفقہ کا مطالعہ نہ کر لیا جائے۔ مذکورہ تینوں فلسفیوں نے تہذیب کے مکالمے اور متصادم رویوں پر اظہار خیال کرنے کی کوشش کی، لیکن تہذیب کے بنیادی مطالعے اور پس منظر میں موجود مذہبی عقائد کے تناظر میں تہذیب کے معنوی ماحول کی فضا بندی میں وہ ناکام رہے ہیں۔ اس ناکامی کی وجہ سے تہذیب اپنے جملہ مظاہر اور متنوع اور مختلف صورتوں میں ان کے ہاں متشکل ہونے سے رہ گئی ہے۔ یہ ایک ایسی ناکامی ہے کہ جس کی وجہ سے ان کا مطالعہ ہمہ گیر انسانی نفسیات کے دائروں میں منضبط ہونے میں ناکام رہا ہے۔ لہٰذا تہذیبوں کے درمیان مکالمے یا تصادم یا تہذیبوں کے عروج اور زوال کی تعبیر کی تشکیل میں درست طور پر کامیاب نہیں ہو پائے۔

لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ مسلمان فلسفی ہوں یا غیر مسلمان، اگر وہ افکار اقبال کی جامعیت کو

Marfat.com

سمجھے بغیر تصور تاریخ کے تعین میں کوشاں ہوں گے تو وہ اس تصور کے امکانات سے آگے بند دریچوں کو کھولنے میں ناکام ہوں گے۔ جب تک وہ علامہ اقبال کے تصورات کی متنوع جہتوں کے ان فکری امکانات کو بروئے کار لاتے ہوئے، ان رویوں کی طرف متوجہ نہیں ہوں گے، جو اقبال کے تصور تہذیب کے تصور حقیقت سے واشگاف اور آشکار ہیں۔ علامہ اقبال کے تصور تہذیب کو سمجھنے کے بعد کوئی بھی فلسفی آئندہ زمانوں کی خبر گیری میں کام گار ہوسکتا ہے اور وہ علامہ اقبال کے تصورات کی کلیت کو سمجھ کر اگلے زمانوں کی تعبیر، ان کی تشکیل، اگلی صدیوں کی تیاری کے لیے لائحۂ عمل اور قوموں کے مابین مکالمے اور تصادم کے بارے میں صحیح پیش گوئیوں اور ان کے عروج و زوال کو سمجھانے کی اہلیت پیدا کرسکتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ شخصیت، دانائے راز کی جامع الصفاتی سے مزین ہو اور علوم و فنون کے ان جملہ نظام ہائے افکار سے مستنیر ہو۔ اس کا تعلق خاتم النبیینؐ سے عقیدت و محبت کے اس دائرے میں اس قدر موجود ہو کہ وہ ماضی سے متعلق رہتے ہوئے، روح عصر کی تعبیر کو جان لینے کے بعد، مستقبل کے امکانات کی ایسی تشکیل کرے اور تاریخ اپنے تصور کے ان سویروں میں طلوع ہو کہ جن سے انسان کے جملہ مسائل کی تعبیر اور تفہیم کو سمجھنے میں معاونت ملے۔ جب تک اس اہلیت اور فہم و ادراک کا آدمی یا دانش ور میسر نہیں ہوگا، تاریخ کے تصور کے ضمن میں علامہ اقبال کے افکار کی تعبیر اور تشریح سے آگے نکلنا ممکن نہیں ہوگا۔ ایک ایسے تصور تاریخ کی تدوین کے لیے، جو علامہ اقبال کے فکر و آہنگ سے آگے کی خبر لائے، ایک اور دانائے راز کی ضرورت ہوگی۔

## حوالے و حواشی


۱- غالب، مرزا اسداللہ خاں، دیوان غالب، فضلی سنز، کراچی، ۱۹۹۷ء، ص ۲۰۱

۲- محمد اقبال، کلیات اقبال (اردو)، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص ۲۰۹

۳- خلیفہ عبدالحکیم، فکر اقبال، بزم اقبال، لاہور، ۱۹۹۲ء، ص ۲۷

۴- سلیم احمد، اقبال: ایک شاعر، نقش اوّل کتاب گھر، لاہور، ۱۴۰۹ھ، ص ۲۸۔۳۱


Marfat.com

۵- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۵۲۷

۶- ایضاً، ص ۵۱۷، ۵۱۸

۷- ایضاً، ص ۶۰۸

۸- نذر صابری، واماندگیٔ شوق، محفل شعروادب، اٹک، ۱۹۹۳ء، ص ۶۳

۹- ندیم شفیق ملک، علامہ اقبال کا خطبۂ الہ آباد ۱۹۳۰ء۔ ایک مطالعہ، فیروز سنز، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص ۱۲۱۔۱۳۶

۱۰- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۳۳۲

11- Baloch, N. N., *The Muslim Luminaries,* National Hijra Council, Islamabad, 1998, p-395.

۱۲- خورشید احمد، ادبیات مودودی، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۷۲ء، ص ۲۵۹، ۲۶۰

13- Baloch, N. N., *The Muslim Luminaries,* p-388.

۱۴- خورشید احمد، ادبیات مودودی، ص ۲۱۶، ۲۱۷

۱۵- غلام احمد پرویز، مجلس اقبال (مثنوی اسرار ورموز)، طلوع اسلام ٹرسٹ، لاہور، ۱۹۹۶ء، ص ۶۵ ۴

۱۶- ظہور احمد اعوان، ڈاکٹر، علی شریعتی، اقبال شریعتی، اشارات پبلی کیشنز، کراچی، ۲۰۰۴ء، ص ۶۸، ۶۹

۱۷- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۲۷۰

۱۸- انوار احمد، ڈاکٹر + روبینہ ترین، ڈاکٹر (مرتبین)، خطبات اقبالیات، شعبہ اُردو بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، ۲۰۰۳ء، ص ۳۹، ۴۰

19- Abdul Hameed Siddiqui, *A Philosophical Interpretation of History,* Islamic Books Ltd. Lahore, 1977, p-166,167

۲۰- غلام جیلانی برق، ڈاکٹر، یورپ پر اسلام کے احسانات، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۷۵ء، ص ۲۷، ۲۸

۲۱- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۱۴۱

22- Toynbee A. J., *A Study of History*, Vol-III, Oxford Press, London, p-471, 472.

۲۳- ہن ٹنگٹن، سیموئیل پی، تہذیبوں کا تصادم، اُردو ترجمہ: محمد حسن بٹ، مثال پبلشنگ ہاؤس، لاہور، ۲۰۰۳ء، ص ۳۱۹، ۳۲۰

۲۴- پال کینیڈی، عظیم طاقتوں کا عروج و زوال، اُردو ترجمہ: ڈاکٹر محمود الرحمٰن، مقتدرہ قومی زبان،


Marfat.com

اسلام آباد، ۱۹۹۸ء، ص ۱۱
۲۵- نیادور، شمارہ ۷۱، ۷۲، کراچی، پاکستان کلچرل سوسائٹی، ص ۲۸۶، ۲۸۷
۲۶- محمد اقبال، کلیات اقبال (اُردو)، ص ۳۶
۲۷- ایضاً، ص ۱۰۹
۲۸- ایضاً، ص ۱۵۶
۲۹- ایضاً، ص ۲۶۵
۳۰- ایضاً، ص ۲۶۶
۳۱- ایضاً، ص ۲۶۰
۳۲- ایضاً، ص ۲۶۸
۳۳- ایضاً، ص ۲۷۴
۳۴- ایضاً، ص ۶۵۴
۳۵- ایضاً، ص ۳۵۶
۳۶- محمد اقبال، کلیات اقبال (فارسی)، شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور، ۱۹۸۵ء، ص ۴۴
۳۷- ایضاً، ص ۴۵
۳۸- ایضاً، ص ۴۶
۳۹- اسلم انصاری، ڈاکٹر، شعر و فکر اقبال، مجلس فکر اقبال، ۱۹۹۹ء، ملتان، ص ۱۱۵، ۱۱۶

Marfat.com

# کتابیات

## اُردو کتابیں


۱- محمد اقبال، علامہ اقبال- تقریریں، تحریریں اور بیانات، اُردو ترجمہ: اقبال احمد صدیقی، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، باراوّل،۱۹۹۹ء

۲- محمد اقبال:تشکیل جدید الہیات اسلامیہ: (اُردو ترجمہ :سید نذیر نیازی):لاہور: بزم اقبال:بار سوم:۱۹۸۶ء

۳- محمد اقبال:شذرات فکر اقبال: (مرتب: ڈاکٹر جسٹس (ر) جاوید اقبال: اُردو ترجمہ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی)؛لاہور:مجلس ترقی ادب؛باردوم:۱۹۸۳ء

۴- محمد اقبال:فلسفۂ عجم:(اُردو ترجمہ: میرولی الدین)؛کراچی:نفیس اکیڈمی:بارششم:۱۹۸۴ء

۵- محمد اقبال: کلیات اقبال اُردو:لاہور:شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز، بارہفتم:۱۹۸۶ء

۶- محمد اقبال: کلیات اقبال فارسی:لاہور:شیخ غلام علی اینڈ سنز؛ بارپنجم:۱۹۸۵ء

۷- محمد اقبال:مکتوبات اقبال:(مرتب:سیدنذیر نیازی)؛کراچی،اقبال اکادمی:باراوّل:۱۹۵۷ء

۸- محمد اقبال:مطالعۂ بیدل:فکر برگساں کی روشنی میں:(ترتیب و ترجمہ:ڈاکٹر تحسین فراقی)؛لاہور، یونیورسل بکس:باراوّل:۱۹۸۸ء

۹- محمد اقبال:مقالات اقبال:( سید عبدالوحد معینی+محمد عبداللہ قریشی۔ مرتبین)؛لاہور: آئینۂ ادب ؛ بار دوم:۱۹۸۲ء

۱۰- آغا افتخار حسین:قوموں کی شکست و زوال کے اسباب کا مطالعہ:لاہور:مجلس ترقی ادب:بار اوّل:۱۹۹۲ء

۱۱- آل احمد سرور(مرتب):اقبال اور تصوف:سری نگر:باراوّل:۱۹۸۴ء

۱۲- ابن خلدون، علامہ عبدالرحمان :مقدمۂ تاریخ ابن خلدون:( اُردو ترجمہ: سید قاسم محمود ):لاہور، الفیصل ناشران وتاجران کتب:باراوّل:۲۰۰۴ء


Marfat.com

۱۳- ابو حنیفہ الدینوری:اخبار الطوال: (اُردو ترجمہ :پروفیسر محمد منور) لاہور: اُردو سائنس بورڈ:بار دوم:۱۹۸۶ء

۱۴- اسلم انصاری،ڈاکٹر:اقبال عہد آفریں:ملتان،کاروان ادب:بار اوّل:۱۹۸۷ء

۱۵- اسلم انصاری،ڈاکٹر:شعر و فکر اقبال:ملتان:مجلس فکر اقبال؛بار اوّل:۱۹۹۹ء

۱۶- امین احسن اصلاحی:فلسفے کے بنیادی مسائل:لاہور:فاران فاؤنڈیشن؛بار اوّل:۱۹۹۱ء

۱۷- انوار احمد،ڈاکٹر+ روبینہ ترین،ڈاکٹر(مرتبین):خطبات اقبالیات:ملتان:شعبۂ اُردو بہاؤالدین زکریا یونی ورسٹی؛بار اوّل:۲۰۰۳ء

۱۸- برہان الدین احمد فاروقی، ڈاکٹر:قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل:لاہور، ادارۂ ثقافت اسلامیہ،بار دوم:۱۹۹۱ء

۱۹- بشیر احمد ڈار:حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق:لاہور:ادارۂ ثقافت اسلامیہ؛بار دوم:۱۹۹۵ء

۲۰- پال کینیڈی:عظیم طاقتوں کا عروج و زوال:(اُردو ترجمہ:ڈاکٹر محمود الرحمان)؛اسلام آباد:مقتدرہ قومی زبان؛بار اوّل:۱۹۹۸ء

۲۱- ثاقب رزمی:سائنسی فکر اور ھم عصر زندگی:لاہور:نگارشات؛بار اوّل:۱۹۸۸ء

۲۲- جابر علی سید:اقبال:ایک مطالعہ :لاہور؛بزم اقبال؛بار اوّل:۱۹۸۵ء
خلیفہ عبدالحکیم:فکر اقبال:لاہور، بزم اقبال:بار ہفتم:۱۹۹۲ء

۲۳- خورشید احمد:ادبیات مودودی:لاہور:اسلامک پبلی کیشنز؛بار اوّل:۱۹۷۲ء

۲۴- رابرٹ بریفالٹ:تشکیل انسانیت:(اُردو ترجمہ:عبدالمجید سالک):لاہور؛مجلس ترقی ادب:بار سوم:۱۹۹۴ء

۲۵- راغب الطباخ،علامہ:تاریخ افکار و علوم اسلامی۔جلد دوم:(اُردو ترجمہ:مولانا افتخار احمد بلخی)؛ لاہور:اسلامک پبلی کیشنز:بار چہارم:۱۹۸۹ء

۲۶- سفیر اختر،ڈاکٹر:بیاد سید مودودی:واہ کینٹ:دار المعارف؛بار اوّل:۱۹۹۸ء

۲۷- سلیم احمد:اقبال:ایک شاعر:لاہور:نقش اوّل کتاب گھر:بار اوّل:۱۳۹۸ھ

۲۸- سلیمان ندوی،مولانا سید:خطبات مدراس:لاہور:اظہار سنز؛بار اوّل:۱۹۷۶

۲۹- شبلی نعمانی،علامہ:الفاروق:لاہور:عظیم اینڈ سنز پبلشرز:بار اوّل:۲۰۰۰ء

۳۰- شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی:الاعلان بالتوبیخ:(ترجمہ:ڈاکٹر سید محمد یوسف):لاہور،مرکزی اُردو بورڈ:بار اوّل:۱۹۶۸ء

Marfat.com

۳۱- صادق علی گل، ڈاکٹر: سرگزشت تاریخ: لاہور، پبلشرز ایمپوریم: باراوّل: ۱۹۹۸ء

۳۲- صادق علی گل، ڈاکٹر: فن تاریخ نویسی: لاہور، پبلشرز ایمپوریم: باراوّل: ۱۹۹۸ء

۳۳- صلاح الدین یوسف، حافظ (مفسر): تفسیر احسن البیان: (اُردو ترجمہ: مولانا محمد جونا گڑھی): سعودی عرب، دارالسلام پبلشرز: بار چہارم: ۱۹۹۸ء

۳۴- ظہور احمد اعوان، ڈاکٹر: علی شریعتی، اقبال شریعتی: کراچی: اشارات پبلی کیشنز: باردوم: ۲۰۰۴ء

۳۵- عارفہ سیدز ہرا، ڈاکٹر+نصیر احمد بھٹی (مرتبین): اُردو لازمی (گیارہویں، بارہویں جماعت کے لیے): لاہور: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ: باراوّل: ۲۰۰۲ء

۳۶- عائشہ بیگم: تاریخ اور سماجیات: نئی دہلی، قومی کونسل برائے فروغ اُردو: باردوم: ۲۰۰۳ء

۳۷- عبدالرحمان بجنوری، ڈاکٹر: محاسن کلام غالب: اسلام آباد؛ ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری ٹرسٹ، بار دوم: ۲۰۰۴ء

۳۸- عبدالسلام ندوی، مولانا: حکمائے اسلام (جلداول): اسلام آباد، نیشنل بک فاؤنڈیشن: باراوّل: ۱۹۸۹ء

۳۹- عبداللہ، ڈاکٹر سید: اعجاز اقبال: لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز: باراوّل: ۲۰۰۴ء

۴۰- عطیہ سید: اقبال۔ مسلم فکر کا ارتقا: لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز؛ باراوّل: ۱۹۹۴ء

۴۱- علی شریعتی، ڈاکٹر: ہم اور اقبال: (اُردو ترجمہ: جاوید اقبال قزلباش)؛ اسلام آباد: ثقافتی قونصلر، اسلامیہ جمہوریہ ایران؛ باراوّل: ۱۹۹۶ء

۴۲- علی عباس جلالپوری: روایات فلسفہ: لاہور: المثال؛ باراوّل: ۱۹۶۹ء

۴۳- غالب، مرزا اسداللہ خاں: دیوان غالب: کراچی: فضلی سنز: باراوّل: ۱۹۹۷ء

۴۴- غلام احمد پرویز: مجلس اقبال: لاہور، طلوع اسلام ٹرسٹ: باراوّل: ۱۹۹۶ء

۴۵- غلام جیلانی برق، ڈاکٹر: مورخین اسلام: لاہور: مکتبۂ جدید: س۔ن

۴۶- غلام جیلانی برق، ڈاکٹر: یورپ پر اسلام کے احسانات: لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز: باردوم: ۱۹۷۵ء

۴۷- فتح محمد ملک، پروفیسر: اقبال۔ فکر و عمل: لاہور: بزم اقبال؛ باراوّل: ۱۹۸۵ء

۴۸- فخر الدین حجازی؛ تمدن انسانی پر انبیا کے اثرات: (اُردو ترجمہ: ڈاکٹر محمد ریاض)؛ لاہور: مقبول اکیڈمی: باراوّل: ۱۹۹۱ء

۴۹- فقیر وحیدالدین: روز گار فقیر (جلداوّل): کراچی: لائن آرٹ پریس؛ باراوّل: ۱۹۶۵ء

۵۰- قیصرالاسلام، قاضی: تاریخ فلسفۂ مغرب: اسلام آباد: نیشنل بک فاؤنڈیشن؛ باراوّل: ۲۰۰۲ء

۵۱- قیصرالاسلام، قاضی: فلسفے کے جدید نظریات: لاہور، اقبال اکادمی، باراوّل: ۱۹۹۸ء


Marfat.com

۵۲- محمد حسن عسکری: جدیدیت: لاہور: نقوش پریس؛ بار اوّل: ۱۹۷۹ء
۵۳- محمد حنیف ندوی، مولانا: اساسیات اسلام: لاہور: ادارۂ ثقافت اسلامیہ؛ بار اوّل: ۱۹۷۳ء
۵۴- محمد رفیع الدین، ڈاکٹر: حکمت اقبال: لاہور، علمی کتاب خانہ، اُردو بازار، س۔ن
۵۵- محمد رفیع الدین، ڈاکٹر: صحیح فلسفۂ تاریخ کیاھے؟ قرآن کی راھنمائی: کراچی، اقبال اکادمی: س۔ن
۵۶- محمد طفیل ہاشمی، ڈاکٹر: تدوین طبقات: اسلام آباد، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی: بار اوّل: ۱۹۸۸ء
۵۷- محمد ظہیر الدین احمد (مرتب): اقبال: کشش اور گریز: حیدر آباد، اقبال اکیڈمی: بار اوّل: ۱۹۸۵ء
۵۸- محمد مظہر الدین صدیقی: اسلام کا نظریۂ تاریخ: لاہور، ادارۂ ثقافت اسلامیہ: باردوم: ۱۹۶۲ء
۵۹- محمد علی جوہر، مولانا: گنجینۂ جوھر: (مرتب: جلیل قدوائی)، کراچی: س۔ن
۶۰- محمد عالم مختار حق (مرتب): نگارشات ڈاکٹر محمد حمیداللہ: لاہور، بیکن بکس: بار اوّل: ۲۰۰۴ء
۶۱- محمد منور، پروفیسر مرزا: برھان اقبال: لاہور، اقبال اکادمی: باردوم: ۱۹۸۳ء
۶۲- مختار الدین احمد، پروفیسر (مرتب): نقد غالب: لاہور، الوقار پبلی کیشنز: بار اوّل: ۱۹۹۵ء
۶۳- مرتضیٰ مطہری، آیت اللہ: اسلامی تصور کائنات پر ایک تمھید: (اُردو ترجمہ: علی ذوعلم)؛ راول پنڈی: نوبل پرنٹرز: بار اوّل: ۱۹۹۷ء
۶۴- مہر عبدالحق، ڈاکٹر: ھندو صنمیات: ملتان: بیکن بکس؛ بار اوّل: ۱۹۹۳ء
۶۵- میر تقی میر: دیوان میر (جلد اوّل): مرتب قلب علی خاں فائق: لاہور، مجلس ترقی ادب: بار اوّل: ۱۹۸۶ء
۶۶- ندیم شفیق ملک: علامہ اقبال کا خطبۂ الٰہ آباد۔ ۱۹۳۰ء: ایک مطالعہ: لاہور، فیروز سنز، بار اوّل: ۱۹۹۸ء
۶۷- نذر صابری: واماندگیِ شوق: اٹک؛ محفل شعر و ادب؛ بار اوّل: ۱۹۹۳ء
۶۸- نصیر احمد ناصر، ڈاکٹر: سرگزشت فلسفه (حصہ اوّل): لاہور: فیروز سنز؛ بار اوّل: ۱۹۹۱ء
۶۹- وحید عشرت، ڈاکٹر (مرتب): اقبال ۱۹۸٤ء؛ لاہور: اقبال اکادمی: بار اوّل: ۱۹۸۵ء
۷۰- وحید قریشی، ڈاکٹر: اساسیات اقبال: لاہور، اقبال اکادمی: بار اوّل: ۱۹۹۶ء
۷۱- وحید قریشی، ڈاکٹر (مرتب): منتخب مقالات، اقبال ریویو؛ لاہور: اقبال اکادمی: بار اوّل: ۱۹۸۳ء
۷۲- ہنٹنگٹن، سیموئیل پی: تھذیبوں کا تصادم: (اُردو ترجمہ: محمد احسن بٹ): لاہور، مثال پبلشنگ: بار اوّل: ۲۰۰۳ء
۷۳- یحییٰ بن احمد سرہندی: تاریخ مبارک شاھی: (اُردو ترجمہ: ڈاکٹر آفتاب اصغر): لاہور، مرکزی اُردو بورڈ: بار اوّل: ۱۹۷۶ء
۷۴- یوسف حسین خاں: روح اقبال: لاہور: آئینۂ ادب؛ ۱۹۸۴ء

Marfat.com

## ENGLISH BOOKS

75. Abdul Hameed Siddiqui, *A Philosophical Interpretation of History*:Lahore: Islamic Books Centre, Third Edition, 1977.
76. Baloch,N.N. *The Muslim Luminaries*:, Islamabad, National Hijra Council, First Edition, 1998.
77. Guthrie,W.K.C, *The Greek Philosophers*, London, Methren Co Ltd, First Edition, 1976.
78. Hegel,George Welhelm Friedrich, *The Philosophy of History,* New York, Dores Publications, First Edition, 1956.
79. Ishtiaq Hussain Qureshi,Dr, *From Mirag to Domes?*, Karachi, Saad Publications, First Edition, 1983.
80. Nigosian,S.A,*World Religions*, New York, McMillan, Press, First Edition,2000.
81. Toynbee, A.J, *A Study of History*, vol.III, London, Oxford Press, Seventh Edition, 1974.
82. Waheed Qureshi,Dr, *Selection From the Iqbal Review*, Lahore, Iqbal Academy, First Edition,1985.
83. Warrington, Hughes, *Fifty Key Thinkers of History*, London Routledge, First Edition, 2000.

## اُردو، عربی، فارسی لغات/انسائیکلو پیڈیاز

۸۴- اُردو دائرۂ معارف اسلامیہ؛ لاہور: دانش گاہ پنجاب؛ ۱۹۸۹ء

۸۵- اُردو لغت۔ تاریخی اصولوں پر: جلد چہارم: کراچی، اُردو ڈکشنری بورڈ: ۱۹۸۲ء

۸۶- اسلامی انسائیکلو پیڈیا: سید قاسم محمود: شاہکار بک فاؤنڈیشن: س۔ن

۸۷- انسائیکلو پیڈیا تاریخ عالم: ابتدا سے اٹھارھویں صدی عیسوی کے آخر تک (حصہ دوم) ولیم ایل لینگر: ترجمہ وتہذیب: مولانا غلام رسول مہر: لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز: ۱۹۸۵ء

۸۸- جواہر اللغات، پروفیسر بشیر احمد صدیقی، لاہور: کتابستان پبلشنگ کمپنی، س۔ن

۸۹- فرہنگ آصفیہ (جلد اوّل): سید احمد دہلوی، لاہور: مرکزی اُردو بورڈ، ۱۹۷۷ء

۹۰- فرہنگ جامع (فارسی بہ انگلش و اُردو)، ڈاکٹر سید علی رضا نقوی، اسلام آباد: نیشنل بک فاؤنڈیشن، ۱۳۷۲ شمسی

۹۱- فرہنگ عامرہ، عبداللہ خان خویشگی، اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۹ء

Marfat.com

۹۲- قاموس القرآن: سید علی اکبر قرشی، تہران، دارالکتب اسلامیہ، ۱۳۵۴ھ
۹۳- لغات القرآن، مولانا عبدالدائم الجلالی، لاہور: مکتبہ حسن سہیل، س۔ن
۹۴- مہذب اللغات، حضرت مہذب لکھنوی، لکھنو، نامی پریس، ۱۹۵۸ء
۹۵- نور اللغات: مولوی نورالحسن نیر کاکوروی، کراچی: جنرل پبلشنگ ہاؤس، ۱۹۶۹ء

## ENGLISH DICTIONARIES & ENCYCLOPAEDIAS

96. *An Encyclopaedia of World History*, William.L.Langer, Houghton Miffin Company, Boston,1972.
97. *Dictionary of Literary Terms*, Herry Shaw McGraw-Hill Book Company, N.Y, 1972.
98. *Encyclopaedia Americana*, Vol- 4, Groleir incorporated, Dandbury, Connecticut America, 1982.
99. *Short Oxford English Dictionary*, William Little, Oxford At The Clarendon Press, London, 1968.
100. *The Encyclopaedia of Britanica*, Vol 8, 15th Edition.
101. *The Encyclopaedia of Religion*, Mircea Eliade, McMillan Publishing Company, New York, 1978.
102. *The Hutchison Encyclopaedia*, Helicon Publishing Ltd, Oxford,1994.
103. *The World Book Encyclopaedia*, London, Field Enterprises, Educational Corporation, 1966.

## اُردو/انگریزی جرائد

۱۰۴- دریافت، مدیر ڈاکٹر رشید امجد، اسلام آباد، نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، جون ۲۰۰۲ء
۱۰۵- نیادور، کراچی، (شمارہ ۷۱۔ ۷۲) مدیران، قمر سلطانہ، جمیلہ ہاشمی، خاور جمیل، کراچی، پاکستان کلچرل سوسائٹی، س،ن

106. *Iqbal*, July 1963, Lahore, Bazm-e-Iqbal.
107- *Iqbal Review*,October 1963, Lahore, Iqbal Academy.
108- *Iqbal Review*,October 1983, Lahore, Iqbal Academy.

Marfat.com

Marfat.com

ISBN: 978-969-416-421-2

Marfat.com